۸-۱۵ یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام راشٹر پتی شری وی وی گری کا پیغام
(دلی سے ریلے)

۱۵ اگست ۱۹۷۲ء

صبح
۷-۰۵ لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرانے کی رسم کا آنکھوں دیکھا حال اور پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کی تقریر (دلی سے ریلے)

۹-۰۳ کوی سمیلن
(دلّی سے ریلے)

رات

۸-۰۰ یوم آزادی کے موقع پر مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ کا ریاست کے عوام کے نام پیغام

۸-۱۵ ریڈیو نیوز ریل
(دلّی سے ریلے)

اندور

۱۴ اگست ۱۹۷۲ء

رات

۸-۱۵ یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام راشٹرپتی وی وی گری کا پیغام (دلّی سے ریلے)

۹-۳۰ فیچر: عام لوگوں سے انٹرویو پر مبنی فیچر پروگرام
پیشکش: گیتو پانڈے
(دلّی سے ریلے)

۱۰-۰۰ موسیقی کا خصوصی پروگرام
(دلّی سے ریلے)

۱۰-۳۰ فیچر پروگرام (انگریزی)
از میلکم ڈی ہیلو
(دلّی سے ریلے)

۱۰-۵۰ دیش بھگتی گیتوں کا خصوصی پروگرام (دلّی سے ریلے)

۱۱-۳۰ پارلیمنٹ کے سنٹرل ہال میں منعقدہ تقریبات کی ریکارڈنگ
(دلّی سے ریلے)

۱۵ اگست ۱۹۷۲ء

صبح

۶-۳۰ بسم اللہ خاں اور ساتھی
شہنائی وادن

۶-۴۵ جاگ اٹھا بھارت
راشٹریہ گیت

۷-۰۵ لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرانے کی رسم کا آنکھوں دیکھا حال اور پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کی تقریر (دلّی سے ریلے)

۸-۲۰ بھانت بھانت کے پھول
مختلف علاقوں کے دیش بھگتی گیتوں کا پروگرام

۹-۱۰ امنگ: ورد والان
بھارت کے سوتنترتا اور پرگتی کے پتھ کے بارے میں خصوصی پروگرام

۹-۳۰ کوی سمیلن (دلّی سے ریلے)

دوپہر

۱۲-۳۰ کل اور آج
ملی دیش بھگتی گیت
آج ہم آزاد ہیں
از رشی ترپاٹھی
آزادی اور ہم: نوجوانوں کے ساتھ انٹرویو پر مبنی ایک خصوصی پروگرام

شام

۶-۱۰ دیش پریم کے لوک گیت

۶-۳۰ پرگتی کے پتھ پر

۷-۳۰ بھارت کے آزاد کسان
دیش بھگتی گان

۸-۰۰ یوم آزادی کے موقع پر مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ کا ریاست کے عوام کے نام پیغام

۸-۱۵ ریڈیو نیوز ریل (دلّی سے ریلے)

۸-۳۰ دیش بھگتی گیت

۹-۳۰ میں، دریہ: بھارت وسوتنتر

کمار اوجھا

۱۰-۰۰ ۱۸۵۷ء سے ۱۹۴۷ء تک
تقریر از پروفیسر ایس مہتہ

حیدر آباد ب

۱۴ اگست ۱۹۷۲ء

رات

۸-۱۵ یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام راشٹرپتی وی وی گری کا پیغام
(دلّی سے ریلے)

۹-۱۵ بھارت اور اقلیتیں: تقریر
از ڈاکٹر عالم خوندمیری

۹-۴۵ ہماری جمہوریت: فیچر
از غلام ربانی یزداں اور قومی گیت

۱۵ اگست ۱۹۷۲ء

صبح

۶-۱۵ استاد بسم اللہ خاں اور ساتھی
شہنائی وادن

۷-۰۵ لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرانے کی رسم کا آنکھوں دیکھا حال اور پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کی تقریر (دلّی سے ریلے)

۸-۱۵ خصوصی ریڈیو نیوز ریل
(دلّی سے ریلے)

۹-۱۵ قومی گیت

۹-۴۵ یوم آزادی کے سلسلے میں خصوصی پروگرام

بمبئی

۱۴ اگست ۱۹۷۲ء

بمبئی الف

رات

۸-۱۵ یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام راشٹرپتی شری وی وی گری کا پیغام
(دلّی سے ریلے)

بمبئی ب

رات

۸-۱۵ یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام راشٹرپتی شری وی وی گری کا پیغام
(دلّی سے ریلے)

۱۵ اگست ۱۹۷۲ء

بمبئی الف

صبح

۷-۰۵ لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرانے کی رسم کا آنکھوں دیکھا حال اور پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کی تقریر
(دلّی سے ریلے)

شام

۶-۳۰ آشا کرن
حب الوطنی کے گیت

۷-۱۵ جاگرتی

۸-۰۰ جے گان
حب الوطنی کے گیت

بمبئی ب

صبح

۶-۵۰ جے جے کار
حب الوطنی کے گیت

۷-۰۵ لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرانے کی رسم کا آنکھوں دیکھا حال اور پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کی تقریر
(دلّی سے ریلے)

رات

۸-۴۵ آشا کرن: حب الوطنی کے گیت

جموں

ٹیلی ویژن کے پروگرام

۱۴ راگست

رات

۸-۰۰ فرزندان رحمت گزشت آزادی مشاعرہ

۸-۱۵ یوم آزادی کے موقع پر قوم کے نام راشٹرپتی وی وی گری کا پیغام (دلی سے ریلے)

۹-۳۰ فیچر پروگرام (ہندی) (دلی سے ریلے)

۱۰-۳۰ فیچر پروگرام: مسلیل ٹوی باؤ (انگریزی) (دلی سے ریلے)

۱۱-۳۰ پارلیمنٹ کے سنٹرل ہال میں منعقدہ تقریبات کی ریکارڈنگ (دلی سے ریلے)

رات ۱۱-۱۵ پارلیمنٹ کے سنٹرل ہال میں منعقدہ تقریبات کی ٹیلی کاسٹ

۱۵ راگست ۱۹۷۲ء

صبح

۶-۳۰ وندے ماترم

استاد بسم اللہ خاں اور ساتھی شہنائی وادن

۶-۴۵ دلیش پیار کے گیت

۷-۰۰ لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرانے کی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال اور پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کی تقریر (دلی سے ریلے)

۹-۳۰ قومی سمیلن (دلی سے ریلے)

۱۱-۰۰ جاگی دھرتی ہندوستان کی سنگیت روپک

شام

۶-۱۰ میرا وطن میری زمین: فیچر پروگرام

۸-۱۵ ریڈیو نیوز ریل (دلی سے ریلے)

۱۰-۳۰ یوم آزادی کی تقریبات پر مبنی ریڈیو رپورٹ

رات ۸-۱۰ لال قلعہ پر جھنڈا لہرانے کی رسم اور پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کی تقریر ٹیلی ویژن رپورٹ



بچے ہم پر امید لگائے ہوئے ہیں

ہاں۔ ہمیں ان کا خیال رکھنا چاہیئے۔

ان کی پرورش اور دیکھ بھال کی ذمہ داری ہم پر ہی ہے۔ اچھی خوراک، اچھے کپڑے اور اچھی تعلیم ان کا حق ہے۔ بڑا ہو کر انہیں اچھا روزگار بھی ملنا چاہیئے۔ لیکن اگر بچے زیادہ ہوں تو کیا ہم ان کی تمام ضروریات پوری کر سکتے ہیں؟ اس کا ایک ہی جواب ہے.... چھوٹا کنبہ —— کنبہ جتنا چھوٹا ہوگا اتنا ہی ہر بچہ کو زیادہ پیار مل سکے گا۔

مُفت مشورہ اور خدمت کے لئے فیملی ویلفیئر پلاننگ سینٹر میں تشریف لائیے۔

davp 72/56

آر۔ آر۔ دواکر

ہمارا قومی جھنڈا

ہر آزاد قوم چار بنیادی خصوصیات کی حامل ہوتی ہے۔ پہلی خاصیت یہ کہ وہ ایک مخصوص علاقے یا خطے کی مالک ہوتی ہے جہاں اس قوم یا ملک کے عوام کی دیکھ بھال اور ان کے حقوق کی فراہمی کے لئے ایک آئین یا دستور ہوتا ہے۔ تیسری خاصیت ہر ملک کا ایک قومی جھنڈا ہوتا ہے جو ملکی حکومت کی واضح علامت ہے اور چوتھی خاصیت قومی ترانہ ہے جو اس ملک کے عوام کے جذبات کی عکاسی ہوتا ہے۔

ان تمام خصوصیات میں ایک چیز ایسی ہے جسے بین الاقوامی اداروں کے علاوہ دوسرے ممالک میں بھی احترام سے دیکھا جاتا ہے اور وہ ہے ملک کا قومی جھنڈا۔ جب کوئی شخص اقوام متحدہ میں جاتا ہے اور وہاں تمام ملکوں کے قومی جھنڈے ایک قطار میں لگے دیکھتا ہے جو مساوات، احترام اور امن عالم کی متحدہ علامت کی نشاندہی کرتے ہیں تو اس کا دل یہ منظر دیکھ کر مسرتوں کی آماجگاہ بن جاتا ہے۔ اس طرح جب ہم کسی دوسرے ملک میں جاتے ہیں تو وہاں بھی ہمارے سفارت خانے اور سفارت خانے کی موٹر کاروں پر اپنا قومی جھنڈا لہراتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ آخر یہ قومی جھنڈا ہے کیا؟ جو نہ صرف ہمارے اپنے ملک میں بلکہ غیر ممالک میں بھی اس قدر اہمیت اور احترام کا حامل ہے۔

قومی جھنڈا ہماری قومی آزادی کی اولین نشانی ہے۔ ہم نے مہاتما گاندھی کی زیر قیادت عدم تشدد کے بے مثال طریقے کی بدولت ۱۹۴۷ء میں آزادی حاصل کی۔ آزادی کی تحریک کے دوران بھی ہم ایک جھنڈا استعمال کرتے تھے اسے بھی ہم اپنا قومی جھنڈا کہتے تھے۔ ہمارے موجودہ قومی جھنڈے کا ارتقاء درحقیقت اسی قومی جھنڈے سے ہوا ہے جسے ہم نے تحریک آزادی کے دوران استعمال کیا تھا۔ اس جھنڈے کو ہم قومی آزادی کے لئے ہمارے جذبات ابھارنے اور حوصلہ بلند رکھنے کا سب سے بڑا سبب قرار دیتے ہیں۔ جبکہ موجودہ جھنڈا اس حقیقی امر کی علامت ہے کہ ہم آزاد ہیں۔

اس جھنڈے کو ۲۲ جولائی ۱۹۴۷ء کو قانون ساز اسمبلی کی ایک رسمی قرارداد کے مطابق قومی جھنڈے کی حیثیت سے اپنایا گیا۔ اس وقت ہمارے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے قومی جھنڈے کی اہمیت، نیز اس میں اشوک چکر کی شمولیت کے اسباب کے بارے میں مکمل روشنی ڈالتے ہوئے بتایا تھا کہ سارناتھ میں اشوک اعظم کے وقت کے تعمیر شدہ ستونوں میں سے جو قبل از مسیح تیسری صدی کا ہے اور ہمارے ملک کے سنہرے تاریخی دور سے تعلق رکھتا ہے چار شیروں والا حصہ حکومت ہند کی نشانی اور علامت ظاہر کرے گا اور اسی مناسبت سے چرخہ کی جگہ دھرم چکر کو قومی جھنڈے میں شامل کیا گیا ہے جو قوم کی ترقی کا مظہر ہے۔

اس طرح سے ہندوستان کی تاریخ کے دو ہزار سال سے زیادہ قبل کے دور کو جھنڈے کی سفید پٹی میں اشوک چکر کو بحیثیت ایک مرکزی علامت کے شامل کر کے موجودہ دور سے مربوط کر دیا۔

اس طرح ہمارا سہ رنگا جھنڈا قریب قریب اسی قومی جھنڈے کا دوسرا روپ ہے جو ہم نے ۱۹۰۵ء میں یعنی سودیشی تحریک کے دور سے استعمال شروع کیا تھا۔

ہمارے اس وقت کے حکمرانوں نے اس سہ رنگے جھنڈے کو پسندیدہ نظروں سے نہیں دیکھا اور اس کے استعمال کو خلاف قانون قرار دیا۔ کسی جلوس میں یہ جھنڈا لے کر چلنے کی ممانعت کر دی گئی اور عوام کو اپنے وقار کا دفاع کرنے میں اس مشکل کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن جیسے جیسے وقت گذرتا

اس شمارے میں

ہمارا سرورق ایک ہندوستانی گاؤں کے کنبے کے افراد قومی جھنڈا لہراتے ہوئے یوم آزادی کے موقع پر پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کریں گی۔ اس موقع پر آکاشوانی کے سبھی اسٹیشن خصوصی پروگرام نشر کریں گے۔

گیا اس سہ رنگے جھنڈے کا استعمال، اسی تدریعام ہوگیا۔ انڈین نیشنل کانگریس نے بھی اسے قومی جھنڈے کی حیثیت سے قبول کر لیا۔ پہلی مرتبہ ۱۹۲۴ء میں بیلگام کانگریس کے اجلاس میں یہ جھنڈا پہلی سرکاری طور پر رسم ادا کی گئی۔ اس اجلاس کی صدارت مہاتما گاندھی نے کی تھی۔ اس موقع پر انہوں نے جھنڈے کے تین رنگوں اور چکر کے نشان کی اہمیت کے بارے میں اپنے خیالات کا بھی اظہار کیا تھا۔

ہمارا موجودہ قومی جھنڈا مستطیل نما ہے۔ یہ خواہ ریشمی کپڑے کا ہو یا سوتی، چھوٹا ہو یا بڑا لیکن ہر حالت میں اس کی چوڑائی اس کی لمبائی کا دو تہائی حصہ ہوتی ہے۔ یہ تین رنگوں میں ہے۔ سب سے اوپر زعفرانی رنگ اس کے نیچے سفید اور سب سے نیچے ہرا رنگ۔ سفید پٹی پر درمیان میں نیلے رنگ میں اشوک چکر بنا ہوا ہوتا ہے۔

آزادی سے قبل کے اور آزادی کے بعد کے ہمارے جھنڈے کے تینوں رنگوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ بس پہلے جھنڈے میں سے چرخہ ہٹا کر اس کی جگہ دھرم چکر شامل کر دیا گیا ہے جو قانون انصاف اور ترقی کی علامت پیش کرتا ہے۔ اس دھرم چکر میں ۲۴ تیلیاں بنی ہوئی ہیں جو انسانی مقاصد کے حصول کے لئے کوششوں کا مظہر ہے۔

ہم میں بہت سے قومی جھنڈے کی اہمیت سے ناواقف ہوں گے۔ اس سلسلے میں جھنڈے کے رنگوں کی وضاحت حسب ذیل ہیں۔

آزادی کے حصول کے لئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی بنیادی ضرورت تھی۔ یہ تین رنگ ہندوستان کے مختلف فرقوں کے اتحاد کی نمائندگی کرتے ہیں۔

جنگ آزادی میں سب ہی فرقے کے لوگوں نے ساتھ دیا تھا اور جھنڈے کے تین رنگ اس بات کی ضمانت ہیں کہ ہرا رنگ مسلمانوں کے لئے ہے، پیلا رنگ ہندوؤں کے لئے اور سفید رنگ اور دوسرے مذاہب کے لوگوں کے لئے ہے۔ سفید رنگ سات رنگوں سے ملکر بنتا ہے۔ جھنڈے کا یہ رنگ ہندوستان کے سات فرقوں کی نمائندگی کرتا ہے جن میں یہ فرقے شامل ہیں۔ ہندو، مسلمان، عیسائی، پارسی، سکھ، جین اور آدی واسی۔

رنگوں کی دوسری وضاحت اس طرح ہو سکتی ہے۔ ہرا رنگ عقیدے، تازگی اور صحت کے لئے نمائندگی کرتا ہے۔ سفید پاکیزگی سچائی اور امن کا مظہر ہے اور زعفرانی رنگ ہمت، بے غرضی اور قربانی کے جذبہ کی نشاندہی کرتا ہے۔

جھنڈے کا ایک اور مطلب بھی لیا جاتا ہے۔ ہرا رنگ بھرپور پیداوار، سفید رنگ تحفظ اور زعفرانی رنگ مساوی تقسیم کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

قومی جھنڈا محض رنگوں کا کوئی ٹکڑا نہیں ہے بلکہ ہمیں اس کا پوری توجہ اور دل سے احترام کرنا چاہیئے اسی لئے قومی جھنڈے کو کب، کن کن موقع پر اور کس جگہ پر اور کس کے ذریعے سے استعمال میں لایا جائے اس کے لئے کئی طرح کی روایات بھی رائج ہو گئی ہیں۔ جب کبھی جھنڈا لہرایا جا رہا ہو تو ہر شخص کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اس وقت پورے احترام اور خاموشی کے ساتھ اپنی جگہ کھڑا ہو جائے۔ دوسرے جھنڈوں کے مقابلے میں قومی جھنڈے کو سب سے زیادہ اہمیت دی جانی چاہیئے۔ اور جب یہ جھنڈا اسی ملک کے کسی دوسرے اداروں کے اپنے جھنڈوں کے ساتھ لہرایا جا رہا ہو تو قومی جھنڈے کو سب سے اونچا رکھنا چاہیئے۔

مختصراً قومی جھنڈے کو سب سے زیادہ متبرک حیثیت دی جانی چاہیئے اور اسے موزوں احترام ملنا چاہیئے کیونکہ یہ ہمارے ملک کا قومی نشان ہے۔

چرخے والا ترنگا ہمیں ان لاکھوں لوگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو چالیس سال تک پر امن طریقے سے آزادی کی جدوجہد میں حصہ لیتے ہوئے موت سے ہمکنار ہو گئے۔ موجودہ جھنڈے پر اشوک چکر ہمیں مہاتما بدھ کے امن کے پیغام کو اور عظیم اشوک کی یاد دلاتا ہے جس نے قبل مسیح بہت سے ملکوں کو فوجیں بھیجنے کی بجائے امن کا پیغام لے جانے والے سفیروں کے وفود بھیجے۔

اس لئے ہمارا قومی جھنڈا صرف ہماری قومی آزادی کا ہی نشان نہیں ہے بلکہ ہماری عظیم تہذیب اور خوبصورت روایتوں کا بھی نشان ہے۔ ہماری تہذیب اور روایتیں ضمیر کی آزادی اور پوری انسانیت میں بھائی چارے کو فروغ دینے کا نشان ہے۔ جب بھی ہم کہیں پر قومی جھنڈا دیکھتے ہیں تو ہمارا سر احترام سے جھک جاتا ہے اور خود میں ایک نئی طاقت محسوس کرتے ہیں اور ... ایک دوسرے سے تعاون کے لئے بے چین ہو اٹھتے ہیں۔

ایسا کون ہندوستانی ہوگا جو قومی جھنڈے کے احترام و عزت کے لئے خود کو قربان نہ کر دیگا۔ کون ہے وہ جو اس جھنڈے کی حفاظت کے لئے اپنے خون کا آخری قطرہ تک نہ دے۔


ھائی ٹون
ایریلس
ریڈیو کو نئی طاقت دیتے ہیں
ہر جگہ ملتے ہیں۔

بشارت سلیم

غزل

وہ جن کی اک بے رُخی سے دل میں ہزار ارمان جواں ہوئے ہیں
ہمارے اک حرفِ آرزو سے نہ جانے کیوں بدگماں ہوئے ہیں

رہا برابر ہمیشہ یارا، تیری جفا اور میری وفا کا
ہمیشہ نہیں کامیاب آیا ہوں جتنے بھی امتحاں ہوئے ہیں

تمہارے ذوقِ ستم گری نے ہر کے نشیمن کی خاک اُڑا دی
تمہاری مشقِ ستم کو مژدہ، کہ تنکے پھر آشیاں ہوئے ہیں

کلی کلی نے چمن میں شبنم کو اپنے پیالوں میں بھر لیا ہے
چھلکتے ساغر کہیں پہ لالہ، کہیں گُل ارغواں ہوئے ہیں

خزاں زدہ پھر اُداس سے ہیں بہار میں اب نکھار آیا
تیری تمنا میں ہم بہاروں میں وقفِ فصلِ خزاں ہوئے ہیں

یہ تیرہ بختی ہمارے دل کی جس کی دھن میں دھڑک رہا ہے
اسی کو اُس کی خبر نہیں ہے کہ دل پہ خنجر رواں ہوئے ہیں

تمہاری فرقت کی زندگی اک وبال بھی ہے عذاب بھی ہے
تمہارے قربِ حسیں میں گذرے جو لمحے وہ جاوداں ہوئے ہیں

خمار آلودہ وہ نگاہیں، کرن وہ عارض پہ چاندنی کی
غمِ زمانہ کے چند سارے مگر بہت ہی گراں ہوئے ہیں

ہوا کے یہ تند و تیز دھارے مجھے نہ مرعوب کر سکے ہیں
ہواؤں کا رُخ پلٹنے والے بھنور میں خود بادباں ہوئے ہیں

وہ زیبِ محفل میں سُننے آئے ہیں میری فریاد اللہ اللہ
بشارت اشکوں کے بخت جاگے کہ آج وہ مہرباں ہوئے ہیں

(دسری نگر سے براڈکاسٹ)

مہجور شمسی

غزل

وقت کے تقاضوں سے زندگی گذرتی ہے
موت سے نہیں ڈرتی آدمی سے ڈرتی ہے

اپنے خون سے دنیا، اپنا جام بھرتی ہے
موت سے نہیں مرتی، زندگی سے مرتی ہے

بے نیازِ بیداراں، رات جب گذرتی ہے
صبح خواب نو لیکر عرش سے اُترتی ہے

بے نیازِ بال و پر اُڑ کبھی قفس لیکر
قیدِ بال و پر تیرے بال و پر کترتی ہے

انتہائے وحشت میں ہنس رہے ہیں دیوانے
ابتدائے وحشت میں عقل نام کرتی ہے

ہم سفر گلستاں ہیں سرحدِ بیاباں تک
گام گام یاد اس کی گل پہ گل کترتی ہے

ڈوبنا مقدر ہے آفتابِ مغرب کا
آفتابِ مشرق سے زندگی اُبھرتی ہے

عیشِ بزمِ ساحل ہیں محویت مبارک ہو
موجِ بحرِ غم، دل کا انتظار کرتی ہے

رنگِ خونِ دل ہو یا رنگ و بوئے گل شمسی
فکر اہلِ فن سب کا احترام کرتی ہے

(آکاشوانی پٹنہ سے براڈکاسٹ)

جسٹس بی۔ پی۔ بیری
راجستھان ہائی کورٹ۔ جودھپور

تحریر و تقریر کی آزادی

ہندوستان کے دستور کی انیسویں دفعہ کے تحت یہاں کے شہریوں کو سات بنیادی حقوق حاصل ہیں۔ ان میں سے ایک آزادی تقریر و تحریر کا حق اہم ترین اور قیمتی سرمایہ ہے جو ہندوستان کے آئین نے اپنے شہریوں کو بخشا ہے۔ دستور نے واضح کیا ہے کہ ملک کے سارے شہریوں کو آزادی تحریر و تقریر کا حق حاصل ہوگا۔

۱۹۶۷ء میں اسی لوز انے کہا تھا کہ آزادی تحریر و تقریر پر جس قدر پابندیاں لگائی جائیں گی اسی قدر اس کے مضر اثرات رونما ہوں گے حقیقی معنوں میں سماج میں امن و امان کو درہم برہم کرنے کے سب سے زیادہ ذمہ دار وہ افراد ہیں جو ایک آزاد قوم کے باشندے کو تحریر و تقریر کی آزادی دینے سے انحراف کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسا حق ہے جسے کچلا نہیں جا سکتا۔

ہندوستان کی سپریم کورٹ کے مشہور منصف پاتنجلی شاستری نے رمیش تھاپر کے مقدمہ کی کارروائی کا مشاہدہ کرنے کے بعد کہا تھا آزادی تحریر و تقریر اور پریس کی آزادی جمہوری نظام کے لئے سب سے زیادہ بنیادی ضرورت ہے۔ کیونکہ آزادانہ سیاسی تبادلۂ خیالات کے بغیر رائے عامہ استوار کرنا ممکن نہیں جو نظام حکومت چلانے کے لئے از حد ضروری ہے۔ اس طرح کی آزادی کے منفی پہلو بھی ضرور ہیں لیکن آئین ساز مجلس کے اس خیال سے بھی ضرور واقف ہوں گے کہ آئین میں غلط قسم کی تبدیلیاں کرنے یا غلط دفعات شامل کرنے سے بہتر ہے کہ مشکوک حصّوں کو چھوڑ دیا جائے۔ تاکہ ان سے کوئی خرابی نہ پیدا ہو اور صحیح ڈھنگ سے قانون بنانے کے بعد اس کے صحیح نتائج بھی برآمد ہوں۔

تحریر و تقریر کی آزادی دانشوروں کا مخصوص سرمایہ ہے۔ اس کے بغیر خیالات یا تو جنم ہی نہیں لیتے یا پھر وہ بے مصرف ہو جاتے ہیں اس سے صحیح اور مناسب خیالات سامنے آتے ہیں اور معقول انسان ان کی مدد سے اپنے لئے ایک راہ کا تعین کر لیتا ہے۔ اس کے ذریعہ ٹھیک خیالات و نظریات سامنے آتے ہیں۔ یہ خیالات خواہ زبانی شکل میں ہوں کہ تحریری اور کسی بھی صورت میں عمل میں لائے گئے ہوں اور ان کے اظہار کا کوئی بھی آزادانہ طریقہ سامنے آتا ہو۔ بہرحال پروپیگنڈہ یا رابطہ عامہ کے کسی بھی طریقے سے متعلقہ عوام تک پہنچ جاتے ہیں۔ معلومات مہیا کرنے کے بہت سے ذرائع ہیں۔ مثلاً تحریری زبانی ریڈیو سینما فلم لاؤڈ اسپیکر وغیرہ یہ سب ذرائع عوام سے رابطہ قائم رکھنے میں زبردست ممد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔

تحریر اور تقریر کی آزادی کے حق کا مطلب یہ نہیں ہر شخص کو کسی بھی موضوع پہ اپنے خیالات کا اظہار کرنا بھی لازمی ہے بلکہ ہر شہری کو اپنی رائے محفوظ رکھنے کا بھی حق حاصل ہے۔

تحریر و تقریر کی آزادی ہی مکمل آزادی نہیں ہے۔ دستور کی دفعہ ۱۹ کی ذیلی دفعہ (۲) اس امر کی وضاحت کرتی ہے کہ آزادی تحریر و تقریر کا حق کسی مروجہ قانون کسی سرکاری قانون کی عملدرآمد میں رکاوٹ ثابت نہ ہوگا اور اسے ہندوستان کی یک جہتی کے مفاد کے خلاف استعمال نہیں کیا جائے گا مثلاً ملک کی سالمیت۔ غیر ملکی دوستانہ تعلقات۔ سرکاری احکامات۔ توہین عدالت یا منافرت پھیلانا یہ سب وہ پہلو ہیں جن پر آزادی تحریر و تقریر سے برا اثر نہیں پڑنا چاہیے۔

ہندوستانی آئین میں ۱۹۵۱ء میں پہلی ترمیم سے ۱۹۶۳ء میں سولھویں ترمیم تک، اس قسم کی دفعات شامل کر لی گئی ہیں جن کی مدد سے آزادی تحریر و تقریر کے حق پر ملکی مفاد کے پیش نظر معقول قسم کی پابندیاں عائد کی جا سکیں۔ اگر پابندی عقلیت پسندی پر مبنی ہے تو یہ پابندی پابندی نہیں ہے۔ اس قسم کی پابندیاں کس صورت اور کن اسباب کی بنا پر عائد کی جا سکتی ہیں اس کا ایک مختصر جائزہ بیحد زیادہ فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ مثلاً کسی مخصوص انجمن یا جماعت کی طرف سے خود مختاری یا علیحدگی کی آواز اٹھائی جائے اس قسم کی آواز اور تحریک کی روک تھام کے لئے ایک معقول قسم کی پابندی ملک کی سالمیت اور یک جہتی کے عین مفاد میں ہوگی۔ کوئی بھی ملک اس بات کو برداشت نہیں کر سکتا ہے کہ اس کی یک جہتی کو ضرر پہنچے اور ہندوستان بھی اس زمرے سے علیحدہ نہیں ہے۔ لہٰذا جب آزادی تحریر و تقریر کا استعما

ملک کی سالمیت اور مفادات کے خلاف ہونے لگے تو اس آزادی پر پابندی ایک ضروری اقدام کی حیثیت اختیار کر لیتی ہے۔ اگرچہ آئین نے شہریوں کو تقریر یا اظہار رائے کی مکمل آزادی دی ہے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ملک کے کسی شہری کو غیر قانونی یا غیر آئینی طریقوں سے حکومت کے خلاف سازشیں کرنے کی بھی کھلی چھوٹ مل جائے۔ لہٰذا حکومت کو اپنے اور قوم کے تحفظ کے لئے کسی بھی لاقانونیت کا تدارک کرنے کے لئے اقدامات کرنے چاہئیں

غیر ممالک سے تعلقات کے مفادات کے پیش نظر آئین نے لیجسلیچر کو اس بات کا بھی اختیار دیا ہے کہ وہ حسب ضرورت آزادی رائے اور اظہار خیال پر پابندی لگا سکتی ہے۔ اس قسم کا اختیار کسی دوسرے ملک کے تحریری آئین میں موجود نہیں ہے۔ آزادی رائے اور تقریر کا ناجائز استعمال بین الاقوامی تعلقات کو بد بنانے میں ایک خطرناک ہتھیار بھی ثابت ہو سکتا ہے نیز اس کی وجہ سے ملک کو جنگ کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔ لہٰذا ہر شہری کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ آزادی رائے اور تقریر کا استعمال صرف اسی حد تک کرے جو ناگوار نہ ہو اور اس سے امن اور بین الاقوامی ہم آہنگی متاثر نہ ہوں۔

امریکہ کی سپریم کورٹ کے جسٹس ہومز نے بڑی معقول بات کہی ہے کہ محض آزادی تقریر ایک تھیٹر میں کسی شخص کے جھوٹ کے طور پر آگ آگ کہتے ہوئے چلانے سے دہلا صرف ہنگامہ اور انتشار ہی پیدا ہو سکتا ہے بہ ضروری اور حق و امن کی بنیاد پر

اور اہم ضرورتوں کی آواز کے لئے ہی اٹھایا جانا ورنہ یہ ہر بات ممکن ہے کہ لاقانونیت کا سبب بن جائے۔ لہٰذا حکومت کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ آزادی رائے و تقریر پر پابندی لگا دے جو امن و امان کو درہم برہم کرنے کا موجب بنے۔

تعزیرات ہند کی دفعہ ۱۵۳ الف کے تحت سماج کے مختلف طبقوں میں منافرت پھیلانا ایک جرم قرار دیا گیا ہے خواہ یہ زبانی تحریری یا کسی بھی دوسرے طریقے سے کیا گیا ہو۔ کسی کے مذہبی جذبات کو آزادی رائے یا تقریر کا سہارا لے کر مجروح کرنے پر سخت سزا مقرر کی گئی ہے۔

تقریر یا تحریر کی آزادی اگر کسی گراوٹ یا بداخلاقی کا مرتکب ہوتی ہے تو یہ بات بھی مفاد عامہ کے خلاف ہی قرار دی جائے گی فحش پن انسانی اخلاق کے لئے نقصان دہ ہے اس لئے سماج اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ کسی قسم کی بداخلاقی اپنا اثر جمانے میں کامیاب ہو۔ فحش ادب کی اشاعت سے متعلق قانون مجریہ ۱۹۵۹ء (آبسین پبلیکیشنز ایکٹ ۱۹۵۹ء) اسی امر کی دلالت کرتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ شائستگی فحش پن اور بداخلاقی تشریح آمیز الفاظ ہیں۔ یہ الفاظ وقت کے ساتھ اپنے معنی و مفہوم میں بھی بدلتے رہتے ہیں۔ مثلاً حال ہی میں بمبئی ہائی کورٹ نے ایک

ایسے قانون کا نفاذ کیا ہے جس میں اس نے سفارش کی ہے کہ یہ ایک نامناسب سی بات ہے کہ کسی ایسی ریاست میں شراب پر پابندی ہو وہاں شراب نوشی کی تعریف کرنے سے وہاں کے عوام کے اخلاق پر برا اثر پڑے گا۔

ہتک سے متعلق قانون کو اکثر غلط طریقے سے سمجھا گیا ہے۔ یہ قانون منصفوں کو توہین سے محفوظ رکھنے کے لئے نہیں بنایا گیا ہے۔ امریکہ کی ایک عدالت کے فیصلے کے مطابق جج ایسے افراد ہیں جنہیں غیر معمولی ماحول میں دھکیل دیا گیا ہے۔ یہ توہین یا ہتک سے متعلق قانون کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ وہ عدالت سے زیادہ خود عوام کے مفاد میں ہے۔ تاکہ انہیں شرپسند عوام سے محفوظ رکھا جا سکے۔

ایک انسان کی بدنامی اس کا سب سے بڑا نقصان ہوتا ہے تقریر اور اظہار رائے کی آزادی کا یہ مطلب ہرگز ہرگز نہیں کہ ایک فرد کسی دوسرے کو بدنام یا بے عزت کرنے یا ایسی ترکیبیں اختیار کرے جو خلاف قانون ہوں۔ ہر شخص کا یہ فرض ہو جاتا ہے کہ جو حقوق وہ آزادانہ استعمال کر رہا ہے وہی حقوق دوسروں کو بھی استعمال کرنے دے۔ ایسا نہ ہو کہ خود حق کا استعمال کرے اور دوسروں کی حق تلفی کرے۔ کسی کو بھی ... کو بھڑکانے کے لئے تقریر اور ... کی اجازت نہیں دی جانی چاہیئے۔ اگر کوئی تحریر یا تقریر بھڑکانے اور منافرت پھیلانے کا سبب ہے تو اسے کبھی برداشت نہیں کیا جانا چاہیئے۔

تقریر اور تحریر پر پابندیوں کی ان وجوہات کے باوجود تقریر اور تحریر کی آزادی کا یہ حق ہمارا سب سے زیادہ قیمتی بنیادی حق ہے۔ انسانی خوشی کی کامیابی کے لئے یہ حق ناگزیر ہے ملٹن نے بالکل درست کہا ہے "سچائی اور جھوٹ کو ایک دوسرے سے نبرد آزما ہونے دو۔ یہ بات کون نہیں جانتا ہے کہ جو آزادانہ جنگ میں سچائی ہی سب سے بڑا ہتھیار ہے۔"

(آکاشوانی جودھپور سے براڈ کاسٹ)

ریڈیو کی
لمبی عمر
ہونے کے لئے
ایوریڈی
ایوریڈی استعمال کیجئے ہر جگہ ملتے ہیں۔

اچاریہ ایس جے بھگوت

ہم ایک ہیں

ہندوستان ایک وسیع ملک ہے جس کی تاریخ نہ صرف مدون ہے بلکہ ثقافتی خزانوں سے مالا مال ہے۔ جغرافیائی لحاظ سے یہ ایک برصغیر ہے یہاں مختلف زبان بولنے والے اور مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے افراد صدیوں سے آباد ہیں۔ عملی طور پر دنیا کا ہر مذہب ہندوستان میں پایا جاتا ہے۔ یہاں مختلف تہذیب اور تمدن کے مالک افراد بھی یہاں آباد ہیں اور یہ سب ایک قوم کی حیثیت سے اکٹھا رہتے ہیں۔

ہندوستان ایک ایسا ملک ہے جہاں مختلف رنگ و نسل اور مذہب کے عوام خوشگوار ماحول میں مل جل کر رہتے ہیں۔ ویدک دور کے آریہ کئی دیوتاؤں مثلاً اندر، ورن اور اگنی کی پوجا کرتے تھے۔ لیکن مذہبی عقائد مختلف ہونے کے باوجود بھی ان میں اتفاق کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ سب دیوتا ایک ہی حقیقت کے مختلف روپ ہیں اور اسی نظریے کی بدولت وہ ایک مستحکم سماجی اور سیاسی زندگی تعمیر کرنے میں کامیاب رہے۔

قدیم آریائی تہذیب کا جنم ہندوستان کے جنگلاتی علاقوں میں ہوا۔ رابندرناتھ ٹیگور نے ایک جگہ لکھا ہے کہ یہ جنگلات آریاؤں کے لئے ایک ایسی پناہ گاہ ثابت ہوئے جہاں وہ تیز دھوپ اور طوفان سے محفوظ رہ سکیں۔ نیز جہاں جلانے کے لئے ایندھن۔ ان کے مویشیوں کے لئے ایندھن اور جھونپڑیاں وغیرہ بنانے کے لئے ضروری سامان دستیاب تھا۔

گوتم بدھ نے بھی محبت اور بھائی چارے کا پیغام دیا۔ دور وسطیٰ کے سنت صوفیوں نے جو پیغام دیا وہ بھی محبت اور بھائی چارے ہی کا تھا۔ ان سنتوں نے ہندی، بنگالی، مراٹھی، گجراتی، تامل، کنڑا اور بہت سی دیگر ہندوستانی زبانوں کو مالا مال کیا۔ اگرچہ یہ زبانیں ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن ان سب میں یکساں پیغام مضمر ہے۔

ہندوستان کے اتحاد میں عظیم رزمیہ کتابوں کا زبردست ہاتھ ہے۔ مثلاً رامائن اور مہابھارت ہندوستان کی ہر زبان میں رام اور کرشن اور کورو اور پانڈو کی کہانیاں موجود ہیں۔ ان کے ساتھ ہی بھگوت پران بھی اسی طرح مقبول عام ہے اور تمام ہندوستانی زبانوں میں بھگوت پران کے خوبصورت ترجمے موجود ہیں۔ اس عظیم اور متبرک کتاب میں بھی پیغام محبت کو پوری تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

موسیقی اور شاعری نے بھی ہمارے عوام کے ذہنوں کو متاثر کیا ہے۔ ان دونوں نے عوام کو متحد رکھنے میں زبردست رول ادا کیا ہے۔

فلسفہ کے میدان میں کئی طرز فکر ہندوستان میں موجود ہیں۔ مثلاً سانکھیا، یوگا، نیایا اور ویشیشک۔ ان مختلف دبستانِ خیالات کے فروغ میں ملک کے مختلف علاقوں کے دانشوروں نے زبردست رول ادا کیا اور اس طرح ملک کی تہذیب اور ثقافت کو مزید استحکام اور اتحاد بخشا۔ اس کے علاوہ ہمارے ملک میں فلسفہ کے غیر ویدک دبستان فکر بھی یہ خدمات انجام دیتے رہے۔ مثلاً بدھ، جین اور لنگایت وغیرہ۔

ہندوستان نے سائنس کے میدان میں بھی نمایاں فروغ حاصل کیا ہے۔ یہاں عظیم سائنس دانوں نے جنم لیا۔ اور انہوں نے عوام کو متحد رکھنے میں زبردست کردار ادا کیا۔

ہندو سماج، سماجی تجربے کا ایک مکمل نمونہ ہے جس کا نصب العین مختلف قبیلوں کو جن کے رسم و رواج جداگانہ ہیں متحد رکھنا ہے۔

ورنا اور آشرم کے تصور کا مقصد بھی اور کچھ نہیں بلکہ مختلف نفسیاتی، سیاسی اور اقتصادی مفادات کو ایک دوسرے کے ساتھ متحد رکھنا تھا۔ نسلی اعتبار سے لفظ ہندو کا مطلب آریہ اور غیر آریہ عناصر کی ہم آہنگی ہے۔

عظیم شاعر رابندرناتھ ٹیگور نے اپنی مشہور نظم "بھارت تیرتھ" میں سماجی انضمام کے اس عمل پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ہے کہ ہندو سماج دراصل انسانیت سے بھرپور ایک عظیم سمندر ہے۔

ہندوستان کے تمام مفکرین نے ہمیشہ تعاون اور تال میل کے اصول پر زور دیا ہے۔ دو

اختلافات اور لڑائی جھگڑوں کے حامی نہیں رہے۔ ہندو سماج ثقافت کے ہر پہلو کو اپنے اندر جگہ دینے کیلئے تیار رہتا ہے اور برداشت کے مادّے کو ایک عظیم خوبی قرار دیتا ہے۔ ہماری روایات کے مطابق امن اور ہر جاندار مخلوق کے ساتھ ہمدردی' انسانیت کی عظیم قدریں ہیں۔

ہمارے سامنے اس وقت سب سے اہم مسئلہ عوام کی غریبی اور جہالت کے خلاف لڑائی لڑنا ہے۔ جب مہاتما گاندھی نے عدم تعاون کی تحریک کا آغاز کیا انہوں نے سوراج کی تعریف ان الفاظ میں کی کہ سوراج سے مراد ایک ایسا راج ہے جس میں خود عوام کو صدیوں پرانی غریبی سے اپنے بل بوتے پر نجات حاصل کرنی ہے۔ انہوں نے ملک کے تعلیمیافتہ طبقے سے اپیل کی کہ وہ ملک کے ان لاکھوں کروڑوں عوام کی فلاح کے لئے اپنی زندگیاں منسوب کردیں جو اب تک ظلم و ستم کا شکار رہے ہیں انہوں نے ملک میں کھادی اور دیہی صنعتوں کو ہندو مسلم اتحاد کو فروغ دیا نیز چھوت چھات کے خاتمے کے لئے جی جان سے کوششیں کیں۔ ان کا اپنا عدم تشدد کا طریقہ انسانیت کی خدمت میں بے لوث قربانیوں کا ایک مسلسل عمل تھا۔

ہم سیاسی آزادی حاصل کرچکے ہیں لیکن نئی نسل کے سامنے زبردست مرحلہ عوام کی غریبی دور کرنا ہے۔

سوامی وویکانند نے غریب عوام کیلئے "دردِ نارائن" کا لفظ استعمال کیا۔ انہوں نے ملک کے نوجوان طبقے سے اپیل کی کہ وہ اپنی زندگیاں ملک کے ان عوام کی خدمت کے لئے منسوب کردیں جو غربت اور افلاس کے شکار ہوئے ہیں۔

رابندر ناتھ ٹیگور بھی غریب عوام کی حالت بد سے ناواقف نہ تھے۔ ان کی پستحالت کو دیکھ کر وہ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور انہوں نے غریب عوام کی فلاح و بہبود کے لئے تعلیمی ادارہ شانتی نکیتن قائم کیا رابندر ناتھ کو اپنی زندگی کا نصب العین مل گیا۔ اپنی زندگی کے آخری دن تک وہ غریب عوام کی فلاح و بہبود کیلئے خدمات سرانجام دیتے رہے۔ ان کی نظموں میں بھی غریب عوام کی خدمت کا سبق ملتا ہے۔

ویدک دور کے رشی بھی اس مستقل حقیقت کی کھوج میں مصروف رہے جو اس بدلتی دنیا کے پس منظر میں موجود ہے۔ ان سنتوں نے اپنی عبادات میں بھی کثرت کے ساتھ ذرا سے لو لگانے کی آواز دی لیکن موجودہ دور میں ہندوستان کی تمام عظیم شخصیتوں نے کرم یوگا پر زور دیا ہے۔ لہٰذا لوک مانیہ تلک نے بھگوت گیتا پر لکھے اپنے تبصرے "گیتا رہسیہ" میں جتایا ہے کہ سری کرشن کی تعلیم کا حقیقی پیغام انسانیت کی بے لوث خدمت ہے۔

رابندر ناتھ ٹیگور کے ہمعصر ایک اور عظیم ہندوستانی شاعر اقبال نے ہندوستانی عوام کے آلام و مصائب کو محسوس کیا۔ اپنی ایک نظم میں وہ کہتے ہیں۔ ہندوستان نے کچلے ہوئے عوام کے لئے سوائے مصیبتوں کے اور کچھ نہیں دیا ہے۔

ٹیگور کی طرح اقبال بھی ہندوؤں اور مسلمانوں کو ایک دوسرے کے قریب دیکھنا چاہتے تھے تاکہ انسانیت کے ایک نئے مندر کی تعمیر ہوسکے' جہاں عوام مل کر غریبی کو ختم کرنے کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کریں۔ وہ محبت اور جذبۂ خدمت پر یقین رکھتے تھے۔

پنڈت جواہر لال نہرو کی زیر قیادت ہندوستان کے عظیم مفکرین اور کارکنوں نے جمہوریت سیکولرازم اور سوشلزم میں اپنے پختہ اعتماد کا اعلان کیا جمہوریت میں ہر فرد کو ایک اہم شخصیت مانا گیا ہے اور جس طرح وہ چاہے اسے اپنی زندگی گذارنے کا حق ہے۔ سیکولرازم مذہبی آزادی مہیا کرتا ہے اور اور سوشلزم اقتصادی خوشحالی کا ضامن ہے۔

ہندوستانی لیڈروں کے لئے یہ ایک زبردست خراج تحسین ہے کہ بنگلہ دیش نے خود کو مذہبی جنون اور استحصال سے خود کو علیحدہ کرکے ان نئے اصولوں کو اپنایا ہے۔

(آکاشوانی پونہ سے براڈکاسٹ)

رعنا جگی

رباعیات

انگڑائی نسیم جاں فزا ہو جیسے
انداز بہاروں کی فضا ہو جیسے
عالم میں ترا خواب ہے بیداری کا
خورشید طلوع ہو رہا ہو جیسے

خورشید حقیقت کی کرن ہے انساں
خود جلوہ ہے اور جلوہ نگن ہے انساں
اک انجمنِ ناز ہے دنیا رعنا
اور اس میں چراغ انجمن ہے انساں

پنڈت جواہر لال نہرو — سوشلزم کے پیغامبر

ہندوستان کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو ہندوستان کے ایک عظیم ترین اور غیر معمولی صلاحیت کے حامل رہنما کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے جنہوں نے جدوجہد آزادی میں سرگرم حصہ لیا۔ نیز ملک کے سماجی و اقتصادی مسائل پر گہری نظر رکھتے تھے۔ ہندوستان کے پسماندہ اور غریب عوام کو خوشحال اور باوقار شہری دیکھنا ان کی زندگی کا نصب العین تھا۔ ان کی خواہش تھی کہ ہندوستانی عوام نئی تہذیب کے تمام مادی اور اخلاقی فوائد سے مستفید ہوں۔ آپ زبردست تاریخی اور سائنسی شعور کے مالک تھے اور اسی صلاحیت کی بدولت انہوں نے محسوس کیا کہ عوام کی مشکلات کا سبب خاص طور پر ہندوستان میں سامراجی جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام ہیں۔

ملک کی ترقی کے ضمن میں پنڈت نہرو ایک مثبت نظریہ رکھتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ پیداواری وسائل کو تحریک دینے کے لئے سائنس اور [illegible] کو جدید طریقوں کا [illegible] اپنانا چاہیئے جو عوام میں [illegible] کرنے کا جذبہ پیدا کرے [illegible] کے نتائج سے [illegible] زبردست معاون ثابت [illegible] یہی وجہ ہے انہیں "سوشلزم کا پیغامبر" کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اگرچہ سوشلزم کے معنی میں بے شمار مشکلات درپیش ہیں۔

حال ہی میں چند مغربی ادیبوں نے یہ سوال اٹھایا ہے کہ پنڈت نہرو کیا واقعی ایک سوشلسٹ نظریہ رکھتے تھے؟ ان کا کہنا ہے کہ سوشلسٹ اصول کو مرتب کرنے نیز ان پر عمل درآمد کرنے کے لئے نہرو کے پاس واضح طرز فکر کی کمی تھی۔

اس سلسلے میں ۱۹۷۱ء میں شائع ہوئی مائیکل ایڈورڈز کی ایک کتاب "نہرو: اے پولیٹیکل بائیوگرافی" (نہرو کی سیاسی سوانح عمری) کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔ ایڈورڈز نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ایک جذباتی انسان کے ذہن کو متاثر کرنے کیلئے سوشلسٹ اصول پرکشش اور قابل قبول ثابت ہوئے۔ ہندوستان میں متحدہ صوبوں کے (جسے اب اتر پردیش کہا جاتا ہے) کسانوں کے مسائل کے سلسلے میں نہرو کو پہلے ہی کافی مقبولیت مل چکی تھی۔ اس کے علاوہ وہ ویویکانند کے غریب اور مظلوم اور پسماندہ عوام کی خدمت کے فلسفے سے [illegible] تھے۔ لہذا ان کے دماغ نے بین الاقوامی سوشلزم کے تصور کو ذہنی طور پر قبول کیا۔

ہندوستان کے مخصوص تاریخی ماحول میں نہرو کے سوشلسٹ نظریات کی نوعیت اور تحریک کا یہ بے حد معمولی تخمینہ ہے۔ یہ سچ ہے کہ برطانیہ میں اپنے دور تعلیم میں پنڈت نہرو مارکس کے انقلابی سوشلسٹ خیالات کے مقابلے میں مختلف ادبی، سائنسی اور سیاسی اثرات کے دباؤ کے ساتھ ساتھ سوشلزم کے فیبیان اور رومانی نظریات سے زیادہ متاثر تھے لیکن سب سے اہم بات نہرو کے لئے ہندوستان کی آزادی تھی جس کے لئے ملک میں موجودہ سیاسی قوتوں کے متحدہ محاذ کی باہمی کوششیں درکار تھیں۔ اس مقصد کیلئے مہاتما گاندھی اور انڈین نیشنل کانگریس نے اپنی خدمات پیش کیں۔ مہاتما گاندھی بذات خود ایک ایسی شخصیت تھے جو صرف اکیلے ہی عوام کی اکثریت کو اس سامراج کے خلاف حرکت میں لا سکتے تھے۔ جبکہ ہندوستان میں جاگیرداری اور سرمایہ داری کے فروغ میں بہت بڑا ہاتھ تھا۔ اس ماحول میں سوشلزم کی آواز اٹھانا خود کو نقصان پہنچانے کے مترادف تھا۔ لیکن نہرو نے ہندوستان میں قومی تحریک کا انتہا پسند قوموں کے ساتھ رابطہ قائم کر کے سوشلسٹ نظریات کے فروغ میں زبردست کارنامہ سرانجام دیا۔ آپ نے فروری ۱۹۲۷ء میں بروسلز میں منعقدہ مظلوم قوموں کی کانگریس کے اجلاس میں انڈین نیشنل کانگریس کے مندوب کی حیثیت سے شرکت کی جہاں انہیں ایشیا اور افریقہ کے مختلف علاقوں کے کئی لیفٹ بائیں بازو والے سوشلسٹ انتہا پسند وطن پرست شخصیتوں، جن میں ویتنام کے ہوچی منہ بھی شامل تھے، سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ اس ماحول میں مارکسسٹ اثرات کی موجودگی نے نہرو کے [illegible] دماغ کو سوشلسٹ طرز فکر کے نئے انداز عطا کیے۔

آپ نے روس کا دورہ کیا اور اپنی کتاب "سوویت روس" میں وہاں کے نظام کی تعریف کی ہے۔ جس کا اثر ہندوستان میں بہت سے نوجوانوں کے ذہنوں پر ہوا۔ نہرو نے میرٹھ سازش کیس کے ملزمان کی پیروی میں سرگرم حصہ لیا۔ آپ آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے صدر مقرر کئے گئے۔ یہ عہدہ سنبھالنے پر انہوں نے مزدور طبقہ کی تحریک کی نمایاں مدد کی لیکن اس کے ساتھ ہی انہوں نے انڈین نیشنل کانگریس

جمہوریت کو نہ چھوڑا اور ۱۹۱۶ء میں [illegible] میں منعقد ہ اجلاس میں ملک کی آزادی کے لئے قرارداد [illegible] کی گئی اس وقت ۱۹۲۶ء کانگریس کا [illegible] مقرر کیا گیا۔

جب ۱۹۳۶ء میں کانگریس نے [illegible] سولہ میں وزارتیں [illegible] تو نہرو نے [illegible] سوشلزم کے فروغ کے لئے [illegible] انجام دیئے۔ کانگریس حکومت کے ماتحت ملک کے مختلف حصوں میں [illegible] زرعی سدھار [illegible] ۱۹۴۸ء میں [illegible] قومی منصوبہ بندی کمیٹی قائم کی گئی [illegible] نے خصوصی معنوں میں قومی اقتصادی [illegible] مرتب کرنے میں [illegible] راہیں فراہم کیں۔

اس کے بعد ۱۹۳۹ء میں دوسری عالمی جنگ شروع ہو گئی اور [illegible] سال تک کانگریس پارٹی حکومت [illegible] میں [illegible] اور [illegible] دوران نہرو زیادہ [illegible] وہ [illegible] تھا جب وہ مشکل ہی سے اپنے سوشلسٹ مقاصد کے حصول کے لئے کچھ کر سکتے تھے۔ تقسیم [illegible] سوشلسٹ [illegible] کے حصول میں ایک زبردست [illegible] رکاوٹ ثابت ہوئی [illegible] کے علاوہ نہرو کو کانگریس پارٹی [illegible] میں [illegible] کے لائق [illegible] مخالفت بھی درپیش آئی جو سوشلسٹ پالیسی [illegible] اور پروگرام [illegible] کی کوششوں میں کافی حد تک رکاوٹ ثابت ہوئی۔ اس کے علاوہ [illegible] ایک دوسری جنگ [illegible] جاگیرداری مفادات اور تاجر طبقہ یہ سب بھی سوشلزم کی راہ میں [illegible] ثابت ہوئے۔ نہرو کو کانگریس جماعت کی مکمل حمایت حاصل [illegible] کی اس [illegible] جس کی [illegible] اپنے سوشلسٹ پروگرام [illegible] کو عملی جامہ پہنانے کے لئے [illegible] کی۔

[illegible] آئین کا نفاذ عمل میں لایا گیا [illegible] حقوق کی [illegible] اہم [illegible] کرتی ہیں۔ ایک سوشلسٹ سماج کی [illegible] کے لئے [illegible] ہوتا ہے کہ نہرو قانون ساز اسمبلی [illegible] رکھنے کے [illegible] آئین میں سوشلزم کے اصولوں کو بھی شامل کرا دیتے [illegible] نہرو [illegible] آئین [illegible] ترمیم کی ضرورت [illegible] تاکہ زرعی سدھار اور دیگر سوشلسٹ اقدامات پر عملدرآمد ممکن ہو سکے۔ لہٰذا سوشلسٹ مقاصد کے حصول [illegible] کسی بھی آئینی اور سماجی یا سیاسی [illegible] کے لئے ہم نہرو کو کسی بھی طرح مورد الزام نہیں ٹھہرا سکتے۔

۱۹۵۰ء میں [illegible] کا [illegible] کا قیام عمل میں لایا گیا۔ [illegible] منصوبہ کے ذریعہ ملک کے مختلف اقتصادی [illegible] مقاصد کے حصول [illegible] گیا ہے جو سوشلسٹ [illegible] اور [illegible] کی اہمیت کے حامل ہیں۔


مرکزی [illegible] زرعی [illegible] نجی [illegible] کاری کے لئے [illegible] زراعت میں تکنیکی [illegible] سوشلزم [illegible] اصول اور [illegible] پالیسیاں [illegible] اقدامات [illegible] سوشلزم کے [illegible] ظاہر [illegible] کے [illegible]

نہرو کے سوشلزم کی [illegible] [illegible] کرتے ہوئے [illegible] کیا جا سکتا ہے [illegible] کاری [illegible]

[illegible] اور [illegible] بہر حال [illegible] مثال [illegible] موزوں [illegible] پنڈت نہرو کے اختلافات اور سوشلزم کے تصور کی [illegible] اور خاص طور سے سوشلزم کے پروگراموں پر عملدرآمد وغیرہ اس وقت موضوع مرکز نہیں ہے ان تمام پہلوؤں کے ساتھ ساتھ یہ حقیقت ہے کہ نہرو سوشلزم کے مخلص بانی تھے جنہوں نے زندگی کا سب [illegible] بے شمار پیچیدگیوں اور دشواریوں کے باوجود [illegible] عوام کی فلاح و ترقی [illegible] تاکہ وہ سائنس اور تکنیکی ترقی کی بدولت [illegible]

گذار سکیں جو کہ آبی الذات پر مبنی ہو۔ الکا سوشلزم ہمدردانہ عمل اور مخلصانہ تمام [illegible]
(ریڈیو کشمیر جموں سے اعزاز [illegible] براڈکاسٹ)

گھر بھر کے لیے
سنکارا
طاقت و تغذیہ اور
چستی و توانائی کا سرچشمہ



قدرتی جڑی بوٹیوں اور وٹامنوں وغیرہ کا یہ ٹانک کمزوری کو دور کرتا ہے۔ صحت و قوت بڑھاتا ہے اور ہر موسم اور ہر عمر میں سب کے لیے یکساں مفید ہے۔

ہمدرد

ستیا قبال حسن

رِستے زخم

اگر کوئی ہلکا سا بوجھ بھی متواتر سینے پہ رکھا رہے تو انسان تھک جاتا ہے اور اس کا دل چاہتا ہے وہ کسی نہ کسی طرح اس بوجھ کو اپنے سینے سے اتار پھینکے۔ اور ایسا ہی کچھ اس کے ساتھ بھی ہوا۔ ایک دن جب اس کی ملاقات ندیم سے ہوئی تو اس نے یہ داستان کچھ اس طرح شروع کی۔

ندیم! مجھے کیا معلوم تھا کہ اسکی امیدوں کا خوبصورت محل اس طرح مسمار ہو جائے گا۔ وہ معصوم سپنے جنہیں اس نے راتوں کی تنہائی میں بڑے پیار سے سجایا تھا اس طرح بکھر جائیں گے۔ جس نے زندگی کو حسین سے حسین تر بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی آج اس طرح زندگی سے بیزار ہو جائے گی۔ اور میں نے تو خود اس کے لیے اپنی زندگی تباہ کر دی۔ اپنے آپ تکلیفیں برداشت کیں۔ زندگی کا چین برباد کیا، در در کی ٹھوکریں کھائیں، زمانے کی نگاہوں میں رسوا ہوئی لوگوں نے انگلیاں اٹھائیں لیکن اس کے لیے میں نے سب کچھ برداشت کیا۔ خاندان والوں کی مرضی کے خلاف شادی کی لیکن آج جب میں اس کی [illegible] دیکھتی ہوں، تو بے اختیار آنسو نکل آتے ہیں اور دل بھر آتا ہے [illegible] اس کی افسردگی دیکھی نہیں جاتی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے زمانے کی ظالم باہیں اسے اپنے گھیرے میں لینے کے لئے کسی مناسب وقت کی منتظر تھیں۔ اور جب وہ وقت آیا تو اسے اپنی آغوش میں اس طرح بھینچا کہ اس کے چہرے کی دلکشی، مرمریں باہوں کا حسن، دلفریب نازک ہاتھوں کی نزاکت بکھا تیں اداسیت تھوڑا تھوڑا کر کے سب کچھ ہی تو چھین لیا۔ اور اسے سراپا تصویرِ غم بنا دیا۔

مجھے کیا معلوم تھا کہ اس شادی کا انجام ایک زندگی کا سکون اور چین چھین لینا ہے۔ دو زندگیوں کے ملاپ کا انجام اتنا حسرتناک ہوگا۔ اگر مجھے یہ انجام پہلے معلوم ہوتا تو یہ منحوس لفظ اپنے ہونٹوں سے کبھی ادا نہ کرتی۔ میں تو یہ سمجھی تھی کہ شادی ایک ایسا لطیف احساس ہوتا ہے جو زندگی کو دلکش بنا دیتا ہے اور یہ کہتے کہتے اس کا گلا رندھ گیا

ندیم نے جب اس کی طرف دیکھا تو وہ اپنے آنسوؤں کو چھپانے کی ناکام کوشش کر رہی تھی۔

اور پھر اس نے کہنا شروع کیا۔ تم تو بحیثیت کلاس فیلو اس کو بخوبی جانتے ہو۔ شاید اسے قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا ہو اور وہ یہ کہہ کر دور خلاؤں میں گھورنے لگی۔

سیما کو بچپن سے میں نے پالا ہے۔ پاپا اور ممی کی قلیل آمدنی اس بات کی اجازت نہیں دیتی تھی کہ وہ اسے کسی معقول اسکول میں تعلیم دلا سکیں لیکن یہ فرض میں نے اپنے سر لیا اور باوجود مشکلات کے اسے کونونٹ اسکول میں داخل کرا دیا۔

اب وہ بچپن کی حدود سے ذرا آگے نکل آئی تھی۔ اس کی بڑی بڑی مسکراتی آنکھوں میں شوخی تھی پُر مسرت لمحات تھے۔ اس کے سامنے زندگی کا صرف حسین پہلو تھا اور اسی لئے دل میں نت نئی خواہشوں نے جنم لینا شروع کیا۔ اور میں بھی اس کی زندگی کو ارمان پرور بنانے کے لئے اس کی ہر خواہش کو پورا کرتی رہی۔ اس کی خواہشوں کی تکمیل کے لئے اپنی خواہشوں کو تھپکیاں دے دے کر سلا دیا ہمیشہ اس کی پیاسی زندگی کو سیراب کرنے کے لئے کوشاں رہی۔ کیونکہ مجھے ہمیشہ اس کے چہرے پر معصوم مسکراہٹ دیکھنے کی تمنا تھی۔ یہاں تک کہ اس کی ہر خواہش کے لئے میں نے اپنی ہر امنگ کو دبا کر اس کے ارمان پورے کئے۔

زمانے کے سرد و گرم سہے جب سیما نے تعلیم مکمل کی۔ ایک بھولی بھالی ننھی سی خوبصورت چنچل الھڑ اور البیلی لڑکی جوان ہوگئی اور ایک دور ایسے پر آگئی جہاں اس عمر کی لڑکیوں کو ایک ساتھی کی ضرورت ہوتی ہے۔ میں بھی ایک عورت ہوں اور اس کے جذبے کو خوب سمجھتی تھی۔

مگر میں نے جب بھی اس خواہش کا اظہار اس سے کیا اس نے نفی میں جواب دیا۔ اس کا یہ جواب مجھے ایک عجیب کشمکش میں مبتلا رکھتا۔ میرا ذہن ہمیشہ ایک انجانے بوجھ تلے دبا رہتا۔ اگر کبھی میں تلخ لہجہ اپناتی تو وہ بڑے پیار اور معصومیت سے کہتی "باجی! کیا میں آپ پر بوجھ ہوں؟" اور میں اس کے اس معصوم سوال کا جواب نہ دے پاتی۔ لیکن سماجی بندھنوں کی وجہ سے میری الجھنیں بڑھتی گئیں اور اس کی خاموشی مجھے گراں گزرتی گئی میں جب بھی اس کے متعلق سوچتی مجھے اپنے چاروں طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آتا ایسا اندھیرا جس میں دم گھٹنے لگتا اور میں آسمان کی طرف رحم طلب نظروں سے دیکھتی رہ جاتی۔

اس نے غم میں ڈوبا ہوا چہرہ اٹھا کر ندیم کی طرف دیکھا جو سر جھکائے اس داستان کو بڑے انہماک سے سن رہا تھا۔

وقت کی ستم ظریفی، اس زمانے میں مجھے دفتر کے کام سے مصروف

بابا ہڑ اور یہ مسئلہ کچھ دنوں کے لئے سرد پڑ گیا لیکن میں سوچتی [illegible] کہ میرے [illegible] چہرے کی [illegible] ویرانی اور [illegible] بال جو تمام وقت کی کڑی دھوپ نے وقت سے پہلے سفید کر دیئے ہیں۔ سامنے ہیں اپنا مقام کھو چکے ہیں تو اب صرف [illegible] کا دامن خوشیوں سے بھرنا چاہتی ہوں۔ میں اپنی کائنات کا [illegible] تو کبھی [illegible] نہ بچا۔

وقت کے ساتھ ساتھ میری امید [illegible] اچانک مجھے حادثات کا [illegible] اپنے ہوش و حواس کھو [illegible] کہ... کوئی حادثہ تو نہیں ہو گیا میں اسی وقت [illegible] کے لئے روانہ ہو [illegible] یہاں آکر مجھے حیرت سے بابا [illegible] کچھ حواس بجا ہوئے [illegible] امی چچا جان سے معلوم ہوا کہ [illegible] شادی کے لئے رضامند ہو گئی ہے۔ [illegible] پہلے سے قطعی تیار رہتی۔ لیکن اس غیر متوقع [illegible] نے میری تمام [illegible]

میں نے جب اس سے اس بارے میں پوچھا تو اس نے کوئی جواب نہیں دیا اور رونے سے [illegible] خاموش بیٹھی رہی [illegible] زندگی کے [illegible] فیصلے میں ناکام رہی [illegible] اور میں اس کی خاموشی کو شرم و حیا سمجھ بیٹھی۔

وہ وقت جس کا [illegible] بڑی بے چینی سے انتظار تھا آہی گیا۔ [illegible] کے چہرے پر [illegible] خوشی [illegible] جو ایک دلہن کو شادی کے وقت ہوتی ہے جو ارمان اور [illegible] دلہن بننے کے لئے ایک لڑکی کے دل میں جنم لیتے ہیں۔ بلکہ [illegible] جو ایک [illegible] پڑنے کے لئے بے چین ہوتا ہے۔ [illegible] بجھ گیا ہے۔ [illegible] عیاں نہ تھا [illegible] تیز [illegible] اور [illegible] آگ میں [illegible] وہ [illegible] جانتی تھی [illegible] سکتے۔ اس کے [illegible] ہوتا ہے۔

[illegible] جو [illegible] اس کی آنکھیں [illegible] لباس [illegible] اور [illegible] خود [illegible] سنوار [illegible] لیکن [illegible] کوشش کے ایک [illegible] آ گئی۔ شادی ہو گئی ایک بہن [illegible] اپنی [illegible] ایک [illegible] اپنی شفقت اور [illegible] اپنی [illegible] رخصت کیا۔ [illegible] آتی [illegible] میں اس کا [illegible] آنچل اور [illegible] دیکھتی [illegible] تو [illegible]

میرے [illegible] ارمان گھٹ کر رہ گئے ہیں۔ میرے خوابوں کی تعبیر نہ مل سکی۔ میں اس کے چہرے پر [illegible] مسکراہٹ لانے میں ناکام رہی ہوں۔ اور اب میں [illegible] بھی اس کے چہرے کو پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے وہ چیخ چیخ کر کہہ رہی ہو "باجی! آپ نے میرے ارمانوں کا گلا گھونٹا ہے ایک [illegible] ساتھی [illegible] سکون کے لئے یہ [illegible] اور بخشش کا سامان مداوا تو نہیں [illegible]

[illegible] انکار [illegible] کہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ بہت پہلے کر چکی تھی۔ [illegible] اور [illegible] خیالات کا ایک [illegible] کر رکھا تھا وہ اپنے خوابوں کے [illegible] کا انتخاب پہلے ہی کر چکی تھی لیکن اس [illegible] نے [illegible] لئے [illegible] اگر [illegible] شاید وہ [illegible]

کو احسان سمجھ بیٹھی تھی اور اس احسان کا حق ادا کرنے کے لئے اس نے اپنے ہاتھوں زہر پیا تھا۔ اپنے ہی دامن میں آگ لگائی تھی۔ اپنے ہی ہاتھوں زخم لگایا تھا اور میں اس کی یہ حالت دیکھ کر ماہی بے آب کی طرح تڑپ کر رہ جاتی ہوں۔ مجھے میرے اندر کی عورت کوستی [illegible] ایک [illegible] بہن کے ہاتھوں اجڑے [illegible] زیادہ [illegible] کی [illegible] اور [illegible] کاش وہ یہ سب کچھ [illegible] بتا دیتی۔

اف [illegible] وہ [illegible] مجھے [illegible] ہوں تو سہی، [illegible] کا پتہ جس [illegible] اس [illegible] اپنا [illegible]

[illegible] کے [illegible] آنسو کے [illegible] الفاظ [illegible] چھلکے [illegible] اب [illegible] اور [illegible] تاب نہیں رکھتی [illegible] حقیقت [illegible] ایکسیڈنٹ [illegible] کا سب کچھ [illegible]

([illegible])

ٹیلی ویژن کے پروگرام

چینل ۴ — بینڈ ۱

تصویر ۶۲/۶۵ ایم-ایچ-زیڈ

آواز ۶۷/۷۵ ایم-ایچ-زیڈ

منگل یکم اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے
۷-۰۰ دلی نئی پرانی
۷-۱۵ سب کے لیے
۷-۳۰ کل ہمارا ہے
۸-۲۸ محفل
۸-۵۵ چترلیکھا
۹-۲۰ انگریزی فلم

بدھ ۲ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ موسیقی کا پروگرام
۶-۴۵ درشن
۷-۰۰ وگیان پتریکا
۷-۱۵ متواتر خاکہ
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۱۰ ایک درشٹی کون
۸-۲۸ وراثتی پروگرام
۹-۰۰ پیرڈب (انگریزی)
۹-۲۰ ٹی-وی-فیلبو

جمعرات ۳ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے (فلم)
۷-۰۰ فوٹو فیچر
۷-۱۵ آج کے مہمان
۷-۳۰ نگرناگرک
۹-۰۰ یوتھ فورم (انگریزی میں)
۹-۲۵ ڈی اینڈ ڈیبیٹ
انگریزی میں بحث و مباحثہ

جمعہ ۴ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۸ سنا سیوگا
(موسیقی کی ایک محفل)
۹-۰۰ کھیل کے میدان سے
۹-۱۵ انگریزی فلم

ہفتہ ۵ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ فیچر فلم (علاقائی)
۸-۲۰ فیچر فلم (بقیہ)
۹-۳۵ انڈین نیوز ریویو

اتوار ۶ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۰۰ گھر پریوار
۶-۳۰ فیچر فلم (ہندی)
۸-۳۰ فیچر فلم (دوبارہ پیش)
۹-۱۵ پیش ہے

پیر ۷ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ کھیل کے میدان سے
۶-۴۵ معلوماتی فلم
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ سوموار کی ڈاک
۷-۳۰ کرشی درشن
(کسان بھائیوں کے لیے)
۸-۲۸ ڈرامہ (ہندی)
۹-۰۰ مرر آف دی ورلڈ
۹-۳۰ ہمارے مہمان (آڈر گیسٹ)
(انگریزی)

منگل ۸ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے
۷-۰۰ دلی نئی پرانی
۷-۱۵ اسکٹ
۷-۳۰ کل ہمارا ہے
۸-۲۸ محفل
۸-۵۵ چترلیکھا
۹-۱۸ انگریزی فلم

بدھ ۹ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ موسیقی
۶-۴۵ درشن
۷-۰۰ وگیان پتریکا
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۱۰ ایک درشٹی کون
۸-۲۸ دراثتی پروگرام
۹-۰۰ آرٹ اینڈ آرٹسٹ
۹-۱۵ ٹی-وی فولیو
(انگریزی)

جمعرات ۱۰ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ فلم
۷-۰۰ واتائن
۷-۱۵ آج کے مہمان
۷-۳۰ نگرناگرک
۸-۲۸ چترہار
۹-۰۰ یوتھ فورم
(انگریزی)
۹-۲۵ اوپن مائنڈ
(انگریزی)

جمعہ ۱۱ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ معلوماتی فلم (سندھی؟)

مقررہ پروگرام

۸-۰۰ سماچار
(اتوار، بدھوار اور ہفتہ کو)
سماچار سمیکشا
(سوموار اور جمعہ کو)
سماچار اور آجکل
(منگلوار اور جمعرات کو)

۸-۲۵ پروگرام کا خلاصہ
(سوائے ہفتہ اور اتوار کے)
۸-۲۸ چترہار
(صرف جمعرات کو)
۹-۴۵ انگریزی میں خبریں

اسکول ٹیلی ویژن

صبح ۸-۲۵، ۹-۱۵، اور ۱۰-۵۰ —— دوپہر ۲-۳۵، ۳-۱۵ اور ۵۰-۳

(باقی صفحہ ۱۷ پر دیکھئے)

وِوِدھ بھارتی

پہلی سبھا (الف) صبح ۶-۵۵ سے ۸-۳۰ تک ۱۷ر۹۹ میٹر ۶۰۳ کلو ہرٹز
(ب) صبح ۶-۵۵ سے ۹-۳۰ تک ۳۲ر۴۱ " ۶۰ " ۷۲ "

دوسری سبھا صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ تک ۳۱/۵۵ " ۱۰ " ۹۵ "

تیسری سبھا (الف) دوپہر ۲-۰۰ سے ۵-۳۰ تک ۳۶ر۲۵ " ۳۰ " ۸۱۱ "
(ب) " ۲-۰۰ سے ۳-۴۰ تک ۷۷ر۳۰ " ۹۷۵ "

آکاش وانی کا

پنچ رنگی پروگرام

چوتھی سبھا ۴-۰۰ بجے سے ۵-۳۰ بجے تک ۲۷ر۲۵ میٹر ۱۱۸۷۰ کلو ہرٹز

شام ۶-۳۰ بجے سے رات ۱۰-۳۰ تک ۳۰ر۳۱ " ۹۵۷۵ "
شام ۶-۳۰ بجے سے ۱۰-۳۰/۱۱-۲ تک ۳۰ر۹ " ۶۰۸۵ "

سنیچروار کو چوتھی سبھا ۱۱-۲ بجے تک

اتوار و دیگر تعطیلات کے پروگرام

پہلی سبھا

صبح
۶-۵۵ وندے ماترم
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۰۲ وندن وار
۷-۱۰ اردوسے گان
۷-۳۰ جے مالا کے پھول
۷-۴۵ یگل گان
۸-۱۵ مدھوون
۸-۴۰ جے مالا
۹-۰۰ مختصر خبریں
۹-۰۲ منورنجن
فرمائشی پروگرام
۹-۳۰ اختتام

دوپہر
۱۰-۰۰ اپنا گھر
۱۰-۰۰ گنجن
فلمی دھنیں
۱۱-۰۰ مختصر خبریں
۱۱-۱۰ چتر دھونی
(صرف اتوار) رم
(دیگر تعطیلات کو رنگا رنگ پروگرام)
۱۲-۰۰ مختصر خبریں
۱۲-۰۰ سنگیت پہیلی
۱۲-۱۰ چوداراا
نئے سنگیت
۱۲-۲۰ جھروکا
۱۲-۱۰ اختتام

سہ پہر
۲-۰۰ بیلا کے پھول
۲-۳۰ خصوصی جے مالا
(دوبارہ نشر)
۳-۰۰ مختصر خبریں
۳-۰۲ خصوصی جے مالا (مسلسل)
۳-۱۵ پھول پان
۳-۳۰ الورنجنی
(کلاسیکی ساز سنگیت)
۳-۴۵ انجلی
۴-۰۰ مختصر خبریں
۴-۰۲ گیت مالیکا
۵-۰۰ مختصر خبریں
۵-۰۲ مدھر گیتم
۵-۳۰ اختتام

شام
۶-۳۰ سندھیا گیت
فلمی بھکتی گیت
۶-۴۵ وِرندگان
فلمی بھکتی گیت
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۰۲ جے مالا
فرمائشی پروگرام
۷-۴۵ راگ رنگ
فلمی کلاسیکی موسیقی
۸-۰۰ مختصر خبریں
۸-۰۲ ایک دھن
۸-۰۵ چترشالا
۸-۱۰ منورنجن
۸-۳۰ ایک گیت
۸-۴۵ چترنگ
۹-۰۰ برنگ، دھارا
۹-۱۰ گنجن
۹-۱۵ ہوا محل
۹-۳۰ من چاہے گیت
۱۰-۱۵ جھروکا
۱۰-۲۰ شبھ راتری
۱۰-۳۰ ختم

ہفتے کے دوسرے دنوں کے پروگرام

پہلی سبھا

صبح
۶-۵۵ وندے ماترم
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۰۲ وندن وار
۷-۱۰ اردوسے گان
۷-۳۰ تری دینی
۷-۴۵ یگل گان
۸-۱۵ مدھوون
۸-۴۰ جے مالا
۹-۰۰ مختصر خبریں
۹-۰۲ منورنجن
فرمائشی پروگرام
۹-۳۰ اختتام

دوپہر
۱۰-۱۰ گنجن
۱۰-۲۵ جے مالا
۱۰-۵۵ ایک گیت
۱۱-۰۰ مختصر خبریں
۱۱-۰۲ گلدستہ
۱۱-۱۵ من چاہے گیت
۱۲-۰۰ مختصر خبریں
۱۲-۰۲ چتر دھونی کا النش
۱۲-۱۰ جھروکا
۱۲-۳۰ اختتام

سہ پہر
۲-۰۰ رنگ ترنگ: غیر فلمی گیت
۲-۳۰ منورنجن
۳-۰۰ مختصر خبریں
۳-۰۲ منجوشا: علاقائی موسیقی
۳-۱۵ راگ ایمن: غیر ملکی ساز سنگیت
۳-۳۰ چترنگ: فلم سنگیت
۳-۴۵ انجلی
۴-۰۰ مختصر خبریں
۴-۰۲ گیت مالیکا
۵-۰۰ مختصر خبریں
۵-۰۲ مدھر گیتم
۵-۳۰ اختتام

شام
۶-۳۰ سندھیا گیت
بھکتی سنگیت
۶-۴۵ وِرندگان
فلمی کورس گانے
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۲۰ جے مالا
۷-۴۵ راگ رنگ
کلاسیکی فلمی موسیقی
۸-۰۰ مختصر خبریں
۸-۰۲ ایک دھن
۸-۰۵ چترشالا
۸-۱۰ منورنجن
۸-۳۰ ایک گیت
۸-۴۵ چترنگ
۹-۰۰ رنگ دھارا
(صرف سنیچر کو پروگرام)
سامعین کے خطوں کے جواب
۹-۱۰ گنجن
۹-۱۵ ہوا محل
۹-۳۰ من چاہے گیت
۱۰-۱۵ جھروکا
۱۰-۲۰ شبھ راتری
۱۰-۳۰ اختتام

سنیچر وار کی رات کا پروگرام

۱۰-۳۰ ست راگنی: سات گانے
۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں (۱۱-۲ ختم)

حیدرآباد کے خاص پروگرام

حیدرآباد ۔ ۔ ۴۰۵ر۴ میٹر ۷۴۰ کلو ہرٹز

حیدرآباد ۔ ۔ ۲۷۴ر۴۱ ″ ۱۴۸۰ ″

منگل یکم اگست

صبح
- ۷-۵ للیتا سنگیتم
- ۷-۲۰ انگریزی میں پروگرام
- ۷-۵۰ تلگو پروگرام
- ۸-۱۰ ہندوستانی موسیقی
- ۸-۲۵ چترا سیما
- ۹-۰۰ کے۔ ایم۔ بیگ

دوپہر
- ۲-۳۰ ہندی میں عورتوں کا پروگرام

شام
- ۶-۱۰ تلگو میں رنگارنگ پروگرام
- ۶-۴۰ فلمی گانے +
- ۷-۵ کرناٹک موسیقی
- ۷-۱۰ انگریزی میں پروگرام
- ۷-۵۰ تلگو پروگرام
- ۸-۵ ہندی میں [illegible]
- ۸-۱۵ ریڈیو نیوز ریل (انگریزی) (دلی سے ریلے)
- ۸-۲۵ ہندوستانی موسیقی
- ۹-۰۰ نیرنگ پروگرام : غزلیں
- ۹-۳۰ کے۔ ایم۔ بیگ
  ہندوستانی موسیقی
- ۹-۴۵ ہمارے جنگلات اہمیت اور افادیت، تقریر از مظہرالدین احمد
  قافلہ رنگ و بو۔ نظم
  از اے۔ اے۔ خسرو
  تلک۔ تحریر۔ سوز و ساز

بدھ ۲ر اگست

صبح
- ۷-۵ ہندوستانی موسیقی
- ۷-۲۰ تروناترنگنی
  تلگو پروگرام
- ۷-۸ یونیورسٹی کے طلبار کے لئے
- ۸-۱۰ کرناٹک موسیقی
- ۸-۲۵ چترا سیما
- ۹-۰۰ فلمی گانے +

دوپہر
- ۔۔ شاستریہ سنگیت
- ۲-۵۰ سگم سنگیت

شام
- ۶-۱۰ رنگارنگ پروگرام (اردو) جسکو طلبار پیش کرینگے
- ۶-۴۰ انگریزی میں مباحثہ
- ۷-۵ مغربی موسیقی
- ۷-۲۰ تلگو میں رنگارنگ پروگرام
- ۷-۵۰ تلگو میں کتابوں پر تبصرہ

روزانہ مقررہ پروگرام

حیدرآباد ب

صبح
- ۶-۲ وندے ماترم
- ۶-۳۰ الشور اللہ تیرو نام
- ۷-۰۰ ہندی میں خبریں
- ۷-۲ [illegible]
- ۷-۳۰ تلگو پروگرام کا خلاصہ
- ۷-۳۵ فلمی گانے (سوائے اتوار کو)
  چترا سیما (صرف اتوار کو)
- ۸-۵۰ اردو میں خبریں
- ۹-۳۰ اختتام

دوپہر
- ۲-۰۰ فلمی گیت (صرف اتوار، منگل اور جمعرات کو)
- ۲-۱۰ ہندی میں خبریں
- ۲-۲۰ فلمی گانے (پھلجھڑیاں صرف اتوار کو)
- ۳-۰۰ ہندی میں خبریں
- ۲-۲ اختتام

شام
- ۵-۳۰ ہندوستانی موسیقی (اتوار، پیر، منگل اور بدھ کے دن)
  کرناٹک موسیقی (جمعرات اور ہفتہ کو)
  سگم سنگیت (صرف جمعہ کو)
- ۵-۴۵ چترا سیما (اتوار، منگل، جمعرات اور ہفتہ کو)
  فلمی گانے + (بدھ اور جمعہ کو)
  انگریزی پروگرام (صرف پیر کو)
- ۶-۵ ہندی میں خبریں
- ۷-۰۰ [illegible]
- ۷-۲ تلگو پروگرام کا خلاصہ
- ۸-۰۰ ہندی میں خبریں
- ۸-۲ خاص پروگراموں کی تفصیل
- ۸-۴۵ ہندی میں خبریں
- ۹-۰۰ نیرنگ پروگرام
- ۹-۱۵ اردو میں خبریں
- ۹-۴۵ نیرنگ
  اردو پروگرام
- ۱۰-۳۰ اختتام

یُووانی

نوجوانوں کے لئے پروگرام

روزانہ صبح ۷-۵ سے ۸-۵ تک اور شام ۷-۳۰ سے ۸-۰۰ بجے تک،
روزانہ شام ۶-۱۵ سے اردو میں علاقائی خبریں (حیدرآباد الف پر)

جمعرات ۳ر اگست

صبح
- ۷-۵ للیتا سنگم
- ۷-۲۰ کچھ اپنے بارے میں : تقریر (اردو)
- ۷-۳۰ یونیورسٹی کے طلبار کے لئے (اردو)
- ۸-۵ کنڑا پروگرام
- ۸-۳۵ سگم سنگیت
- ۹-۰۰ نیرنگ پروگرام : نظم خوانی
  چترنجن افسانہ از اقبال متین
- ۹-۳۰ سوید سنگیت از شیاما دلوی
- ۹-۴۵ غزل : ایم۔ اے۔ رؤف
  (۲) آپکا خط ملا : سننے والوں کے خطوں کے جواب
  پھر سنیئے (نشر شدہ پروگراموں کا اعادہ)
- ۲-۳۰ پرائمری اسکول کے طلبار کے لئے (اردو)

- ۸-۱۰ چترا سیما +
- ۸-۲۰ مغربی موسیقی
- ۹-۰۰ جی۔ وی۔ بیتیا راملو (ستار)

دوپہر
- ۲-۳۰ پرائمری اسکول کے طلبار کیلئے
- ۲-۵۰ سگم سنگیت

شام
- ۶-۱۰ انگریزی میں رنگارنگ پروگرام
- ۶-۴۰ فلمی گانے +
  ہندوستانی موسیقی
  تلگو میں رنگارنگ پروگرام
- ۷-۵ ہندوستانی موسیقی
- ۷-۲۰ تلگو میں رنگارنگ پروگرام
- ۷-۵۰ تلگو پروگرام
- ۸-۵ راشٹریہ گیت
- ۸-۱۵ ریڈیو نیوز ریل (انگریزی) (دلی سے ریلے)
- ۸-۱۵ شاستریہ سنگیت
- ۹-۰۰ نیرنگ پروگرام
  [illegible]
  صداقت [illegible] نعتیہ کلام
- ۹-۳۰ جی۔ وی۔ [illegible] ملو (ستار)
- ۹-۴۵ [illegible] کے [illegible] تقریر از [illegible]
  (۲) غزل +
  اپنی نگری اپنے لوگ
  رنگا [illegible]
  (۳) غزلیں

جمعہ ۴ر اگست

صبح
- ۷-۵ کرناٹک موسیقی
- ۷-۳۰ تلگو پروگرام
- ۷-۵۰ تلگو میں طلبار [illegible]
- ۸-۱۰ کرناٹک موسیقی
- ۸-۲۵ چترا سیما
- ۹-۰۰ [illegible]

دوپہر
- ۱-۰۰ ہندوستانی [illegible]
- ۲-۳۰ بچوں کے [illegible]
  (۱) نظم خوانی
  (۲) [illegible]
  (۳) [illegible]

شام
- ۶-۱۰ [illegible]
- ۶-۴۰ تلگو پروگرام
- ۷-۵ [illegible]
- ۷-۲۰ [illegible]

۸-۵۰ انگریزی پروگرام
مراٹھی پروگرام
۸-۵ سنگیت
نیرنگ پروگرام
وبات ادبی خاکہ از اظہر افسر
۹-۳۰ ایس سی. آر. بھٹ اور
کے سی گنڈے
(ہندوستانی موسیقی)
۹-۴۵ تلاوت کلام پاک معہ ترجمہ
از قاری محمد عبد الباری
نعت خوانی از قادر علیخاں
قوالی -

[illegible] ۵ اگست

صبح
۷-۵ نیتا سنگیتم
۷-۲۰ انگریزی میں پروگرام
یونیورسٹی کے طلبا کے لئے
۸- چترا سیما +
مغربی موسیقی
۹-۰۰ اے. آئی. آر. آرٹسٹ
(وائلن)
دوپہر
۲- شاستریہ سنگیت
کنڑا پروگرام
شام
اردو میں ڈرامہ
اسپورٹس پر نیوز ریل
فلمی گانے +
۷-۲۰ طلبار کا پروگرام (تلگو)
ساہتیہ سمپیا مو
[illegible] کا پروگرام (تلگو)
اے. آئی. آر. آرٹسٹ
(وائلن)
ریڈیو نیوز ریل (انگریزی)
(دلی سے ریلے)
راولیشک سنگیت
نیرنگ پروگرام
سائنسی تبصرہ از موہن لال
اے. آئی. آر. آرٹسٹ
(وائلن)
[illegible] از سید رحمت علی
غزل
آپکا خط ملا: سننے والوں کے
خطوں کے جواب (۲) آپکی پسند

[illegible] ۶ اگست

کرناٹک موسیقی
انگریزی پروگرام

۷-۵۰ تلگو پروگرام
۸-۱۰ فلمی گانے +
۸-۲۰ ڈرامہ تلگو
۹-۰۰ غزلیں +
۹-۳۰ بچوں کیلئے پروگرام (ہندی میں)
۱۰-۳ سنگیت بانی
دوپہر
۲-۰۰ فلمی گانے +
۲-۲۰ پھلجھڑیاں
۲-۳۰ قوالیاں
شام
۶-۱۰ تلگو میں رنگارنگ پروگرام
۶-۳۰ مغربی موسیقی
۷-۸ لوک گیت
۷-۲۰ رنگارنگ پروگرام اردو
۷-۵۰ فلمی گانے
۸-۵ [illegible] پروگرام
۸-۲۵ سنگم سنگیت
۹-۰۰ نیرنگ. اردو پروگرام
ادبی مرقعے [illegible]
تقریر از ڈاکٹر [illegible]
[illegible] کا کلام
۹-۳۰ نارائن راؤ وائلن +
۹-۴۵ جنوبی ہند کے شاعر شناس رام کرشنا
(تلگو) تقریر
از ڈاکٹر سی. سی. نارائن ریڈی
غزل. دوسری زندگی
ڈرامہ از اظہر افسر

سوموار ۷ اگست

صبح
۷-۵ ہندوستانی موسیقی
۷-۲۰ تلگو پروگرام
۷-۵۰ یونیورسٹی کے طلبار کے لئے
۸-۱ کرناٹک موسیقی
۸-۲۵ چترا سیما +
۹-۰۰ وی. جی. جوگ
دوپہر
۲-۰۰ وادیہ سنگیت
۲-۳۰ مراٹھی پروگرام
شام
۶-۱۰ مغربی موسیقی
۶-۴۰ چترا سیما
۷-۵ کرناٹک موسیقی
۷-۲۰ تلگو پروگرام
۷-۵۰ انگریزی میں خطوں کے جواب
۸-۵ اے. آئی. آر. آرٹسٹ
(کلارنٹ)
۸-۱۵ نیوز ریل، اسپورٹس پر (دلی سے ریلے)

۸-۲۵ اے. آئی. آر. آرٹسٹ
(کلارنٹ)
۸-۴۰ آج پارلیمنٹ میں
۹-۰۰ نیرنگ پروگرام - کلام شاعر
۹-۳۰ اے. آئی. آر. آرٹسٹ
(کلارنٹ)
۹-۴۵ آئینہ ایام - جیسنال [illegible]
زندگی - تقریر از بھارت چند کھنہ
غزل: وی. ایچ. ساگر
مزاحیہ مکالمہ. غزل: وی. ایچ. ساگر

منگل ۸ اگست

صبح
۷-۵ نیتا سنگیتم
۷-۲۰ انگریزی پروگرام
۷-۵۰ طلبار کے لئے پروگرام
۸-۱۰ ہندوستانی موسیقی
۸-۲۵ چترا سیما +
۹-۰۰ بھیم سین جوشی +
دوپہر
۲-۰۰ فلمی گانے +
۲-۳۰ ہندی میں عورتوں کا پروگرام
شام
۶-۱۰ تلگو پروگرام
۶-۴۰ فلمی گانے +
۷-۵ کرناٹک موسیقی
۷-۲۰ انگریزی پروگرام
۷-۵۰ تلگو پروگرام
۸-۵ ہندی میں تقریر
۸-۱۵ اعلان کے مطابق
۸-۲۵ شاستریہ سنگیت
۸-۳۵ آج پارلیمنٹ میں
۹-۰۰ نیرنگ پروگرام: غزلیں
۹-۳۰ وادیہ سنگیت
۹-۴۵ ہمارے جنگلات - پیداوار -
تقریر از دوست علیخاں -
غزل. انشا. ادبی خاکہ
از داؤد اشرف
کلام شاعر از کے. ایم. بیگ

بدھ ۹ اگست

صبح
۷-۵ ہندوستانی موسیقی
۷-۲۰ تلگو پروگرام
چھکری اور رف (احمد شہ واری
اور حبہ خاتون)

۴.۳۰ محمد عبداللہ گنائی اور ساتھی
چھکری اور رف (وہاب کھار)

۶.۱۰ غلام محی الدین بلہ پوری
اور ساتھی - قوالی -

۷.۴۰ ساز و آواز - ورنیدر موہن
بنسری وادن

۹.۳۰ تقریروں کا قومی پروگرام
(دہلی سے ریلے)

۹.۴۵ لوکہ گیون - ملک کے لوک
گیتوں کا پروگرام

۱۰.۰۰ محمد عبداللہ گنائی اور ساتھی
چھکری اور رف (رحمان ڈار
او ناضل)

۱۰.۳۰ ریڈیو ڈائری اور محمد عبداللہ
تبت بقال اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی -

۳ اگست

۶.۳۰ دینا ناتھ
نظم خوانی (دیگر)

۶.۵۰ غلام نبی وگے غزلیں
(ناضل اور محمد بٹ)

۷.۳۰ شیخ عبد [illegible] یز اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی

۷.۵۵ غلام نادر بٹ
رباب وادن

۸.۲۰ نوجوانن ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری
میں پروگرام

۱۰.۱۰ اکھ غزل - غلام محمد بٹ

۱۱.۳۰ شیخ عبدالعزیز اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی

۱۲.۴۰ قوالی -

۲.۱۵ دینا ناتھ - غزلیں
(فراق اور ظفر)

۲.۳۰ خواتین کیلئے کشمیری میں پروگرام

۴.۳۰ شیخ عبدالعزیز اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی

۶.۱۰ غلام نبی وگے - غزلیں
(غلام محمد ندیم اور شاہد بڈگامی)

۷.۴۰ ساز و آواز - دینا ناتھ
وطنی گیت (رفعت سروش)

۸.۴۵ یونیورسٹی اور کالجوں کے لئے
پروگرام

۱۰.۰۰ شیخ عبدالعزیز اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی

۴ اگست

۶.۵۰ محمد عبداللہ گنائی اور ساتھی
چھکری (اسد میر)

۷.۳۰ گاندھی کتھا

۷.۵۵ علی محمد - غزل *

۸.۲۰ نوجوانوں کے لئے اردو میں
پروگرام

۱۰.۱۰ اکھ غزل
راج بیگم

۱۲.۰۰ پھر سے سنیئے - ہمارے نشر
شدہ پروگراموں کا انتخاب

۱۲.۴۰ نعت اور منقبت

۲.۱۵ علی محمد - غزلیں *

۲.۳۰ محمد عبداللہ گنائی اور ساتھی
چھکری اور رف (شمس فقیر)

۴.۳۰ محمد عبداللہ گنائی اور ساتھی
چھکری اور رف (رسول میر)

۶.۱۰ علی محمد - نعت
(عبدالاحد نادم)

۷.۴۰ ساز و آواز - دوگانے
(اُردو) *

۸.۳۰ گھرہ بارہ خاطرہ - گھرانوں
کیلئے کشمیری میں پروگرام

۱۰.۳۰ ریڈیو ڈائری اور محمد عبداللہ
گنائی اور ساتھی -
چھکری اور رف (محمود گامی)

۵ اگست

۶.۵۰ عبدالسلام صوفی اور ساتھی
چھکری (صمد میر)

۷.۱۵ کچھ دور کی کچھ پاس کی
اُردو میں فیچر پروگرام

۷.۳۰ ڈوگری موسیقی

۷.۵۵ غلام حسن صوفی - غزل *

۸.۲۰ نوجوانن ہندہ خاطرہ - نوجوانوں
کے لئے کشمیری میں پروگرام

۱۰.۱۰ اکھ غزل - ریتا کول

۱۱.۳۰ عبدالسلام صوفی اور ساتھی
چھکری اور رف (نعمہ صاحب)
اور حبہ خاتون)

۱۲.۰۰ محبوب حسین - طبلہ وادن

۱۲.۱۵ موہن لال دل
غزلیں

۱۲.۴۰ دوگانے اور کورس
(فلمی)

۲.۱۵ موہن لال دل
غزلیں

۲.۳۰ عبدالسلام صوفی اور ساتھی
چھکری اور رف (رحیم صاحب)

۴.۴۵ محبوب حسین
طبلہ وادن

۶.۱۰ غلام حسن صوفی - غزل
(دینا ناتھ نادم)

۷.۴۰ ساز و آواز
موہن لال دل - غزل

۸.۴۵ علاقائی ریڈیو نیوز ریل
اردو -

۶ اگست

۶.۵۰ عبدالغنی اور ساتھی چھکری
(شمس فقیر)

۷.۳۰ عبدالغنی اور ساتھی چھکری
اور رف (رسول میر)

۷.۵۵ دوگانہ (کشمیری)

۸.۲۰ گھرانوں کے لئے اردو میں پروگرام

۹.۱۰ شری آربندو کے تحریروں میں
سے اقتباسات کا کشمیری ترجمہ
(ازاوتار کرشن رہبر)

۹.۳۰ عبدالغنی اور ساتھی - چھکری
(محمود گامی)

۱۰.۱۰ اکھ غزل
راجندر کمار کا چرو *

۱۲.۰۰ موسیقی کا ملا جلا پروگرام
اردو -

۲.۱۵ دونیدر سنگھ - غزلیں
(سکندر علی وجد اور شمیم چچپوری)

۲.۳۰ عبدالغنی اور سا[تھی]
چھکری اور رف (

۴.۳۰ عبدالغنی اور ساتھ[ی]
چھکری اور رف [...]
اور رحیم صاحب

۶.۱۰ دوگانے اور کو[رس]
(کشمیری)

۷.۴۰ ساز و آواز
دونیدر سنگھ
پنجابی نغمے (شیو[...]

۸.۴۵ انگریزی میں بات[...]

۹.۳۰ حالات حاضرہ
(دہلی سے

۱۰.۰۰ آپ کی فرمائش

۷ اگست

۶.۵۰ محمد سلطان میر[...]
صوفیانہ مو[سیقی]

۷.۳۰ نرملا سنادی
خیال

۷.۵۵ نسیم اختر - غز[ل]
(غلام محمد [...]

۸.۲۰ نوجوانوں کے لئے [...]
میں پروگرام

۱۰.۱۰ اکھ غزل
ریتا کول

۱۱.۳۰ محمد سلطان میر ا[...]
صوفیانہ موسیق[ی]

۱۱.۴۵ نرملا سنادی - خیا[ل]

۱۲.۰۰ اسکولوں کے لئے [...]

۱۲.۱۵ نسیم اختر - غزلیں
(احمد راہ اور [...]

۲.۳۰ محمد سلطان میر ا[...]
صوفیانہ مو[سیقی]

۴.۴۵ نرملا سنادی
خیال

۶.۱۰ نسیم اختر - غزل
(مہجور

۷.۴۰ ساز آواز
کورس [...]

۸.۴۵ آربندو کی روحا[نیت]
اردو میں بات چیت
از پروفیسر ایس [...]

۹.۳۰ دل کا سمندر گہرا
اُردو میں کھیل
تحریر - ڈاکٹر
شکیل الرحمان

ست

غلام محمد وانی : غزلیں
(فراق اور دلبر)
غلام محمد کاوہ اور ساتھی
چھکری (رحیم صاحب)
شرکت کرنے والے
عبدالاحد کھوروو - جان محمد
عبدالاحد شیخ اور محمد صدیق
کشمیری دوگانہ
نوجوانان ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں
پروگرام
اکھ غزل
محمد خلیل
غلام محمد کاوہ اور ساتھی
چھکری اور رف
(وازہ محمود اور مہجور)
اسکولوں کے لئے پروگرام
انجمن
اندر رینائن : غزلیں
(داغ اور شمیم جے پوری)
غلام محمد کاوہ اور ساتھی
چھکری اور رف
(حبہ خاتون)
غلام محمد وانی : غزلیں
(غلام محمد شہیدا اور شاد)
ساز و آواز : اندر رینائن
نور (ایم سی نقش)
خط کے لئے شکریہ
سامعین کے خط اور ان
کے جواب
پنجابی پروگرام
ریڈیو ڈائری اور
آپکی فرمائش

ست

عبدالخالق بٹ اور ساتھی
چھکری (احمد بٹہ واری)
غلام محمد بٹ : غزل
(مرزا عارف)
نوجوانوں کے لئے اردو میں
پروگرام
عبدالخالق بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف (مہجور)

۱۲ - ۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام
۲ - ۱۵ غلام محمد بٹ : غزلیں
(محسن ڈار پوری اور کامل)
۲ - ۳۰ عبدالخالق بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف
(وہاب کھار)
۶ - ۱۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
رف (رسول بٹ)
۷ - ۴۰ ساز و آواز : دوگانہ
(کشمیری)
۸ - ۴۵ آر وینود : اٹھو انقلابی
کشمیری میں بات چیت
از شری سی۔ ایل سپرو
۱۰ - ۰۰ جشن آزادی کی پچیس سالہ
تقریبات کے سلسلے میں
کشمیری میں ایک محفل مشاعرہ
رات دس بجے منعقد ہوگی
جس میں کشمیر کے مشہور و معروف
شعراء شرکت کریں گے ان
کے اسمائے گرامی یوں ہیں۔
۱۔ شری دینا ناتھ نادم
۲۔ شری غلام حسن بیگ عارف
۳۔ شری رحمان راہی
۴۔ شری امین کامل
۵۔ شری غلام رسول نازکی
۶۔ شری غلام نبی فراق
۷۔ شری کامل کشمیری
۸۔ شری غلام نبی خیال
۹۔ شری چمن لال چمن
۱۰۔ شری واسدیو ریہ
۱۱۔ شری موتی لال نازکی
۱۲۔ شری رادھے ناتھ مسرت
۱۳۔ شری رشید نازکی
۱۴۔ شری محی الدین گوہر
۱۵۔ شری ناجی منور
۱۶۔ شری مظفر عازم

۱۰ اگست

صبح
۶ - ۵۰ راج بیگم : غزل
(فارق بڈگامی)
۷ - ۳۰ غلام محمد میر صدرہ بلی اور ساتھی
چھکری (شمس فقیر)
۷ - ۵۵ راج بیگم : غزل
(عادل)
۸ - ۲۰ نوجوانان ہندہ خاطرہ۔ نوجوانوں
کے لئے کشمیری میں پروگرام

۱۰ - ۱۰ اکھ غزل : علی محمد
۱۱ - ۳۰ غلام محمد میر صدرہ بلی اور
ساتھی : چھکری اور رف
(اسد میر اور عبدالکریم)
۱۲ - ۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام
۲ - ۱۵ گھنشیام داس : ملتانی کافی
(غلام فرید)
۲ - ۳۰ خواتین کے لئے کشمیری میں
پروگرام
۴ - ۳۰ غلام محمد میر صدرہ بلی اور
ساتھی : چھکری اور رف
(رسول میر)
۶ - ۱۰ راج بیگم اور ساتھی : کورس
(ایم ایل بیتاب)
۷ - ۴۰ ساز و آہنگ
گھنشیام داس : غزل
۹ - ۳۰ فیچروں کا قومی پروگرام
آج کے دیہات
کشمیری میں فیچر پروگرام

۱۱ اگست

صبح
۶ - ۵۰ محمد جبار صوفی اور ساتھی
چھکری (وازہ محمود)
شرکت کرنے والے : غلام
حسن حجام عبدالغنی صوفی ڈار
اور عبدالغنی صوفی
۷ - ۳۰ گاندھی جی سمجھا
۷ - ۵۵ غلام محی الدین وانی : غزل
(جانباز)
۸ - ۲۰ نوجوانوں کے لئے اردو میں
پروگرام
۱۰ - ۱۰ اکھ غزل : نسیم اختر
۱۲ - -- بہرے سنئے : ہمارے شرمند
پروگراموں کا انتخاب
۱۲ - ۲۰ نعت اور منقبت
۲ - ۱۵ غلام محی الدین وانی : غزلیں
(رسنہ آتش اور خرم)
۲ - ۳۰ محمد جبار صوفی اور ساتھی
چھکری اور رف (محمود گامی)
۴ - ۳۰ محمد جبار صوفی اور ساتھی
چھکری اور رف (صمد میر)
۶ - ۱۰ غلام محی الدین وانی : غزلیں
(خیال اور غلام نبی ناظر)
۷ - ۴۰ ساز و آواز : کوارٹس (ڈار)
۸ - ۳۰ گمرو بارہ خاطرہ : گاؤں کے
لئے کشمیری میں پروگرام

۱۰ - ۳۰ ایجوکیشن و تعلیم : ایک
دستاویزی فیچر
پیش کش : کمال احمد صدیقی

۱۲ اگست

صبح
۶ - ۵۰ محمد عبداللہ تبت بقال
اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۷ - ۱۵ کچھ دور کی کچھ پاس کی
اردو میں فیچر پروگرام
۷ - ۳۰ ڈوگری موسیقی
۷ - ۵۵ نرملا دیوی : غزل
(غلام رسول مشتاق)
۸ - ۲۰ نوجوانان ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری
میں پروگرام
۱۰ - ۱۰ اکھ غزل
غلام حسن صوفی
۱۱ - ۳۰ محمد عبداللہ تبت بقال
اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۱۲ - ۰۰ نرملا دیوی : غزلیں
(افضل اور غمگین)
۱۲ - ۱۵ غلام مصطفےٰ خان : غزلیں
(شمیم جے پوری)
۲ - ۳۰ محمد عبداللہ تبت بقال
اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۶ - ۱۰ نرملا دیوی اور نسیم اختر
دوگانے
۷ - ۴۰ ساز و آواز
غلام مصطفےٰ خان
غزل (ظفر)
۸ - ۴۵ فلمی گانے

۱۳ اگست

صبح
۶ - ۵۰ غلام قادر وانی : غزلیں
(رسا، کامل اور صمد میر)
۷ - ۰۰ غلام احمد راتھر اور ساتھی
چھکری (محی الدین فوق)
۸ - ۲۰ گھر والوں کے لئے اردو
میں پروگرام
۱۰ - ۱۰ اکھ غزل : نسیم اختر
(کلام محمد ایوب بیتاب)
۱۰ - ۱۵ بچوں کے لئے آزادی کے

پچیس سالہ جشن کے سلسلے میں ہمارے ہال میں منعقد مدعو سامعین کے سامنے پیش کیا ہوا بچوں کے لیے خاص پروگرام سے اقتباسات

۱۱-۰۰ آزادی کے پچیس سال اُردو میں غنائیہ تحریر۔ جگن ناتھ آزاد

۲-۱۵ بیگم اختر : دادرا

۲-۳۰ غلام احمد راتھر اور ساتھی چھکری اور روف (صمد میر)

۲-۴۵ سروجیت کور ستار وادن

۴-۳۰ غلام احمد راتھر اور ساتھی چھکری اور روف (شاہد اور شاہ قلندر)

۴-۴۵ سروجیت کور : ستار پر راگ مدھوونتی

۶-۱۰ غلام قادر وانی : غزلیں (اعظمی اور بشیر بڈگامی)

۷-۳۰ ساز و آواز وطنی گیت

۸-۴۵ آزادی کے پچیس سال انگریزی میں بات چیت از ڈاکٹر زیڈ ایم قریشی

۹-۳۰ حالات حاضرہ

۱۴ اگست

صبح

۶-۵۰ عبدالغنی بٹ اور ساتھی اور ساتھی سرنائی وادن

۷-۳۰ عزیز احمد قوال اور ساتھی قوالی (ابیدم وارثی)

۷-۵۵ وطنی گیت

۸-۲۰ نوجوانوں کے لئے اُردو میں پروگرام

۱۰-۱۰ اکھ غزل : راج بیگم

۱۱-۳۰ عبدالغنی بٹ اور ساتھی سرنائی وادن

۱۱-۴۵ عزیز احمد وارثی قوال اور ساتھی : قوالی (امیر خسرو)

۱۲-۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام

۲-۱۵ رتیا کول : غزلیں (مجور، عبدالکریم اور مہجور)

۲-۳۰ عبدالغنی بٹ اور ساتھی سرنائی وادن

۴-۴۵ عزیز احمد وارثی قوال اور ساتھی قوالی

۹-۱۰ رتیا کول غزلیں (فرہاد اور مسرت)

۸-۱۵ راشٹرپتی کا قوم کے نام خطاب : اس کے بعد میڈیم ودیا اسکا پر کشمیری ترجمہ شارٹ و ڈیو پیا اردو ترجمہ

۸-۴۵ میرے لئے آزادی کے کیا معنے ہیں - اُردو میں خواجہ شمس الدین آغا اشرف علی - عبدالسلام پارمو کے ساتھ انٹرویو

۹-۳۰ آتش تہ گاش انٹرویو پر مبنی فیچر پروگرام تحریر و پیشکش اے۔ کے رہبر

۱۱-۰۵ محبوب وطن وطنی گیتوں پر مبنی پروگرام (اُردو اور کشمیری میں)

۱۱-۳۰ مرکزی پارلیمنٹ کی کاروائی (دہلی سے ریلے)

۱۵ اگست

صبح

۶-۵۰ دل شادم کران وُچھتھ وطنی گیت - کشمیری

۷-۰۰ لال قلعہ پر جھنڈا لہرانے کا رواں تبصرہ اور وزیراعظم کی تقریر دلی سے ریلے

۸-۲۰ نوجوانوں کے لئے کشمیری میں پروگرام

۹-۰۵ ریاست جموں اور کشمیر کے وزیراعلےٰ سید میر قاسم کا پیغام

۱۰-۱۰ آزادی ہند پنژہ ورے کشمیری میں غنائیہ تحریر - رحمان راہی

۱۱-۳۰ غلام محمد ڈار اور ساتھی چھکری اور روف (احمد بٹہ واری اور خیالی)

۲-۱۵ بسم اللہ خان اور ساتھی شہنائی پر پیلو ٹھمری

۲-۳۰ آرو بندو کشمیری میں فیچر پروگرام تحریر : اختر محی الدین

۴-۳۰ آزادی چھ آبادی کورس اور دوگانوں پر مبنی پروگرام

۶-۱۰ نزدہ بون وطن : وطنی گیتوں کا پروگرام (کشمیری)

۷-۴۰ ساز و آواز سارے جہاں … وطنی گیت - کور…

۸-۴۵ آج کا دن

۹-۳۰ یوم جمہوریہ کی … پر مبنی ریڈیو رپو… پنجابی پروگرام … دو سالوں کی د… انٹرویو پر مبنی پرو… اور دیش پیار…

۱۰-۰۰ کل ہند مشاعرہ : …

۱۰-۴۵ شیخ چتھو لاما… ناگا مودرم : وا…

بقیہ ٹیلی ویژن کے پروگرام

۷-۳۰ کرشی درشن

۸-۲۸ سارے گا موسیقی کی ایک محفل

۸-۵۸ کھیل کے میدان سے

۹-۱۵ انگریزی فلم

۹-۲۰ فیس دی پینل

ہفتہ ۱۲ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ پرشن منچ

۷-۰۰ یادیں جو کچھ یاد رہیں

۷-۳۰ انگریزی فلم

۸-۲ فیچر فلم (بقیہ)

۹-۰۵ انٹرنیشنل ایونٹ

۹-۳۵ انڈین نیوز ریویو

اتوار ۱۳ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۰۰ گھر پریوار

۶-۳۰ فیچر فلم (ہندی)

۸-۰۰ خبریں

۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ

۸-۱۲ فیچر فلم (بقیہ)

۹-۱۵ اپنا دیش

پیر ۱۴ اگست

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ کھیل کے میدان …

۶-۴۵ معلوماتی فلم

۷-۰۰ آربندو اور آشر…

۷-۱۵ آپکے خطوں کے ج…

۷-۳۰ کرشی درشن

۸-۲۸ آزادی کے سر… بارے میں معلوما…

۹-۰۰ دی مرر

۹-۳۰ اعلان کے مطابق

۱۰-۰۰ ہماری لائبریر…

۱۱-۰۰ گیت اور تصویر…

۱۱-۱۵ پارلیمنٹ کے … میں منعقدہ تقریب… ٹیلی کاسٹ

منگل ۱۵ اگست

جنرل سروس

دوپہر

۲-۰۰ دی مہاتما : مہاتما… زندگی پر فلم

شام

۶-۳۰ بچوں کے لئے

۷-۳۰ کل ہمارا ہے

۸-۱۰ لال قلعہ پر جھنڈا لہ… اور پردھان منتر… ٹیلی ویژن رپور…

۸-۴۵ ورائٹی ناچ اور گانا…

اُردو سروس

...ن صبح ۰۰-۶ بجے سے ۰۰-۱۰ بجے تک ۔ میڈیم ۲۲۲٫۵ میٹر ۷۱۰ کلوہرٹز
" ۲۸۰٫۴ " ۱۰۷۰ "
شارٹ ویو ۴۹٫۰۲ " ۶۱۲۰ "
...لمس ۔ دوپہر ۰۰-۲ سے ۰۰-۵ بجے تک میڈیم ویو ۲۲۲٫۵ " ۷۱۰ "
" " ۲۸۰٫۴ " ۱۰۷۰ "
شارٹ ویو ۳۱٫۰۱ " ۹۶۷۰ "
...لمس شام ۰۰-۸ بجے سے ۰۰-۱۲ بجے تک میڈیم ویو ۴۲۲٫۵ " ۷۱۰ "
شارٹ ویو ۹۱٫۵ " ۳۲۹۵ "
...(الف) شب ۰۰-۸ بجے سے ۳۰-۸ بجے تک میڈیم ویو ۴۲۲٫۵ " ۷۱۰ "

...یم اگست

گل نغمہ
شانتا سکسینہ: عرش ملسیانی
اور ساحر بھوپالی کا کلام
نوائے ساز
کلیانی راتے: ستار پر راگ جے جے ونتی
لوک گیت: پنجابی
کلاسیکی موسیقی
امرناتھ: خیال بھیرو
ختم
نئی فلموں سے
میری پسند
پرتو خیال
تقریر
حسن تغزل
شانتا سکسینہ
درد اور میر کا کلام
ہلکی کلاسیکی موسیقی
گنگا پرساد پاٹھک: پٹ اور کجری
آئینہ
بزم موسیقی ۔ 'ملہار کے رنگ'
(۱) واحد حسین خاں، امرناتھ'
امجد علی خاں اور پرکاش وڈھیرا

۲ اگست

گل نغمہ ۔ سریندر کمار
اثر لکھنوی اور جگر کا کلام
نوائے ساز
رادھیکا موہن موئترا
سرود پر راگ کھٹ توڑی

۱۵-۹ لوک گیت (راجستھانی)
۳۰-۹ کلاسیکی موسیقی
بینا پانی مشرا
خیال رام کلی اور کھٹری بھیروی

دوپہر
۵-۲ یک رنگ
۳۰-۲ آؤ بچو! (بچوں کا پروگرام)

شام
۳۰-۸ شہ پارے
۴۵-۸ تقریر
۰۰-۹ حسن تغزل
سریندر کمار: امیر مینائی کا کلام
۵-۹ لوک گیت یوپی
۳۰-۹ گیت کی کہانی
۵-۱۱ بزم موسیقی
(۱) بینا پانی مشرا: خیال کیدارا اور دادرا ۔ (۲) رادھیکا موہن موئترا
سرود پر چھایا

جمعرات ۳ اگست

صبح
۳۰-۷ گل نغمہ
شانتی ہیرانند
چکبست اور جلیل مانک پوری کا کلام
۰۰-۹ نوائے ساز
منے خاں: طبلہ وادن
۱۵-۹ لوک گیت ۔ گجراتی
۳۰-۹ کلاسیکی موسیقی
عابد حسین خاں: خیال اہیر بھیرو

دوپہر
۵-۲ ناچ رنگ
۳۰-۲ لوک رنگ

شام
۳۰-۸ پرتو خیال
۴۵-۸ پس منظر

مقررہ پروگرام

صبح
۰۰-۷ صبحگاہی: نعت و قوالی
(ہر جمعہ کو تلاوت قرآن پاک مع ترجمہ)
نعت و قوالی
خبریں ۲۵-۷ شمع فروزاں
۳۰-۷ گل نغمہ
۴۵-۷ بازگشت (گزشتہ شب نشر
کیا گیا ۴۵-۸ بجے والا پروگرام)
۵۵-۷ پروگراموں کا خلاصہ
۰۰-۸ آپکی فرمائش
۲۰-۸ اخباروں کی رائے اور تبصرہ
۲۵-۸ 'ہم خیریت سے ہیں'
۳۰-۸ آپکی فرمائش (تسلسل)
۰۰-۹ کلاسیکی / ہلکی کلاسیکی موسیقی
(سوائے اتوار)
اتوار: آؤ بچو! (بچوں کا پروگرام)
۲۷-۹ خبریں
۳۰-۹ پنجابی سروس

دوپہر
۰۰-۲ پروگراموں کا خلاصہ
۲-۲ خبریں
۸-۲ سوموار: فلمی قوالیاں
منگل: نئی فلموں سے
بدھ } یک رنگ
سنیچر }
جمعرات: ناچ رنگ
جمعہ: رنگ معرفت
اتوار: فلمی دھنیں
(صرف ۱۵-۲ بجے تک)
(۱۵-۲ ۔ آپکا خط ملا (خطوں کے جواب)
۳۰-۲ سوموار: راگ رنگ
منگل: میری پسند
بدھ: آؤ بچو! (بچوں کا پروگرام)
جمعرات: لوک رنگ
جمعہ: پھر سنیے
سنیچر: بزم خواتین
خواتین کا پروگرام
اتوار: پہلا، تیسرا، پانچواں
پردہ سیمیں سے (فلم ساؤنڈ ٹریک)
دوسرا: گیتوں بھری کہانی
چوتھا: ڈرامہ (دوبارہ)
۰۰-۳ شمع فروزاں (صبح نشر شدہ پروگرام)
(سوائے اتوار)
۵-۳ آپکی پسند (فرمائشی پروگرام)
(اتوار کے دن یہ فرمائشی پروگرام
۳۰-۲ سے نشر کیا جاتا ہے)

۴۰-۳ اخباروں کی رائے
۴۵-۳ آپکی پسند (مسلسل)
۰۰-۴ تبصرہ ۵-۴ ہم خیریت سے ہیں
۰۰-۴ آپکی پسند (تسلسل)
۳۰-۴ خبریں ۴۰-۴ بنگالی سروس
۰۰-۵ اختتام

شام
۰۰-۸ پروگراموں کا خلاصہ
۲-۸ ایک فنکار ۱۵-۸ جہاں نما
۲۵-۸ ہم خیریت سے ہیں
۳۰-۸ سوموار، منگل، جمعرات، سنیچر
پرتو خیال
بدھ: شہ پارے
جمعہ: آہنگ نظم
اتوار: حرف و صدا
سوموار: دلی درشن
منگل، بدھ: تقریر
جمعرات: پس منظر
اتوار: (پہلا) کتابوں کی باتیں
دوسرا، چوتھا ۔ دلی ڈائری
تیسرا: اقتصادی جائزہ
پانچواں: فلموں کی باتیں
سنیچر: ریڈیو نیوز ریل
۰۰-۹ حسن تغزل
۱۵-۹ اتوار: قوالیاں
سوموار: راجستھانی لوک گیت
منگل، سنیچر: ہلکی کلاسیکی موسیقی
بدھ: یو-پی ۔ کے لوک گیت
جمعرات: ڈرامہ رات ۰۰-۱۰ تک
جمعہ: پشتو لوک گیت / قوالیاں
۳۰-۹ اتوار: محفل / رنگا رنگ
سوموار: بھولے بسرے گیت
منگل: پہلا اور چوتھا ۔ آئینہ
دوسرا: مشاعرہ ۔ تیسرا ۔ فیچر
پانچواں: نئی فلموں سے ۔ بدھ: مشہور
موسیقار ۔ گیت کی کہانی ۔ جمعہ: ہمارے
مہمان ۔ تبادلہ خیالات ۔ سنیچر: نئی
نسل نئی روشنی
۰۰-۱۰ خبریں ۱۰-۱۰ تبصرہ
۱۵-۱۰ تعمیل ارشاد (فرمائشی پروگرام)
(سوائے پہلا اتوار) پہلا اتوار: مشاعرہ
۲۵-۱۰ اخباروں کی رائے
۳۰-۱۰ تعمیل ارشاد / مشاعرہ تسلسل
۰۰-۱۱ خبروں کا خلاصہ / بزم موسیقی
دوسرے اور چوتھے جمعہ کو بزم قوالی
۵۹-۱۱ کل کے پروگراموں کی ایک جھلک ۰۰-۱۲ اختتام

۹-۰۰ حسنِ تغزل۔ شانتی ہیرانند
میر، نظیر اکبرآبادی اور سودا کا کلام
۹-۱۵ ڈرامہ
۱۱-۰۵ بزمِ موسیقی
تان اور جھنکار

جمعہ ۴ر اگست

صبح
۷-۳۰ گلِ نغمہ
سری رام: مجروح سلطانپوری کا کلام
۹-۰۰ نوائے ساز
رمیش پریم
وچتر وینا پر راگ للت
۹-۱۵ نعتیہ کلام
۹-۳۰ کلاسیکی موسیقی
دیپالی ناگ: خیال جونپوری

دوپہر
۲-۰۵ رنگِ معرفت
۲-۳۰ پھر سنیئے

شام
۸-۳۰ آہنگِ نظم
۸-۴۵ تقریر
۹-۰۰ حسنِ تغزل۔ سری رام
حسرت موہانی کا کلام
۹-۱۵ لوک گیت۔ پشتو
۹-۳۰ ہمارے مہمان
۱۱-۰۵ بزمِ موسیقی
دیپالی ناگ: خیال خاراکانہڑا
۲۔ رمیش پریم
وچتر وینا پر راگیشوری

سنیچر ۵ر اگست

صبح
۷-۳۰ گلِ نغمہ۔ نسیم بانو
صبا افغانی اور شمیم جے پوری کا کلام
۹-۰۰ نوائے ساز
حاجی غلام صابر
سارنگی پر راگ اہیر بھیرو
۹-۱۵ پہاڑی لوک گیت
۹-۳۰ کلاسیکی موسیقی
غلام مصطفےٰ خاں
خیال بلاس خانی توڑی

دوپہر
۲-۰۵ یک رنگ
۲-۳۰ بزمِ خواتین

شام
۸-۳۰ پرتوِ خیال

۸-۴۵ ریڈیو نیوز ریل
۹-۰۰ حسنِ تغزل
بلونت جسل
غالب اور جگر کا کلام
ہلکی کلاسیکی موسیقی
۹-۱۵ بیرا دیوی مشرا
دادرا اور کجری
۹-۳۰ نئی نسل نئی روشنی
۱۱-۰۵ بزمِ موسیقی
"ٹوڑی کے دو اقسام"

اتوار ۶ر اگست

صبح
۷-۳۰ گلِ نغمہ
نصیر احمد خاں
جلال لکھنوی اور رعنا کا کلام
۹-۰۰ آؤ بچو (بچوں کا پروگرام)
۹-۳۰ کلاسیکی موسیقی
گرجا دیوی: خیال دیسی

دوپہر
۲-۰۵ فلمی دھنیں
۲-۱۵ آپکا خط ملا
خطوں کے جواب
۲-۳۰ پردۂ سیمیں سے
(فلم ساؤنڈ ٹریک)

شام
۸-۰۲ آج اتوار ہے
۸-۳۰ حرف و صدا
۸-۴۵ تقریر: کتابوں کی باتیں
۹-۰۰ حسنِ تغزل
نصیر احمد خاں
ذوق اور سودا کا کلام
۹-۱۵ قوالیاں
۹-۳۰ محفل
۱۰-۱۵ مشاعرہ
۱۰-۳۰ " (تسلسل)
۱۱-۰۵ بزمِ موسیقی
'ایک راگ دو گھرانے'

سوموار ۷ر اگست

صبح
۷-۳۰ گلِ نغمہ
بیلا ساوید: کیف اکرمی اور شمیم جے پوری کا کلام
۹-۰۰ نوائے ساز
سکندر حسین: شہنائی پر راگ دلش کار
۹-۱۵ پشتو لوک گیت

۹-۳۰ کلاسیکی موسیقی
ہلال احمد خاں اور نصیر احمد خاں
خیال میاں کی توڑی (جگلبندی)

دوپہر
۲-۰۵ فلمی قوالیاں
۲-۳۰ راگ رنگ

شام
۸-۳۰ پرتوِ خیال
۸-۴۵ کلامِ شاعر
۹-۰۰ حسنِ تغزل
مدھو رانی۔ غالب کا کلام
۹-۱۵ لوک گیت (راجستھانی)
۹-۳۰ بھولے بسرے گیت
۱۱-۰۵ بزمِ موسیقی
'موسیقی کے پروگرام سے'

منگلوار ۸ر اگست

صبح
۷-۳۰ گلِ نغمہ
مکند لال نکرہ
داغ اور حالی کا کلام
۹-۰۰ نوائے ساز
سسر کانا دھر چودھری
وائلن پر راگ بسنت مکھاری
۹-۱۵ پنجابی لوک گیت
۹-۳۰ کلاسیکی موسیقی
لکشمی شنکر: خیال بیراگی

دوپہر
۲-۰۵ نئی فلموں سے
۲-۳۰ میری پسند

شام
۸-۳۰ پرتوِ خیال
مکند لعل نکرہ
حفیظ جونپوری کا کلام
تقریر
۹-۰۰ حسنِ تغزل
میر کا کلام۔ مہندر پال اور ننیا دیوی
ہلکی کلاسیکی موسیقی
۹-۱۵ پھمن داس سندھو
ملتانی اور سندھی کافیاں
۹-۳۰ مشاعرہ
۱۱-۰۵ بزمِ موسیقی
۱۔ لکشمی شنکر
خیال بہاگ اور ساون
۲۔ سسر کانا دھر چودھری
وائلن پر راگ موہن کونس

بدھ ۹ر اگست

صبح
۷-۳۰ گلِ نغمہ
مینا کپور
آتش اور مومن...
۹-۰۰ نوائے ساز
گوپال سنگھ
ستار پر...
۹-۱۵ راجستھانی لوک...
۹-۳۰ کلاسیکی موسیقی...
استاد مشتاق...
خیال میاں کی...

دوپہر
۲-۰۵ یک رنگ
۲-۳۰ آؤ بچو
(بچوں کا پروگرام...)

شام
۸-۴۵ تقریر
۹-۰۰ حسنِ تغزل
مینا کپور۔ جگر...
۹-۱۵ لوک گیت (...)
۹-۳۰ سلسلۂ نظم
۱۱-۰۵ بزمِ موسیقی
استاد مشتاق...
خیال چھایا نٹ
خیال پرج

جمعرات ۱۰ر اگست

صبح
۷-۳۰ گلِ نغمہ
مجدد نیازی
جگر اور شکیل... کا کلام
۹-۰۰ نوائے ساز
پریم نواس لیتا...
بانسری پر راگ...
۹-۱۵ لوک گیت گجرا...
۹-۳۰ کلاسیکی موسی...
پروین سلطانہ
خیال ...

دوپہر
۲-۰۵ ناچ رنگ
۲-۳۰ لوک رنگ

شام
۸-۴۵ پس منظر
۹-۰۰ حسنِ تغزل
مجدد نیازی
"آئندہ نزاکت بلّا..."
۹-۳۰ "اردو بازار دکھنا..."

...گست

...ل نغمہ
شانتی لتا ورک
تیرآثمی کا کلام
...نوائے ساز
جسونت سنگھ
سنتور ولن پر دھن
کلاسیکی موسیقی
منور علی خاں
خیال جونپوری

...رنگ معرفت
پیر سنئے

...سرلا کپور ، غزلیں
تقریر
...حسن تغزل
شانتی لتا ورک
...متین، شاد عظیم آبادی اور
ساحر لدھیانوی کا کلام
قوالیاں
تبادلۂ خیالات
بزم قوالی

...بدھ ۱۲ اگست

گل نغمہ
محمد یعقوب : نوح ناروی
اور بیخود دہلوی کا کلام
نوائے ساز
جگل کشور مین
جلترنگ پر راگ گن کلی
لوک گیت ہریانہ
کلاسیکی موسیقی
...پرماگو کھلے : خیال دیسی

بزم خواتین
بزم خواتین

...ریڈیو نیوز ریل
...حسن تغزل
محمد یعقوب
...حسن اور ذوق کا کلام
ہلکی کلاسیکی موسیقی
بشیر احمد : ٹھمری پہاڑی

۹-۰۴ نئی نسل نئی روشنی
بزم موسیقی
'ایک روپ کے دو راگ'

اتوار ۱۳ اگست

صبح
۷-۳۰ گل نغمہ
منیر خاتون بیگم، قدیر لکھنوی
اور سراج لکھنوی کا کلام
۹-۰۰ آؤ بچو آؤ
بچوں کا پروگرام
۹-۳۰ کلاسیکی موسیقی
استاد نثار حسین خاں
خیال نٹ بھیرو

دوپہر
۲-۵ فلمی دھنیں
۲-۱۵ آپ کا خط ملا
خطوں کے جواب
۲-۳۴ گیتوں بھری کہانی
شام
۸-۲ آج اتوار ہے
۸-۴۵ دلی ڈائری
۹-۰۰ حسن تغزل
منیر خاتون بیگم
میر اور غالب کا کلام
۹-۱۵ قوالیاں
۹-۳۰ رنگا رنگ پروگرام
۱۱-۵ بزم موسیقی
ایک ٹھاٹھ کے راگ

سوموار ۱۴ اگست

صبح
۷-۳۰ گل نغمہ
ہلال احمد خاں
فیض اور مجروح سلطانپوری کا کلام
۹-۰۰ نوائے ساز
استاد علی اکبر خاں : سرود +
لوک گیت گشتہ
سندھیا مکرجی : خیال گن کلی
دوپہر
۲-۵ فلمی قوالیاں
۲-۳۰ راگ رنگ
شام
۸-۴۵ تقریر
۹-۰۰ حسن تغزل
حفیظ احمد خاں
انعام اللہ خاں "یقین" کا
کلام

۹-۱۵ لوک گیت راجستھانی
۹-۳۰ ذرا عمر رفتہ کو آواز دینا
۱۱-۵ بزم موسیقی
'موسیقی کے قومی پروگرام سے'

منگل ۱۵ اگست

صبح
۷-۳۰ جشن آزادی
خصوصی پروگرام
۹-۰۰ نوائے ساز
استاد بسم اللہ
شہنائی پر راگ بھیروی
۹-۱۵ لوک گیت (پنجابی)
کلاسیکی موسیقی
گنگو بائی ہنگل
خیال میاں کی توڑی

دوپہر
۲-۱۵ نئی فلموں سے
۲-۳۰ میری پسند
شام
۸-۴۵ تقریر
۹-۰۰ حسن تغزل
بیگم اختر : جگر کا کلام
۹-۱۵ ہلکی کلاسیکی موسیقی
نرملا دیوی اور رما دھوور
ٹھمری پیلو (جگل بندی)
۹-۳۰ فیچر
۱۱-۵ بزم موسیقی
۱- استاد بڑے غلام علی خاں
خیال راگیشوری
۲- پنڈت روی شنکر
ستار پر راگ تلک شیام

بقیہ ریڈیو کشمیر جموں

رہے گی شمع آزادی
(مشاعرہ)
۸-۱۵ یوم آزادی کے سلسلے
میں راشٹرپتی کا قوم
کے نام پیغام
۱۰-۳۰ فیچر پروگرام
(دلی سے ریلے)
۱۱-۵ دیش پیارے کے گانوں
پر مبنی ایک پروگرام
(دلی سے ریلے)
۱۱-۳۰ پارلیمنٹ کے سنٹرل
ہال کی تقریبات کے
بارے میں نشریہ
(دلی سے ریلے)

منگلوار ۱۵ اگست

صبح
۶-۳۰ وندے ماترم اور
شہنائی وادن : بسم اللہ خاں
۶-۴۵ دیش پیارے کے گیت
۶-۵۵ آج کا کاریہ کرم
۷-۵ لال قلعہ پر جھنڈا لہرانے
کی رسم کا آنکھوں دیکھا

حال
(دلی سے ریلے)
۹-۳۰ کوی سمیلن
(دلی سے ریلے)
دوپہر
۱۱-۱۵ جاگی دھرتی ہندوستان
کی
سنگیت روپک
۱-۳۰ مہیلا منڈل
عورتوں کے لئے پروگرام
شام
۶-۱۵ میرا وطن میری زمیں
فیچر پروگرام
۸-۰۰ ڈوگری میں تقریر
۸-۱۵ ریڈیو نیوز ریل
(دلی سے ریلے)
۹-۳۰ بعد میں اعلان کیا جائیگا
۱۰-۳۰ یوم آزادی کی تقریبات
پر مبنی ریڈیو رپورٹ
۱۱-۴ آکاش سرم واد
(شیخ حنا مولانا صاحب)
۱۱-۲۰ اختتام

آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشنوں کے میٹر

میڈیم ویو سروس

اسٹیشن	میٹر	کلوہرٹز
اجمیر	۵۰۰/۰	۶۰۰
الہ آباد الف	۳۱۵/۰	۹۵۰
الہ آباد ب	۲۱۶/۳	۱۳۹۰
بھوپال	۱۹۰/۴	۱۵۸۰
بھوپال وودھ بھارتی	۲۵۰/۰	۱۲۰۰
بیکانیر	۲۲۵/۶	۱۳۳۰
چنڈی گڑھ	۲۴۵/۹	۱۲۲۰
دہلی الف	۳۷۰/۴	۸۱۰
دہلی ب	۲۹۴/۱	۱۰۲۰
دہلی ج	۲۱۹/۰	۱۳۷۰
دہلی د	۱۹۱/۱	۱۵۷۰
گوالیار	۲۱۵/۸	۱۳۹۰
اندور الف	۴۶۱/۵	۶۵۰
اندور وودھ بھارتی	۱۸۸/۷	۱۵۹۰
جے پور الف	۲۰۲/۷	۱۴۸۰
(سوائے شام ۷-۲۵ سے ۸-۲۵ تک)		
جے پور ب	۲۳۶/۲	۱۲۷۰
	۴۸/۶۲	۶۱۷۰
جے پور ج	۲۰۲/۷	۱۴۸۰
(صرف شام ۷-۲۵ سے ۸-۲۵ تک)		
جبل پور	۲۵۴/۲	۱۱۸۰
جودھ پور الف	۵۶۶	۵۳۰
جودھ پور ب	۳۶۵/۹	۸۲۰
جالندھر الف	۳۳۷/۱	۸۹۰
جالندھر ب	۴۲۲/۵	۷۱۰
جالندھر وودھ بھارتی	۲۲۲/۲	۱۳۵۰
لکھنؤ الف	۳۹۴/۷	۷۶۰
لکھنؤ وودھ بھارتی	۳۲۹/۷	۹۱۰
پٹنہ	۴۸۳/۹	۶۲۰
پٹنہ وودھ بھارتی	۲۰۰/۰	۱۵۰۰
ایجل	۵۵۵/۶	۵۴۰
رائے پور	۳۰۶/۱	۹۸۰
رامپور	۲۸۳/۰	۱۰۶۰
رانچی	۵۳۵/۷	۵۶۰
[illegible]	۲۴۳/۹	۱۲۳۰
وارانسی	۲۴۱/۹	۱۲۴۰
کلکتہ الف	۴۰۷/۸	۷۴۰
کلکتہ ب	۳۰۰/۰	۱۰۰۰
کلکتہ وودھ بھارتی	۲۲۷/۳	۱۳۲۰
کٹک الف	۳۱۰/۹	۹۶۵
کٹک ب	۲۲۲/۲	۱۳۵۰
	۲۸۵/۷	۱۰۵۰
گوہاٹی الف	۴۱۱/۰	۷۳۰
گوہاٹی ب	۲۹۱/۳	۱۰۳۰
امپھال	۴۱۵/۸	۱۳۹۰
جے پور (مشرقی علاقائی سروس)	۲۰۵/۵	۱۴۶۰
کوہیما	۲۰۱/۳	۱۴۹۰
پاسی گھاٹ	۲۸۳/۰	۱۰۶۰
سمبل پور	۳۴۸/۸	۸۶۰
شملہ	۳۸۹/۶	۷۷۰
سلی گوڑی	۱۹۲/۳	۱۵۶۰
بنگلور الف	۴۹۱/۸	۶۱۰
بنگلور وودھ بھارتی	۲۸۵/۷	۱۰۵۰
بھدراوتی	۳۷۵/۰	۸۰۰
کالی کٹ الف	۴۴۱/۲	۶۸۰
کالی کٹ ب	۲۷۵/۲	۱۰۹۰
کڈاپا	۳۳۳/۳	۹۰۰
دھاڑوار الف	۲۲۰/۶	۱۳۶۰
دھاڑوار وودھ بھارتی	۲۵۰/۶	۱۱۹۰
حیدرآباد الف	۴۰۵/۴	۷۴۰
حیدرآباد ب	۲۱۷/۴	۱۳۸۰
حیدرآباد وودھ بھارتی	۲۴۵/۹	۱۲۲۰
وشاکھاپٹنم	۳۲۲/۶	۹۳۰
مدراس الف	۴۱۶/۷	۷۲۰
مدراس ب	۲۱۱/۳	۱۴۲۰
مدراس ج	۱۹۳/۵	۱۵۵۰
پانڈیچیری	۴۰۰/۰	۷۵۰
تروچی راپلی الف	۳۱۹/۱	۹۴۰
تروچی راپلی وودھ بھارتی	۲۰۲/۷	۱۴۸۰
ترونیل ویلی	۵۰۰/۰	
تریچور	۴۸۰/۰	
تریویندرم الف	۴۵۵/۱	
تریویندرم ب	۳۰۰/۰	
احمد آباد الف	۲۱۴/۳	
احمد آباد / بڑودہ	۳۵۲/۹	
بھج	۲۲۹/۰	
بمبئی الف	۱۸۸/۵	
بمبئی ب	۴۶۵/۵	
بمبئی وودھ بھارتی	۱۵۴/۱	
پناجی	۳۳۰/۹	
ناگپور الف	۵۰۸/۵	
ناگپور وودھ بھارتی	۴۵۴/۵	
پونا	۳۸۲/۲	
پونا وودھ بھارتی	۳۰۹/۳	
پربھنی	۲۳۰/۸	
سانگلی	۲۴۰/۰	
راجکوٹ	۳۴۲/۸	
راجکوٹ وودھ بھارتی	۲۵۴/۲	
پورٹ بلیئر	۳۰۸/۳	
گلبرگہ	۲۷۰/۳	
کوئمبٹور	۲۹۷/۰	
بھاگلپور	۳۰۴/۱	
اگرتلہ	۲۳۶/۲	
ڈبروگڑھ	۵۲۴/۳	
تیزپور	۲۲۵/۶	
شیلانگ	۲۵۰/۰	

شارٹ ویو سروس

بھوپال

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۴۵ تک	۹۰/۵۰	۳۳۱۵
صبح ۸-۰۰ سے ۹-۳۰ تک	۵۰/۰۸	۵۹۹۰
صبح ۹-۴۵ سے ۵-۱۵ تک	۴۱/۷۸	۷۱۸۰
شام ۵-۳۰ سے ۱۲-۰۰ رات تک	۹۰/۵۰	۳۳۱۵

دہلی الف اور ب

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۴۵ تک	۸۹/۱۵	۳۳۶۵
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۱۱ تک	۴۸/۴۷	۶۱۹۰
صبح ۹-۱۵ سے ۴-۱۵ تک؛ صبح ۴-۳۰ سے ۴-۴۵ تک	۴۱/۱۵	۷۲۹۰
شام ۶-۰۰ سے ۱۲ بجے تک	۸۹/۱۵	۳۳۶۵

دہلی ج

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صرف رات ۷-۴۵ سے ۱۰-۱۵ بجے تک	۷۶/۸۲	۳۹۰۵

لکھنؤ

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۲۵ تک	۹۳/۶۰	۳۲۰۵
صبح ۸-۰۰ سے ۹-۳۰ تک	۴۸/۶۲	۶۱۷۰
صبح ۹ ... تک	۴۱/۹۰	۷۱۵۰
شام ... ۱۲ بجے تک	۹۳/۶۰	۳۲۰۵

شملہ

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۴۵ تک	۹۳/۰۹	۳۲۲۳
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۰۰ تک؛ صبح ۱۰-۱۵ سے ۴-۴۵ تک؛ شام ۵-۰۰ سے ۶-۱۵ تک	۴۹/۸۳	۶۰۲۰
شام ۶-۳۰ سے ۱۲ بجے رات تک	۹۳/۰۹	۳۲۲۳

حیدرآباد الف

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۱۰ سے ۷-۴۵ تک	۸۹/۴۲	۳۳۵۵
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۰۰ تک؛ صبح ۱۰-۱۵ سے شام ۵-۱۵ تک	۴۲/۰۸	۷۱۳۰
شام و رات	۶۲/۵۰	۴۸۰۰

مدراس الف

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۹-۱۵ تک	۶۰/۹۸	۴۹۲۰
صبح ۹-۳۰ سے شام ۵-۱۵ تک	۴۱/۹۰	۷۱۶۰
شام ۵-۳۰ سے ۱۲ بجے رات تک	۶۰/۹۸	۴۹۲۰

بمبئی ب

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۴۵ تک	۹۱/۰۵	۳۲۹۵
صبح ۸-۰۰ سے ۹-۵۰ تک	۴۱/۴۴	۷۲۴۰
صبح ۱۰-۱۵ سے ۵-۱۵ تک	۴۱/۴۴	۷۲۴۰
شام ۵-۳۰ سے ۱۲ بجے رات تک	۶۱/۹۸	۴۸۴۰

کلکتہ

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۱۵ تک	۶۲/۲۴	۴۸۲۰
صبح ۷-۳۰ سے ۹-۳۰ تک؛ صبح ۹-۴۵ سے ۳-۳۰ تک؛ سہ پہر ۳-۴۵ سے ۶-۳۰ تک	۴۱/۶۱	۷۲۱۰
شام ۶-۰۰ سے ۱۲ بجے رات تک	۶۲/۲۴	۴۸۲۰

گوہاٹی الف

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۱۵ تک	۶۰/۷۳	۴۹۴۰
صبح ۷-۳۰ سے ۹-۳۰ تک	۵۰/۲۵	۵۹۷۰
صبح ۹-۴۵ سے شام ۵ بجے تک	۴۱/۲۱	۷۲۸۰
شام ۵-۱۵ سے ۱۲-۰۰ تک	۸۸/۸۹	۳۳۷۵

گوہاٹی ب

وقت	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۴۵ تک	۶۲/۸۳	۴۷۷۵
صبح ۸-۰۰ سے ۹-۱۵ تک؛ صبح ۹-۱۰ سے ۷-۴۵ تک؛ شام ۴-۰۰ سے ۴-۳۰ تک	۴۱/۹۶	۷۱۵۰
شام ۶-۱۵ سے ۱۲ بجے رات تک	۹۲/۴۴	۳۲۴۵

کوہیما

وقت	میٹر
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۴۵ تک	۶۱/۸۶
صبح ۸-۰۰ سے ۹-۱۵ تک	۴۱/۴۱
صبح ۱۰-۰۰ سے ۳-۱۵ تک	۴۸/۴۴
سہ پہر ۳-۳۰ سے شام ۶-۳۰ تک	۴۹/۲۴
شام ۶-۴۵ سے رات ۱۲ بجے تک	۹۱/۸

کرسیانگ

وقت	میٹر
صبح ۶-۴۵ سے ۷-۴۵ تک	۶۱/۲۹
صبح ۱۰-۰۰ سے ۴-۴۵ تک	۴۱/۲۹
شام ۸-۰۰ سے رات ۱۲ تک	

جموں

وقت	میٹر
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۴۵ تک	۸۹/۴۴
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۰۰ تک	۵۰/۲۴
صبح ۸-۰۰ سے ۴-۴۵ تک	۵۰/۲۴
شام ۵-۰۰ سے رات ۱۱-۰۰ تک	۸۹/۴۴

سری نگر

وقت	میٹر
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۴۵ تک	۹۱/۰۴
صبح ۹-۰۰ سے ۴-۴۵ تک	۴۱/۹۷
شام ۸-۰۰ سے رات ۱۲ بجے تک	۹۱/۰۴

اکھل بھارتیہ کاریہ کرم

سنگیت ◄ سنیچر وار ۵ ر اگست کو رات ساڑھے نو بجے نشر ہونے والے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں بیگم اختر گائن پیش کریں گی۔ بیگم اختر کو قدرت کی جانب سے سُریلی آواز عطا ہوئی ہے اور انہیں ٹھمری، دادرا اور غزل گانے میں ملکہ حاصل ہے۔ موصوفہ کو ملکۂ غزل کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

روپک ◄ آج کا دیہات : ۱۰ ر اگست کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ روپک کاریہ کرم میں خصوصی روپک "آج کے دیہات" پیش کیا جائے گا۔ جس میں گذشتہ ۲۵ برسوں کے دوران دیہاتوں میں پیش آنے والی تبدیلیوں اور پیش رفت کے بارے میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ روپک مدھوکر گنگا دھر نے لکھا ہے۔

سنگیت ◄ ملک کی آزادی کی پچیسویں سالگرہ کے موقع پر سنیچر وار ۱۲ ر اگست کو رات ساڑھے نو بجے نشر ہونے والے اکھل بھارتیہ کاریہ کرم میں دو فنکار جنہوں نے ملک کی آزادی کے بعد موسیقی کے شعبے میں نمایاں شہرت حاصل کی ہے اپنے اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ ان میں سے ایک فنکار کمار گندھرو ہیں جو شمالی ہند سے تعلق رکھتے ہیں۔ دوسرے فنکار چِتّی بابو جنوبی ہند کے باشندے ہیں۔ یہ دونوں فنکار اپنے فن میں پختگی اور ندرت کی بدولت انتہائی مقبول ہیں۔ پروگرام مذکورہ میں کمار گندھرو گائن اور چِتّی بابو وینا وادن پیش کریں گے۔



◄ کمار گندھرو اور ساتھی

◄ چِتّی بابو وینا وادن



آپ کی نیک تمنّاؤں کے اظہار کے لئے
موزوں ترین تحفہ — اسٹیٹ بینک گفٹ چیک



اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک گفٹ چیک، بینک کی بمبئی، کلکتہ، مدراس، دِلّی / نئی دِلی، کانپور، حیدر آباد / سکندر آباد، احمد آباد اور بنگلور کی شاخوں میں اور دوسرے ۵۰ مقامات پر مِل رہے ہیں۔

AIYARS-S 266UR

Published by the Director General, All India Radio, at the Office of the Editor, Akashvani Group of Journals, 2nd Floor, Press Trust of India Building, Parliament Street New Delhi-1
Printed at R. R. Gupta Press, Delhi-6 Editor : G. C. CHUCKERVERTTY





اوپر: بیہ تنلام اور دلی محمد : آکاشوانی راجکوٹ سے ۴ اگست کو صبح ساڑھے سات بجے اور رات سات بجے بگم سنگیت پیش کریں گے۔

سامنے بائیں طرف: الاسجار دواج ۔ آکاشوانی حیدرآباد سے حال ہی میں موصوفہ لیبرت اور غزلیں پیش کرتے ہوئے۔



اندر نارائن: ریڈیو کشمیر سری نگر سے ۸ اگست کو دوپہر سوا دو بجے اور رات سات بجکر چار منٹ پر موسیقی کا پروگرام پیش کریں گے۔

آل انڈیا ریڈیو کے پروگرام
۲۵ ر شراون سے ۹ ر بھادر ۱۸۹۴ شاکا تک
۱۶ ر سے ۳۱ ر اگست ۱۹۶۲ء تک




اکھل بھارتیہ کاریہ کرم

سنگیت

باکشری سوامی منی گپتی ایک باصلاحیت گلوکار ہیں۔ انہوں نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم بجہانی بنجاکشری بواسے حاصل کی۔ بعد میں نیورتی بوا سارنائیک اور ملیکارجن منصور سے وسیقی کی مزید تعلیم حاصل کی اور اپنے گائن میں انہیں موسیقاروں کے انداز کو اپنایا ہے۔

کماری سروجیت ایک ہونہار ستار نواز ہیں۔ انہوں نے موسیقی کی ابتدائی علیم اپنے والد شری اچھر سنگھ سے حاصل کی۔ بعد میں نامور پنڈت روی شنکر کی شاگردی ختیار کی۔

سینچروار ۱۹/اگست کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم یں بنجاکشری سوامی گپتی کا گائن اور سروجیت کا ستار وادن نشر کیا جائے گا۔



سروجیت

ناٹک

آل انڈیا ریڈیو کی جانب سے سری آربندو کی جنم شتابدی منانے کے سلسلے میں متعدد پروگرام نشر کیے جا رہے ہیں۔ اسی سلسلہ میں ایک ناٹک ۲۴/اگست کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ ناٹک کاریہ کرم میں نشر کیا جائیگا۔ اس ناٹک میں جس کا عنوان "واسوادتہ" ہے، سری آربندو ایک عظیم ڈرامہ نویس بھی تھے ان کا نظمیہ ڈرامہ "واسوادتہ" اس کا ثبوت ہے۔ اس ناٹک میں مہا بھارت سے قبل کے دور میں اونتی کی شہزادی "واسوادتہ" اور وتھسا کے راجہ اُدایان کے رومان پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس ناٹک کا ریڈیو عکس ڈاکٹر سیسر گھوش نے تیار کیا ہے اور اسیت کمار گپتا اسے پیش کریں گے۔ آکاش وانی کے سبھی اسٹیشن اسے اپنی اپنی متعلقہ علاقائی زبانوں میں نشر کریں گے۔


سنگیت

سینچروار ۲۶/اگست کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں آئیالور کرشنن کا گائن نشر کیا جائے گا۔ آئیالور کرشنن کو قدرت کی جانب سے سُریلی آواز عطیے میں ملی ہے اور ان کے گائن میں ندرت کوٹ کوٹ کر پائی جاتی ہے۔ موصوف نے موسیقی کی تعلیم ٹائیگر ورد آچاری اور آنجہانی مہاراج پورم وسوانا تھ آئر سے حاصل کی۔

★



▶ آئیالور کرشنن



آواز

آل انڈیا ریڈیو کا پندرہ روزہ رسالہ

پاکستان، نیپال اور سیلون میں آواز کی قیمت

سالانہ پانچ روپے پچاس پیسے   فی پرچہ پچیس پیسے

اس رسالہ میں اور آل انڈیا ریڈیو کے دیگر رسالوں میں شائع شدہ پروگرام اور مضامین کے حقوق اشاعت بحق حکومت مرکزی محفوظ ہیں۔ دوبارہ شائع کرنے سے پہلے اجازت لینی لازمی ہے

نمبر ۱۶	۷ راگست ۱۹۷۲ء	جلد ۳۷

حامد چھپروی

افسانے کی فنّی حیثیت

افسانہ ہو یا ادب کی کوئی اور صنف، اس کی تخلیق و تشکیل سماجی [..]سوں کی کارفرمائی کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ادبی [..]نی روایتیں اور عصری تقاضے کسی مخصوص ادبی ہیئت کی تخلیق کی طرف [..]ل کرتے ہیں۔ ابتداً ایک مخصوص تجربے کو ایک مخصوص پیرایۂ اظہار [..]یش کیا جاتا ہے۔ رفتہ رفتہ [..] تجربہ اور اظہار کی حدبندیاں [..]ہو جاتی ہیں اور جب ان کے [..] اصول و ضوابط سامنے [..]تے ہیں تو اسے ایک صنف [..]یت سے تسلیم کر لیا جاتا ہے [..] فنی قدریں ہی دراصل اصناف [..]ند کی احساس ہوتی ہیں۔ [..]ی بھی صنف کی قدر و قیمت [..]نحصار اس کی فنی حیثیت پر [..]ہے۔ مختصر افسانہ ایک باقاعدہ [..]ہے۔ اس کی فنی چمن بندی میں ادبی روایتوں نے بھی حصہ لیا ہے اور عصری تقاضوں نے بھی، مغربی اثرات بھی اثرانداز ہوئے ہیں اور مختلف فکری اور ادبی تحریکیں بھی۔ اس لئے افسانہ کی فنی حیثیت کے مطالعہ میں ان تمام عوامل اور محرکات پر نظر رکھنی چاہیئے۔

اصناف ادب کی تخلیق کا مسئلہ تجربے کے مطابق ہیئت کی تلاش کا مسئلہ ہے۔ ہر صنف مخصوص نوعیت کے تجربے کی پیشکش کے لئے تخلیق ہوتی ہے۔ اسی مخصوص تجربے کی نوعیت کے مطابق اس کے فن کے تار و پود بنتے ہیں۔ دراصل اسی مخصوص تجربے کے کامیاب ابلاغ پر اس صنف کے فن کا انحصار ہوتا ہے۔ مختصر افسانہ بنیادی طور پر زندگی کے کسی ایک علاقہ ایک واقعہ اور ایک پہلو کی ترجمانی کرتا ہے۔ یہ جلوہ ہائے صد رنگ کو نہیں پیش کرتا بلکہ کسی ایک ہی جلوہ سے اپنا آئینہ خانہ سجاتا ہے۔ اسی لئے افسانے کو زندگی کی ایک قاش کہا گیا ہے۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر افسانہ کی فنی عمارت تعمیر کی گئی ہے۔ اس کا پورا فنی ڈھانچہ اختصار اور ایجاز کے مطابق ڈھالا گیا ہے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ناول اگر مختصر کر دیا جائے تو افسانہ بن جاتا ہے۔ بات یہ ہے کہ لوگ تجربہ کی نوعیت پر غور نہیں کرتے اور طول و اختصار ہی کو سب کچھ سمجھتے ہیں حالانکہ اصل چیز تو تجربہ کی نوعیت ہے۔ افسانہ میں پیش ہونے والا تجربہ ناول سے قطعی مختلف ہوتا

اس شمارے میں

ہمارا سرورق

اروناچل پردیش کی ایک خوبصورت دوشیزہ

اروناچل پردیش (جسے پہلے نیفا کہا جاتا تھا) کی سماجی اقتصادی اور مذہبی زندگی نیز وہاں کی عورتوں کے بارے میں ایک مضمون اس شمارے میں ملاحظہ فرمائیے

ہے۔ افسانہ زندگی کی محض ایک دھارا سامنے لاتا ہے۔ ناول پوری زندگی سے ہمکنار کرتا ہے۔ ایک اختصار و ایجاز کا فن ہے اور دوسرا تشریح و تفصیل کا۔ دونوں کے مقاصد، ترتیب، محاسن و عیوب اور ہیئت و ساخت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اس لئے افسانہ کی اپنی ایک صنفی اور فنی حیثیت ہے۔ اس کے فن کے اپنے اقدار و تقاضے ہیں۔

افسانے کا فن نازک کاری اور تراشیدگی کا فن ہے۔ اس میں بھی افسانہ نگار پلاٹ کی تعمیر و تشکیل سے قصہ کا ڈھانچہ بناتا ہے دراصل واقعات کے انتخاب اور اُن کی ترتیب کا انحصار افسانہ نگار کے شعور تناسب پر ہوتا ہے جس طرح ایک مالی پودے کی غیر ضروری شاخوں کو بے دردی سے کاٹ چھانٹ کر پودے کو حسین اور جاذب نظر بناتا ہے۔ اسی طرح افسانہ نگار بھی پلاٹ کی ترتیب میں غیر ضروری عناصر کو چھانٹ دیتا ہے۔ افسانہ کی فنی تعمیر و ترتیب میں کلائمکس اور وحدت تاثر کی بھی بڑی اہمیت ہے کچھ ناقدین نے وحدت زمان و مکاں اور وحدت عمل کو بھی ضروری قرار دیا ہے۔ کردار نگاری افسانہ کے فن میں ایک اہم عنصر ہے لیکن بعض نقاد یہ کہتے ہیں کہ اس میں کردار نگاری ممکن نہیں۔ کیونکہ اس میں ناول کی سی وسعت نہیں ہوتی جو کرداروں کے مکمل اظہار کے لئے ضروری ہے۔ دراصل پلاٹ یا کردار نگاری پر غور کرتے ہوئے افسانہ کی بنیادی خصوصیت کو نظر انداز کرنا چاہیئے۔ ظاہر ہے کہ افسانہ کا فن جس قماش کا ہوگا اسی کے مطابق پلاٹ اور کردار نگاری بھی ہوگی۔ ناول میں کردار نگاری ہی نہیں ہر چیز تفصیلی ہوتی ہے اور افسانہ میں ہر شئے علامتی اور اشاراتی۔ مختصر افسانہ میں کردار کی طرف صرف اشارے ہوتے ہیں۔ ان اشاروں ہی کے سہارے کردار کی تصویر سامنے آتی ہے۔ کردار اپنے اقوال و اعمال اور حرکات و سکنات سے پہچانے جاتے ہیں۔ لیکن کرداروں کی خارجی خصوصیات پر ہی قناعت کرنا بہتر نہیں۔

پریم چند نے کہا تھا کہ "کردار کا ظاہری رنگ ڈھنگ دیکھکر ہی ہم مطمئن نہیں ہوتے بلکہ اُن کے ذہن کی گہرائیوں تک پہونچنا چاہتے ہیں"۔ سادہ فیلڈنگ کے مطابق بھی "عمل کی تحریک" اور "ذہن کے اندرونی جھکاؤ" کو جاننا عمل سے زیادہ ضروری ہے۔ دراصل کردار کی تعمیر میں خارجی طور پر اگر سماج اور ماحول حصہ لیتے ہیں تو داخلی طور پر ذہنی اور نفسیاتی کیفیات۔ کردار نگاری میں طبقاتی خصوصیات کو بھی مدنظر رکھنا چاہیئے لیکن فرد کو صرف طبقاتی حیثیت سے پیش کرنے میں کرداروں کی شخصیت دب جاتی ہے۔ اسلئے طبقاتی خصوصیتوں کے ساتھ ساتھ انفرادی خصوصیتوں کو بھی ابھار کرنا چاہیئے۔

فن اگر زندگی کا آئینہ ہے تو زندگی کی بدلتی ہوئی قدروں کے ساتھ فن کو بھی بدلنا ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ ناول کا فن ہو یا افسانہ کا، زندگی کی بدلتی ہوئی قدروں کے ساتھ ساتھ اسے بھی تبدیلیوں سے گذرنا پڑا ہے عہد جدید اپنی آغوش میں بے شمار ذہنی و فکری تحریکیں لے کر نمودار ہوا۔ حیاتِ انسانی کے تمام شعبے ان تحریکوں سے متاثر ہوئے۔ یہی وجہ ہے کہ فنون لطیفہ ہوں یا اور کوئی دوسرا فن، سب میں ترمیم و تنسیخ کی لہریں پیدا ہوئیں۔ فرائڈ کی نفسیاتی فکر، ہیگل و مارکس کی جدلیاتی مادیت، سارتر کی وجودیت پسندی اور برگساں کے تصور وقت سے فرد اور سماج، فن اور فن کار کے متعلق فکر و نظر کے نئے گوشے سامنے آئے۔ برگساں اور ولیم جیمز نے وقت کے نفسیاتی تصور اور تجربوں کے بہاؤ پر روشنی ڈالی۔ اس نے ذہنی زندگی کی ہمہ وقتی کو واضح کیا اور بتایا کہ انسان کی ذہنی زندگی مختلف سطحوں کی حامل ہوتی ہے۔ فرد ایک ہی وقت میں کئی تجربات کا ادراک کرسکتا ہے۔ برگساں نے شعور کو ایک اٹوٹ نفسی بہاؤ Physical-Flow بتایا۔ اس نے زندگی کی خارجی حقیقت سے اعتمادی ظاہر کی اور وقت کے اس تصور پر زور دیا جس میں گھڑی کا وقت بے معنی ہوجاتی ہے اور ذہنی وقت فطری ہوجاتا ہے۔ وقت کے اس نظریہ سے وابستہ شعور کا ایک نیا تصور بھی تھا جو فرائڈ اور یونگ وغیرہ کی تحریروں سے لیا گیا تھا۔ شعور اور داخلی زندگی میں یادوں کا تسلسل قائم رہتا ہے۔ پورا ماضی آدمی کے لاشعور میں ہے۔ ہر تجربہ کا ربط ماضی سے ضرور ہوتا ہے۔ اس لئے ماضی کو بالکل الگ نہیں کیا جا سکتا۔

ان نظریات کا اثر ادبیات کے تمام شعبوں پر پڑا۔ افسانہ کے فن نے بھی نفسیات، سماجیات اور دوسرے علوم کے نئے زاویوں کے اثرات کو نہ صرف قبول کیا بلکہ ان کو ادبی اظہار کا روپ دینے کی کوشش کی۔ اسلئے پلاٹ ہو یا کردار نگاری، اسلوب بیان ہو یا فضا نگاری سب میں اتنی تبدیلیاں آگئیں کہ افسانہ کی فنی حیثیت ہی بدل گئی۔ پہلے پلاٹ کی تیاری میں زمان و مکاں کی پابندی کی جاتی تھی۔ افسانہ عام طور پر ایک مخصوص فضا میں شروع ہو کر مختلف پیچ و خم سے گزرتا تھا اور ایک طے شدہ منطقی نتیجے پر پہونچکر ختم ہوجاتا ہے۔ جدید نظریات نے پلاٹ کے اس غیر فطری پن اور میکانکیت کو واضح کیا۔ پلاٹ کو زمان و مکاں کے حصار سے نکالنے کی کوشش کی گئی۔ اب پلاٹ نام کی کوئی چیز خط مستقیم کی صورت میں نظر نہیں آتی۔ اسلئے افسانہ آگے بڑھنے کی بجائے نمو کرتا ہے۔ اب واقعات میں نہ تو زمانی تسلسل ہوتا ہے اور نہ ہی نقطۂ آغاز و اختتام۔

قصہ ایک سیدھ میں آگے بڑھنے کی بجائے گھڑی کے پنڈولم کی طرح آگے اور پیچھے گردش کرتا ہے۔ "شعور کے بہاؤ" کی تکنیک افسانہ کے فن کی اسی داخلی تبدیلی کا نتیجہ ہے۔ افسانہ نگاروں نے جب شعور کے ان پہلوؤں سے دلچسپی لی جو ساکن نہیں بلکہ متحرک ہیں تو انہیں کردار نگاری کے لئے بھی ایک ایسے طریقے کی ضرورت محسوس ہوئی جو شعور ہی کی طرح متحرک ہو۔ دراصل اسی احساس نے کردار نگاری کے روایتی تصور کو باطل قرار دے کر ایک نئے تصور کو قائم کیا جو شعور کی رو تکنیک کی شکل میں سامنے آیا۔ اب خیالات کی عکاسی کے بجائے کرداروں کے ذہنی عمل کو پیش کیا جاتا ہے۔ اسلئے ہم صرف کرداروں کے خیالات ہی سے واقف نہیں ہوتے بلکہ خود کو کرداروں کے ذہن میں محسوس کرتے ہیں۔ چونکہ روایتی کردار نگاری خارجی رنگ کی تھی، اس لئے قدیم افسانہ کی دنیا میں "خارجی آدمی" چھایا ہوا ہے۔ اب کردار کے ذہن و شعور کو پیش کیا جاتا ہے۔ اس لئے جدید افسانہ کی دنیا پر "داخلی آدمی" کی حکمرانی ہے۔ پہلے اس بات پر زور دیا جاتا تھا کہ فرد واحد کیا کرتا ہے اسلئے روایتی کردار نگاری آدمی کو اس کے عمل کے ذریعہ اجاگر کرتی تھی۔ افسانے کا جدید فن اس پر غور کرتا ہے کہ ایک آدمی کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جدید افسانہ نے دیگر کرداروں نے عمل کی تمام زنجیریں توڑ دی ہیں۔

دی ہیں۔ پہلے کردار زمان و مکان میں اسیر ہوتا تھا لیکن اب یہ زمان و مکان کی حد بندیوں سے نکل کر ماضی، حال اور مستقبل پر بیک وقت حاوی ہو گیا ہے۔ جدید کردار نگاری میں داخلی خود کلامی کی بھی بڑی اہمیت ہے۔ کردار اپنی داخلی زندگی کے حالات و کوائف کو بیان کرتا ہے اور پڑھنے والا کرداروں کے خیالات اور لاشعور کی گہرائیوں سے واقف ہو جاتا ہے۔ عالمی پیمانے پر دور جدید قدروں کی شکست و ریخت کا دور ہے۔ تخریب کے بڑھتے ہوئے رجحان، مشینی تہذیب کی حشر سامانی اور انسانوں کے درمیان ٹوٹتے ہوئے رشتوں نے آج کے انسان کی داخلی زندگی میں انتشار، یاسیت، شکست خوردگی اور ایک اندرونی ویرانی پیدا کر دی ہے۔ فرد اپنی شخصیت کے احساس سے محروم ہو گیا ہے اور وجود کی معنویت کی تلاش سب سے اہم ہے۔ یہی دراصل عہد جدید کے انسان کے داخلی انتشار کی وجہ وجودیت کے فلسفہ اور کامو اور سارتر کی تحریروں کی مقبولیت بڑھتی جا رہی ہے۔ انسان کی داخلی زندگی کے ان نئے گوشوں کو ادبی روپ دینے کے لئے فن کاروں نے نئے پیرایۂ اظہار کی جستجو کی جس کے نتیجے میں شاعری ہو یا افسانہ نگاری، سب میں فنی اسالیب کی نئی جہتوں کی دریافت ہوئی۔ افسانہ کے فن

میں بھی انقلاب انگیز تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔ اور اس میں ایک نیا اسلوب علامتی افسانہ پیدا ہوا۔ افسانہ نظام بیانیہ کے بجائے علامتی اور تجریدی سانچوں میں ڈھل گیا اور اس کا فنی علامتیت اور تجریدیت کا فن بن گیا۔ فن کی اس تبدیلی نے افسانے کے روپ ہی کو بدل دیا۔ روایتی افسانے کی طرح علامتی افسانے میں نہ آگے بڑھنے کی کیفیت ملتی ہے اور نہ ہی زمان و مکان کا واقعاتی احساس بلکہ یہ کچھ غیر مرئی سا ہوتا ہے۔ اس میں زمان و مکان ذہنی تجربے کی سطح پر واقع ہوتے ہیں۔ علامتی افسانوں میں مجموعی کرداروں کا کام تمثیلوں اور علامتوں سے لیا جاتا ہے۔ اسی لئے ایسے افسانوں میں اکثر درخت حرکت کرتے نظر آتے ہیں اور بستیاں بولتی دکھائی دیتی ہیں۔ دراصل ان افسانوں میں لغوی اور منطقی معنوں کے پیچھے ایک اور چھپا معنی آباد ہوتا ہے۔ علامتیں ایک طرح کے وسیع استعارے ہیں جو کہ شعوری اور نیم شعوری رشتوں کو ابھار کر افسانہ نگار معنوی تہہ داری پیدا کرتا ہے۔ ایسے افسانوں میں علامتیں ایک نظام کی حیثیت سے کار فرما ہوتی ہیں۔ اور افسانہ کی معنوی کلید انہیں علامتوں میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ فن کی یہ بنیادی تبدیلی زبان کی سطح پر بھی تغیرات لے کر آئی۔ اب افسانہ کی زبان لغوی، منطقی اور بیانیہ نہیں رہی بلکہ خلاقانہ استعاراتی

اور علامتی سانچے میں ڈھل گئی۔ شناخت کا یہی نظام تھا پہلا افسانہ کے جدید فن کو شاعری سے قریب لاتا ہے۔

افسانہ کی فنی حیثیت سے

مطالعہ سے اس بات کا اچھی طرح اندازہ ہوتا ہے کہ افسانہ ایک زندہ صنف کی طرح ہمیشہ ارتقا کے راستے پر بڑھتا رہا ہے۔ کسی بھی صنف کی بڑائی کا انحصار اس امر پر ہے کہ اس میں کہاں تک تبدیلیوں کی گنجائش ہے۔ اس لئے کہ جو صنف حالات کے مطابق بدلتی نہیں وہ مٹ جاتی ہے۔ افسانہ کی تاریخ اس فن کی وسعت، لچک اور توانائی کا ثبوت پیش کرتی ہے۔ زندگی کی بدلتی ہوئی قدروں کے ساتھ ساتھ افسانہ کے فن میں بھی تبدیلیاں رونما ہوتی رہی ہیں۔ اس کا فن برابر پھیلتا اور بڑھتا رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پریم چند وغیرہ کے زمانہ میں افسانہ کی جو فنی حیثیت تھی، وہ آج بڑی حد تک بدل چکی ہے۔ دراصل یہی تبدیلی افسانہ کے فن کی بالیدگی اور اس صنف کی زندگی کی دلیل ہے۔
(دانا پور پٹنہ، بھاگلپور سے براڈکاسٹ)



سہیل عظیم آبادی

باپ

رات بھر برف گرتی رہی تھی۔ صبح کے وقت ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے بہت سا روئی دھن کر ہر طرف پھیلا دیا ہے۔ اور جھاگ کی موٹی تہہ جم کر رہ گئی ہے۔ پچھلے کئی دنوں سے عجیب حال تھا۔ گہرے بادل چھائے تھے اور ٹھنڈک بڑھ گئی تھی۔ لوگ گھبرانے لگے تھے اور انتظار کر رہے تھے کہ برف گرے تو ٹھنڈک پہلے سے کم ہو ..... بوڑھا غلام رسول راتھر اپنے ہاؤس بوٹ میں نہر ہوں، کی چھت پر سے برف نیچے گرانے کے بعد ہاؤس بوٹ کے برآمدے سے لگا بیٹھا حقہ پی رہا تھا۔ اس سے پہلے اس نے دو پیالی نمکین چائے پی تھی۔ ...ہی بدن میں لپیٹے تھا اور لوی ... اندر کانگڑی تھی۔ پھر بھی اُسے ٹھنڈ محسوس ہو رہی تھی۔ ڈل میں کھڑے ہاؤس بوٹوں کے مانجی چھتوں سے برف گرا رہے تھے۔ وہ دیکھ رہا تھا اور اندازہ کر رہا تھا کہ کتنی برف گری ہے۔ جو اتنی موٹی تہیں جم گئی ہیں۔ کبھی وہ شنکر آچاریہ کی چوٹی پر مندر کو دیکھتا تھا۔ کبھی لمبے لمبے سفیدے کے درختوں کو اور گگری بل کے مکانوں کو۔ سب پر برف کی موٹی تہہ جمی ہوئی تھی۔ اُسے اپنے بیٹے علی محمد پر غصہ آ رہا تھا کیسا بے فکر لڑکا ہے پچھلے دن وہ اسد میر کے ہاؤس بوٹ میں بیٹھا دن بھر تاش کھیلتا رہا تھا۔ اُس نے کئی بار بلا بھیجا تھا مگر وہ نہیں آیا تھا۔ اُسی وقت آیا۔ جب تاش کا کھیل ختم ہوا۔ اور اُس نے اسے ڈانٹا تھا۔ علی محمد تو اس وقت کچھ نہیں بولا تھا۔ مگر تھوڑی دیر کے بعد کپڑے پہن کر شکارے میں بیٹھنے کے بعد اپنی ماں سے بولا تھا کہ ضرورت سے شہر جا رہا ہے۔ اور رات کے وقت دیر کر کے آئیگا۔ اُس کی بیوی شکارے کو واپس لے آئی تھی۔ مگر وہ اپنی بیوی سے کچھ بھی نہیں بولا تھا۔ اُس نے وہی بات سنی تھی، جو اُس نے اپنی ماں سے کہی تھی۔ مگر رات ختم ہو گئی تھی اور علی محمد لوٹ کر نہیں آیا تھا بوڑھا راتھر غصے میں تھا اور سوچ رہا تھا کہ جب وہ واپس آئے گا تو اُسے جی بھر کر ڈانٹے گا۔ وہ محسوس کرنے لگا تھا کہ علی محمد غلط راستے پر جا رہا ہے۔ خراب لوگوں سے اس کی دوستی ہو گئی ہے۔ وہ شراب پینے اور جوا کھیلنے لگا ہے۔ اگر یہی حال رہا تو ایک دن برباد ہو جائے گا۔ اس نے بہت سے مانجیوں کو برباد ہوتے دیکھا تھا۔ کبھی کبھی وہ سوچتا تھا کہ مانجی لوگ کتنے بے فکر ہوتے ہیں۔ گرمی کے دنوں میں جب سیاح آتے ہیں اور اُن کے ہاؤس بوٹ بھرے رہتے ہیں اور ہاتھ میں پیسے آ جاتے ہیں تو بے دردی کے ساتھ خرچ کر ڈالتے ہیں اور جب پیسے خرچ ہو جاتے ہیں تو تکلیف کی زندگی گزارتے ہیں۔ وہ چاہتا تھا کہ علی محمد جاڑوں میں بھی بے کار نہ بیٹھے۔ کچھ کام کرتا رہے کہ کچھ پیسے آتے رہیں جاڑے کا موسم مانجیوں کے لئے بیکاری کا موسم ہوتا ہے۔ باہر سے سیاح آتے ہی نہیں۔ صرف کچھ یورپین آتے ہیں لیکن آنے کے دوسرے ہی دن گل مرگ چلے جاتے ہیں اور وہاں برف پر اسکائینگ کرتے ہیں۔ سری نگر میں کوئی نہیں رہتا۔ گل مرگ جانے سے پہلے کسی ہوٹل میں ٹھہر جاتے ہیں۔ پہلے جب ہوٹل نہیں تھے تو یہ یورپین ایک دن کسی ہاؤس بوٹ میں ٹھہرتے تھے۔ اور مانجیوں کو اپنے ساتھ گل مرگ لے جاتے تھے۔ وہی ان کا کھانا پکاتے تھے اور دوسرے کام کر دیتے تھے واپسی کے وقت وہ انعام میں اچھی رقم دے جاتے تھے۔ مگر اب ہر جگہ ہوٹل تھے۔ دوسری جگہوں میں نوخیز مانجیوں کی کوئی ضرورت ہی نہیں تھی۔ سری نگر میں بھی ہوٹلوں سے اُن کو مقابلہ کرنا پڑتا تھا۔

غلام رسول نے اپنے دل کے اندر بڑی بے چینی محسوس کی۔ اور سڑک کی طرف دیکھا شاید علی محمد اب آ رہا ہو۔ مگر سڑک پر سناٹا تھا۔ ایک بوڑھا آدمی کوہی میں بیٹھا ہوا آہستہ آہستہ گگری بل کے ایک مکان کی طرف جا رہا تھا۔ اس کے پیچھے ایک کتا تھا وہ سوچنے لگا کہ یہ کون پاگل بوڑھا ہے جو اس موسم میں گھر سے نکلا ہے۔ یہ موسم تو بوڑھے آدمیوں کے لئے خطرناک ہے۔ گھر سے نکلنا اچھا نہیں۔ برف گرنے کے بعد سکلا ... شروع ہو جائے تو بوڑھوں کو گھر کے اندر بند رہنا چاہیئے۔ اسی لئے کئی بوڑھوں کو ایسے موسم میں فالج کا شکار ہوتے دیکھا تھا۔ اُسے بوڑھے پر رحم آ گیا ضرور کوئی ایسا ہی کام ہے جو بوڑھا اس تیز اور ٹھنڈی ہوا میں گھر سے نکلا ہے۔ غریب کی زندگی ہی ایسی ہوتی ہے جو نہ کرنا چاہے وہ بھی اُسے کرنا پڑتا ہے۔ اتنے میں اس کی بیوی آ گئی اور بولی

"یہاں دروازے سے لگے بیٹھے کیا کر رہے ہو۔ ٹھنڈک بہت زیادہ ہے۔ اندر چل کر بیٹھو۔"

غلام رسول چونک گیا اور بولا

"ٹھیک کہتی ہو۔ ٹھنڈک بہت زیادہ ہے۔"

بوڑھی عورت ہمدردانہ انداز میں بولی

"بیمار پڑ جاؤ گے پھر"

غلام رسول اُٹھنے لگا۔ تو اس کے پاؤں تھرتھرانے لگے اور وہ بیٹھ گیا۔ اُسے شک ہو گیا کہ کہیں اس پر بھی تو فالج کا اثر نہیں ہو گیا ہے۔ پچھلے سال اس کے چچیرے بھائی کو اسی طرح فالج مار گیا تھا۔ وہ بیٹھا تھا۔ اور جب کھڑا ہونے لگا تھا تو دھب سے گر گیا تھا۔ اُسے گھبراہٹ سی محسوس ہوئی اور وہ اپنی بیوی سے بولا۔

"ذرا سہارا دو۔"

بوڑھی عورت نے سہارا دیا اور وہ کمرے کے بیچ میں چلا گیا۔ عورت نے دروازہ بند کر دیا۔ اور بولی۔

"تم قالین پر لیٹ جاؤ۔ میں تمہارے لئے چائے لاتی ہوں۔"

غلام رسول لیٹ گیا۔ بوڑھی عورت نے پکار کر اپنی بہو سے کہا۔ اور سماوار اٹھا لائی۔ چائے پیالی میں انڈیل کر دینے کے بعد کنارے کھڑی ہو گئی۔ غلام رسول نے ایک پیالی پی۔ اس کی بہو نے دوسری پیالی بھر کر اسے دی۔

وہ ایک گھونٹ پینے کے بعد بولا "علی محمد آگیا؟"

اس کی بہو کچھ نہ بولی۔ اس کی بیوی نے کہا

"نہیں۔ مجھے گھبرانے کی کیا ضرورت ہے۔ بچہ تو نہیں ہے وہ۔"

غلام رسول کچھ بھی نہ بولا۔ چائے پیتا اور کچھ سوچتا رہا۔ پھر بولا۔

"برف بہت گری ہے۔"

بوڑھی عورت بولی

"ہاں کنکشو ہے۔ بڑی ٹھنڈک ہے۔"

غلام محمد بولا

"ٹھنڈک تو ہڈی میں گھسی جاتی ہے۔"

بوڑھی عورت بولی

"تمہاری کانگڑی دیکھوں۔ آگ ہے اس میں۔"

غلام محمد بولا

"ہاں۔ گرم ہے۔"

دو پیالی چائے پینے کے بعد اس کے بدن میں گرمی پھیل گئی اور وہ بولا۔

"کوئی بات نہیں میں بالکل اچھا ہوں۔ جاؤ آرام کرو۔"

بوڑھی عورت کنارے بیٹھ گئی۔ اور بہو سماوار لے کر چلی گئی۔

غلام محمد بولا

"میں پریشان ہوں۔ علی محمد گندی عادتیں سیکھ رہا ہے معلوم ہوتا ہے کہ رات بھی وہ کسی دوست کے یہاں شراب پیتا رہا۔ اور اب تک نشے میں پڑا ہے۔"

بوڑھی عورت کو اس کی بات بُری معلوم ہوئی اور وہ چمک کر بولی۔

"تم کو میرے بچے میں برائیاں ہی نظر آتی ہیں۔ کبھی اُس کے بارے میں اچھی بات نہیں کرتے۔"

غلام محمد کو غصہ آگیا اور وہ دانت پیس کر بولا۔

"تم ہی نے اسے خراب کیا ہے۔ میری کوئی سنتا ہی نہیں اور تم بولنے نہیں دیتیں۔"

بوڑھی عورت چیخ اٹھی۔

"میرے بچے کو کچھ مت کہو اس میں کوئی خرابی نہیں۔"

غلام محمد اٹھ بیٹھا

"تم تو زبان کھولنے نہیں دیتیں مگر سنو۔ اب میں تنگ آگیا ہوں اس سے کہہ دو اپنا انتظام کرے میں بوڑھا ہو گیا ہوں۔ کب تک کما کر اُسے کھلاؤں گا۔ اپنا سارا وقت برباد کرتا ہے۔"

بوڑھی عورت کو غصہ آگیا اور وہ بولی

"سنو جی۔ میرا ایک ہی بچہ ہے۔ میں اُس کے بارے میں کوئی بُری بات نہیں سن سکتی۔ اب بڑھاپے میں تم کو سب کچھ سوجھ رہا ہے۔ اپنی جوانی یاد کرو۔ جب باپ زندہ تھا تو تم کیا کرتے تھے۔"

غلام محمد غصہ میں بولا

"جاؤ میرا سر مت کھاؤ۔"

اور لوئی اوڑھ کر لیٹ رہا۔ اس کی بیوی کو بھی غصہ آگیا۔ وہ بھی باہر بوٹ کے ڈونگے میں چلی گئی۔ غلام رسول سوچتا رہا۔ اسی عورت نے لڑکے کو بگاڑا ہے۔ اُس کا کوئی قصور نہیں اگر وہ ہر موقع پر سامنے آکر اس کی بات کاٹ نہ دیتی تو علی محمد شوخ نہ ہو جاتا۔ مگر یکایک اس کے دل نے پھر کروٹ لی۔ آخر وہ ہے کہاں۔ رات کہاں رہا۔ کس حال میں رہا۔ اُسے ٹھنڈک لگی ہوگی اور اس خیال سے اُسے تکلیف ہوئی کہ علی محمد کو تکلیف ہوئی ہوگی۔ وہ اٹھ بیٹھا۔ اور سوچنے لگا۔ کیا کرے۔ یکایک وہ کھڑا ہو گیا۔ لوئی سارے بدن پر لپیٹ لی اور ایک ہاتھ میں کانگڑی کو پکڑ لیا۔ چپ چاپ ڈونگے میں آیا۔ اس کی بیوی کنارے چولھے کے پاس بیٹھی بہو سے باتیں کر رہی تھی وہ چپ چاپ ڈونگے سے نکل کر شکارے پر اُترا اور چپوار چلا کر کنارے سڑک کی طرف بڑھا۔ اُس کی بیوی نے آواز سنی تو آگئی اور بولی۔

"ارے اس سردی میں کہاں جا رہے ہو؟"

غلام رسول نے پلٹ کر نہ دیکھا اور چپوار چلاتے ہوئے بولا۔

"دیکھوں۔ علی محمد کہاں ہے ضرور نورا کے ہوٹل میں ہوگا۔"

اس کی بیوی چلائی

"تم آجاؤ وہ آجائے گا۔"

مگر غلام رسول نے جیسے اس کی بات نہیں سنی اور شکارے کو کھیتا چلا گیا۔

(آکاشوانی لکھنؤ سے براڈکاسٹ)

ریڈیو سننے کا
لطف دیتا ہے
ہائی ٹون
ایریلین
استعمال کیجئے ہر جگہ ملتے ہیں

زندگی کتنی بے کیف ہوتی
اگر ساس بہو کا رشتہ نہ ہوتا

سرور جمال

ایک صاحب نے دفتر سے واپسی پر اپنی بیوی سے کہا
"کیا تم نے آج شہر کے سب سے بڑے ہنگامے کی خبر سنی ؟"
"شہر میں بڑا ہنگامہ کیسے ہو سکتا ہے تمہاری والدہ تو کل سے شہر سے باہر ہیں ۔"

یہ تو ایک لطیفہ ہوا لیکن واقعہ یہ ہے کہ گھر میں جو ہنگامے ساس بہو کے دم سے ہوا کرتے ہیں شاید دوسرے ہنگامے اس کے آگے کچھ حقیقت نہیں رکھتے ۔ فرق اتنا ہے کہ گھر کے ہنگامے سے گھر کی رونق بڑھتی ہے اور باہر کے ہنگامے سے [illegible] ہی ختم ہو جاتے ہیں ۔ اگر اس سے رونق قائم نہ ہوتی تو چچا غالب شاید یہ نہ کہہ جاتے ؎

اک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق

ایسا لگتا ہے کہ چچا بھی ساس بہو کے پُر رونق و پاکیزہ ہنگاموں سے اچھی طرح واقف تھے ۔ نہ صرف واقف تھے بلکہ لطف اندوز ہوتے تھے ورنہ بھلا جب تک کوئی شخص [illegible] ہنگاموں سے خود دوچار نہ ہوا ہو ایسا خیال ذہن میں نہیں لا سکتا اور نہ ہی ایسا مضمون باندھ سکتا ہے ۔ حقیقت تو واقعی یہی ہے کہ گھر کی رونق ساس بہو کے وجود ہی سے ہے اور گھر میں جب رونق ہی نہ رہے تو پھر اس کی بے کیفی کا کیا کہنا ۔ زندگی بے کیف تو گھر قبرستان معلوم ہوتا ہے ۔ لہٰذا گھر میں ساس بہو کا ہونا اسی طرح ضروری ہے جس طرح فلم میں جان ڈالنے کے لئے ویلن کا اور محلے میں رونق پیدا کرنے کے لئے کسی خالہ قیامت کا ۔

ہماری روزمرہ کی زندگی بھی کسی طرح چلتی پھرتی فلم سے کم نہیں ۔ لیکن فلم میں صرف ایک ویلن ہوتا ہے اور یہاں تقریباً دونوں ۔ آج تک یہ طے تو نہیں ہو سکا کہ ان دونوں میں کس کا رول اچھا اور کامیاب ہے ۔ ساس اور بہو کا رشتہ اس لئے بھی پاکیزہ اور دلچسپ ہے کہ اس میں کہیں ساس شیر اور کہیں بھیڑ ہوتی ہے ۔ بہت کم ایسا دیکھنے میں آیا ہے کہ دونوں بھیڑ ہوں اگر ساس اور بہو دونوں بھیڑ ہوں تو سمجھ لیجئے کہ سسر یا شوہر نامدار میں سے کوئی ایک ضرور شیر یا بھیڑیا ہوگا اور جس کے خوف سے شکایتی دفتر کا محاذ قائم کرنے کے لئے بھیڑ کی شکل یا صفت اختیار کی گئی ہے ۔ ویسے زیادہ تر ساس و بہو شیر ہی ہوتی ہیں اور ایسا کیوں نہ ہو جبکہ شادی کی ایک رسم کی ادائیگی ہی شوہر کے ان الفاظ پر منحصر ہے "تو شیر میں بھیڑ" دلچسپ بات تو یہ ہے کہ یہ بات کہلوانے کے لئے سب سے زیادہ ساس صاحبہ ہی پیش پیش رہتی ہیں ۔ اور بہت ہی پیار و اصرار کے ساتھ کہتی ہیں "بیٹا اب کہہ بھی چکو میں بھیڑ یہ شیر ۔ اس میں شرمانے کی کیا بات ہے ۔ سبھی کہتے ہیں ۔ آخر ہماری شادی میں بھی تمہارے باپ نے بھی تو اس کا اقرار کیا تھا"

شیر بنگال یا شیر وطن نہیں بلکہ ان شیر نیانہ کے بہت سے قصے مشہور ہیں ۔ ان کی باہم رسہ کشی کبھی کبھی یہ صورت بھی اختیار کر لیتی ہے کہ ساس یا بہو کو پلنگ کے نیچے پناہ گزیں ہونا پڑتا ہے

ایک بار ایسا ہوا کہ ہمارے محلے کی ایک ساس اور بہو میں ذہنی اسٹماٹل شروع ہو گئی ۔ ساس بیچاری نے پلنگ کے نیچے پناہ لی ۔ بہو چیختی ہوئی پہونچی اور چلا کر بولی ۔
"فوراً پلنگ کے باہر آؤ ۔"
ساس نے جواب دیا
"گھر کی مختار میں ہوں جہاں میرا جی چاہے گا بیٹھوں گی ۔"

اسی طرح ایکبار ایسا ہوا کہ ایک صاحب نے اپنی سعادت مند بہو سے چپل خرید کر لانے کی فرمائش کی ۔ وہ خرید کر لانا بھول گئی ۔ گھر پہونچی تو خوب لتاڑی ہوئی بہو بھاگتی ہوئی چپل کی دکان پہ پہونچی ۔ دکاندار نے سائز پوچھا تو کہنے لگی ۔
"میں بہت گڑبڑ میں گھر سے نکلی ہوں میری پیٹھ پہ چپل کا نشان موجود ہے اس کا ناپ لے لیجئے ۔"

بہو جو زمانہ تعلیم میں آدرش وادی تھی دوسری ساس بہوؤں کے قصے سن کر حقارت سے ناک بھوؤں کو سکوڑ لیا کرتی تھی اور جس کا آدرش ہی یہ تھا کہ اگر بہو چاہے تو گھر میں کبھی لڑائی جھگڑا نہ ہو اگر بہو ساس کو ماں سمجھے تو جھگڑا ہی باقی نہ رہے ۔ آج ماں بھی تو لڑکی کو ڈانٹتی ڈپٹتی ہے ۔ سخت سست کہتی ہے ۔ اگر ساس نے کچھ کہہ دیا تو کون سی قیامت آگئی آخر اس کے بھلے ہی کو تو کہتی ہے بغیر بڑے بوڑھے کے بھی کوئی زندگی ہے ۔ لیکن شادی کے بعد وہی آدرشی لڑکی ایک عام عورت بن جاتی ہے دھیرے دھیرے اس کا آدرش ہوا کے دوش پر اڑتا ہے اور یہ وہ کہنے لگتی ہے ۔ [illegible] ساس ماں کا مقابلہ کیا کر سکتی ہے ۔ ارے ماں ڈانٹتی ہے تو پھر پیار بھی تو کرتی ہے ۔

پھر اس صاحبہ کا لڑکے نئی دلہن بنے پہلے عالم یہ ہوتا ہے کہ بہو والے کی تمنا میں مری جا رہی ہیں۔ اگر کہیں بیمار آزار ہیں یا طبیعت ٹھیک نہیں ہے تو لبیں اٹھتے بیٹھتے بہو کا ذکر ان کی زبان پر رہتا ہے۔

"بس اب ایک ہی ارمان رہ گیا ہے کسی طرح مشتو میاں کے سر سہرا دیکھ لوں۔ چاند سی بہو آنگن میں چھم چھم چلتی پھرتی میری آنکھوں میں ٹھنڈک پہونچائے۔" اور پیار ان کا اندازہ جب حقیقت کا روپ دھار لیتی ہے تو رفتہ رفتہ چاند میں گہن لگنے لگتا ہے۔ واری جاؤں، صدقہ جاؤں والی کیفیت ختم ہونے لگتی ہے۔ شروع شروع میں تو خوب تعریفیں ہوتی ہیں پھر جب تعریف ہی ہوتی ہے تو کچھ اس انداز میں ہے۔

"نئی دلہن میں خوبیاں تو بہت ہیں لیکن ذرا لاپرواہ ہے۔"

"کام تو بہت کرتی ہے لیکن سلیقہ کی کمی ہے۔"

"ہوشیار تو بہت ہیں لیکن ذرا مصروف دیتی ہوئی ہے۔"

"اور تو سب ٹھیک ہے بس ذرا تنک مزاج ہے۔"

پھر ایک دوسرا دور شروع ہوتا ہے۔ بہو میں خامیاں نظر آنے لگتی ہیں اور نکتہ چینی شروع ہو جاتی ہے۔

"اے دلہن ذرا چیزیں سنبھال کر رکھا کرو ٹوٹ پھوٹ جائیں گی۔"

"تو بیوی تمہیں تو کپڑے پہننے کی بھی تمیز نہیں ہمارا پائجامہ مٹی میں سنا جا رہا ہے۔"

"اے ہے کیسی ہانڈی تم نے پکائی ہے۔ مرچوں کے مارے زہر ہو گیا اور نمک کا پتہ نہیں۔ کیا اماں باوا نے یہی سکھایا تھا۔" وغیرہ وغیرہ

پھر معاملہ آگے بڑھتا ہے اور بہو بھی تمام آداب وغیرہ بھول بجا ساس کو ترکی بہ ترکی جواب دینا شروع کر دیتی ہے۔ ادھر ساس نے مشتو میاں کے کھانے پینے کے بارے میں یا چیزیں رکھنے اٹھانے کے متعلق کچھ کہا نہیں کہ بہو نے ٹانگ لی۔

"ان کے کھانے پینے کا خیال نہ رکھتی تو وہی سوکھے ساکھے جھرجھری رہتے۔ دیکھتیں نہیں شادی کے بعد کیا کلّے ٹھسے نکل آئے ہیں۔"

"چیزیں ٹوٹ پھوٹ گئیں تو کیا ہوا آخر میرے جہیز ہی کی تو تھیں آپکو کیا غم ہے۔"

شرکت کرنے والے
غلام نبی شیخ، غلام احمد شیخ،
... کریم اور عبدالغنی میر
... ھی گھا
... در کمار کاچرو
غزل محمود گامی
... نوں کے لئے اردو
... پروگرام
... : علی محمد
... : ہمارے نشر
... پروگراموں کا انتخاب
نعت اور منقبت
... جندر کمار کاچرو : غزلیں
(خیال اور قاضی منظور)

۲-۳۰ محمد سلطان بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف
(سوچھ کرال)
۴-۴۰ محمد سلطان بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف
(شاہ غفور اور احمد بٹہ واری)
۶-۱۰ راجندر کمار کاچرو
غزلیں (مہجور اور مرغوب)
۷-۴۰ ساز و آواز
حفیظ احمد خاں - گجری +
۸-۳۰ گھرہ بارہ خاطرہ
گھرانوں کے لئے کشمیری میں
پروگرام
۱۰-۳۰ ریڈیو ڈائری اور
کشمیری موسیقی
شرکت کرنے والے :
راجندر کمار کاچرو، ریتا کول،
نرملا دیوی اور علی محمد۔

سنیچروار ۱۹ اگست

صبح
۶-۵۰ کمال بٹ اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۷-۳۰ ڈوگری موسیقی
۷-۵۵ عبدالصمد صوفی
غزل (صوفی)
۸-۲۰ نوجوانن ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری
میں پروگرام
۱۱-۳۰ کمال بٹ اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۱۲-۰۰ جگت سنگھ جگل
پنجابی گیت
۱۲-۱۵ غلام احمد
ستار پر بندرابنی سارنگ
۲-۱۵ غلام احمد
ستار پر راگ دھنی
۲-۳۰ کمال بٹ اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۴-۴۵ غلام احمد : ستار پر مارو
۶-۱۰ عبدالصمد صوفی : غزلیں
(کنول سولوری اور طالب)
۹-۳۰ موسیقی کا پروگرام

اتوار ۲۰ اگست

صبح
۶-۵۰ حمزہ داس : غزل
(رحمان ڈار)
غلام احمد صوفی اور ساتھی
رفا۔ (دازہ محمود)
شرکت کرنے والے :
محی الدین دانی، غنی ڈار،
اور عبدالرحیم ۔
۸-۲۰ گھرانوں کیلئے اردو پروگرام
۹-۰۰ شری اربندو کی تحریروں
میں سے اقتباسات کا
کشمیری ترجمہ
۹-۱۵ علاقائی ریڈیو نیوز ریل
(اردو)
۹-۳۰ غلام احمد صوفی اور ساتھی
چھکری (مہجور)
۹-۴۵ دو گانے اور کورس (کشمیری)
۱۲-۰۰ نئی حیات کے لقشے
موسیقی کا ملا جلا پروگرام
(اردو) از عبدالاحد فرہاد
۲-۱۵ ہردیپ کور
(فارسی اور اردو غزلیں)
(بھائی نند لال اور غالب)
۲-۳۰ غلام احمد صوفی اور ساتھی
(شاہ غفور)
۴-۳۰ غلام احمد صوفی اور ساتھی
چھکری اور رف
(رحمان ڈار)
۶-۱۰ حمزہ داس : غزل
(رسول میر)
۸-۴۵ انگریزی میں مباحثہ
شرکت کرنے والے :
ڈاکٹر این - این - وکھلو
ڈاکٹر جیا رمن اور شری فیصلے منون

سوموار ۲۱ اگست

صبح
۶-۵۰ محمد خلیل اور ساتھی : قوالی
(عبدالرحمان آزاد)
۷-۳۰ بھیم سین جوشی
خیال للت
۷-۵۵ محمد خلیل : غزل
(جواہر لال سرور)

۸-۴۰ نوجوانوں کے لئے اردو
میں پروگرام
۱۰-۱۰ اکہ غزل
(نرملا دیوی)
۱۱-۳۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف
۱۲-۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام
۲-۱۵ محمد خلیل : غزلیں
(آمین کامل اور فاضل)
۲-۳۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری
۲-۵۰ نصراللہ خاں
کلارنٹ وادن
۳-۳۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف
۴-۵۰ کلارنٹ وادن
۶-۱۰ محمد خلیل اور ساتھی
قوالی (ساقی)
۷-۴۰ ساز و آواز
نصراللہ خاں
کلارنٹ وادن
۸-۴۵ جنگلی جانوروں کی اہمیت
اردو میں بات چیت
۹-۳۰ پانی کا دھواں
اردو میں ڈرامہ
تحریر تسلیم تیوم
۱۰-۳۰ ریڈیو ڈائری اور کشمیری
موسیقی کا پروگرام
غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری
محمد خلیل : غزل
نسیم اختر : غزل

منگلوار ۲۲ اگست

صبح
۶-۵۰ غلام محمد گنائی اور ساتھی
چھکری (مکس فقیر)
شرکت کرنے والے
غلام نبی تیلی، محمد اسماعیل ... ،
محمد شعبان ڈار اور عبدالعزیز شاہ
۷-۳۰ غلام محمد گنائی اور ساتھی
چھکری (رسول میر)
۷-۵۵ رابعہ بیگم : غزل
(مظفر عازم)
۸-۲۰ نوجوانن ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کیلئے کشمیری میں پروگرام

۱۰-۱۰ اکھ غزل
کنول کشور رینا
۱۱-۳۰ غلام محمد گنائی اور ساتھی
چھکری اور رؤف
(محمود گامی)
۱۲-۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام
۲-۱۵ کمل ہنس پال : غزلیں
بیگل آنسابی اور ساغر نظامی
۲-۳۰ غلام محمد گنائی اور ساتھی
چھکری اور رؤف (صمد میر)
۵-۴۰ محبوب حسن : طبلہ وادن
۶-۱۰ راج بیگم : غزلیں
(مخمور اور رجب حامد)
۷-۳۰ ساز و آواز : کمل ہنس پال
نغمہ (مدھوکر راجستھانی)
۸-۴۵ خط کیلئے شکریہ
سامعین کے خطوط کے
جواب

بدھوار ۲۳ اگست

صبح

۶-۵۰ غلام محمد ساز نواز اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
شرکت کرنے والے : محمد
عبداللہ تبت بقال، منظور
کمال بٹ : ستار
محمد سلطان میر : ساز کشمیر
۷-۵۵ غلام قادر بٹ
رباب وادن
۸-۳۰ نوجوانوں کے لئے اردو میں
پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل : نسیم اختر
۱۱-۳۰ غلام محمد ساز نواز اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۱۲-۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام
۱۲-۱۵ جلال گیلانی : غزلیں
۲-۴۵ دوارکا ناتھ کول : غزلیں
۳-۳۰ غلام محمد ساز نواز اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۷-۳۰ ساز و آواز
جلال گیلانی : غزل
۸-۴۵ کن تہ وتن ہنزہ زوہ ماخذ
کشمیری میں بات چیت
۹-۳۰ ریجنل پروگرام
۱۰-۰۰ [illegible]
[illegible]

تحریر : پیارے کشن کمیر
پیش کش : اوتار کشن رہبر

جمعرات ۲۴ اگست

صبح

۶-۵۰ غلام محمد راہ : غزلیں
(عبدالاحد آزاد اور فراق)
۷-۳۰ غلام محی الدین بلبلپوری اور
ساتھی : قوالی
۷-۵۵ غلام محمد راہ
غزل (حزین)
۸-۳۰ نوجوان بندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری
میں پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل
غلام محمد بٹ (نواز)
۱-۳۰ غلام محی الدین بلبلپوری اور
ساتھی : قوالی
۱۲-۰۰ کاجل بنرجی : غزلیں
(فانی بدایونی ، کوثر اور
رفعت سروش)
۱۲-۱۵ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری
۲-۱۵ بھوانی پرشاد مصرا
سارنگی وادن
۳-۳۰ خواتین کے لئے کشمیری میں
پروگرام
۴-۴۰ بھوانی پرشاد مصرا
سارنگی وادن
۷-۴۰ کاجل بنرجی
وطنی گیت (اقبال)
۸-۴۵ یونیورسٹی اور کالجوں کے
لئے پروگرام
۹-۳۰ ڈوگروں کا قومی پروگرام
رسوا دھنا : کرشن آر بندر
کا لکھا ہوا منظوم تمثیل
(انگریزی)

جمعہ ۲۵ اگست

صبح

۶-۵۰ اسد اللہ : غزلیں
(غلام محمد مشتاق اور طالب)
۷-۳۰ گاندھی کتھا
۷-۵۵ پریم ناتھ جیتو
ستار وادن
۸-۳۰ نوجوانوں کے لئے اردو میں

پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل
راجندر کمار کا چرو
(عبد الکریم)
۱۲-۰۰ پھر سنئے
ہمارے نشر شدہ پروگراموں
کا انتخاب
۱۲-۳۰ نعت اور منقبت
۲-۱۵ اسد اللہ : غزلیں
(آزاد اور مہجور)
۲-۳۰ غلام احمد راتھر اور ساتھی
چھکری اور رؤف (صمد میر)
شرکت کرنے والے :
غلام محمد گنائی ، غلام محمد بٹ
عبدالرحمان اور محمد شعبان
۳-۴۵ نیاز احمد نذیر احمد : قوالی
(نعیم بے پوری)
۴-۴۵ پریم ناتھ جیتو
ستار وادن
۷-۳۰ ساز و آواز : وطنی گیت
۸-۳۰ گھرہ بارہ خاطرہ
گھرانوں کے لئے کشمیری میں
پروگرام

سنیچروار ۲۶ اگست

صبح

۶-۵۰ عبدالرحمان رشی : غزلیں
(مشعل سلطانپوری اور
منظور ہاشمی)
۷-۳۰ ڈوگری موسیقی
۷-۵۵ غلام محمد کلو : غزل
(عبدالکریم)
۸-۳۰ نوجوان بندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں
پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل
غلام محمد کلو
۲-۱۵ کملا کیشوانی : غزلیں
(حسرت جے پوری اور فیاض
جے پوری)
۲-۳۰ محمد عبداللہ تبت بقال اور
ساتھی : صوفیانہ موسیقی
۴-۴۵ عبدالرحمان صدیقی : غزلیں
(کاشر اور مرغوب)
۷-۳۰ ساز و آواز
سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں
ہمارا (اقبال)

اتوار ۲۷ اگست

صبح

۶-۵۰ غلام محمد میر : غزل
(مقبول شاہ)
۷-۳۰ غلام نبی بلبل اور ساتھی
چھکری (رحمٰن فقیر)
۷-۵۵ غلام محمد میر : غزل
(خیال)
۸-۳۰ گھرانوں کے لئے اردو میں
پروگرام
۹-۱۰ شری آر کیندر و کے تحریر
میں اقتباسات کا کشمیری
ترجمہ
۹-۱۵ علاقائی ریڈیو خبریں
(اردو)
۹-۳۰ غلام نبی بلبل اور ساتھی
چھکری اور ہاب کھار
اور رحمٰن فقیر
۹-۴۵ غلام محمد میر : غزلیں
(شیخ کبیر اور صمد میر)
۱۱-۰۰ ضلع [illegible] کے ایس [illegible]
نوجوانوں کے کھیل ساند
کا کشمیری روپ
۲-۱۵ مہندر پال : غزلیں
(نقش لائلپوری)
۲-۳۰ غلام نبی بلبل اور ساتھی
چھکری اور رؤف
(رحیم صیب)
۶-۱۰ غلام محمد میر : غزلیں
(مہجور اور فاضل)
۷-۳۰ ساز و آواز
وطنی گیت
۹-۳۰ حالات حاضرہ
دہلی سے
۱۰-۰۰ میونخ میں کھیلے جانے
بین الاقوامی ہاکی میچ
روداد [illegible]
[illegible]

سوموار ۲۸ اگست

صبح

۶-۵۰ غلام نبی [illegible] اور
ساتھی : [illegible]
[illegible]
۷-۳۰ [illegible]

نسیم اختر : ورف
(رجیب حامد)
نوجوانوں کے لئے اردو میں پروگرام
اکھ غزل
(غلام حسن صوفی)
غلام نبی ڈول وال اور ساتھی
چلنت (بشیر محمد راہی)
رسولن بھائی : دادرا
اسکولوں کے لئے پروگرام
نسیم اختر : غزلیں
(منظور ہاشمی، یوسف عاجز)
ایم۔ ایچ ڈلو
غزلیں اور گیت
(قدیر، گوردھن بھارتی)
میونخ میں کھیلے جانے میں بین الاقوامی ہاکی کارواں تبصرہ
(صرف میڈیم ویو پر)
، غلام نبی ڈول وال اور ساتھی
چلنت (جانباز اور رسا)
۹ نسیم اختر : غزلیں
(رخشاں امین اور انقلاب)
۷ ساز و آواز : وطنی گیت
۸ خوشحالی کے لئے ... ہندی
اردو میں مباحثہ
۹ مجاہد : کشمیری مزاحیہ تمثیل
تحریر اللہ بخش گش : بشری
پیش کش : نعمان

منگل وار ۲۹ راگست

صبح

۶-۰۰ عبدالرحمان خان : غزلیں
(امین تیرا اور رسول بٹ)
۷-۲ عبدالخالق اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۷-۵ محمد سبحان بٹ
سارنگی وادن
۸-۰ نوجوانن ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں پروگرام
۱۰-۱ اکھ غزل : غلام محمد راہ
۱۱-۳ عبدالخالق اور ساتھی
صوفیانہ کلام
۱۲-۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام
۱۲-۳۰ بھجن
۲-۱۰ من موہن بھارتی : غزلیں
(ایم۔ سی لتیش اور عزیز وارثی)
۲-۳۰ عبدالخالق اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۶-۱۰ عبدالرحمان خان : غزلیں
(رسول میر اور مہجور)
۷-۴۰ ساز و آواز
من موہن بھارتی : وطنی گیت
۸-۴۵ خط کے لئے شکریہ
سامعین کے خط اور ان کے جواب
۹-۳۰ تقریروں کا قومی پروگرام
۹-۴۵ لوک گیت
ملک کے لوک گیتوں کا پروگرام
۱۰-۳۰ ریڈیو ڈائری اور آپ کی فرمائش

بدھوار ۳۰ راگست

صبح

۶-۵۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری (فانی)
۷-۵۵ کنول کشور جالا : غزل
(صبا کشمیری)
۸-۲۰ نوجوانوں کے لئے اردو میں پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل : غلام قادر روانی
۱۱-۳۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری اور رؤف (رشید نازکی)
۱۱-۴۵ میناکپور : غزلیں
(رفعت سروش اور کوثر)
۱۲-۰۰ اسکولوں کے لئے پروگرام
۲-۱۵ کنول کشور جالا : غزلیں
(نعمہ حبیب، آزاد اور رسول میر)
۲-۳۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری اور رؤف
(رسول بٹ)
۴-۴۵ میناکپور : غزلیں
(صبا افغانی اور بی۔ کے پوری)
۶-۱۰ کنول کشور جالا : غزلیں
(فاروق اور مہجور)
۷-۴۰ ساز و آواز
میناکپور : نغمہ
(کلش لائلپوری)
۸-۴۵ راہے تراہے
سائنس تعلیمی نظام میں ممبر کرکی جگہ : کشمیری میں بات چیت
۹-۳۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۰۰ میونخ میں کھیلے جانے والے بین الاقوامی ہاکی میچ کا رواں تبصرہ (صرف میڈیم ویو پر)

جمعرات ۳۱ راگست

صبح

۶-۵۰ راج بیگم : غزل
(شمس الدین غمگین)
۷-۳۰ عبدالغنی اور ساتھی
چھکری اور رؤف (نواز اور رسول میر)
شرکت کرنے والے : محمد اشرف محمد سبحان اور غلام محمد شاہ
۷-۵۵ راج بیگم : غزل : کامی
۸-۲۰ نوجوانن ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل : راجندر کار کاچرو
۱۱-۳۰ عبدالغنی اور ساتھی
چھکری اور ریت (محمود گامی)
۲-۱۵ عبدالحمید قوال اور ساتھی
قوالی (دلبر)
۲-۲۵ میونخ میں کھیلے جانے والے بین الاقوامی ہاکی میچ کا رواں تبصرہ (صرف میڈیم ویو پر)
۲-۳۰ خواتین کے لئے کشمیری میں پروگرام
۴-۳۰ عبدالغنی اور ساتھی
چھکری اور رؤف
(نعمہ حبیب)
۶-۱۰ راج بیگم اور نسیم اختر
(دوگانے)
۷-۴۰ ساز و آواز
وطنی گیت
۸-۴۵ یونیورسٹی اور کالجوں کے لئے پروگرام
۹-۳۰ مدعو سامعین کے سامنے ٹیگور ہال میں منعقدہ محفل موسیقی سے اقتباسات

بقیہ ریڈیو کشمیر جموں

۶-۱۵ شاستریہ سنگیت
۸-۰۰ ڈوگری وارتا
۸-۱۵ ڈوگری گیت
۸-۳۵ گیت منجری
۹-۳۰ آپ کے خط اور آپ کی فرمائش +
۱۰-۳۰ احمد علی خان
سرود پر بہاگ

بدھوار ۳۰ راگست

۷-۱۵ سندھی پرکاش راگ +
۸-۲۰ دیوندر سنگھ : غزلیں
۸-۴۰ فلمی دھنیں +
۹-۰۰ گنگا پرشاد پاٹھک
خیال پرنسا اور ٹھمری بھیروی
۱-۳۰ قوالیاں +
۶-۱۵ ساز سنگیت +
۸-۰۰ بہار کشمیر
(دھنوں کی کشمیری زندگی کی صوتی تصویر)
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ ڈوگری سنگیت
۸-۳۵ گیت منجری
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ وارتا کاریہ کرم
۱۰-۳۰ پائل +

جمعرات ۳۱ راگست

۸-۲۰ سمن کلیان پور +
۸-۴۰ ٹھمری +
۹-۰۰ اننت لال اور ساتھی
۔ شہنائی پر گوجری ٹوڈی
۹-۱۵ استاد بڑے غلام علی خان +
۱-۳۰ بہنیں آسیلے
(ڈوگری میں عورتوں کے لئے پروگرام)
۶-۱۵ ساز سنگیت
۸-۰۰ نوجوانوں کے لئے
۸-۳۰ گیت منجری
۹-۳۰ کالا دامن : سنگیت روپک
از رام کرشن پرشاد
۱۱-۳۰ اننت لال اور ساتھی
شہنائی پر چندر کونس
۱۱-۴۰ اختتام

آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشنوں کے میٹر

میڈیم ویو سروس

	کلوہرٹز	میٹر
البیسر	۶۰۰	۵۰۰/۰
الہ آباد الف	۹۵۰	۳۱۵/۸
الہ آباد ب	۱۴۲۰	۲۱۱/۱
بھوپال	۱۵۲۰	۱۹۷/۴
بھوپال وودھ بھارتی	۱۲۰۰	۲۵۰/۰
بیکانیر	۱۳۲۰	۲۲۷/۳
چنڈی گڑھ	۱۱۲۰	۲۶۷/۹
دہلی الف	۸۱۰	۳۷۰/۴
دہلی ب	۱۰۲۰	۲۹۴/۱
دہلی ج	۱۳۷۰	۲۱۹/۰
دہلی د	۱۵۷۰	۱۹۱/۱
گوالیار	۱۳۹۰	۲۱۵/۸
اندور الف	۶۵۰	۴۶۱/۵
اندور وودھ بھارتی	۱۵۹۰	۱۸۸/۷
جے پور الف	۱۴۸۰	۲۰۲/۷
(صرف شام ۷-۲۵ سے ۸-۲۵ تک)		
جے پور ب	۱۲۷۰	۲۳۶/۲
	۶۱۷۰	۴۸/۶۲
جے پور ج	۱۴۸۰	۲۰۲/۷

(صرف شام ۷-۲۵ سے ۸-۲۵ تک)

	کلوہرٹز	میٹر
جبل پور	۱۱۸۰	۲۵۴/۲
جودھ پور الف	۵۴۰	۵۵۶
جودھ پور ب	۸۱۰	[illegible]
جالندھر الف	۸۱۰	۳۴۷/۱
جالندھر ب	۷۱۰	۴۲۲/۵
جالندھر وودھ بھارتی	۸۰۰	۲۲۲/۲
لکھنؤ الف	۷۴۰	۴۰۵/۴
لکھنؤ وودھ بھارتی	۹۱۰	۳۲۹/۷
پٹنہ	۶۲۰	۴۸۳/۹
پٹنہ وودھ بھارتی	۱۵۰۰	۲۰۰/۰
آیجل	۵۴۰	۵۵۶/۰
رائے پور	۹۸۰	۳۰۶/۱
رام پور	۱۰۶۰	۲۸۳/۰
رانچی	۵۶۰	۵۳۵/۷
رانچی	۱۳۴۰	۲۲۳/۹
وارانسی	۱۲۴۰	۲۴۱/۹
کلکتہ الف	۶۶۰	۴۵۴/۵
کلکتہ ب	۱۰۰۰	۳۰۰/۰
کلکتہ وودھ بھارتی	۱۳۲۰	۲۲۷/۳
کٹک الف	۹۶۵	۳۱۰/۹
کٹک ب	۱۳۵۰	۲۲۲/۲
لیہہ	۱۰۵۰	۲۸۵/۷

	کلوہرٹز	میٹر
گوہاٹی الف	۷۳۰	۴۱۱/۰
گوہاٹی ب	۱۰۳۰	۲۹۱/۳
امپھال	۱۳۹۰	۴۱۵/۸
جے پور (مشرقی علاقائی سروس)	۱۴۶۰	۲۰۵/۵
کوہیما	۱۴۹۰	۲۰۱/۳
پاسی گھاٹ	۱۰۶۰	۲۸۳/۰
سمبل پور	۸۶۰	۳۴۸/۸
شلانگ	۷۷۰	۳۸۹/۶
سلی گوری	۱۵۶۰	۱۹۲/۳
بنگلور الف	۶۱۰	۴۹۱/۸
بنگلور وودھ بھارتی	۱۰۵۰	۲۸۵/۷
بھدراوتی	۸۰۰	۳۷۵/۰
کالی کٹ الف	۶۸۰	۴۴۱/۲
کالی کٹ ب	۱۰۹۰	۲۷۵/۲
کڈاپا	۹۰۰	۳۳۳/۳
دھارواڑ الف	۱۳۶۰	۲۲۰/۶
دھارواڑ وودھ بھارتی	۱۱۶۰	۲۵۸/۶
حیدر آباد الف	۷۴۰	۴۰۵/۴
حیدر آباد ب	۱۳۸۰	۲۱۷/۴
حیدر آباد وودھ بھارتی	۱۲۲۰	۲۴۵/۹
وشاکھاپٹنم	۹۳۰	۳۲۲/۶
مدراس الف	۷۲۰	۴۱۶/۷
مدراس ب	۱۴۲۰	۲۱۱/۳
مدراس ج	۱۵۵۰	۱۹۳/۵
پانڈیچری	۷۵۰	۴۰۰/۰
تروچی راپلی الف	۹۴۰	۳۱۹/۱
تروچی راپلی وودھ بھارتی	۱۲۸۰	۲۰۲/۷

	میٹر
ترونیل ویلی	۲۵۰/۰
تریچور	۴۶۸/۰
وجے واڑہ الف	۵۰۰/۹
وجے واڑہ ب	۳۰۰/۰
احمد آباد الف	۳۴۴/۲
احمد آباد / بڑودہ	۲۵۲/۹
بھج	۲۲۹/۰
بمبئی الف	۲۸۸/۵
بمبئی ب	۵۴۵/۵
بمبئی وودھ بھارتی	۲۵۲/۱
پناجی	۳۴۰/۷
ناگپور الف	[illegible]
ناگپور وودھ بھارتی	۴۵۴/۵
پونہ	۱۹۳/۲
پونہ وودھ بھارتی	۳۰۹/۲
پربھنی	۲۲۰/۸
سانگلی	۲۴۰/۰
راجکوٹ	۴۲۲/۸
راجکوٹ وودھ بھارتی	۲۱۱/۲
پورٹ بلیئر	۲۰۸/۳
تھنگر	۲۷۰/۳
کوئمبٹور	۲۹۷/۰
بھاگلپور	۳۰۴/۸
اگرتالہ	۲۲۹/۲
ڈبروگڑھ	۵۳۶/۳
تیز پور / [illegible]	۲۶۵/۰

شارٹ ویو سروس

بھوپال

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۸-۵۰ تک	۹۰/۵۰	۳۳۱۵
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۵ تک	۵۰/۰۸	۵۹۹۰
صبح ۱۰-۱۵ سے ۵-۱۵ تک	۴۱/۷۸	۷۱۸۰
شام ۵-۳۰ سے ۱۲-۰۰ رات تک	۹۰/۵	۳۳۱۵

دہلی الف اور ب

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۰۰ سے ۸-۲۵ تک	۸۹/۱۵	۳۳۶۵
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۱۱ تک	۴۸/۴۷	۶۱۹۰
صبح ۱۰-۱۱ سے ۵-۱۵ تک / ... ۵-۱۵ بجے تک	۴۱/۱۵	۷۲۴۰
شام ۶ سے ۹ بجے تک	۸۹/۱۵	۳۳۶۵

دہلی ج

	میٹر	کلوہرٹز
صرف رات ۹-۰۰ سے ۱۰-۱۵ تک	۷۶/۴۲	۳۹۰۵

لکھنؤ ب

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے [illegible]	۹۳/۴۰	۳۲۰۶
صبح ۸-۰۰ سے ۳-۳۰ [illegible]	۴۸/۶۲	۶۱۷۰
[illegible] تک	۴۱/۴۸	۷۲۵۰
شام [illegible] ۱۲ بجے رات تک	۹۳/۴۰	۳۲۰۵

شملہ

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۸-۱۵ تک	۹۳/۰۹	۳۲۲۳
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۰۰ تک / صبح ۱۰-۱۵ سے ۴-۱۵ تک / شام ۵-۰۰ سے ۶-۱۵ تک	۴۹/۸۳	۶۰۲۰
شام ۶-۳۰ سے ۱۲ بجے رات تک	۹۳/۰۹	۳۲۲۳

حیدر آباد الف

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۱۰ سے ۸-۱۵ تک	۸۹/۴۴	۳۳۵۵
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۰۰ تک / صبح ۱۰-۱۰ سے شام ۵-۱۵ تک	۴۲/۰۲	۷۱۴۰
شام اور رات	۶۲/۵۰	۴۸۰۰

مدراس الف

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۹-۱۵ تک	۶۰/۹۸	۴۹۲۰
صبح ۱-۳۰ سے شام ۵-۱۵ تک	۴۱/۹۰	۷۱۶۰
شام ۵-۳۰ سے ۱۲ بجے رات تک	۶۰/۹۸	۴۹۲۰

بمبئی ب

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۸-۱۵ تک	۹۱/۰۵	۳۲۹۵
صبح ۸-۰۰ سے ۹-۵۰ تک	۴۱/۴۴	۷۲۴۰
صبح ۱۰-۰۰ سے ۵-۱۵ تک	۴۱/۴۴	۷۲۴۰

شام ۴-۵۰ سے ۱۲ بجے رات تک ۶۱/۹۸ ۴۸۴۰

کلکتہ

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۱۵ تک	۶۲/۲۴	۴۸۲۰
؍؍ ۷-۳۰ سے ۹ تک / ؍؍ ۹-۱۵ سے ۳-۳۰ تک / سہ پہر ۳-۴۵ سے ۳-۲۰ تک	۴۱/۶۱	۷۲۱۰
شام ۶-۰۰ سے ۱۲ بجے رات تک	۶۲/۲۴	۴۸۲۰

گوہاٹی الف

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۰۰ سے ۹-۱۵ تک	۶۰/۷۳	۴۹۴۰
صبح ۷-۳۰ سے ۹-۳۰ تک	۵۰/۲۵	۵۹۷۰
صبح ۹-۴۵ سے شام ۵ تک	۴۱/۲۱	۷۲۸۰
شام ۵-۱۵ سے ۱۲-۰۰ تک	۸۸/۸۹	۳۳۷۵

گوہاٹی ب

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۹-۴۵ تک	۶۲/۸۳	۴۷۷۵
صبح ۸-۰۰ سے ۹-۱۵ تک / صبح ۹-۱۰ سے ۳-۲۵ تک / شام ۴-۰۰ سے ۵-۴۵ تک	۴۱/۹۶	۷۱۵۰
شام ۵-۴۵ سے ۱۲ بجے رات تک	۹۲/۴۴	۳۲۴۵

کوہیما

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۰۰ سے ۸-۱۵ تک	۶۱/۸۶	۴۸۵۰
؍؍ ۸-۰۰ سے ۹-۱۵ تک	۴۹/۶۴	۶۰۶۵
؍؍ ۱۰-۰۰ سے ۳-۱۵ تک	۴۱/۸۴	۷۱۷۰
سہ پہر ۳-۳۰ سے رات [illegible] تک	۴۹/۳۴	۶۰۶۵
شام ۴-۴۵ سے ۶ رات [illegible] تک	۹۱/۸۰	۳۲۶۸

کرسیانگ

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۴۵ سے ۸-۴۵ تک	۶۱/۲۹	۴۸۹۵
صبح ۱۰-۰۰ سے ۴-۴۵ تک	۴۱/۶۴	۷۲۳۰
شام ۵-۰۰ سے رات [illegible] تک	۸۹/۴۲	۳۳۹۵

جموں

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۸-۱۵ تک	۸۹/۶۹	۳۳۴۵
؍؍ ۸-۰۰ سے ۱۰-۰۰ تک	۵۰/۲۲	۵۹۹۰
؍؍ ۸-۰۰ سے ۲-۴۵ تک	۵۰/۳۴	۵۹۶۰
شام ۵-۰۰ سے رات [illegible] تک	۸۹/۶۹	۳۳۴۵

سری نگر

	میٹر	کلوہرٹز
صبح ۶-۳۰ سے ۸-۱۵ تک	[illegible]	۳۲۷۷
؍؍ ۹-۰۰ سے ۱۰-۴۵ تک	۴۱/۴۷	۷۲۶۰
شام ۸-۰۰ سے [illegible] تک	[illegible]	۳۲۷۷






(اوپر) شو بہاری لال مصرا: حال ہی میں آکاشوانی لکھنؤ سے ستار وادن پیش کرتے ہوئے۔
(دائیں جانب) مالویکا کانن: ریڈیو کشمیر جموں سے مورخہ ۲۲ اگست کو صبح نو بجے خیال جونپوری اور رات ساڑھے دس بجے ٹھمری کھماج پیش کریں گی۔
(نیچے) حال ہی میں آکاشوانی حیدرآباد سے محفل شعر کا ایک خصوصی پروگرام نشر کیا گیا۔ جس میں شاہجہاں بانو یاد ساجد لکھنوی۔ محبوب گونڈوی۔ نور لکھنوی۔ کشفی لکھنوی اور دلی آسی نے حصہ لیا۔





Published by the Director General, All India Radio, at the Office of the Editor, Akashvani Group of Journals, 2nd Floor, Press Trust of India Building, Parliament Street New Delhi-1 •
Printed at R R Gupta Press, Delhi-6 Editor : G. C. CHUCKERVERTTY



(اوپر) میوتن بھٹاچاریہ: آکاشوانی لکھنؤ سے ۲۴ اگست کو صبح سات بجکر دس منٹ پر اور دوپہر ایک بجکر پانچ منٹ پر سرود وادن پیش کریں گے۔

(نیچے) رادھارمن سنگھ اور ساتھی: آکاشوانی پٹنہ کے یوتھ پروگرام میں گٹار اور دوسرے ساز پیش کرتے ہوئے۔ یہ پروگرام حال ہی میں براڈکاسٹ کیا




۱۲؍ اگست ۱۹۷۳ء



جنن پرکاش گھوش



بہادر خاں

اکھل بھارتیہ کاریہ کرم

سنگیت سنیچر وار ۲ ستمبر کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں جنن پرکاش گھوش کا ہارمونیم وادن پیش کیا جائیگا۔ علاوہ اس کے کلکتہ یوتھ کوائر کورس گیتوں کا ایک پروگرام پیش کرے گا۔ [illegible] جنن پرکاش گھوش موسیقی کے نامور استادوں میں شمار کئے جاتے ہیں اور ہارمونیم بجانے کے ہنر میں بہت مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔

کلکتہ یوتھ کوائر کا قیام ۱۹۵۹ء میں عمل میں لایا گیا تھا۔ یہ کوائر صرف لوک گیت ہی نہیں بلکہ رابندر ناتھ ٹیگور، قاضی نذرالاسلام، ہیمنت اندرن بسنت اور دیگر [illegible] بھی نہایت دلکش اور موثر انداز میں پیش کرتا ہے۔

روپک بھارت کی [illegible] پر مشتمل ہے جو علاقوں، مذہب یا لسانی اختلافات کے [illegible] اور [illegible] ایک [illegible] سے ہم آہنگ ہیں لیکن آزادی کے بعد ترقی کا پہیہ تیزی سے چلنے لگا اور یہاں بڑی تبدیلیاں ظہور میں آنے لگیں۔ اس صورت حال کے بارے میں روپک "پہیہ سمے کا" کہانی مہیشی گاؤں کی ہیں روشنی ڈالی گئی ہے۔ روپک [illegible] کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ روپک کاریہ کرم میں نشر کیا جائیگا اور آکاشوانی کے سبھی اسٹیشن اسے اپنی اپنی متعلقہ علاقائی زبانوں میں نشر کریں گے۔ (تحریر اور پیش کش: شو ساگر مشر)



سنگیت بہادر خاں آنجہانی استاد [illegible]ت علی خاں کے فرزند ارجمند ہیں۔ جنہیں گورو رابندر ناتھ ٹیگور نے شانتی نکیتن میں موسیقی کی تعلیم دینے کی ذمہ داری سونپی تھی۔ بہادر خاں نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی اور بعد میں استاد علاؤ الدین خاں کی شاگردی اختیار کی۔ بہادر خاں اندرون و بیرون ملک شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ سنیچر وار ۹ ستمبر کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں بہادر خاں کا سرود وادن سنا جا سکے گا۔

کلکتہ یوتھ کوائر



آواز

آل انڈیا ریڈیو کا پندرہ روزہ رسالہ

پاکستان، نیپال اور سیلون میں آواز کی قیمت

سالانہ پانچ روپے پچاس پیسے ... فی پرچہ پچیس پیسے

اس رسالہ میں اور آل انڈیا ریڈیو کے دیگر رسالوں میں شائع شدہ پروگرام اور مضامین کے حقوق اشاعت بحق حکومت مرکزی محفوظ ہیں۔ دوبارہ شائع کرنے سے پہلے اجازت لینی لازمی ہے۔

جلد ۳۷ | ۲۲ اگست ۱۹۷۲ء | نمبر ۱۷

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈیسائی

ہماری مشترک تہذیب: فنِ تعمیر

برصغیر میں مسلمانوں کی آمد سے یہاں کی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ہوتا ہے۔ ان نو واردوں کی تعمیری روایات انکی تہذیب و تمدن کی طرح مقامی طرزِ تعمیر سے جدا تھیں۔ ظہورِ اسلام سے لے کر ہندوستان میں سکونت پذیری کے ساڑھے چار سو یا پانچ سو سال کے اندر انکا طرزِ تعمیر یونانی رومی اور ایرانی تعمیراتی روایتوں کے حامل ہونے کے علاوہ مرکزی ایشیا اور شمالی مشرقی ایران یعنی موجودہ افغانستان میں ارتقائی منزلیں طے کر کے نقطۂ عروج پر پہنچ چکا تھا۔ تو یہاں ہندوستان کے طول و عرض میں بھی متنوع تعمیری روایات اپنی تمام قوتوں اور رعنائیوں کے ساتھ جلوہ گر تھیں جو ظاہری شکل و صورت میں اور معنوی حیثیت سے بھی اسلامی وضع سے مختلف تھیں۔ اسلامی عبادت گاہوں، مقبروں اور رہائشی مکانات کے نقشے اپنی نوعیت کی مقامی عمارتوں سے بالکل جداگانہ تھے۔ مثلاً اسلامی عمارتوں کی عام ظاہری شکل کے لازمی اجزا مثلاً گنبد، مینار، نیم گنبدی دروازے، قوسی چھتیں، ... گنبد بنانے ... قسم کے ڈاٹ کے طریقے ... یہاں کیلئے بالکل نئی چیزیں تھیں، پھر بیرونی ممالک میں عمارت سازی میں اینٹ چونے کا استعمال ہونے کی صورت میں وسیع چھت دار دالانوں کی تعمیر میں کمانوں اور محرابوں کا استعمال ناگزیر تھا، مقامی عمارت سازی میں اینٹ کی جگہ اکثر و بیشتر پتھر استعمال ہوتا تھا اس لئے تعمیر کا عام طریقہ بیلیا سے اور سردل کے ذریعہ کڑیوں کی چھت بنانے کا تھا، اس کے علاوہ نقش و نگار اور تزئین کا اسلامی تصور بھی مختلف تھا، یہ محض سطح پر ابھری ہوئی اقلیدسی شکلوں، کتبوں، بیل بوٹوں مختلف رنگ کی کاشی کاری سنہری پچیکاری وغیرہ تک محدود تھا۔ جبکہ ہندوستانی آرٹ کا امتیازی جز سنگ تراشی تھا جس میں یہاں کے ہنروروں نے جو کمال دکھایا

اس شمارے میں

ہمارا سرورق

اس سال عظیم فلسفی اور صوفی شری آربندو کی جنم شتابدی منائی جا رہی ہے۔ اس موقعہ پر آکاشوانی کے مختلف اسٹیشنوں سے خصوصی پروگرام نشر کئے جا رہے ہیں۔

ہے وہ مجموعہ [illegible] رنگا رنگ [illegible] ہے [illegible] کو پہلا [illegible] سبب ہے پہلا ایک مسجدوں یا مقبروں کی تعمیر میں یہ دشواری پیش آئی کہ مقامی کاریگر اس ہیئت کی عمارتوں کی تعمیری روایات سے ناآشنا تھے لیکن تھوڑے ہی دنوں میں یہ مشکل بھی آسان ہو گئی اور رفتہ رفتہ ان دو بظاہر مختلف المزاج بلکہ یوں کہیے کہ متضاد فنی روایات کے حسین امتزاج سے ہندوستانی اسلامی فن تعمیر کا ظہور ہوا جو ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کا ایک [illegible] پہلو ہے [illegible] اس نئے طرز سے جو عمارتیں [illegible] عظمت اور پرشکوہ وقار [illegible] ہیں وہ [illegible] طرز کی گوناگوں خوبیوں کا مرقع [illegible] ہیں۔ مقامی فن کی روایات اور آرائش [illegible] کی اعلیٰ درجہ کی سنگ تراشی اور نقش و نگار میں مضمر ہے تو اسلامی طرز کی خوبی اس کے تناسب، وسعت اور دوسری خصوصیت میں پائی جاتی ہے۔ اس نئے طرز میں ایک طرف اسلامی طرز کی خوبی کی خشک متانت اور انتہائی سادگی کو قدرے پرتکلف بنایا گیا، تو دوسری طرف مقامی طرز کے رنگینی افراط کو کم کر دیا گیا۔

ان دو عنصروں کا امتزاج جتنا گہرا تھا اتنا ہی ہم آہنگ تھا۔ اور اس سے ایک نئے طرز کی تشکیل ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان بادشاہوں کے ہاتھوں [illegible] طرز پر بنی ہوئی نوبنیاد تمام کی تمام عمارتیں۔ مثلاً علائی دروازہ، جماعت خانہ، مقبرۂ تغلق شاہ اور فیروز تغلق کے عہد کی مسجدیں اور مقابر، سلاطین سیدیہ کے مقبرے، لودھی بادشاہوں کے عہد کی مسجدیں اور مقابر، شیر شاہ کی دہلی کے پرانے قلعہ کی [illegible] کاری اور سہسرام میں اسکے اپنے والد کا مقبرہ اور دیگر مقابر وغیرہ کی مماثل عمارتیں بیرون ہند میں ڈھونڈنے سے بھی نہ ملیں گی۔ البتہ ان تعمیری شاہکاروں کا مذہبی تقدس، روایات یا مقاصد کے اظہار کی بنا پر مختلف ہونا لازمی تھا۔

بارہویں صدی عیسوی کے آخر اور تیرہویں صدی کی ابتدا میں بنی ہوئی دلی، اجمیر اور بڑی کھاٹو (ضلع ناگور) کی مسجدوں اور دہلی کے دو قدیم ترین مقبروں سلطان غازی اور مقبرہ التمش کی تعمیر میں مقامی کاریگر فنی معیار کے لحاظ سے پوری طرح کامیاب نہ ہو پائے کیونکہ وہ ابھی محراب بندش بنانے والے اسلامی نقش و نگار کی روایات سے واقف نہ تھے۔ اس لیے ان عمارات میں مقامی طرز تعمیر کی خصوصیات غالب ہیں۔ لیکن چودھویں صدی کے اوائل سے ہی نیا طرز تعمیر کامیابی کے ساتھ برتا جا چکا تھا۔ چنانچہ اس نئے طرز کی پہلی کامیاب مثال دہلی کا علائی دروازہ ہے جس کی ظاہری اور معنوی شکل اور تزئین کاری اس نئے طرز کا حسن آفریں نمونہ ہے۔ اسی عہد کی دوسری اہم عمارت مسجد جماعت خانہ ہے جو حضرت نظام الدین اولیاء کے مزار کے عقب میں واقع ہے۔ اسی طرز پر تعمیر شدہ مقبرۂ تغلق شاہ سے لیکر فیروز شاہ کے عہد کی مسجدیں اور مقبرے چودھویں اور پندرہویں صدی عیسوی کے تعمیری شاہکار ہیں۔

اسی عہد میں اس نئے طرز نے برصغیر کے مختلف صوبوں میں وہ تعمیری شاہکار پیدا کیے جن پر کوئی بھی مہذب قوم بجا طور پر ناز کر سکتی ہے۔ جونپور، گوڑ اور مالوہ، دھار اور مانڈو کی، احمدآباد اور چانپانیر، بیدر، بیجاپور، گولکنڈہ اور حیدرآباد وغیرہ شہروں میں متعدد عمارات ہیں جو ہند کا اسلامی فن تعمیر کی بہترین روایات کی عکاس ہیں۔ کشمیر میں بھی مسلمانوں کی عمارتوں میں پرانی تعمیری روایات کو ایک حد تک قائم رکھا گیا اور قدیم طرز میں حسب ضرورت ردو بدل کرکے ایک نئی شکل میں ڈھال لیا گیا۔ عہد مغلیہ خصوصاً اکبر کا زمانہ اس لحاظ سے کافی اہم ہے۔ لاہور، آگرہ، الہ آباد اور اس کے نئے آباد کئے ہوئے پایۂ تخت فتحپور سیکری کی عمارتیں اسی مشترکہ تہذیب کی نمائندگی کرتی ہیں۔ آگرہ کا جہانگیری محل، فتحپور سیکری کا دیوان خاص، جودھا بائی کا محل، راجہ بیربل کا مکان، مریم کا مکان، ترکی سلطانہ کا محل، پنچ محل، خواب گاہ، آنکھ مچولی وغیرہ پر ہی موقوف نہیں خود فتحپور سیکری کی مسجد جامع اور اس کے صحن میں واقع حضرت شیخ سلیم چشتی رح کا مزار بھی اس طرز کی خصوصیات کا حامل ہے۔

اس نئے طرز کی عالمگیر حیثیت تھی کہ جنوبی ہند کو چھوڑ کر ملک کے تقریباً تمام حصوں میں رائج و شائع رہے۔ یہاں تک کہ خود عبادتگاہوں اور دیگر پرستش گاہوں کی تعمیر بھی کافی حد تک اس طرز سے متاثر رہی۔ جنوب تک کے بعض حصوں میں مذہبی عبادت گاہوں کو چھوڑ کر دوسری عمارتوں میں یہ طرز کافی نمایاں ہے۔ [illegible] سلطنت وجے نگر کے پایۂ تخت ہمپی کے پندرھویں، سولہویں صدی کے تاریخی آثار کو دیکھ کر شخص یہ بلا تامل نہیں کہہ سکتا کہ انکا طرز جدا ہے۔

سترہویں صدی سے شمالی ہندوستان میں خصو

ہائی ٹون
ایریئلیس
ریڈیو کو نئی طاقت دیتے ہیں
ہر جگہ ملتے ہیں۔

قمر رئیس

جہانِ آزاد

ایک موجِ رواں
برق سی کوندتی
کسمساتی لچکتی تڑپتی ہوئی
سطحِ آب سے نیچے تہ میں گئی
اک جھمیلے میں پڑی
نیم خوابیدہ ماہی کو آغوش میں لے کے
اوپر چلی
راستہ میں عجب جوش و پندار سے
موج گویا ہوئی
کم نظر بے خبر ماہیِ تہ نشیں
تو کنیزِ خورد و خواب اب تک رہی
آ دکھاؤں تجھے زندگی روشنی
رقص سورج کی کرنوں کا شام و سحر
شوخ چنچل ہواؤں کا اُجلا نگر
نرم شاخوں میں پتّوں کی سرگوشیاں
مرغزاروں میں آہو کی مدہوشیاں
خوش نوا طائروں کے حسیں زمزمے
مست و محوِ سفر ابر کے قافلے
یہ وہ آزاد دنیا ہے
ذرّہ جہاں
قلبِ شہزادہ ہے
ہر طرف پرفشاں
من کی آزادیاں
تن کی شہزادیاں
سطحِ آب پر موج جونہی اٹھی
اک بڑی موج کے
سیل آغوش میں کھو کے گم ہو گئی
ماہیِ کم نظر
سہمی سہمی ہوئی
دیر تک موج کی راہ تکتی رہی

...الیار، اوڑچھہ، دتیا، انبیر، اودے پور، بوندی، بیجاپور، دیگ، وغیرہ میں ہندی اسلامی طرزِ تعمیر کے شاہکار محل تعمیر ہوئے۔ جنوب میں اٹھارہویں صدی عیسوی میں مدورائی اور تانجور کے ہندو راجاؤں کے محل اسی طرز کے حامل ہیں۔

شمالی ہند میں ہندو عبادت گاہیں بھی اسی طرز کے اثر سے محفوظ نہ رہ سکیں جیسا کہ گوالیر، بندرابن، گوبردھن، دہلی، بنارس وغیرہ کے بعض مندروں کی وضع سے مترشح ہوتا ہے۔ بنگال میں مسجد اور مندروں کی ظاہری شکل میں کافی حد تک مشابہت ہے۔ اسے بھی اسی اثر کا نتیجہ سمجھنا چاہیئے۔

مشترکہ تہذیب کا فنِ تعمیر کے ذریعہ ایک اور اظہار ہندو راجاؤں کی یادگار چھتریوں کی صورت میں ہوا۔ ہندوستان کے مختلف حصّوں میں مردوں کی راکھ پر سمادھیوں اور رہاستیوں کے بنانے کا رواج اسی ثقافتی امتزاج کے بعد ہی ہوا۔ اس لئے ان کا طرز بھی اسی سے متاثر ہے۔ یہ اثر انیسویں صدی تک قائم رہا۔ چنانچہ اس عہد میں بنے ہوئے مندر اور محل کا طرز اسی ہندو اسلامی طرزِ تعمیر کا خوشہ چیں نظر آتا ہے۔

خود انگریز کے عہد کے تعمیری کاموں میں اس مشترکہ طرز کو ہندوستانی کلچر اور تہذیب کا صحیح نمائندہ سمجھ کر نظر انداز نہیں کیا گیا جیسا کہ بمبئی کی پرنس آف ویلز میوزیم، گیٹ وے آف انڈیا اور دیگر عمارتوں اور کلکتہ کے وکٹوریہ میموریل ہال وغیرہ کے طرز سے ظاہر ہے۔

اس طرز کی ہمہ گیری محض تاریخی یادگاروں یا اہم مذہبی عمارتوں تک ہی محدود نہ تھی بلکہ اس مشترکہ تعمیری ورثے میں عام رہائشی مکانات، ایسے ندیوں کے گھاٹ وغیرہ شامل ہیں۔ شمالی ہند کے چھوٹے چھوٹے شہروں میں سہ درے قسم کے رہائشی مکانوں کو مسجد کا دھوکہ ہوتا ہے اور کیرالہ جیسے علاقوں میں مسجدوں کو دیکھ کر رہائشی مکانوں کا۔ ہماری مشترکہ تہذیب کے ایک اہم مظہر فنِ تعمیر کے امتیازی مقام کا اس سے زیادہ کیا ثبوت درکار ہو سکتا ہے؟

([illegible])

خواجہ عبدالغفور

ہم بھی کبھی جوان تھے

یہ تو بالکل یاد نہیں کہ عہدِ طفلی کب ختم ہوا اور جوانی کی بہار کب شروع ہوئی۔ البتہ وہ زمانہ ضرور یاد ہے کہ جب ہم یہ گنگنایا کرتے تھے

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

اور وہ ایسا دور تھا کہ جب یہ لگتا تھا کہ ساری دنیا اور کل کائنات ہمارے لئے بنی ہے اور ہم ہی اُس کے واحد حکمراں اور مقتدرِ اعلیٰ ہیں

تھے دیارِ نو زمین و آسماں میرے لئے
وسعتِ آغوشِ مادر اک جہاں میرے لئے

ماں باپ کا لاڈ پیار اتنا تھا کہ جب ہمارا ابتدائی جماعت میں داخلہ ہوا تو استادِ محترم کو تاکید کی گئی کہ کبھی چھڑی اٹھانا تو کجا ڈانٹ ڈپٹ بھی نہ کی جائے۔ ہم سے کوئی خطا سرزد ہو تو ہمارے برابر بیٹھنے والے لڑکے کو سزا دینا۔ وہی ہمارے لئے باعثِ عبرت ہوگا۔ اور ہم آئندہ شرارت سے باز رہیں گے۔ ویسے تو یہ نسخہ کبھی آزمایا نہیں گیا اور ہم برابر پٹتے رہے۔ پھر ایک زمانہ ایسا آیا کہ فکر اور سوچ اجاگر ہوئے۔ مزاج میں سنجیدگی آنے لگی اور اس زمانے کی یاد کو غالب کے الفاظ میں اس طرح تازہ کیا جا سکتا ہے۔

میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسد
سنگ اٹھایا تھا کہ سر یاد آیا

وہ الھڑپن اور بے فکری کا دور ختم ہوا اور لڑکپن رخصت ہو گیا۔ عمرِ رواں نے سنِ بلوغ کی طرف دھکیل دیا۔ بقول سیماب ؎

ہر چیز پہ بہار تھی ہر شے حسین تھی
دنیا حسین تھی میرے عہدِ شباب میں

اس عہد میں کالج کی کھلی فضا اور نوجوان ماحول نے دل و دماغ کو تراوٹ اور تازگی بخشی۔ نت نئی شرارتیں، کھیل تماشے، شعر شاعری، بیت بازی، اودھم ہنگامہ آرائی یہ روز کے معمول بن گئے۔ نئے لڑکوں کی گت بنانا، نت نئے انداز سے ان کو تنگ کرنا دلچسپ ترین مشغلے تھے۔ کھانے کی میز پر دو لڑکوں کو اپنے بیچ بٹھا کر باتوں میں لگائے رکھنا اور میز کے پلاسٹک کے کپڑے کی دور سے نالی سی بنا کر نیچے نیچے پانی بہاتے لانا اور ان نئے لڑکے کی گود میں پانی گرا دینا، ان کا بری طرح بھیگنا، جھنجھلانا، شرمانا اور کھسیانا پن قابلِ دید ہوتا۔ گہری نیند سونے والے لڑکوں کو پلنگ سمیت ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں پہنچا دینا اور پھر انکی بیداری پر حیرانی و پریشانی کا تماشہ دیکھنا، اس قسم کی سینکڑوں شرارتیں سوجھتی جاتی تھیں اور ان پر عمل بھی ہوتا تھا۔

روایت ہے کہ کبھی ہندوستان میں ایسے لوگ بستے تھے کہ جو جسمانی اور روحانی اعتبار سے صحت مند اور صاف ستھری سیدھی سادی زندگی بسر کیا کرتے تھے۔ اور کم از کم ڈیڑھ سو سال تو ضرور جیا کرتے تھے۔ اس سماج میں بیمار پڑنا بہت برا سمجھا جاتا تھا اس لئے کہ اس بیماری کا صاف اور صریح مطلب یہی ہوتا تھا کہ اس فرد نے قدرت کے قانون کی صریح خلاف ورزی کی ہے۔

اب تو ہر بیماری کو خدا کی نامہربانی یا قدرت کا ستم سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ بالکل بھلا دیا جاتا ہے کہ صحت کو بگاڑنے کے ہم خود ذمہ دار ہیں ہماری لاپرواہی اور بدپرہیزی یہی اس کا باعث ہوتی ہے۔ جس کو ہم جوانی کہتے ہیں وہ تو ہم کو بہت جلد الوداع کہہ دیتی ہے

کافی عمر رسیدہ دکھائی دینے والے دو اجنبی باتوں میں لگے تو ایک نے کہا کہ میں نے عمر تمام کبھی شراب کو ہاتھ نہیں لگایا۔ وقت پہ سوتا رہا اور ہر طرح محتاط زندگی گذاری ہے دوسرے شخص نے انکی عمر دریافت کی تو انہوں نے بتایا ۷۵ برس اور پھر اجنبی سے پوچھا کہ اسکی صحت کا کیا راز ہے۔ میں تو خوب سگریٹ پیتا ہوں۔ شراب جی بھر کے پیتا ہوں، ہر قسم کی عیاشی کر لیتا ہوں اور بے ٹھاٹھ زندگی گذر رہی ہے۔ پہلے والے شخص نے حیرت سے اس کی عمر پوچھی تو اس نے بتایا تیس سال۔ یہ حضرت اس عمر میں ۷۵ سالہ بڈھے کے ساتھی نظر آرہے تھے۔

ایک اسّی برس والے بڈھے سے اس کی طول عمری اور صحت کا راز دریافت کیا تو اس نے بتایا کہ اوائل عمری سے اس نے بڑی محتاط زندگی گذاری ہے۔ کبھی سگریٹ، شراب نہیں پی۔ جوا نہیں کھیلا، شب بیداری نہیں کی۔ جنسی الجھن سے دور رہا۔ یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ برابر والے کمرے میں گڑبڑ کی آواز سن کر پوچھا کہ اندر کون ہے؟ اس ۸۰ برس والے شخص نے بتایا کہ اس کا باپ ہے جو شراب نوشی سے روزانہ دھت رہتا ہے اسکی عمر ۱۲۵ سال ہے۔

جوانی دیوانی — اس سے کس کو انکار ہو سکتا ہے۔ جوانی میں ہر ایک اپنے آپ کو میری طرح عقلمند سمجھتا ہے کہ جس طرح شراب کے نشہ میں چور آدمی اپنے آپ کو ہوشمند سمجھتا ہے۔ ایک صاحبزادے نہ صرف بلانوشی میں مصروف تھے بلکہ جنسی عیاشی میں بھی شب و روز گزارا کرتے تھے۔ جب ان کے والد بزرگوار کو اس بات کا پتہ چلا تو انہوں نے سمجھانے کی کوشش کی کہ دو دو برائیوں کا ایک ساتھ مرتکب نہ ہونا چاہیے۔ لڑکے نے بات مانتے ہوئے باپ سے کہا بہت

کی کہ [illegible] بتا دیں کہ کون سی برائی فوراً ہی چھوڑ دینا چاہیئے؟ باپ نے بہت غور و خوض کے بعد بتایا کہ شراب ترک کی تھی تو ساٹھ سال کے بعد بھی یہ آسانی ہو سکتی ہے۔

ونسٹن چرچل کی پچاسی سال کی عمر پر سالگرہ منائی جا رہی تھی۔ ایسے میں ایک نوجوان فوٹوگرافر نے بطور نیک تمنا کہا کہ آج میری خواہش تھی کہ وہ چرچل کی سو سال کی عمر کی سالگرہ کے موقعہ حاضر رہے۔ اور اس مبارک اور مسعود موقعہ پر تصویریں لے۔ چرچل نے کہا، کیوں نہیں، کیوں نہیں تمہاری یہ آرزو بیشک پوری ہو سکتی ہے بشرطیکہ تم صحت مند سادہ اور پاک صاف زندگی گذارتے رہو۔ چرچل کو اپنے متعلق کوئی شک و شبہ نہ تھا وہ نوجوان فوٹوگرافر کی طویل عمری کی بات سوچ رہے تھے۔ اس قسم کی سوچ ہی تو سب کچھ ہے۔ آدمی کی جیسی سوچ اتنی ہی اس کی عمر۔ کہاوت ہے کہ عمر کی منزلیں جس تیزی سے طے کی جائیں گی بڑھاپا اسی قدر عجلت سے آپ کی طرف بڑھے گا۔ ایسے تو بوڑھے موت کی طرف رواں ہوتے ہیں لیکن موت نوجوانوں کی طرف چل کر جاتی ہے۔ جوانی میں جو بہت آگے کی سوچتے ہیں وہ بڑھاپے میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ بڑھاپا ناگزیر ہے۔ لیکن پھر بھی لوگ اس سے گھبراتے ہیں۔ یعنی زندگی سے پیار اور موت سے فرار کی کوشش

نوجوانی میں صحت اور تندرستی کے مزے ضرور ہیں۔ لیکن بڑھاپے کی آسائش کے لئے جوانی میں جو محنت کی جاتی تو اس سے بہتر تو یہی ہے کہ جوانی ہی میں پورا لطف اٹھا لیا جائے۔ ڈاکوؤں نے ایک گھر پر چھاپا مارا اور ایک جوان سی عورت کو دھمکی دی کہ جو کچھ مال و دولت ہے فوراً حوالے کر دو ورنہ وہ جان سے مار ڈالیں گے۔ عورت نے کہا مال و دولت تو میں نے اپنے بڑھاپے کے لئے جمع کر رکھا ہے۔ وہ تو میں ہرگز نہ دوں گی۔ چاہے تم جان ہی لے لو۔ کتنی صحیح سوچ ہے۔

ڈاکٹر جانسن کا کہنا ہے کہ جوانی کی ہر بات قابلِ معافی ہوتی ہے لیکن اس کے آگے کے دور میں چھوٹی سی فرو گذاشت بھی بڑھاپے کی دلیل بن جاتی ہے۔ جوانی میں کبھی کوئی چیز کہیں رکھ کر بھول جائیں تو اس کو سرمستی سے تعبیر کیا جاتا ہے اور وہی بھول بڑھاپے میں ہو تو دماغی توازن کے بگڑ جانے کا ثبوت سمجھا جاتا ہے جوانی میں ساری توانائیاں کسی کام کے کرنے میں لگائی جاتی ہیں۔ بڑھاپے میں وہی تمام توانائیاں کام کے نہ کرنے کے بہانے ایجاد کرنے میں صرف کی جاتی ہیں۔

ہم اپنی جوانی کی باتیں سوچتے ہیں تو ایسے لگتا ہے

جان دیدی غمِ حسیناں میں
حق ادا کر دیا جوانی کا
خوب ہی بھر کے ہو سکے بدنام
حق ادا کر دیا جوانی کا

اور پھر ان باتوں میں کچھ اس طرح کا مزہ آتا ہے۔

جب تجھے یاد کر لیا صبح مہک مہک اٹھی
جب ترا غم جگا لیا رات مچل مچل گئی

... پیری مورس سے کسی نے پوچھا آپ کو اس عمر میں بھی ایکٹنگ میں اتنا ہی مزہ آتا ہے کہ جتنا جوانی میں آیا کرتا تھا۔ پیری مورس نے جواب دیا دیکھو اب میں ۷۵ سال کا ہو چکا ہوں۔ اس عمر میں کسی بات میں بھی اتنا حظ نہیں آتا کہ جو پہلے آیا کرتا تھا۔

ہماری رائے میں تو جوان سال کے پاس سب کچھ ہوتا ہے اور پیرانہ سال کے پاس صرف سالہائے رفتہ کی لمبی قطار۔ جب کوئی سیکھنے سکھنے سے گریز کرنے لگتا ہے تو یہی بڑھاپے کی نشانی بن جاتی ہے۔ چاہے یہ ۱۸ سال کی عمر میں ہو کہ ۸۰ سال ہو۔ برخلاف اس کے جو سیکھنے کے لئے بہت تیار رہتا ہے وہ نہ صرف جوان رہتا ہے بلکہ تجربہ کی وجہ سے زیادہ ہی قابل احترام۔ چاہے اس کی جسمانی صلاحیتیں کتنی گھٹ گئی ہوں۔

کہتے ہیں اولاد بڑھاپے کا سہارا ہوتی ہے لیکن درحقیقت وہی تو ہم کو بڑھاپے کی طرف تیزی سے دھکیلتے ہیں اور وہی ہم کو نانا دادا بنا ڈالتے ہیں۔ ویسے تو ہم کو دادا نانا بننے پر کوئی اعتراض نہیں مگر سوچئے تو دادی یا نانی کے شوہر کہلانے پر کون خوش ہو سکتا ہے۔ پھر وہ دور کتنی جلدی آجاتا ہے کہ جب یہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ وہ گلوں میں گلوں کی سی بو نہ رہی۔ وہ عزیزوں میں لطف کی خو نہ رہی، وہ حسینوں میں رنگِ وفا نہ رہا۔ کہیں اور کی کیا وہ ہمیں نہ رہے نہ وہ آن رہی نہ امنگ رہی۔ نہ وہ رندی و زہد کی جنگ رہی۔ عالم نوجوانی میں رندی و زہد کی جنگ کبھی نہیں ہوتی کہ زہد خود اپنی عافیت بچاتا ہے اور دور دور رہتا ہے

جوانی اور یہ جوانی ایسی جاتی ہے کہ جیسے اختر شیرانی

شباب مٹ گیا یادِ شباب باقی ہے
ہے بوئے شراب کی ساغر میں اب شراب نہیں

یا بقول جلیل مانک پوری

منہ پھیر کے یوں جوانی
یاد آگیا روٹھنا کسی کا

جوانی کی حدوں کا پار ہونا اس وقت واضح ہوتا ہے کہ جب سر کے بال سفید ہی ہو جاتے ہیں یا بالکل غائب ہو جاتے ہیں اور اور وہ وقت بڑا ہی خطرناک ہوتا ہے۔

مرضی ہو تو سولی پہ چڑھانا یارب
سو بار جہنم میں تپانا یارب
معشوق کہیں، آپ ہمارے بزرگ ہیں
ناچیز کو یہ دن نہ دکھانا یارب

کچھ اسی طرح کی باتیں زندگی کے

(باقی صفحہ ۱ پر دیکھئے)

بہار الدین احمد

انجم مانپوری

ظرافت نگاری کا فن بغیر خدا بخشندہ کی بخشش کے حاصل ہونا ناممکن ہے۔ ادب کی اور صنفیں مطالعہ اور مشق سے اپنائی جا سکتی ہیں۔ مگر مزاحیہ نگاری کی گاڑی آگے بڑھ ہی نہیں سکتی جب تک ظرافت، بذلہ سنجی اور ساتھ ہی ساتھ خوش مذاقی فطرت کی طرف سے عطا نہ ہوئی ہو۔ میں نے خوش مذاقی کی قید اس لئے لگائی کہ اس کے بغیر شستہ مزاح کی لطیف شراب کا کیف اعلیٰ بجھیالی کے قطرے کا لُت بن جاتا ہے یہی سبب ہے کہ ادب چاہے کسی بھی زبان کا ہو گنے چنے کامیاب مزاح نگار پیدا کر سکا۔

نور محمد مانپوری کی طبیعت میں فطرت نے ظرافت اور بذلہ سنجی کوٹ کوٹ کے بھر دی تھی اور خوش مذاقی تو کیا کہنا ؎

جس انجمن میں بیٹھ گیا رونق آگئی
کچھ آدمی ریاض عجب دل لگی کا تھا

ریاض اور انجم میں گہری ملاقات کا ثبوت ہوتا تو میں کہتا کہ ریاض نے یہ شعر انہیں کو سامنے رکھ کر کہا ہے۔

بہار میں مزاحیہ نگاری کی ابتدار ١٩١٠ء یا اس سے کچھ قبل ہی سے ہو چکی تھی۔ ١٩١٠ء سے کچھ قبل نواب نصیر حسین خان خیال کا مزاحیہ مضمون "قالا دل کا مارا آغا" رسالوں میں چھپ چکا تھا۔ اور اس کے بہت پہلے سے مزاحیہ رسالہ "اپنچ" عظیم آباد سے حضرت عبدالرحیم استھانوی کی ادارت میں شائع ہو رہا تھا، کم و بیش ٢٦ سال تک شائع ہوتا رہا۔

مگر بہار کیا مشرقی ہندوستان میں یہ فن مانپوری ہی کے دم سے چمکا۔ اور انہیں نے بہار کا نام دنیا ئے مزاح نگاری کے نقشے پر ثبت کر دیا۔

مانپوری کا زمانہ مغرب زدگی اور حکام پرستی کا زمانہ تھا سماج اور بھی بہت سی لغویتوں میں مبتلا تھا۔ مانپوری کی فطری ظرافت اور طبعی خوش مذاقی ان مضحکہ خیز لغویتوں پر خوب خوب قہقہے لگاتی ہے۔ ہنس ہنس کے ان کو اس طرح رسوا کرتی ہے کہ شاید انہیں چھپنے کی جگہ نہ ملتی ہو گی۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

مضمون 'صاحب کا کتا' میں فرماتے ہیں کہ ایک بار صاحب کے یہاں حاضری کے موقع پر صاحب کے سگ عزیز ٹامی سے مڈبھیڑ میں زک اٹھانی پڑی اس کے بعد دوسرے تیسرے ٹامی صاحب کی جھوٹی حاضری جیب میں بھر کر کوٹھی جاتے اور اس کی خوشامد میں لگے رہتے۔

اس زمانے میں سیشن کے اکثر مقدمات اسیسروں کی مدد سے فیصل کئے جاتے تھے۔ اکثر حکام پرست حضرات اسیسری کے لئے بیتاب رہتے۔ مانپوری صاحب خدا خدا کر کے اسیسر مقرر کر لئے گئے ہیں۔ فرماتے ہیں۔

"خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے اور جج صاحب کا ہزار ہزار احسان کہ اسیسری کی عزت عطا فرما کر رائی کو پہاڑ اور نحیف چیونٹی کو سرکس کا ہاتھی بنا دیا۔"

آخر میں اس طرح اس کی مرمت فرمائی ہے۔

"بلا معاوضہ رہتا ہوں حاضر اجلاس کسی وکیل کا بگڑا ہوا مقدر ہوں۔"

اسی طرح اس زمانے کے آنریری مجسٹریٹی پر خوب خوب ہاتھ صاف کیا ہے۔ اور صاحب کی "ہاں میں ہاں" ملانے والوں کی اچھی طرح خبر لی ہے۔

مانپوری ہماری معاشرتی زندگی کے ہر گوشے سے گذرتے ہیں اور مزاح کے پردے میں ہماری خامیوں اور کمزوریوں کی طرف اشارہ کرتے جاتے ہیں۔ جھوٹی گواہی کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

میر کلو ایک ایسے مقدمے میں دھر لئے گئے ہیں جس کے متعلق انہیں کوئی واقفیت نہیں۔ گفتگو ایک مقروض کی ہے جو مر چکا ہے۔ میر صاحب نے اسے دیکھا بھی نہیں ہے۔ مگر دعویٰ دوستی کا کر رہے ہیں۔ جرح ہو رہی ہے وکیل صاحب پوچھتے ہیں۔ متوفی نے کس زمانے میں قرض لیا تھا

"میر صاحب: زمانے کے بارے میں جو آپ پوچھتے ہیں تو جہاں تک مجھے یاد آتا ہے انہوں نے اپنی زندگی ہی کے زمانے میں قرض لیا تھا۔

وکیل: ان کا حرف تو آپ ضرور پہچانتے ہوں گے۔

میر صاحب: یہی تو ایک کمال مرحوم میں تھا۔ ہفت قلم تھے ہمیشہ مختلف شان سے لکھا کرتے تھے۔ ایک خط کبھی دوسرے خط سے ملا ہی نہیں۔

وکیل: وہ مرے کس بیماری سے

میر صاحب: ہائے رونا تو اسی کا ہے کہ اصل مرض کا پتہ ہی نہ لگا۔ کوئی کچھ کہتا کوئی کچھ وکیل صاحب سچی بات تو یہ ہے کہ ان کو موت کی بیماری تھی۔"

ایک اور مثال ملاحظہ ہو۔

زمانہ کچھ ایسا ہے کہ لڑکے باپ کو خاطر میں نہیں لاتے۔ "اینٹی فادر لیگ" قائم کی ہے لیگ کے جلسے میں ایک صاحب تقریر فرما رہے ہیں۔

"مسٹر پریسیڈنٹ اینڈ جنٹلمین! قدرت کی ستم ظریفی دیکھئے کہ مجھے ایک ایسے نیٹو

قسم کے باپ کا بیٹا بنا دیا جو کسی
طرح سے ایک مہذب اور تعلیم یافتہ
نوجوان کا باپ ہونے کا اہل
نہیں۔ لیکن چونکہ اس بے جوڑ
رشتے کا توڑنا میرے اختیار سے
باہر ہے۔ اس لئے مجبوراً اس
توہین کو برداشت کرنا پڑتا ہے"
تیاریات کے بےہودہ اخراجات
اور انتظامات کی پریشانیوں
سے گھبرا کر فرماتے ہیں۔
"اگر پہلے سے میں جانتا کہ
اتنی پریشانیاں اور اس قدر
مصیبتیں اٹھانی پڑیں گی اور یہ
تقریب آخر وبال جان ہو جائے
گی تو آپ یقین مانئے کہ اپنے
طرۂ عمرہ کی شادی تو کیا خود میں
بھی اس بکھیڑے میں نہ پڑتا۔ مگر
ہونے والی بات۔ قسمت کا لکھا
پشیمانی کے رگڑے سے تو مٹتا نہیں"
آپ نے دیکھا گھر گرہستی ہی میں
ان میں کس طرح رستے ہوئے پھوڑوں
پر ہاتھ رکھ دیا ہے۔ واقعات
سے مزاح پیدا کرنے میں مانپوری
کو یدطولیٰ حاصل ہے۔ ایک مثال
ملاحظہ ہو۔ روزے سے بچنے کے
لئے حکیم وفاتی کی دو دست آور
گولیاں اور سفوف ایک ہی ساتھ
نوش جان فرما لیا ہے۔ حالت
جو بھی ہے۔ عیاں راچہ بیاں۔
الفاظ سے مزاح پیدا کرنے میں
بھی مانپوری کسی بھی ظرافت
نگار سے پیچھے نہیں۔ چند مثالیں
ملاحظہ ہوں۔
"کسی کام کی مرے سے اہلیت
ہی نہیں۔ اعدا بلہ قریبی ملاحظ

ہو، کہلاتی ہیں اہلیہ"
"ایک گھنٹہ بعد اردلی نے آکر
کہا صاحب سلام بولتے ہیں (میں)
نے کہا وعلیکم السلام"
"سمجھا کہ خیر آج اردلی کی معرفت
علیک سلیک ہو گئی پھر کبھی زیارت
بھی نصیب ہو جائے گی"
"میں بزدل بن کر زندہ رہنا
زیادہ پسند کرتا ہوں اس بہادری
کی موت سے جو ہاتھی سے گر کر
واقع ہو"
"سوار ہوا تھا ہاتھی پر تو گرتا کیا
گدھے سے"
مانپوری کی ایک بڑی خصوصیت
یہ ہے کہ انہوں نے بعض زندہ اور
مثالی کردار سوسائٹی کو دیئے ہیں۔
جیسے "میر کلو" اور "عزیزم رجو سلمہ" جن
کی حیثیت ضرب المثل کی گئی ہے۔
یہ جو کچھ عرض کیا گیا مزاحیہ نویس
طنز نگار مانپوری کے متعلق تھا۔ اب
سحر طراز غزل گو انجم کے کچھ اشعار
سنیئے۔

آغاز ارتباط کا وہ پیغام و پیام
شاید ہی یاد آپ کو فرصت کی بات ہے

وطن کے لوگ ستاتے تھے جب وطن میں تھے
وطن کی یاد ستاتی ہے جب وطن میں نہیں

ایک غزل کے حسین و جمیل شعر ملاحظہ
ہوں ۔

اک درد ملا ... ہوتی ہے — کہتے ہیں کہ کسی ... اب بری شکایت ہوتی ہے
بے چینی میں لطف آتا ہے کیا چیز محبت ہوتی ہے
ہوتا ہے ستم جا بجا دل پر غرور پہ عنایت ہوتی ہے
اس ظلم کو ان سے کیا کہئے کہتے تو شکایت ہوتی ہے
گو عہد ترک محبت پہ قائم ہوں، لیکن کیا کیجئے
جب ان پہ نظر پڑ جاتی ہے کیا دل کی حالت ہوتی ہے
جب پرسش حال یہ کہتا ہوں احسان سے تیرے پچھتا رہا ہوں

مانپوری کو اگر زمانہ مانپوری
نہ بنا دیتا تو بہت ممکن تھا کہ وہ
انجم کی حیثیت سے ابھرتا۔ کون
جانتا ہے۔
(پٹنہ سے براڈکاسٹ)

غزل

مدہوش صدیقی

اب وہ تہذیب غم عشق کہاں ہم نفسو — دل جو ٹوٹے ہے تو نکلے ہے صدا میرے بعد
اب کہاں شیوۂ آشفتہ سراں ہم نفسو — خواب ہے عالم حیرت زدگاں ہم نفسو
کون ہے محرم آداب فغاں ہم نفسو — اب وہ تہذیب غم عشق کہاں ہم نفسو

دل جو ٹوٹے ہے تو نکلے ہے صدا میرے بعد

شکر کرتا ہوں کہ شایان ملامت ہو روش — دیکھئے کس کو یہ منصب ہو عطا میرے بعد
جانتا ہوں کہ گنہگار محبت ہوں روش — ہے یہ احساس کہ گم گشتہ الفت ہو روش
خیر جو کچھ ہوں غم دل کی بدولت ہوں روش — شکر کرتا ہوں کہ شایان ملامت ہو روش

دیکھئے کس کو یہ منصب ہو عطا میرے بعد

بقیہ ہم بھی کبھی جوان تھے

مشہور کوی کیشو نے کی ہے اور
بالوں کی سفیدی کی شکایت کی
ہے کہ انہوں نے ایسا سلوک کیا
ہے کہ کوئی دشمن بھی نہ کریگا۔
یعنی سفید بالوں کی وجہ سے حسینان
ماہ پارہ اور مہ جبینان آہو چشم
بابا کہہ کر مخاطب کرتی ہیں۔
سمجھئے اب ان حالات میں یہ کہنا کہ
ہم بھی کبھی جوان تھے ایسا ہی ہے
جیسے کہ ذوق نے کہا۔

وقت پیری شباب کی باتیں
ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں

لیکن آخر میں اکبر الہ آبادی کو بھی
سن لیجئے۔

میری غفلت پہ نہ ہنستے ہیں واعظ بزرگ ہو کر
قیامت ڈھائے گا جنت میں یہ بوڑھا جوان ہو کر

(آکاش وانی بمبئی سے نشر ہوئی)



رمز عظیم آبادی

نقشِ دوام

تاج فخرِ صنعتِ ہندوستاں تاج فن کا ایک نقشِ جاوداں
تاج چشمِ عشق کا خوابِ جواں تاج منصورِ دلِ شاہجہاں
تاج جو راحت گہِ ممتاز ہے
فن و صناعی کا اک اعجاز ہے

خوابِ مرمر کی حقیقت ہے یہی ندرتِ فن حسنِ صنعت ہے یہی
بارگاہِ حسن و الفت ہے یہی گمشدہ ملٹن کی جنت ہے یہی
بے خزاں پھولوں کا مسکن تاج ہے
چاند منہ دیکھے وہ درپن تاج ہے

عشق کی آنکھوں کا آنسو تاج ہے حسن کی زلفوں کی خوشبو تاج ہے
اُف کشش انگیز جادو تاج ہے شانہ ہے تاریخ گیسو تاج ہے
تاج دستِ عشق کا شہکار ہے
ایک حدیثِ کاکل و رخسار ہے

چاندنی شب اس پہ مرمر کا جمال یادگارِ عہدِ رفتہ حسنِ حال
انبساطِ روح فردوسِ خیال ہجر کا قصہ بہ عنوانِ وصال
سطوتِ شاہی خلوصِ فن بھی ہے
کچھ دلِ بیتاب کی دھڑکن بھی ہے

منتہائے آرزوئے عشق ہے خامشی خود گفتگوئے عشق ہے
جلوہ گاہِ حسن کوئے عشق ہے اس کے ہر ذرے میں بوئے عشق ہے
حسن کو فن کا سہارا مل گیا
سنگِ مرمر کا شگوفہ کھل گیا

تاج فردوسی نظاروں کا وطن چاندنی کا شہر تاروں کا وطن
سرو قد سیمیں نگاروں کا وطن فصلِ گل کا لالہ زاروں کا وطن
صبح کی صورت نکھرتی ہے یہاں
زندگی پہروں سنورتی ہے یہاں

تاج ہے روضۂ چمن کی آبرو بختِ خسرو و کوہکن کی آبرو
ایشیا کے علم و فن کی آبرو سینۂ پاکانِ وطن کی آبرو
حسن محفوظِ نظر کر لیجئے
دل کا دامن کیف سے بھر لیجئے

ہوتے ہیں شب کے اسیرِ دامِ صبح تاج کے دامن میں چھلکا جامِ صبح
ذرے ذرے کو ملا پیغامِ صبح یہ گماں دل کو ہوا ہنگامِ صبح
جب کلی چٹکی کوئی آواز سے
جاگ اٹھی ممتاز خوابِ ناز سے

دل ربا منظر بھی ہے عبرت بھی ہے وصل کا مژدہ بھی ہے فرقت بھی ہے
درد کا احساس بھی راحت بھی ہے حسن نظر سے دیکھئے حسرت بھی ہے
میر کے اشعار کی تفسیر ہے
کیٹس کے احساس کی تصویر ہے

تاج ہے محنت کشوں کی یادگار فکر کی جنت مشقت کا دیار
کتنی پیشانی کا دُرِ شاہوار علم و صنعت کا حسیں آئینہ دار
یہ مرقع ہے کسی کے پیار کا
تاج پر حق ہے مگر فنکار کا

(آکاش وانی پٹنہ سے براڈکاسٹ)

مسز سلطانہ آصف فیضی

ہمارے مشغلے پرندبینی

پرندے تو ہم روز دیکھتے ہیں۔ وہ ہمارے باغوں میں چہک کر اڑ جاتے ہیں مگر کبھی آپ نے کسی گھنے پیڑ کے قریب سے چھپ کر ان کے چہکنے کا، لڑنے کا، پانی میں نہانے کا پھر اپنے بالوں میں کنگھی کرنے کا تماشا بھی دیکھا ہے۔ اور اس کا لطف اٹھایا ہے۔

چڑیا کے ماہر کہتے ہیں کہ آٹھ ہزار چھ سو قسم کی چڑیاں دنیا بھر میں دیکھی گئی ہیں۔ جن میں سے دو ہزار قسم کی تو ہمارے دیس میں پائی جاتی ہیں۔ اس کے سوا سردیوں کے زمانے میں جب یوروپ میں غضب کی سردی پڑتی ہے اور ہر طرف برف ہوتی ہے اور چڑیوں کو دانا پانی ملنا مشکل ہو جاتا ہے ساڑھے تین سو قسم کی چڑیاں وہاں سے ہجرت کرکے ہمارے ملک میں آجاتی ہیں اور یہاں سردیاں گذار کے پھر سیدھا اپنے وطن کو واپس لوٹ جاتی ہیں۔

ہمارا ملک چونکہ خط استوا کے قریب ہے اس لئے یہاں گرمی زیادہ ہوتی ہے اور سردی کم اور قدرت نے اس کے الگ الگ حصوں کو رنگینی و مختلف چیزوں سے مالا مال کیا ہے۔ اتر میں سربہ فلک ہمالیہ کے پہاڑ ہیں جن پر بارہ مہینہ برف جمی رہتی ہے۔ وہاں سے اتر کے چھوٹے چھوٹے پہاڑوں اور وادیوں میں آبشار چلتے ہیں، ندیاں بہتی ہیں، جھیلیں پھیلی ہوئی ہیں۔ اور اس کے نیچے آیئے تو سرسبز میدان اور ہرے بھرے جنگل ہیں۔ ایک طرف راجپوتانہ اور سندھ کے صحرا ہیں تو دوسری طرف آسام ہے۔ جہاں سب سے زیادہ برسات ہوتی ہے۔ اسی لئے اس کے جنگل سدا بہار ہیں۔ اور نیچے اتریئے تو پورب پچھم کے گھاٹ ہیں جن کے کنارے میلوں تک سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ اور آخر اس دکن کی تپتی ہوئی بنجر چٹانیں جن میں جا بجا جھاڑیاں اگی ہیں۔ تو ایسے رنگ برنگ ملک میں بھانت بھانت کے پرندے ہر طرف پھیلے ہوئے ہیں۔ اس ملک کی جھیلیں اور تالاب سردی کے زمانے میں پرائے ملک سے آئی ہوئی بطخوں سے بھر جاتے ہیں۔ پہلے زمانے میں لوگ خوشی خوشی جاکر ان کا شکار کرتے اور بھون کر کھاتے تھے۔ یا کسی کو کوئی چڑیا کا رنگ بہت پسند آگیا تو اسے لاکر پنجرے میں بند کرکے باہر سے اس کا تماشا دیکھتے وہ غریب ہوا میں اڑنے والی عجیب خوبصورت جان پنجرے میں بند ہوتے ہی اپنا گانا، اپنی چہچہاہٹ بھول جاتی اور سلاخوں سے ٹکرانے لگتی کہ مر کر قید سے آزاد ہو جائے چڑیا تو ہوا میں اڑنے، درختوں پر پھدکنے اور چہچہانے کیلئے بنی ہے۔ وہ نہ ہو تو ہمارے باغ کیسے سنسان اور اجاڑ ہو جائیں اسی لئے اب بہت سے ملکوں نے چڑیوں کے جنگل اور باغ محفوظ کر دیئے ہیں۔ جہاں ان کو پکڑنا، مارنا سب قاعدے کے خلاف بنا دیا گیا ہے اور ان کو جو مارے اسے سزا دی جاتی ہے۔

چڑیوں کو شوق سے دیکھنا، ان کا لطف اٹھانا، انکا شوق ان ملکوں میں لڑکپن سے بچوں میں ڈالا جاتا ہے۔ پہلے ماں باپ اس کا شوق دلاتے ہیں پھر اسکول میں پڑھایا اور سکھایا جاتا ہے۔ ریڈیو پر مقالے دیئے جاتے ہیں اور اخباروں میں تصویروں میں بتلایا جاتا ہے۔

اگر تم بھی کسی چھٹی کے دن کسی باغ میں نکل جاؤ تو کتنی آوازیں الگ قسم کی سنو گے۔ کوئل کی کوک ہے، پپیہے کی پیہو کہاں ہے۔ اور ایک چڑیا ہے جسے دیَریا Magpie Robin کہتے ہیں۔ اس کی سریلی چہچہاہٹ سے دل خوش ہو جائے گا۔ سالم علی صاحب جو چڑیوں کے ماہر ہیں انکی کتاب Indian Birds ہے جس میں چڑیوں کی رنگین تصویریں ہیں اور ان کے نام لکھے ہیں۔ اگر وہ کہیں سے مل جائے تو آپ کو چڑیوں کے پہچاننے میں بڑی آسانی ہو جائے گی۔ اور چڑیوں کا تماشا دیکھنا ہے تو تھوڑا سا صبر بھی چاہیئے اور تنہائی چاہیئے تاکہ آپ اکیلے بیٹھ کے دیکھتے رہیں۔ آپ نے بات کی اور چڑیا اڑ کے چمپت ہوئی۔

چڑیا کا تماشا دیکھنے کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ جب پیپل کے درخت پر لال لال بیریاں نکل آتی ہیں وہاں دور کہیں چھپ کے بیٹھ جائیے کہ صبح ہی صبح ہزاروں چڑیاں اسکو کھانے کے لئے وہاں آجاتی ہیں۔ ہر ایک چاہتی ہے جتنی زیادہ بیریاں منہ میں آئیں ٹھونس لے۔ ڈالی سے ڈالی پھدکتی جاتی ہیں اور اتنا ہی شور مچاتی جاتی ہیں۔ کوئی بیچ میں آگیا تو اسے چونچیں مار کے بھگا دیتی ہیں اور بیریاں نگلتی جاتی ہیں۔ یہاں چھوٹی بڑی رنگ برنگی چڑیاں آپ کو نظر آئیں گی۔ اسی طرح سے جب ریشم کی کپاس کا جھاڑ جسے انگریزی میں Coral tree کہتے ہیں وہ جب برسات میں پھولتا ہے

تو اسکے سب پتے جھڑ جاتے ہیں
اور ڈالی پر فقط سرخ پھول ہی پھول
نکل آتے ہیں۔ وہ سرخ پھولوں
سے سب بھر جاتا ہے اور آپکا
نظارہ روکنے کے لئے ایک پتا بیچ
میں نہیں ہوتا تو آپ دیکھیں گے
کہ پھولوں کا میٹھا رس چوسنے کے
لئے بے شمار پرندے اس پر روز
حملہ آور ہوتے ہیں۔ شور مچاتے ہیں
ایک دوسرے کو دھکیلتے ہیں اور
پھولوں پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ اُن
کے سروں پر کوے بھی منڈلاتے
ہیں کہ موقعہ ملے تو منہ میٹھا کریں۔

اس سے بھی پر لطف وہ چیز
ہے جب ابتدائی برسات برس
کے کھل جاتی ہے۔ زمین سے
کیڑے مکوڑے باہر ابلنے لگتے ہیں
اس وقت ان کے پر بھی نکل آتے
ہیں اور وہ ہوا میں کچھ دور تک
اڑنے کے قابل بھی بن جاتے ہیں۔
اور ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں
وہ زمین پر پھیلے ہوئے ہوتے ہیں
اسوقت پرندے ان کا لقمہ بنانے
کے لئے کہیں سے آکر ان پر ٹوٹ
پڑتے ہیں۔ ان پر منڈلاتے رہتے
ہیں۔ انکا زمین پر تعاقب کرتے
ہیں، بلکہ ہوا میں اڑتے کیڑے پکڑ
پکڑ کر چٹ کرتے جاتے ہیں۔ ان
میں خاص ابابیل (Swallow)
اپنے خاص انداز سے تیزی سے
اڑتی ہوئی آتی ہے اور ہوا میں
گھوم کے ان کا لقمہ بناتی ہے اور
اتنی دیر آپ کو تازی اور کھلی ہوا
میں گھومنے کا فائدہ آپ کی صحت کو
ملا۔

یوروپ میں اس علم نے بہت
ترقی حاصل کیا ہے وہاں تو چڑیوں
کے ماہر اسکا پتہ لگانے کے
لئے ابتک سرگرداں ہیں کہ
جب چڑیا اپنا وطن چھوڑ کے جاتی
ہیں تو کہاں کہاں جاتی ہیں۔
اس لئے وہ پرندوں کے بچے
گھونسلے سے نکال کر المونیم کی
ہلکی سی چوڑی پہنا دیتے ہیں۔
جس پر اس کا وطن اور نمبر لکھا
ہوتا ہے۔ اب دوسرے ملک کے
ماہر جب اسکو کہیں دیکھ لیتے ہیں
تو اسے پکڑ کے وہ چوڑی اسکے
پاؤں کی دیکھ لینے سے معلوم
جاتا ہے کہ یہ کہاں کی چڑیا ہے
یہ چڑیوں کا علم آپ بھی
حاصل کریں شاید آپ بھی پرند
کے ماہر بن جاؤ گے۔

سلام مچھلی شہری

حضرت گنج (لکھنؤ) میں

آگیا ہوں آج پھر اک بار حضرت گنج میں
جانے کیسے ہوں پرانے یار حضرت گنج میں

دوستو! آتا تو ہوگا، گومتی کی سمت سے
اک سیل گیسو و رخسار حضرت گنج میں

سونا سونا سا تھا کچھ، سازِ سخن، بعد از مجاز
اب تو ہوگی اک نئی جھنکار حضرت گنج میں

ہائے وہ راتیں کہ جب زندہ چراغوں کے تلے
رقص کرتے تھے، مرے اشعار حضرت گنج میں

ہائے یہ صبحیں کہ جب دلی میں آتا ہے خیال
یوں تو میں ہرگز نہ تھا بیمار حضرت گنج میں

"شاد"! یہ سوچا تھا دلی سے یہاں آتے ہوئے
توڑ دوں گا جام شعلہ بار حضرت گنج میں

دوست اکیا کرتا حسیں پرچھائیوں کے روپ میں
مل گئے ہم میراجی و اسرار حضرت گنج میں

خیر یہ سب سوچ کی لہریں تھیں اب یہ عرض ہے
میں نے دیکھے ہیں نئے آثار حضرت گنج میں

شاہی محلوں اور مقابر سے پرے جمہور کا
جگ اٹھا ہے، جذبۂ خوددار حضرت گنج میں

یاسمین و نسترن پر چھا چکے زندہ گلاب
اب نہیں ہے نرگسِ بیمار حضرت گنج میں

آتشیں سے کچھ گل و لالہ ہیں قیصر باغ کے
شعلہ زا چشم و لبِ رخسار حضرت گنج میں

کہہ رہی ہے "چھتر منزل" سے کنیزِ بزمِ نو
آ گئے تا حق مرے سرکار حضرت گنج میں

اے سلام! آؤ کہ اب جلدی سے دلی لوٹ جائیں
ہوگیا ہوں یک بیک بیمار حضرت گنج میں

(آکاش وانی لکھنؤ سے براڈکاسٹ)

آزادی کا سفر: داستانِ خونچکاں

جلیاں والا باغ کا المیہ

ولایت جعفری

آریوں سے لیکر مغلوں تک جو بھی اس ہندوستان میں آیا، وہ یہاں کی فضاؤں میں اس طرح سے رچ بس گیا، جیسے وہ یہیں پیدا ہوا ہو۔ لیکن انگریز جس چوری اور مکاری سے اس ملک میں داخل ہوا وہ اپنی مثال آپ ہے۔ یہاں کے لوگوں کے محبت سے بھرپور دل انکی مکاری کو نہیں سمجھ سکے اور دھوکا کھا گئے۔ جب یہاں کے لوگوں نے یہ سمجھا کہ یہ تو ایسا لٹیرا ہے جو گھر میں بیٹھ کر لوٹ رہا ہے۔ لوٹ کا مال ہمارے ہی ہاتھوں بیچ رہا ہے اور ایک دوسرے سے دوری کا ایسا زہر پھیلا رہا ہے کہ جسکی تلخی کو ہماری کئی نسلیں بھی نہ مٹا سکیں گی۔ تو یہاں کے لوگ سر جوڑ کر اور سر پر کفن باندھ کر ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں کود پڑے آزادی کی آگ دلوں میں ایسی لگی کہ بجھائے نہیں بجھی۔ وہ آگ ایک نسل سے دوسری نسل تک.. چلتی رہی، کبھی دھیمی کبھی تیز۔ یہ لو ایک دل سے دوسرے دل میں اس طرح سے لگتی رہی جیسے دیوالی میں دیپ سے دیپ جلتے ہیں۔

جو دیپک ۱۸۵۷ء میں جلا تھا وہ آنچل کی چھاؤں میں، دامن کے سائے میں، وقت کے اندھیرے کو کاٹتا ہوا، ایک شہید سے دوسرے شہید کی ہتھیلی پر روشن رہا۔ سر کٹ گئے مگر دیپک جلتا رہا۔

اس دیپک کو ۱۹۱۹ء میں بالکل ہی بجھا دینے کی کوشش کی گئی مگر جس دیپ میں شہیدوں کا خون جلا ہو وہ کہیں بجھائے بجھتا ہے وہ تو اور بھڑک اٹھا اور شعلہ بن گیا۔ اسلئے کہ اس میں ان گنت شہیدوں کا خون شامل تھا۔

سنہ ۱۹۱۹ء کا سال ہندوستان کی جنگ آزادی میں بہت اہم ہے۔ ۱۹۱۹ء کا ذکر آتے ہی پنجاب کے اس خطہ کا خیال آتا ہے جسے امرتسر کہتے ہیں۔ جہاں جلیاں والا باغ ہے جس باغ میں انگریزوں کی گولیوں نے ہزاروں بے گناہ انسانوں کے سینے چھید دیئے تھے وہ انسان جنکی خطا صرف اتنی تھی کہ انکا دم غلامی کے اندھیرے میں گھٹنے لگا تھا اور وہ آزادی اور عزت کی زندگی بسر کرنا چاہتے تھے۔ شہید ہونے والوں میں ہر مذہب و ملت کے لوگ تھے۔ بوڑھے بھی تھے جوان بھی۔ آزادی کے جذبہ کی انتہا یہ تھی کہ گولی کا شکار معصوم بچے بھی بنے۔

یہ قتل عام ۱۳ر اپریل ۱۹۱۹ء کو ہوا۔ ۱۳ر اپریل یعنی بیساکھی کا دن نئے سال کی شروعات۔ جس دن ہندوستان کے شمال اور مغرب سے لوگ امرتسر میں اکٹھا ہوئے تھے۔ اس سے بہتر دن جنرل ڈائر کے لئے اور کونسا ہو سکتا تھا۔ کہ جب وہ ہندوستانیوں پر کھل کر گولی چلائے۔ کیونکہ ڈائر کا مقصد صرف یہ نہیں تھا کہ وہ کچھ ہزار لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار دے بلکہ یہ تھا کہ پنجاب میں ایسا خوف ہو جائے کہ سر اٹھاتا ہوا انقلاب دم توڑ دے۔ ڈائر کا مقصد کیا صرف سر اٹھاتے ہوئے انقلاب کو ہی کچلنا تھا؟ نہیں۔ اُسے اس دوستی، اس محبت اور اس رواداری کو بھی توڑنا تھا جو اسکی آنکھوں کے سامنے ہندو اور مسلمانوں کے درمیان پیدا ہو چکی تھی۔ ہندو اور مسلمان اس طرح سے ایک دوسرے سے کاندھا ملا کر چل کھڑے ہوئے تھے کہ انکے مل کر بڑھتے ہوئے قدموں کی آہٹ سے انگریزی حکومت کی بنیادیں ہلتی ہوئی معلوم ہوئیں۔ جلیاں والا باغ کے قتل سے چار دن پہلے ۹ اپریل کو رام نومی کا تہوار ہندو اور مسلمانوں نے مل کر منایا تھا۔ ہاتھوں میں ہاتھ دے کر صرف تہوار ہی نہیں منایا گیا بلکہ دونوں نے مل کر یہ نعرہ بھی لگایا تھا۔

"ہندو مسلمان کی جے"

اس جے جے کار سے انگریز کے سینے دہل گئے اور اس نے ان ... کے سینوں کو چھلنی کر دو جن میں محبت بھرے دل دھڑک رہے ہیں۔ اور ان پاک آدرشوں کی آواز، زہریلی گولیوں کی آواز سے دبا دو۔ نہیں تو انگریزی حکومت کا محل زمین کی سات پرتوں میں سما جائے گا اور انگریزوں کو سات سمندر پار جانا پڑیگا۔

نجم الغنی خاں نے تاریخ مذہب سے متعلق ایک کتاب مذاہب الاسلام نام لکھی تھی۔ اس میں تمام اسلامی فرقوں کی تاریخ اور خصوصی خیالات کا تذکرہ کیا ہے ۱۹۲۴ء تک یہ تین بار چھپ چکی تھی، داؤدی بوہروں کی تاریخ سلک الجواہر نام سے مفصل شکل میں اور عقود الجواہر نام سے مختصر شکل میں طبع کرائی۔

اسلامی عقائد پر ایک مشہور عربی کتاب عقائد نسفی ہے۔ اس کی اردو میں شرح لکھی اور تہذیب العقائد نام رکھا۔ مرحوم و مغفور مولانا فضل حق پرنسپل مدرسہ عالیہ اور دوسرے جید علماء نے اس کی بڑی تعریف کی ہے۔ امام ابوحنیفہ کی طرف ایک کتاب منسوب ہے۔ جو فقہ اکبر کہلاتی ہے اس کی ضخیم شرح لکھی تھی جو تعلیم الایمان نام سے چھپی۔

اسلامی اصول قانون پر ایک مبسوط کتاب لکھی جسے پیسہ اخبار لاہور نے شائع کیا۔ پھر اس کا خلاصہ مختصر الاصول نام سے تالیف کر کے چھپوایا۔ ان دونوں کتابوں کے علاوہ اسی فن کی ایک عربی کتاب اصول الشاشی کی شرح بھی مزیل الغواشی نام سے مرتب کر کے چھپوائی تھی۔

اسلامی قانون وراثت پر ایک عربی کتاب سراجی سب جگہ ہندوستان کے عربی مدرسوں میں پڑھائی جاتی ہے اس کی شرح بھی چھپوائی تھی۔ اہل علم کہتے ہیں کہ اگر یہ شرح سامنے نہ ہو تو بہت سے علما کے لئے متعدد مسائل وراثت کا حل دشوار ہو جائے۔ تصوف میں "تذکرۃ السلوک" نام کی ایک کتاب لکھی تھی۔ اس کے خاتمے میں صوفیانہ اصطلاحوں کو حروف تہجی کی ترتیب پر جمع کیا ہے۔

فنون ادب میں سے فارسی قواعد پر نہج الادب، رسالہ نجم الغنی اور قواعد حامدی نام سے تین کتابیں لکھیں۔ نہج الادب اتنی اہم کتاب نکلی کہ وزارت تعلیمات ایران نے از خود اس کتاب پر مصنف کو ایک تمغہ اور سند عطا کی۔ اردو زبان کے علوم معانی بیان بدیع اور عروض و قافیہ پر بحر الفصاحت نام سے جو کتاب لکھی ہے۔ وہ اہل علم کو حیرت میں ڈال دیتی ہے کتاب کیا ہے۔ ان فنون کا ایک سمندر ہے بعض دوستوں کی فرمائش پر اس کا خلاصہ بھی مفتاح البلاغت کے نام سے چھاپا تھا۔ اردو لغت پر ایک کتاب دو جلدوں میں مرتب کی تھی اس کا نام منتخب اللغات تھا۔ افسوس کہ یہ چھپ نہ سکی اور رضا لائبریری میں اس کی صرف ایک جلد محفوظ رہ گئی ہے۔

طب یونانی میں قرابادین نجم الغنی کے نام سے ایک کتاب

اس شمارے میں

۱۔ یادِ رفتگاں نظیر (امتیاز علی عرشی) ۸-۶
۲۔ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم ۸
۳۔ ہندوستانی ساز ۹
۴۔ شراب اور اردو شاعری (تابش انور) ۱۲-۱۱-۱۰
۵۔ غزل (ابو طرب لکھنوی) ۱۲
۶۔ سگریٹ (ڈاکٹر آر۔ اے رکی) ۱۴-۱۳
۷۔ ایک ہپی سے ملاقات (احمد جمال پاشا) ۱۶-۱۵
۸۔ غزل (کنول پرساد کنول) ۱۶
۹۔ ٹیلی ویژن کے پروگرام ۱۷
۱۰۔ وودھ بھارتی کے پروگرام ۱۸
۱۱۔ منظورہ (احمد ہمیش) ۱۹
۱۲۔ آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشنوں کے میٹر ۲۰

ہمارا سرورق

ہندوستانی ساز

اگرچہ ہندوستانی موسیقی بہت انواع و اقسام کے ساز شامل ہیں لیکن منہ سے بجائے جانے والے ساز اپنی اہمیت کے لحاظ سے ایک علیحدہ ہی مقام رکھتے ہیں۔ منہ سے بجائے جانے والے ساز مثلاً ناگا سورم، شہنائی، نفیری وغیرہ کے بارے میں ایک مضمون اندر ملاحظہ فرمائیں۔

چھپوائی۔ اس میں تمام بیماریوں کے مجرب نسخے درج کئے ہیں۔ مفرد دواؤں پر بہ خواص الادویہ نام سے ایک کتاب تین جلدوں میں لکھی تھی۔ اس کے بعد اس کو بہ تفصیل چار جلدوں میں چھپوایا اور خزائن الادویہ نام رکھا۔ بعد ازاں اور مطالب کا اضافہ کر کے خزائن الادویہ نام سے سات جلدوں میں طبع کرایا۔ میں نے اطبا سے سنا ہے کہ اس فن پر اس سے جامع اور مستند کتاب اردو کیا عربی و فارسی میں بھی نہیں۔ تاریخ میں انھوں نے اخبار الصنادید نام سے روہیلوں کی مبسوط تاریخ لکھی۔ اس کے دو ایڈیشن چھپے۔ دوسرا ایڈیشن دو جلدوں میں اور ۱۲۸۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ اودھ کی تاریخ پر ان کی کتاب تاریخ اودھ پہلے چار پھر پانچ جلدوں میں چھپ چکی ہے آخری ایڈیشن کے صفحے ۱۷۲۶ ہیں۔ اودے پور برسوں تک رہنے کے باعث موصوف کو راجپوتوں اور راجپوتانے سے بڑا لگاؤ تھا اس قبیلے پر انھوں نے کئی کتابیں لکھی تھیں۔ ان کے نام ہیں کارنامۂ راجپوتان، وقائع راجستھان، تاریخ راجپوتانہ ان کی آخری تالیف تاریخ ریاست حیدرآباد دکن ہے۔ جو دو جلدوں میں مطبع نولکشور نے ۱۹۲۸ء میں چھاپی تھیں۔

تذکرۂ کاملان رامپور میں ان کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے کہ "ان کی تصانیف کا سلسلہ بہت وسیع ہے۔ اور اہلِ رامپور کو اُن کی ذات پر فخر کرنا بجا ہے۔ باوجود قلتِ معاش اپنے سرمائے سے اپنی تالیفات کو مشتہر کراتے ہیں۔ اپنی صحت اور تن آسانی کا مطلق خیال نہیں ہے۔ شب و روز تالیف اور تصنیف کا مشغلہ ہے۔ اور اُن کے قلم سے رامپور اور اہل رامپور کی علمی شہرت کا سارے ہندوستان میں چرچا ہے مخصوص علم دوست احباب کے سوا کسی سے ملتے نہیں ہیں اور استغنا ایسا ہے کہ کسی دولت مند سے کبھی اپنی حاجت بیان نہیں کی۔"

نواب حامد علی خاں بہادر نے اخبار الصنادید کے صلہ میں بلا خدمت سو روپے ماہوار وظیفہ مقرر کر دیا تھا۔ نواب رضا علی خاں بہادر نے ان سے ناظم کتاب خانہ کی خدمات بھی لیں۔ چنانچہ اس عہدہ پر کام کرتے ہوئے ۱۹۴۱ء میں موصوف کا انتقال ہو گیا۔

میں نجم الغنی خاں کے بارے میں ایک بات بتانا بھول گیا۔ وہ شاعر بھی تھے اور نجمی تخلص کرتے تھے۔ رضا لائبریری میں ان کا اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا انتخاب دیوان محفوظ ہے۔ میں اُن کی مناجات کے چند شعر سناتا ہوں جن سے تذکرہ کاملان رامپور کے مذکورۂ بالا بیان کی تائید ہوتی ہے۔

الٰہی میں بندہ خطا وار ہوں
جو کچھ تو سزا دے، سزاوار ہوں
وہ دل دے کہ جو شیدا کسی کا نہ ہو
تیرا ہو کے اصلا کسی نہ ہو
شرابِ محبت سے پر جوش ہو
تیری یاد میں خود فراموش ہو
تجھے سمجھے دن رات حاجت روا
تجھی سے کہے جو کہے مدعا
زمانے کے جھگڑے بھلائے رہے
تری رہ میں شب و روز لگائے رہے
گوارا ہے تنگ دستی مجھے
مبارک مری فاقہ مستی مجھے
مگر اے خداوند عرش بریں
نہ دکھلا امیروں کی چین جبیں
میں بندہ ترا ہوں تو پروردگار
تجھے فکر میری، مجھے تجھ سے کار
در غیر پر دم بھروں کس لئے
کسی کی خوشامد کروں کس لئے
رہ دین میں دے استقامت مجھے
تزلزل نہ ہو تا قیامت مجھے

آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ ان فضل و کمال کے باوجود رامپور کے عالموں نے نجم الغنی جیسے علامۂ عصر کو مولوی نہ سمجھا، صوفیوں نے صوفی نہ جانا اور عوام نے اُن کی سیدھی سادی باتیں سن کر اُنھیں آدھا دیوانہ سمجھا۔ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد [تھا]

(لکھنؤ سے براڈکاسٹ)

اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم

ناگری پٹائی کے کرشنن موسیقاروں کے ایک خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ انہوں نے اپنے دادا چنا پا مدلیار سے ناگا سورم وادن کی تعلیم حاصل کی۔ موسیقی کی کلاسیکی روایات پر عبور حاصل ہونے کی بدولت موصوف اپنے فن میں نت نئے انداز اور رجحان اپنانے کے کامیاب تجربے کرتے رہتے ہیں۔ سنیچر وار ۱۶ ستمبر کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں آپ ناگا سورم وادن پیش کریں گے۔

سنیچر وار ۳۰ ستمبر کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں جو ریڈیو سنگیت سمیلن کا ہی ایک حصہ ہے، ایس بال چندر کا وینا وادن اور بال مرلی کرشن کا گائن پیش کیا جائے گا۔ ایس بال چندر وینا وادن کے مشہور فنکار ہیں۔ جن کے کرناٹک راگوں میں ندرت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ بال مرلی کرشن ایک باصلاحیت گلوکار ہیں اور انہوں نے اپنا ہی ایک جداگانہ انداز اختیار کیا ہے جو بہت مقبول ہوا ہے۔

ہندوستانی ساز

منہ سے بجائے جانیوالے ہندوستانی ساز

ڈاکٹر بی۔ سی۔ دیو
(خصوصی افسر (موسیقی) سنگیت ناٹک اکیڈمی)

منہ سے بجائے جانے والے ہندوستانی سازوں میں ناگا سورم کو بہت اہم مقام حاصل ہے اور بہت پرانے زمانے سے ہندوستانی موسیقی کا اہم جزو رہا ہے۔ بانس اور نلکیوں کی شکل کے بنے ہوئے ایسے سازوں میں ناگا سورم بہت ہی قدیم ساز ہے۔

منہ سے بجائے جانے والے سازوں کے نام بھلے ہی مختلف ہوں لیکن ان کی بناوٹ تقریباً یکساں ہوتی ہے۔ اس قسم کے سازوں کے دو حصے ہوتے ہیں۔ پہلا حصہ جسے منہ سے لگایا جاتا ہے اور دوسرا حصہ جسے ہم ساز کا اگلا حصہ اور سینہ کہہ سکتے ہیں۔ اوپر کا پہلا حصہ کچھ نکیلا اور پتلا ہوتا ہے اور دوسرا یا آگے کا حصہ کھلا ہوا اور کشادہ ہوتا ہے۔ درمیانی حصے میں پانچ سے سات تک سوراخ ہوتے ہیں جن پہ ساز بجاتے ہوئے انگلیاں رکھ کر دھنیں نکالی جاتی ہیں۔ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ منہ سے بجائے جانے والے سازوں میں دیگر سازوں کی طرح کسے جانے والے پیچ یا کنجیاں نہیں ہوتیں حقیقت میں ایسے سازوں میں ان کا کوئی مقصد بھی نہیں۔ یہ ساز مختلف قسم کے بانسوں سرکنڈوں اور نلکیوں وغیرہ سے بنائے جاتے ہیں۔ ناگا سورم ہاتھی دانت چاندی اور دیگر اشیا سے بھی بنایا جاتا ہے اور اس کی لمبائی بھی مختلف ہو سکتی ہے۔

ناگا سورم کا نام اس کے مقصد کی مطابقت دیکھتے ہوئے رکھا گیا ہے۔ ناگ معنی سانپ کے اور سورم بمعنی سُر آواز یا دھن لہٰذا ناگا سورم کو دوسرے الفاظ میں سانپوں کے لئے دھن یا موسیقی کہا جا سکتا ہے اور سپیرے کی بینوں کو بھی اکثر ناگا سورم کہا جاتا ہے۔ کچھ علاقوں میں ناگا سورم کو نگدی یا مہوری کہتے ہیں۔ اڑیسہ میں اسے موہوری کے نام سے پکارا جاتا ہے اور بھلکھا کی رقص اسی کی دھنوں پر کیا جاتا ہے۔

منہ سے بجائے جانے والے سازوں کا تاریخی پس منظر اور تفصیلات تیرہویں صدی میں سنسکرت زبان میں لکھی گئی سنگیت رتناکر میں ملتا ہے۔ اس زمانہ کے ادب میں ان سازوں کو مدھوکاری کے نام سے پکارا گیا ہے۔ لیکن بعد کی تحقیقات میں ان سازوں کو مکھ وینا کے نام سے بھی پکارا گیا ہے۔ جنوبی ہند میں یہ ساز آج بھی رواج میں ہیں اور میسور میں مذہبی بھجنوں کے ساتھ بجایا جاتا ہے۔

منہ سے بجایا جانے والا اسی طرح کا ایک ساز کیرل میں بھی پایا جاتا ہے جسے کرن کشل کہتے ہیں۔ یہ مندر میں پوجا کے وقت بجایا جاتا ہے۔ یہ ساز وہاں مندروں میں پیش کئے جانے والے ایک رزمیہ ناٹک جسے "کوٹیاٹم" کہا جاتا ہے کے موقع پر بھی بجایا جاتا ہے۔ غرض یہ کہ مندر سے بجائے جانے والے ساز زیادہ تر مندروں، مذہبی تقریبات سے وابستہ ہیں۔ کرن کشل ایک چھوٹا نلکی نما ساز ہے۔

اسی طرح کا ایک ساز شہنائی شمالی ہند میں مقبول عام ہے۔ کہا جاتا ہے کہ شہنائی لفظ شاہ نائی سے اخذ کیا گیا ہے اور اسے [illegible] کہا جاتا ہے۔ شہنائی [illegible] تقریبات [illegible] بارتوں وغیرہ میں بجایا جانے والا ساز ہے۔

کچھ عرصے سے پہلے تک راجہ مہاراجہ اپنے یہاں اچھے اور باصلاحیت شہنائی نواز ملازم رکھا کرتے تھے اور یہ لوگ محل کے دروازوں یا گنبدوں پر بیٹھ کر صبح اور شام ہونے کی اطلاع شہنائی بجا کر دیا کرتے تھے۔ شہنائی نفیری اور سندری وغیرہ محلوں سے باہر بجائے جانے والے ساز ہیں اور ناگا سورم کی طرح میلوں شادی بیاہ اور دیگر تقریبات میں شہنائی کا استعمال آج بھی عام ہے۔ اور اب تو یہ ایک بہت ہی مشہور ساز کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ اور اس کی مقبولیت اور شہرت کا سہرا [illegible]

(۱) [illegible]

تاج انور

شراب اور اردو شاعری

اردو شاعری میں شراب اور لوازمات شراب کا ذکر خواہ فارسی شاعری کی تقلید میں شروع ہوا ہو [illegible] حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اردو شاعروں نے اس موضوع کو اتنا خون جگر پلایا ہے کہ اس نے اپنے اندر بے پناہ کشش پیدا کر لی ہے۔ شراب، اس کی کیفیتیں، اس کا ذائقہ، پینے کا انداز، پی کر بہکنے کی ادا، بہک کر سنبھلنے کا [illegible]، آنکھوں کے گلابی ڈورے، قدموں میں لڑکھڑاہٹ، نہ پی سکنے کے [illegible]، دنیا، جام ہاتھ نہ آنے کی حسرت، نہ پینے والوں پر فقرے اور انتہائی ضعف کے باوجود اسے سامنے رکھنے پر اصرار وغیرہ وہ بیشمار مضمون ہیں جن پر ہمارے اردو شاعروں نے اتنے دلچسپ انداز میں اور اس قدر کیفیت سے بھرے اشعار کہے ہیں کہ بہت سارے اشعار بذات خود سرور آگیں جام بن گئے ہیں۔ چند جام آپ بھی [illegible] میں ؎

[illegible] جانے جہاں کوئی غم نہیں ہے
[illegible] دیکھیں موجنت مرے ساتھ ساتھ آئے

[illegible] جالندھری کہتے ہیں ؎

[illegible] سامنے دھری ہے صراحی بھری ہوئی
دونوں جہاں ہیں آج مرے اختیار میں

[illegible] آبادی کا شعر ہے ؎

زیب پہ جام کو رکھ دے ذرا ٹھہر ساقی
میں اس پہ ہولوں تصدق تو پھر اٹھا کے پیوں

ذاقؔ کہتے ہیں ؎

آئے تھے ہنستے کھیلتے میخانے میں ذاقؔ
جب پی چکے شراب تو سنجیدہ ہو گئے

داغؔ کا شعر ہے ؎

واعظ بڑا مزا ہو اگر یوں عذاب ہو
دوزخ میں پاؤں ہاتھ میں جام شراب ہو

ریاضؔ خیرآبادی کہتے ہیں ؎

مری شراب کی کیا قدر جانے تو واعظ
جسے میں پی کے دعا دوں وہ جنتی ہو جائے

غالبؔ کا ایک شعر ہے ؎

مبالغہ ہے بادہ جس کے ہاتھ میں جام آگیا
سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگ جاں ہو گئیں

غالبؔ ہی کا ایک اور شعر ہے ؎

گو ہاتھ کو جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے
رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے

[illegible] کہتے ہیں ؎

[illegible]
جس جگہ بیٹھ گئے [illegible] ہی میخانہ ہے

[illegible] کا شعر ہے ؎

[illegible]
[illegible] ہمارے ظالم شراب [illegible]

دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ سماج شراب پینے کی اجازت نہیں دیتا، مذہب شراب پینے والوں پر کوڑے برسانے کے لیے تیار ہے مگر ان پابندیوں سے بے نیاز اردو شاعر خم کے خم لنڈھاتے رہے ہیں۔ ان سے اور واعظ سے نوک جھونک جاری رہتی ہے۔

ملاحظہ ہوں یہ اشعار ؎

داغؔ کہتے ہیں ؎

لطف مے تجھ سے کیا کہوں زاہد
ہائے کمبخت تو نے پی ہی نہیں

ذوقؔ کا ایک شعر ہے ؎

زاہد شراب پینے کا فرہوا ہوں میں
کیا ڈیڑھ چلو پانی میں ایمان بہہ گیا

جگرؔ کہتے ہیں ؎

کدھر سے برق چمکتی ہے دیکھیں اے واعظ
میں اپنا جام اٹھاتا ہوں تو کتاب اٹھا

عرشؔ ملسیانی کا شعر ہے ؎

خنک [illegible] میں کہاں رہے [illegible] کیف زندگی
[illegible] ملے گا جو مزا پینے کا ہے

عدمؔ کہتے ہیں ؎

سحر کے وقت [illegible] کو زک دے ساقی
[illegible] کے لیے دل میں ذرا سا [illegible]

نشور آلودۂ عصیاں ہی پھر کون باقی
یہ باتیں از کہیں قبلۂ عالم بھی پیتے

اور پھر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ قیامت دور ہو جاتی ہے۔ قبلۂ عالم بھی ٹھیک سے ہو جاتے ہیں۔

غالبؔ کہتے ہیں ؎

کہاں میخانہ کا دروازہ غالبؔ اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے

ریاضؔ کا شعر ہے ؎

لگا کے دھوکے سے منہ شیخ [illegible]
پکارتا ہی رہا میں ارے شراب شراب

شکیلؔ کہتے ہیں ؎

کہیے جناب شیخ یہ مے ہے یہ میکدہ
اب آرزوئے کوثر و جنت کہاں گئی

اور پھر نرلشؔ کمار شاد کا یہ شعر رند و واعظ کو ایک صف میں لا کھڑا کرتا ہے۔ کہتے ہیں ؎

جا پہنچا جو بشاد بھی اٹھا لا ساقی
شیخ صاحب ہیں، بچا تھا سلامت ہو گا

اردو شاعری میں اور خاص کر غزل میں شراب کا مضمون باندھنا ایک عام روش ہو گئی تھی ما[illegible] محسوس ہوتا ہے اردو کے شعرا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

ہاتھ تک نہیں لگایا تھا وہ بھی اسے اس کی تمام تر کیفیات کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً حالی اور ریاض خیرآبادی خاص کر ریاض تو خمریات کی شاعری میں صفِ اوّل کے شاعر کہے جاتے ہیں۔ اُن کے چند اشعار سے آپ بھی محظوظ ہوں ؎

وہ ہوا جنّت کی وہ ابر کرم چھایا ہوا
میکدہ جنّت ہے جنّت میں جو پی تو کیا ہوا

پی بھی لو ہلکی سی، کچھ کم سہی
وصل میں بے مے مزا آتا نہیں

کیا ہوئی میری جوانی جوش پر آئی ہوئی
ہائے وہ نازک گلابی میری چھلکائی ہوئی

پی لی ہم نے شراب پی لی
تھی آگ، مثالِ آب پی لی
اچھی پی لی خراب پی لی
جیسی پائی شراب پی لی

جام مے توبہ شکن، توبہ مری جام شکن
سامنے ڈھیر ہیں ٹوٹے ہوئے پیمانوں کے

یہ اشعار جن کیفیات کے حامل ہیں ان سے یہ اندازہ کرنا کہ ریاض شغلِ مے نوشی سے دامن بچائے ہوئے تھے بظاہر آسان نہیں۔ بہر حال، اُردو شاعروں نے شراب ساقی، جام و مینا، ساغر و صہبا، خُم، صراحی وغیرہ الفاظ و تراکیب بکثرت سے استعمال کئے ہیں اس سے اس بات کا شبہ ہو سکتا ہے کہ زندگی سے فرار حاصل کرنے کے لئے، حالات کی سختیوں سے گھبرا کر اُردو شاعروں نے میخانہ میں پناہ لے لی ہوگی۔ حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے، اور اگر بالفرض ایسا ہوتا بھی تو اُردو شاعری میں ایسے اشعار بکثرت ملتے جو شاعر کے ہوش و حواس کھو دینے کا نتیجہ کہے جاتے۔ میں سمجھتا ہوں اُردو کے کسی بھی قابلِ ذکر شاعر کا ایسا شعر پیش کرنا ممکن نہیں جو محض شراب کی بدمستیوں کا اظہار ہو۔ اُردو شاعروں نے شراب یا لوازمات شراب کو بطور پیکر استعمال کیا ہے۔ یہ پیکر اظہار کا اتنا اچھا وسیلہ بنا کہ اسے اپنانے میں شاعروں کو زیادہ دیر نہ لگی۔ فارسی شاعری میں اس کے اعلیٰ نمونے موجود تھے۔ حافظ و خیام کے کلام روشن مینار کا کام دے رہے تھے اس لئے بھی اُردو شاعروں کو اس پیکر کو ملا بخشنے میں زیادہ دشواریوں کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

محسوسات کے مختلف مرحلوں کے کامیاب اظہار میں یہ پیکر اُردو شاعروں کے لئے بہت ہی معاون رہا ہے۔ کہیں انتہائی پیچیدہ مضمون اس پیکر کے ذریعہ بہت آسانی سے بیان ہو گیا ہے، کہیں رموزِ کائنات کی باتیں عام فہم بن گئی ہیں۔ کہیں انتہائی نازک خیال کا اظہار بھی آسانی سے ہو گیا ہے تو کہیں اشارے کنائے کی باتیں اس پردے میں دلچسپ اور مؤثر ڈھنگ سے بیان کی گئی ہیں غرض جام و مینا کا یہ پیکر شاعروں کے محسوسات کے اظہار کا بہترین و مؤثر وسیلہ بن گیا ہے۔

میر کہتے ہیں ؎

میر اُن نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

سودا کا شعر ہے ؎

کیفیتِ چشم اس کی مجھے یاد ہے سودا
ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

یا شاد کا یہ شعر ؎

دیکھا کئے وہ مست نگاہوں سے بار بار
جب تک شراب آئے کئی دور ہو گئے

یا پھر شوق کا یہ شعر ؎

آنکھ اس نے اس ادا سے دکھائی کہ میں نے شوق
چپکے سے اپنا مے سے بھرا جام رکھ دیا

یہ اشعار محبوب کی آنکھوں کی تاثیر کی مختلف جہت کو بڑی خوبصورتی سے پیش کرتے ہیں۔ نیم باز آنکھوں کی کیفیت کو شراب کی سی مستی کہنا، کیفیتِ چشم کو یاد کر کے ساغر دوسرے کے حوالے کر دینا، مست نگاہوں سے دیکھنے کو شراب کا دور کہنا اور ادا سے آنکھ دکھانے پر چپکے سے جام رکھ دینا شاعرانہ اظہار کے وہ کرشمے ہیں جو شراب کو بطور پیکر کے استعمال کرنے کے مرہون ہیں۔ اس طرح کی بہت ساری مثالیں اُردو شاعروں کے دیوان میں بھری پڑی ہیں۔

قتیل شفائی کا ایک شعر ہے ؎

نکل کر دیر و کعبہ سے اگر ملتا نہ میخانہ
تو ٹھکرائے ہوئے انساں خدا جانے کہاں جاتے

اور جگن ناتھ آزاد کا یہ شعر ؎

میں نے پوچھا کہ زندگی کیا ہے
ہاتھ سے گر کے جام ٹوٹ گیا

یا عدم کا یہ شعر ؎

میں میکدے کی راہ سے ہو کر نکل گیا
ورنہ سفرِ حیات کا کافی طویل تھا

ٹھکرائے ہوئے انسان، زندگی کے راز کے متلاشی انسان اور زندگی کی بے کیف طوالت سے گھبرائے انسان کے محسوسات کو میخانہ، نہ ہاتھ سے گر کر جام ٹوٹے، اور میکدہ کی راہ، میں کس خوبصورتی سے سمو دیا گیا ہے۔

چند اشعار مزید اس سلسلہ میں پیش کئے جاتے ہیں جن میں اُردو شاعروں نے اس پیکر کو بڑے ہی فنکارانہ طور پر پیش کیا ہے ؎

فراق کہتے ہیں ؎

وہ رنگ رُخ ترا زیرِ نقاب کیا کہنا
شراب جیسے چھلکتے چھلکتے رہ جائے

شاد عظیم آبادی کہتے ہیں ؎

یہ بزمِ مے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی
جو بڑھ کے خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

سرور کابری کہتے ہیں ؎

ذوقِ مے دنیا کے صدقے ہم پیالہ کش کا تھے
جب پیالہ گر کے ٹوٹ گیا تو ٹوٹی ہی رہی

جگر کا شعر ہے ؎

پینے کو تو سمجھتے ہیں جگر میخانۂ فطرت سے لیکن
محروم نگاہِ ساقی ہے وہ رند تہی تشنہ کام نہیں

مجازؔ کا ایک شعر ہے ؎

حسن محفل کیف مستی ہیں اس انجمن عرفانی میں
سب جام بکف بیٹھے ہی رہے ہم پی بھی گئے چھلکا بھی گئے

حفیظؔ کہتے ہیں ؎

اے مبتلائے زیست ٹھہر، خودکشی نہ کر
تیرا علاج زہر نہیں ہے شراب ہے

فیضؔ کہتے ہیں ؎

خیر دوزخ میں مے ملے نہ ملے
شیخ صاحب سے جاں تو چھوٹے گی

جوشؔ کہتے ہیں ؎

ٹھنکر ہے زمیخانے میں اپنا نام لکھوایا
جو میکش لڑکھڑاتے ہیں وہ بازو تھام لیتے ہیں

غالبؔ کا شعر ہے ؎

جب میکدہ چھٹا تو پھر اب کیا جگہ کی قید
مسجد ہو مدرسہ ہو، کوئی خانقاہ ہو

صرف یہی نہیں کہ زندگی کی عام باتیں یا فلسفہ و اخلاقیات کے اصول کے لئے ہی یہ شاعرانہ پیکر استعمال کئے گئے ہیں۔ بلکہ تصوف کے رموز و نکات بھی جام و مینا میں گھول کر وہ آتشہ ہو گئے ہیں.. ہمارے صوفی شاعروں نے اس پیکر کو خوب خوب استعمال کیا ہے بلکہ وہ شاعر جو بظاہر صوفی نہیں ہیں، انھوں نے بھی عارفانہ باتیں جام و سبو کے پیمانہ میں بڑے ہی موثر انداز میں پیش کی ہیں۔ چند مثالیں درج جاتی ہیں

سوداؔ کا ایک شعر ہے ؎

ساقی ہے یک تبسم گل موسم بہار
ظالم بھرے ہے جام تو جلدی سے کھینچ لیں

دردؔ کہتے ہیں ؎

ساقیا یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ
جب تلک بس چل سکے ساغر چلے

غالبؔ کا ایک شعر ہے ؎

گرنی تھی ہم پہ برق تجلی، نہ طور پر
دیتے ہیں بادہ، ظرف قدح خوار دیکھ کر

چکبستؔ کا شعر ہے ؎

ایک ساغر بھی عنایت نہ ہوا یاد رہے
ساقیا جاتے ہیں محفل تری آباد رہے

جگرؔ کہتے ہیں ؎

اندازہ ساقی تھا کس درجہ کریمانہ
ساغر سے اٹھیں موجیں بن کر خط پیمانہ

آخر میں اس بات کی طرف بھی میں اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ولی سے اقبال تک اردو شاعری جن ادوار سے گذری ہے اُن ایام میں اظہار خیال کو وہ آزادی حاصل نہیں تھی جو ہمیں اس بیسوی صدی کی چھٹی ساتویں اور اب آٹھویں دہائی کے آغاز میں حاصل ہے۔ پابندیاں ظاہر ہے شاعروں کو اس پر مجبور کرتی ہوں گی کہ وہ اپنے ہی محسوسات کو عوام کے سامنے پیش کریں جن کی سماج اجازت دیتا ہے یا جو خلاف مصلحت نہیں ہیں۔ لیکن یہاں اس سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ شاعر اپنے محسوسات کے لئے سماج کا پابند نہیں رہ سکتا۔ وہ پابندیوں کے خلاف بغاوت کا علم ضرور بلند کرے گا اور آگے اس میں کامیابی بھی حاصل ہوگی لیکن بغاوت کا علم بلند کرنے اور کامیابی حاصل کرنے کے درمیان جو عبوری وقفہ ہوتا ہے اس میں شاعر خلاف مصلحت محسوسات پیش کرنے کے لئے چند پیکر تراشتا ہے۔ ولی سے اقبال تک بلکہ اس کے بعد بھی اردو شاعروں نے اپنے اُن محسوسات کو جنہیں واضح الفاظ میں سماج سننا گوارا نہیں کرتا جام و مینا کے پیکر ہی میں پیش کیا ہے۔ وہ محبوب کو محض چھیڑنے کے لئے بھی عذر مستی کا سہارا لینے پر مجبور ہو گئے تھے۔ اب چونکہ اس طرح کی پابندیاں رفتہ رفتہ ختم ہو رہی ہیں اس لئے حالیہ دہائی کی اردو شاعری میں شراب کا ذکر بھی محسوس طور پر کم ملنے لگا ہے۔

(آکاشوانی پٹنہ بھاگلپور سے براڈکاسٹ)

بوڑم لکھنوی

غزل

بس آجکل یہی اک فکر مجھ کو ہر دم ہے
کہیں نہ وہ بھی کہہ دیں مجھے کہ بوڑم ہے

تمہاری بزم کا عالم عجیب عالم ہے
یہاں تو جو بھی ہے مائل بہ دھر گھسیٹم ہے

تمہیں دکھاؤں گا اک دن کمال موسیقی
ابھی تو ساز محبت پہ مشق سرگم ہے

وہ میرے گھر میں جو آ دھمکیں تو غضب ہو جائے
کہ چارپائی جھلنگا ہے اور دری نم ہے

جو ہم پئیں تو ہمارے لئے حرام ہے مے
جناب شیخ چڑھائیں تو آب زمزم ہے

بھڑا دیں جس سے اسے آپ اُس سے بھڑ جائے
یہ بوڑم آپ کا گیدڑ نہیں ہے رستم ہے



ڈاکٹر آر۔ اسیری

سگریٹ میرا ہمدم میرا دوست

"بیکار مباش کچھ کیا کر، کچھ نہیں تو سگریٹ پیا کر"

ہو ہے کش سگریٹ کے اور غم غلط... گرو بہاری کے آگے بیکاری کے مسئلہ کا سب سے آسان اور خود ساختہ شاید سگریٹ ہے۔ یا پھر انجم مانپوری کی کلکتہ ریٹرن (Return) ہو جس نے امجدیہ میں ایک سنگل چائے پی لی۔ چار مینار کے دو کش لئے، چار بار نزلہ کا مارا اور فریش ہو گیا۔ اور یہی کیا لندن کی ٹیمس ندی کے کنارے ایک ضعیف نے ایک رئیس نوجوان سے پوچھا "میاں اس قدر سگریٹ کیوں پیتے ہو؟" تو مسکراتا، کش لیتا اور تھوڑا ہونٹ چباتا بولا "فادر! سگریٹ تھوڑا ہی پیتا ہوں۔ ارے یہ تو سفید ہونٹ ہے جو میرے ارادے کے قابو میں ہے۔ جب چاہا دبا ڈالا جب چاہا ہٹا ڈالا۔ چنانچہ یہ اُجلا پتلا ہمیں اپنے لامبا سگریٹ جو کبھی امریکہ کے میدان میں صرف ایک کمپنی کے پتے کی شکل میں مارا مارا پھر رہا تھا۔ اس کو کولمبس نے یورپ پہونچا دیا تو پرتگالیوں نے اسے اکبر کے دربار حضور میں پیش کیا۔ اکبر نے خود سگار کے دو کش لئے اور پھر کو خلعت یا نوازا لطف آیا۔ اور تھوڑی تکلیف بھی ہوئی۔ سو "تکلیف عبدالفتح نے اپنی دانشمندی اور چھان بین سے ختم کر دی تمباکو کے پتے پر تجربے کئے اور دیکھا کہ اس میں کوئی شے ہے جو کھانسی پیدا کرتی ہے۔ اگر اس کے دھوئیں کو پانی کے ذریعہ گزرنے دیا جائے تو کدورت مٹ جاتی ہے۔ چنانچہ یورپ کا چُرٹ ہندوستان میں حقہ بن کر پیش ہوا۔ اور سونے کی چلم، سونے کی سرپوش، لامبی لامبی فتح پیچ جیسے سانپ کی آنت شانِ عمارت بن گئی اور آخری دور میں تو حکومت چلی گئی مگر چلم کی سرپوش کو ڈھکنے کے لئے نوکری کپارتے رہ گئے۔

تو جناب سگریٹ تو ہمدم ہے دوست ہے، ساتھی ہے اکیلے پن کا، سفر کا، ظفر کا، کلب کا، محلس کا، غم غلط کرنے کا۔ دوستی بڑھانے کا۔ کبھی آنسو پوچھے کبھی آنسو پیدا کرے۔ وقت کاٹے نہ کٹے۔ سگریٹ موجود رہے۔ وقت ٹل ہی جاتا ہے۔ اور چاہے کوئی بھی برینڈ ہو۔ پینرز، گولڈ فلیک، کیپسٹن، ولس، چار مینار، عبداللہ، فائیو ففٹی فائیو، میکر دلپلو۔ جو بھی مل جائے۔ بوقت ضرورت سبھی کام آتے ہیں۔ عبداللہ پینے والے چار مینار پر اتر آتے ہیں۔ اور جب عبداللہ کی بات نکل آئی ہے تو بے ساختہ برنارڈشا یاد آتے ہیں جو سگریٹ کے بالکل مخالف اور دشمن تھے اور ایک آنکھ نہیں بھاتا تھا۔ لیکن جب لوگوں نے مجبور کیا تو وہ بھی تعریف کئے بغیر نہ رہ سکے۔ بولے "کبھی سگریٹ مت پیو۔ یہاں تک کہ عبداللہ بھی" (Never Smoke Not even Abdulla)

یہ تو رہے سگریٹ کے فضائل و برکات۔ کتنوں نے اس کی تعریف میں کیا نہیں لکھے۔ سرجیمس بیری نے تو تصنیف ہی کر ڈالی "مائی لیڈی نیکوٹن"

جیروم کے جیروم (Jerome K. Jerome)

نے پائپ اور سگار کی تعریف میں زمین سے آسمان کے قلابے ملا ڈالے۔ اور تعریف کیوں نہ ہو۔ تمباکو کے پینے میں کیا نہیں ہے۔ اس میں پروٹین، اسٹارچ، شکر، الکالوائڈس، ہائڈرو کاربن، فینول، فیٹی ایسڈ، اسٹرول اور رزن اور گینک مرلس کے جزو مات موجود ہیں۔ لیکن اس میں خاص جزو نیکوٹن ہے۔ تمباکو کے پتے کو خاص طور سے تیار کر کے کاغذ میں لپیٹ کر سگریٹ تیار کیا جاتا ہے۔ سگریٹ کے دھوئیں میں طرح طرح کے گیسوں کے علاوہ نمی اور چھوٹے چھوٹے ذرات موجود ہیں۔ جو دھوئیں کی شکل اختیار کر پھیپھڑوں کی چھوٹی چھوٹی نالیوں اور پھر خون تک پہنچ جاتے ہیں۔ ایک ایک ذرہ ویسمل پانچ مائکرون سے چھوٹا بن جاتا ہے۔ مگر سگریٹ کی دو چیزیں خاص ہیں۔ اوّل سرطان پیدا کرنے والا جز اور دوسرے نیکوٹن۔ جب سگریٹ کے تمباکو پتے کی شکل میں ہوتے ہیں تو ان میں سرطان پیدا کرنے والی شے کا نام نشان تک نہیں ہوتا۔ لیکن یہی پتے جب سگریٹ کی شکل میں جلنے لگتے ہیں تو ان کے جلنے سے ایک طرح کی چیز پائرولائسس (Pyro-lysis) کی وجہ سے بن جاتی ہے جسے ہم اسموک ٹار کہتے ہیں۔ اس ٹار کو کیمیائی طور پر جانچ کرنے سے معلوم ہوا کہ اس میں بینزو پائرن (Benzopyrin) ہوتا ہے جو خاص طور سے (Cancer) سرطان پیدا کرتا ہے۔ دوسری شے نیکوٹن ہے۔ اس کو یوں سمجھا جائے جیسے کسی کو رات میں ذکر چھوڑ دے۔ شروع میں تنفس تو ہوتا ہے لیکن بعد میں بگڑی [illegible] مضمحل ہو جاتی ہے۔ اور گراوٹ کی ابتدا ہے۔ اس کا اس طرح شروعات نس اور گوشت تینوں جگہوں پر ہوتا ہے نسوں پر اثر کی وجہ سے پیٹ میں زیادہ ہائیڈروکلورک ایسڈ پیدا ہوتا ہے اور بیماریاں ہوتی ہیں۔ اس دل

کی نالیاں کورنری آرٹریز (Coronary Arteries) موٹی اور ریغڈی ہو جاتی ہے اور دل کی بیماریاں ہوتی ہیں۔ یہ ہیں ان کے کالے کرتوت۔ آیئے اب ان کی کرتوتوں کا الگ الگ جائزہ لیں تو سب سے پہلے جو خطرہ کی بات نظر آتی ہے وہ ہے کینسر لنگ (Cancer Lung) یعنی پھیپھڑوں کا سرطان۔ چنانچہ انیس سو (۱۹۰۰) میں دیکھا گیا کہ پھیپھڑوں کا سرطان کافی زور پکڑ رہا ہے۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی اجاگر ہو کر سامنے آگیا کہ زیادہ سے زیادہ تر لوگ سگریٹ کے عادی بنتے جا رہے ہیں۔ اس لئے لوگ سگریٹ کو شک کی نظر سے دیکھنے لگے۔ سنہ ۱۹۱۰ء میں امریکہ میں اوسطاً فی کس ۱۳۰ سگریٹ پیا جاتا تھا۔ لیکن سنہ ۱۹۵۳ء میں فی کس ۳۴۵۶ سگریٹ صرف ہونے لگا۔ حال میں دس برس کے اندر اس بات کی پوری جانچ گریٹ برٹین، ڈنمارک، سویڈن، فن لینڈ میں ہوئی۔ British Medical Research Council کو بالآخر کہنا پڑا کہ جو شخص ۲۰ سے زیادہ سگریٹ روزانہ پیتا ہے اُس کو سرطان ہونے کی زیادہ اور قوی امید ہے۔ سنہ ... ء میں United States Public Health Service نے ڈاکٹروں کی مجلس بلائی اور ان لوگوں نے تجربے کئے اور بالآخر اس نتیجے پر پہنچ گئے کہ سگریٹ اور پھیپھڑے کے سرطان میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ لیکن اس میں عمر کو بھی کافی دخل ہے۔ کیونکہ سن رسیدہ انسان کو اکثر سرطان ہوا کرتا ہے۔ مگر تجربہ کاروں کا کہنا ہے کہ اس کی داغ بیل جوانی میں پڑ جاتی ہے۔ دوسرا سوال سگریٹ اور دل کا ہے امریکہ میں ہر سال ۵ لاکھ آدمی دل کی بیماریوں سے مرتے ہیں مرنے والوں میں ۹۹ فیصد انسان چین اسموکر Chain Smoker ہوتے ہیں۔ اس بات کی تصدیق اور ترکیبوں سے بھی کی جا چکی ہے۔ اس لئے دل کی بیماری والے لوگوں کو سگریٹ سے کوسوں دور بھاگنا چاہیئے۔ تیسرے سگریٹ اور پھیپھڑے کی دیگر بیماریاں جیسے پرانی کھانسی، سانس کا پھولنا، سردی، لگاتار زکام وغیرہ۔ پھیپھڑے کے اندر بار بار دھواں جانے سے اس کے اندر کے ذرات پھیپھڑے میں جمتے جاتے ہیں۔ اسکی وجہ سے کھانسی ہوتی ہے۔ اور پھیپھڑوں میں جگہ کم ہوتی جاتی ہے۔ پھیپھڑوں میں خون صاف ہوتا ہے اور اس کو آکسیجن ملتا ہے۔ مگر جگہ کم کی وجہ سے یہ سب کچھ اچھی طرح نہیں ہو پاتا اور سانس پھولنا، برونکائیٹس جلد ظہور پذیر ہو جاتا ہے۔ سگریٹ اور پیٹ کی بیماریاں۔ سگریٹ حساس انسان بہت پیتے ہیں اور جتنا ہی زیادہ الجھن ہوتی ہے اتنا ہی زیادہ سگریٹ پیتے ہیں جسکی وجہ سے پیٹ میں بہت ایسڈ بنتا ہے۔ اور یہ لوگ (Peptic ulcer) پیپٹک السر کے شکار ہو جاتے ہیں۔ ان مضر اثرات کو دیکھ کر سگریٹ پر کافی حملے ہو رہے ہیں۔ امریکہ میں سنہ ۱۹۶۱ء میں سگریٹ اور صحت کے عنوان کے تحت کمیٹی بٹھائی۔ جسکا نام رکھا (Surgeon General Advisory Committee) اور اس کا کام تھا سگریٹ کے مضر اثرات کے بارے میں چھان بین کرنا۔ اور ان لوگوں نے سگریٹ کے خلاف اپنی رپورٹ دی ہے جسکی وجہ کر اب سگریٹ پر بھی دوائیوں کی طرح Poison کی مہریں لگا کرینگی مگر روک تھام کی ایک ترکیب اور ہے۔ ہر سال دام بڑھتا جائے۔ نہ زیادہ پیسے ہوں گے نہ زیادہ سگریٹ پئیں گے۔ "نہ اینٹ ڈالے نہ چھینٹا کھائے"۔ اسی لئے سگریٹ ایک دشمن ہے اور خاص طور پر نوجوانوں کا دشمن۔ غالب نے کہا تھا:

اے تازہ واردانِ بساطِ ہوائے دل
زنہار اگر تمہیں ہوسِ نائے و نوش ہے

جو نوجوان عمر دراز ہونا چاہتے ہیں۔ جو چاہتے ہیں کہ ان کے پھیپھڑے کینسر کی نذر نہ ہوں پیٹ پیپٹک السر کا شکار نہ ہو دل کورنری ہارٹ ڈیزیز (Coroney Heart desease) کی آماجگاہ نہ ہو وہ سگریٹ سے کوسوں دور بھاگیں۔ برناڈ شا کی طرح اس کے دشمن بن جائیں۔ مگر چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی یہ غم کا ساتھی' یہ تنہائی کا چراغ' سائے کی طرح لپٹا۔ اندھیرے میں جب سایہ بھی ساتھ نہ ہو یہ ساتھ دے گا۔ یہ ہمدم کب اپنے سے جدا ہوتا ہے۔ آئیے! مل بیٹھیں!! دو دو کش لیں اس سگریٹ کا اور غور کریں کہ اس ہمدم کے بارے میں کیا کیا جائے ہمدم جو اپنا دشمن اور اس سفید پوش پر بھی کیا منحصر ہے جو دو ٹانگوں والے ہمدم دن رات کے ساتھی دشمن زمانہ بن بیٹھے۔ دن رات اپنی تلخ باتوں اور کڑوے کاموں سے دلوں اور پھیپھڑوں کو چاک کیا کرتے ہیں اور ذرا ماتھے پر شکن بھی نہیں لاتے۔ تو سگریٹ تو بے جان ہے آپکی خواہشات کا مرہون منت۔ مگر پھر بھی عادی ہے۔ کبھی کبھی دامن کا شوق [illegible] بھاگے دور سے [illegible]

ریڈیو کی
لمبی عمر
ہونے کے لئے
ہائی ٹون
ایریلیس استعمال کیجئے
ملنے کا پتہ ہر جگہ

احمد جمال پاشا

ایک ہپّی سے ملاقات

آج ایک ہپّی سے ملاقات ہوگئی یعنی ہپّی سے خاک ملنا۔ دراصل ہم دونوں ایک دوسرے سے ٹکرا گئے اور پھر وہ بلائے جان مجھ سے جونک کی طرح چمٹ گیا۔

بات یہ ہوئی کہ باہر جانے کے لئے میں ریلوے اسٹیشن پر گاڑی کی طرف لپکا۔ ہپّی مجھے بھی بالی دالی بڑھے ہونے کی وجہ سے شاید اپنا بھائی بند سمجھا۔ اور یہ خیال کیا کہ میں ان کی طرف لپک رہا ہوں۔ اسٹیشن کی بھری دنیا میں تنہا بھٹکنے والے ہپّی کے لئے غالباً یہ غیر معمولی واقعہ تھا کہ کوئی اس سے کترانے کے بجائے اس کی جانب دوڑے اور وہ جھپٹ کر مجھ سے لپٹ گیا۔ اس کے ٹکراتے ہی گاڑی چھوٹ گئی اور پٹری چمکنے لگی۔

میں نے اُسی طرح اُس سے اپنے آپ کو چھڑانے کی کوشش کی جیسے کہ کوئی جُوں سے اپنا پنڈ چھڑائے مگر وہ کیسے مجھے چھوڑ سکتا تھا۔ وہاں تو معاملہ زبان یار من ترکی والا تھا صاحب۔ پنجاب میل کی رفتار سے امریکی مارکہ انگریزی میں نہ جانے کیا کیا اُگلا رہا تھا۔ اور میں اردو میں مال گاڑی کی طرح رفع شر کی خاطر ریں ریں کر رہا تھا۔ میں نے کہا۔ "آپ کون صاحب ہیں؟" ہپّی نے حیرت سے اپنے آپ کو دیکھا اور مجھ سے بولا۔

"برائے مہربانی مجھے بتایئے کہ میں کون ہوں؟"

انگریزی بولنے پہ مجبور ہونے کے خیال سے میری سانس پھولنے لگی اور میں نے ٹوٹی پھوٹی یا۔ زیادہ مناسب ہوگا یہ کہنا کہ غلط سلط انگریزی میں گھبرا کر اپنا سوال پھر دوہرایا۔ اور اس نے ثابت قدمی کے ساتھ اپنی بات لوٹا دی۔ دیر تک ہم دونوں ایک دوسرے کے لئے فٹ بال بنے رہے اور مجھے خطرہ یہ پیدا ہوگیا کہ ہپّی کہیں اپنے اپنے سوال کو وقار کا مسئلہ بنا لے اس لئے میں نے بڑی ملائمت سے کہا۔

"دیکھئے میں تو آپ مجھے ایک ہپّی معلوم ہوتے ہیں" ہپّی نے کہا "خیر! ہپّی تو آپ بھی معلوم ہوتے ہیں ورنہ ہم دونوں اس وقت ایک ساتھ نظر نہ آتے" یہ کہکر وہ مجھ سے اس طرح ملنے لگا جیسے کہ دو بچھڑے ہوئے بھائی ایک دوسرے سے بغل گیر ہوں۔ بدبو کے ایک بھبکے کے ساتھ میرا دماغ پھٹنے لگا۔ میں اپنے سارے وجود پر جوئیں رینگتی محسوس کرنے لگا۔ میں نے بدقت اُس کے اور اپنے درمیان ایک ممکن فاصلہ قائم کیا۔ ہم دونوں آمنے سامنے بیٹھ گئے۔ اس وقت صورت حال یہ تھی کہ ہم دونوں زمین پر آلتی پالتی مارے محو حیرت تھے۔ اور پلیٹ فارم پر گزرنے والے مسافروں کے پرے ہم دونوں کو اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے کہ زندہ عجائب گھر میں ... بن مانس کے جوڑے دیکھتے ہیں۔ دو ایک نے آوازے اور فقرے بھی کسے مگر ایک چیز ہر مسافر کے یہاں مشترک تھی۔ اور وہ تھی ایک تعجب خیز مسکراہٹ، شاید اس لئے کہ اس نے ولائتی ہپّی تو بہت دیکھے تھے مگر دیسی ہپّی دیکھنے کا غالباً پہلا اتفاق تھا۔ حسنِ اتفاق سے اس نظروں سے دیکھے جانے کا میرے لئے بھی پہلا اتفاق تھا۔ جس سے ہپّی بے نیاز تھا اور میں بے بس۔ میں نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان گزرتے ہوئے لمحوں کو اپنی معلومات میں سمیٹ لینے کی کوشش کی اور پوچھا۔ "آپ کہاں سے آئے ہیں؟" ہپّی نے حشیش کا ایک سگریٹ پیش کرتے ہوئے کہا۔

"چھوڑیئے! ان باتوں میں کیا رکھا ہے؟ کہ میں کون ہوں؟ کہاں سے آیا ہوں؟ اور کہاں جاؤں گا؟ لیجئے ذرا دم لگائے! پھر سب کچھ خود ہی آپ کی سمجھ میں آنے لگے گا۔" اس نے ایک لمبا ٹکا اور بھیانک قہقہہ لگاتے ہوئے چرس کا ایک گہرا دم لگایا ایک شعلہ سا بلند ہوا۔ دھوئیں کی گھٹن سے بچنے کے لئے میں تھوڑا سا اور کھسک گیا۔ مگر نشیلی فضا میں اس کی دونوں آنکھیں اگیا بیتال کی طرح چمک رہی تھیں۔ اس کی گردن کی رگیں اور بھنویں تن گئیں۔ چہرے پہ عجیب سُرخی دوڑ گئی اور وہ مُسکراتے ہوئے بولا۔

"اس اجنبی دنیا میں ازل سے بھٹک رہا ہوں۔ مجھے نہیں کہ میرا نام کیا ہے؟ میں نہیں جانتا کہ مجھے کہاں جانا ہے؟ اگر جان بھی جاؤں تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ مجھے اس بھری دنیا میں آخر تنہا بھٹکنا ہے" میں نے کہا "ہپّی صاحب! مجھے تو آپ ہپّی سے زیادہ شاعر معلوم ہوتے ہیں؟" ہپّی نے ہنستے ہوئے کسی بھجن کا بول یاد کرتے ہوئے کہا "ہاں میں شاعر ہوں مگر فٹ پاتھ کا۔"

میں نے حیرت سے پوچھا بھلا یہ فٹ پاتھ کا شاعر کیسا ہوتا ہے؟ اس نے برہم ہوتے ہوئے جواب دیا "اگر شاعر دربار کا ہو سکتا ہے تو فٹ پاتھ کا بھی ہو سکتا ہے۔ یعنی میں اپنے لئے جو شعر کہتا ہوں وہ کسی سڑک کے کنارے مٹی یا ریت پر انگلی کے قلم سے تحریر کر دیتا ہوں۔ فٹ پاتھ پر میرے شعر اسی طرح معلوم ہوتے ہیں جیسے کہ سڑک کے کنارے بیٹھنے والے نجومی قسمت خواہ بچے کا فال۔"

میں نے کہا "خوب! خوب! مگر آپ کا یہ مال بکتا کس طرح ہے؟"

ہپّی نے کہا "گزرنے والوں کی نگاہیں اس کی خریدار ہیں۔ وہ اپنے قدموں کے ذہنوں میں اسے محفوظ کر کے آگے بڑھ جاتے ہیں اور میری نئی شاعری بھی میری طرح فٹ پاتھ کی دنیا کی بھیڑ میں کھو جاتی ہے۔"

میں نے کہا "اے فٹ پاتھ کے شاعر! سب سے بڑا یا پسندیدہ شاعر کون ہے؟"

اس نے کہا "آپ سے بھی کیا چوری۔ سب سے بڑا اور سب سے عظیم شاعر اور ادیب تو میں خود ہی ہوں مجھے اپنے علاوہ تو کوئی شاعر یا ادیب نظر نہیں آتا۔"

میں نے تعجب سے کہا "اچھا تو آپ بھی ادیب ہیں۔ بڑی خوشی ہوئی آپ سے مل کر، میں بھی کچھ ٹوٹا پھوٹا لکھ لیتا ہوں۔" ہپّی نے حقارت سے میری جانب دیکھا اور کہا

"ادیب تو واقعی میں بہت زبردست ہوں مگر تم ٹوٹا پھوٹا بھی لکھ پاتے ہوگے؟ اس میں مجھے شبہ ہے میرے علاوہ اس دنیا میں کوئی دوسرا ادیب ہو ہی نہیں سکتا۔"

میں نے ہپّی کی عظمت تسلیم کرتے ہوئے کہا "جب آپ اتنے بڑے ادیب اور شاعر ہیں تو آخر دنیا سے اتنے بیزار کیوں ہیں۔"

ہپّی نے کہا "بھئی دنیا سے اگر میں بیزار ہوں تو یہ دنیا بھی تو مجھ سے بیزار ہے۔"

میں نے پوچھا "لیکن دنیا تو بڑے ٹھاٹھ سے رہ رہی ہے۔ لیکن آخر یہ آپ کے چیتھڑے کیسے لگے ہیں؟ اور پانی سے اتنی دشمنی آپ کو کیوں ہو گئی ہے؟"

ہپّی نے کہا "بس بس۔ بڑا حد سے نہ گزر جیئے! آپ تو بات پر اتر آئے؟ میرے پرائیویٹ معاملات میں دخل دینے کا بھلا آپ کو کیا حق؟"

بات تو صحیح تھی اس لئے میں خاموش ہو گیا۔

ہپّی نے چہکتے ہوئے پوچھا "اور آخر یہ آپ اتنے صاف کپڑے کیوں پہنتے ہیں؟ اتنا نہاتے دھوتے کیوں ہیں؟ اتنا دنیا سے کیوں چمٹے ہوئے ہیں؟"

ہپّی کے اس جوابی گولے کے لئے میں ہرگز تیار نہ تھا۔ میں نے سنبھلتے ہوئے کہا "یہ میرا پرائیویٹ معاملہ ہے؟"

ہپّی نے کہا "چلئے یہ بھی ٹھیک ہے! مگر آپ کیسے ہپّی ہیں! کہ دنیا سے ذرا سا بھی بیزار نہیں؟"

میں نے کہا "میرے کون سے باؤلے کتّے نے کاٹا ہے۔ یا کس نے میرا کھیت مارا ہے کہ میں خواہ مخواہ میں بیزار ہوتا پھروں۔ پھر یہ بھی تو بات ہے کہ میں ہپّی کہیں سے بھی نہیں۔"

ہپّی نے تعجب سے پوچھا۔ "کیا تم ہپّی نہیں ہو؟"

میں نے کہا "بالکل نہیں!"

وہ غرّاتے ہوئے بولا "ہپّی ہونے میں بھی ملاوٹ، ابھی ایسی بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو؟ میں تو تمہیں ایک شریف ہپّی سمجھ کر حشیش پیش کر رہا تھا۔ مگر تم تو بالکل ہی غیر ہپّی نکلے اچھا اپنا راستہ تو ناپو نے!"

یہ کہہ کر وہ تیزی سے چل دیا اور ایک چھوٹی ہوئی ٹرین میں گھس گیا۔ میں نے اسے روکنے کی کوشش کی۔ مگر وہ یہ جا وہ جا غائب ہو گیا۔ میں نے اپنے چاروں طرف نظر میں دوڑائیں اور مجھے ہپّی سمجھنے والوں کی نگاہوں کی یورش سے بچنے کے لئے گھبرا کر اپنی کایا پلٹ کے لئے تیزی سے حجام کی دوکان کا رخ کیا اور ایک ہیر کٹنگ سیلون میں داخل ہو گیا۔

(آکاشوانی لکھنؤ سے براڈکاسٹ)

کنول پرساد کنول

غزل

آس کی بدلی سو جھوم کر آئی
دشت و صحرا پہ بھی برس جاؤ

تیکھی چتون کا مارو منتر
سوکھے پیڑوں میں جان بھر جاؤ

زہر زیج جائے گا زمانے کا
تم میری روح میں سما جاؤ

میں غزل چھیڑتا ہوں تم گنگناؤ
پاؤں میں باندھ کر چھلی آؤ

دل ہے کندن نگاہ موتی ہے
ہم کو پرکھو ہمارے پاس آؤ

بقیہ

ریڈیو کشمیر سری نگر

	صوفیانہ موسیقی مقام چارگاہ
۷۔۵۵	محمد خلیل : غزل (ساقی)
۸۔۲۰	نوجوان بزم خاطرہ نوجوانوں کے لئے کشمیری میں پروگرام
۱۰۔۱۰	اکھ غزل راج بیگم
۲۔۱۵	صلاح الدین احمد : غزل (جگر اور شمیم جے پوری)
۲۔۳۰	محمد سلطان امیر اور ساتھی صوفیانہ موسیقی (مقام اساوری)
۲۔۴۵	بھوانی پرساد مشرا سارنگی وادن
۴۔۳۰	محمد سلطان اور ساتھی صوفیانہ موسیقی (مقام [illegible])
۶۔۱۰	محمد خلیل اور ساتھی : قوالی غلام احمد گاش
۷۔۴۰	ساز و آواز بھوانی پرشاد مشرا سارنگی وادن
۹۔[illegible]	ریڈیو سنگیت سمیلن

ٹیلی ویژن کے پروگرام

	چینل ۴	بینڈ ۱
تصویر	۶۲/۶۵	ایم۔ایچ۔زیڈ
آواز	۶۵/۶۷	"

سنیچروار ۱۶ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ علاقائی فیچر فلم
۸-۱۲ " " (بقیہ)
۹-۲۵ انڈین نیوز ریویو

اتوار ۱۷ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۰۰ گھر پریوار (گھروں کیلئے پروگرام)
۶-۳۰ ہندی میں فیچر فلم
۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ
۸-۱۲ ہندی میں فیچر فلم (بقیہ)
۹-۱۵ پھر پیش ہے۔

سوموار ۱۸ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ کھیل کے میدان سے
۶-۴۵ معلوماتی فلم
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ سوموار کی ڈاک
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۸ ہندی میں ناٹک
۹-۰۰ آئینہ عالم
۹-۲۰ آور گیسٹ ٹونائٹ

منگلوار ۱۹ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ بچوں کے لئے
۷-۰۰ دلی نئی پرانی
۷-۱۵ ڈرامائی پروگرام
۷-۳۰ کل ہمارا ہے (نوجوانوں کا پروگرام)
۸-۲۸ محفل (موسیقی کا پروگرام)
۸-۵۵ پتریکا (ہندی میگزین)
۹-۲۰ انگریزی فلم

بدھوار ۲۰ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۲۰ سموہ گان۔ کلکتہ پارٹی کے نوجوانوں کا پیش کردہ پروگرام
۶-۴۵ وشو درشن
۷-۰۰ وگیان پتریکا
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۵ ڈرامائی پروگرام
۹-۰۰ پرسن ڈیو
۹-۲۰ ٹی۔وی۔ فولیو (انگریزی میگزین)

جمعرات ۲۱ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ فلم
۷-۰۰ فوٹو فیچر
۷-۱۵ آپ کے مہمان
۷-۳۰ نگر ناگرک
۹-۰۰ یوتھ فارم (نوجوانوں کا پروگرام)
۹-۲۵ دی راؤنڈ ٹیبل

جمعہ ۲۲ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ بچوں کے لئے
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ اڑیسہ ڈانس (شیکشا گیتا ناٹک)
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۸ ڈرامائی پروگرام
۹-۰۰ کھیل کے میدان سے
۹-۲۰ کوئز (انگریزی پروگرام)

سنیچروار ۲۳ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ آمنے سامنے
۷-۰۰ فیچر فلم (ہندی)
۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ
۸-۱۲ ہندی فیچر فلم (بقیہ)
۹-۲۵ انڈین نیوز ریویو

اتوار ۲۴ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۰۰ گھر پریوار (گھروں کیلئے پروگرام)
۶-۳۰ ہندی میں فیچر فلم
۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ
۸-۱۲ ہندی میں فیچر فلم (بقیہ)
۹-۱۵ رقص پر مبنی انگریزی فلم

سوموار ۲۵ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ کھیل کے میدان سے
۶-۴۵ اسکٹ (جھلکی)
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ سوموار کی ڈاک
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۸ ہندی میں ناٹک
۹-۰۰ مرر آف دی ورلڈ (آئینہ عالم)

منگلوار ۲۶ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ بچوں کیلئے ۔۔۔ ۷ دلی نئی پرانی
۷-۱۵ ڈرامائی پروگرام
۷-۳۰ کل ہمارا ہے (نوجوانوں کا پروگرام)
۸-۲۵ محفل (موسیقی پروگرام)
۸-۵۵ پتریکا (ہندی میگزین)
۹-۲۰ انگریزی فلم

بدھوار ۲۷ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ کماری کلپکن اور کماری آر سرسوتی کرناٹکی گائن
۶-۴۵ وشو درشن
۷-۰۰ وگیان پتریکا
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۸ ڈرامائی پروگرام
۹-۰۰ آرٹ اینڈ آرٹسٹ
۹-۱۵ ٹی۔وی۔ فولیو (انگریزی میگزین)

جمعرات ۲۸ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ فلم ۔۔۔ ٹی۔وی۔ رپورٹ
۷-۱۵ آپ کے مہمان
۷-۳۰ نگر ناگرک (شہریوں کیلئے)
۹-۰۰ یوتھ فورم انگریزی میں نوجوانوں کیلئے پروگرام
۹-۲۵ اوپن مائنڈ (انگریزی)

جمعہ ۲۹ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ بچوں کیلئے
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ معلوماتی فلم (ہندی)
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۵ میوزیکل درپٹی
۹-۰۰ کھیل کے میدان سے
۹-۲۰ انگریزی فلم

سنیچروار ۳۰ ستمبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ یادیں جو کچھ یاد رکھیں
۷-۰۰ ڈرامہ
۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ
۸-۱۲ انگریزی فیچر فلم
۹-۳۵ انڈین نیوز ریویو

مقررہ پروگرام

۸-۰۰ سماچار (اتوار، بدھوار اور ہفتہ کو)
سماچار سمیکشا (سوموار اور جمعہ کو)
سماچار اور آج کل (منگلوار اور جمعرات کو)

۸-۲۵ پروگرام کا خلاصہ (سوائے ہفتہ اور اتوار کے)
۸-۲۸ چتر ہار (صرف جمعرات کو)
۹-۴۵ انگریزی میں خبریں

اسکول ٹیلی ویژن
صبح ۸-۱۵، ۹-۱۵، ۱۰-۰۵، ۱۰ — دوپہر ۲-۳۵، ۳-۱۵ اور ۴-۰۵ -

وودھ بھارتی

پہلی سبھا (الف) صبح ۶-۵۵ سے ۸-۳۰ تک ۴۱/۴۹ میٹر ۶۰۳۵ کلو ہرٹز
(ب) صبح ۶-۵۵ سے ۹-۳۰ تک ۴۱/۳۲ " ۷۲۶۰ "

دوسری سبھا صبح ۱۰-۱۵ سے ۳۰-۱۲ تک ۵۵/۳۱ " ۹۵۱۰ "

تیسری سبھا (الف) دوپہر ۲-۰۰ سے ۴-۳۰ تک ۳۶/۲۵ " ۱۱۸۳۰ "
(ب) " ۰۰-۱ سے ۳-۴ تک ۷۷/۳۰ " ۹۷۵۰ "

آکاش وانی

پنج رنگی پروگرام

چوتھی سبھا ۰۰-۴ بجے سے ۳۰-۱۰ بجے تک ۲۷/۲۵ میٹر ۱۱۸۷۰ کلو ہرٹز
شام ۳۰-۶ بجے سے رات ۱۵-۸ بجے تک ۳۳/۳۱ " ۹۵۸۵ "
شام ۳۰-۶ بجے سے رات ۰۰-۱۰/۲-۱۱ تک ۴۹/۳۰ " ۶۰۸۵ "

سنیچر وار کو چوتھی سبھا ۲-۱۱ بجے تک

اتوار و دیگر تعطیلات کے پروگرام

صبح
۶-۵۵ وندے ماترم
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۲ وندن وار
۷-۲۰ اودے گان
۷-۳۰ جے مالا کے پھول
۷-۴۵ نگل گان
۸-۱۵ مدھوون
۸-۳۰ جے مالا
۹-۰۰ مختصر خبریں
۹-۲ منورنجن: فرمائشی پروگرام
۹-۳۰ اختتام

دوپہر
۱۰-۰۰ اپنا گھر
۱۰-۴۵ گنجن فلمی دھنیں
۱۱-۰۰ مختصر خبریں
۱۱-۲۰ چتر دھونی
(صرف اتوار)
(دیگر تعطیلات کو رتنا کر پروگرام)
۱۲-۰۰ مختصر خبریں
۱۲-۲ سنگیت سہیلی
۱۲-۱۵ چترارا لوک سنگیت
۱۲-۲۵ جھروکا
۱۲-۳۰ اختتام

سہ پہر
۲-۰۰ بیلا کے پھول
۲-۳۰ خصوصی جے مالا (دوبارہ نشر)
۳-۰۰ مختصر خبریں
۳-۲ خصوصی جے مالا (مسلسل)
۳-۱۵ پھول بان
۳-۳۰ انورنجنی (کلاسیکی ساز سنگیت)
۳-۴۵ انجلی
۴-۰۰ مختصر خبریں
۴-۲ گیت مالیکا
۵-۰۰ مختصر خبریں
۵-۲ مدھر گیتم
۵-۳۰ اختتام

شام
۶-۳۰ سندھیا گیت فلمی بھگتی گیت
۶-۴۵ ورندگان فلمی بھگتی گیت
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۲ جے مالا فرمائشی پروگرام
۷-۱۵ راگ رنگ فلمی کلاسیکی موسیقی
۸-۰۰ مختصر خبریں
۸-۲ ایک دھن
۸-۵ چتر شالا
۸-۱۰ منورنجن
۸-۳۰ ایک گیت
۸-۴۵ چتر پٹ
۹-۰۰ رنگ دھارا
۹-۱۰ گنجن
۹-۱۵ ہوا محل
۹-۳۰ من چاہے گیت
۱۰-۱۵ جھروکا
۱۰-۲۰ شبھ راتری
۱۰-۳۰ ختم

ہفتے کے دوسرے دنوں کے پروگرام

صبح
۶-۵۵ وندے ماترم
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۲ وندن وار
۷-۲۰ اودے گان
۷-۳۰ تری وینی
۷-۴۵ نگل گان
۸-۱۵ مدھوون
۸-۳۰ جے مالا
۹-۰۰ مختصر خبریں
۹-۲ منورنجن فرمائشی پروگرام
۹-۳۰ اختتام

دوپہر
۱۰-۱۵ گنجن
۱۰-۲۵ جے مالا
۱۰-۵۵ ایک گیت
۱۱-۰۰ مختصر خبریں
۱۱-۲ گلدستہ
۱۱-۱۵ من چاہے گیت
۱۲-۰۰ مختصر خبریں
۱۲-۲ چتر دھونی کا انش
۱۲-۱۵ جھروکا
۱۲-۳۰ اختتام

سہ پہر
۲-۰۰ رنگ ترنگ: غیر فلمی گیت
۲-۳۰ منورنجن
۳-۰۰ مختصر خبریں
۳-۲ منو رنجن: علاقائی موسیقی
۳-۱۵ وانائیں غیر ملکی ساز سنگیت
۳-۳۰ [illegible]
۳-۴۵ انجلی
۴-۰۰ مختصر خبریں
۴-۲ گیت مالیکا
۵-۰۰ مختصر خبریں
۵-۲ مدھر گیتم
۵-۳۰ اختتام

شام
۶-۳۰ سندھیا گیت بھگتی سنگیت
۶-۴۵ ورندگان فلمی کورس گانے
۷-۰۰ مختصر خبریں
۷-۲۰ جے مالا
۷-۴۵ راگ رنگ کلاسیکی فلمی موسیقی
۸-۰۰ مختصر خبریں
۸-۲ ایک دھن
۸-۵ چتر شالا
۸-۱۰ منورنجن
۸-۴۰ ایک گیت
۸-۴۵ چتر پٹ
۹-۰۰ رنگ دھارا
(صرف سنیچر کو پروگرام)
سامعین کے خطوط کے جواب
۹-۱۰ گنجن
۹-۱۵ ہوا محل
۹-۳۰ من چاہے گیت
۱۰-۱۵ جھروکا
۱۰-۲۰ شبھ راتری
۱۰-۳۰ اختتام

سنیچر وار کی رات کا پروگرام

۱۰-۳۰ سنگیت راگنی: سات گانے
۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۲-۲۰ ختم

ریڈیو کشمیر جموں

میڈیم ویو سروس

۲۰۳ میٹر ۹۹۰ کلوہرٹز

شارٹ ویو سروس

صبح ۶-۳۰ سے ۷-۴۵ تک	۸۹/۶۹ میٹر	۳۳۴۵ کلوہرٹز
۸-۰۰ " ۱۰-۰۰ "	۵۰/۳۴ "	۵۹۶۰ "
۱۰-۱۵ " ۱۲-۴۵ "	۵۰/۳۴ "	۵۹۶۰ "
۵-۰۰ " ۲۰-۰۰ "	۸۹/۶۹ "	۳۳۴۵ "

جموں کے مقررہ پروگرام

صبح

۶-۳۰ بندے ماترم
منگل دھونی
۶-۳۵ وندنا
بھکتی سنگیت کا پروگرام
۷-۰۰ ہندی میں خبریں
۷-۲ انگریزی میں خبریں
۷-۴ گیت
۷-۱۰ آجکا کاریہ کرم
۷-۵ سور لہری
(سوائے اتوار اور سوموار)
۷-۲۰ فلمی سنگیت +
۷-۳۵ ڈوگری سنگیت
۸-۰۰ ہندی میں خبریں
۸-۱۰ انگریزی میں خبریں
۸-۳۰ ڈوگری میں خبریں
۸-۵۰ اردو میں خبریں
۱۰-۳۰ اختتام

دوپہر

۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱۱-۲ انگریزی میں خبریں
۱۱-۴ ڈوگری میں پرادیشک سماچار
۱۱-۱۵ ودودھ بھارتی پروگرام
(سوائے منگلوار)
۱۲-۳۰ سینکوں کے لئے
۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱-۲ انگریزی میں خبریں
۱-۴ سینکوں کے لئے
(مسلسل)
۲-۰ انگریزی میں خبریں
۲-۱۰ ہندی میں خبریں
۲-۲۰ گیت
۲-۳۰ انگریزی میں خبریں
(دھیمی رفتار سے)
۳-۰۰ ہندی میں خبریں
۳-۲ انگریزی میں خبریں
۴-۵ اختتام (دوار سے تکوار)
۵-۰۰ ہندی میں خبریں
۵-۲ انگریزی میں خبریں
۵-۴ سینکوں کے لئے
۵-۵۰ ڈوگری میں پرادیشک سماچار
۶-۰۰ انگریزی میں خبریں
۶-۵ ہندی میں خبریں
۶-۱۰ کاریہ کرم کی روپ ریکھا اور
ستھانیہ سوچنائیں
۶-۳۰ دیس سوہامان
دیہاتی شہری پروگرام
۷-۱۵ ڈوگری میں خبریں
۷-۱۸ خبروں پر ڈوگری میں تبصرہ
۷-۳۰ سہہ گان
۷-۳۵ سامیکچی
۷-۴۰ اردو میں خبریں (سرینگر سے ریلے)
۷-۵۵ بات چیت " " " "
۸-۴۰ ہندی میں خبریں
۹-۰۰ انگریزی میں خبریں
۹-۲۵ اردو میں خبریں
۱۰-۰۰ ہوا محل (سوائے سنیچروار)
۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱۱-۲ انگریزی میں خبریں
۱۱-۱۰ اختتام

۱۶ ستمبر

صبح

۸-۲۰ سندھیا مکرجی +
۸-۴۰ ساز سنگیت +
۹-۰۰ وسندھرا پنڈت
خیال دیسی
۱-۳۰ نیا چوپال اور گیت مالا
۶-۱۵ شعر و سخن +
۸-۰۰ آپکی فرمائش +
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم

۱۷ ستمبر

صبح

۷-۱۵ کاریہ گان
۷-۳۰ گیت اور غزل
۸-۲۰ گیتاوت +
۸-۴۰ کرتار سنگھ راگی اور ساتھی
شبد
۹-۰۰ بال جگت
بچوں کیلئے پروگرام
۹-۴۵ پرادیشک سنگیت

دوپہر

۱-۳۰ سب رس

شام

۶-۱۵ گرجا دیوی
ٹھمری مشر تلنگ، کجری اور دادرا
۸-۰۰ انگریزی بات چیت
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ ڈوگری سنگیت
۸-۳۵ گیت منجری
۹-۳۰ ہندی میں ریڈیو روپانتر
از دیو رتن شاستری
مالتی مادھو: ناٹک کا
۱۰-۳۰ نوجوانوں کے لئے

۱۸ ستمبر

صبح

۷-۵ انمول بول
۷-۳۰ گیت اور غزل
۸-۲۰ کمودنی منشی
گیت اور لوک گیت
۸-۳۰ فلمی دھنیں +
۹-۰۰ پربھات ترے
خیال ایمن بہیرو
۱۰-۳۰ غزلیں
۶-۱۵ پرادیشک ریڈیو نیوزریل
۸-۰۰ محفل
اردو میں ملاجلا پروگرام
۸-۳۰ گیت منجری
۹-۳۰ آپکے خط اور آپکی فرمائش
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ دامودر لال کابرا
سرود وادن

۱۹ ستمبر

صبح

۸-۲۰ راجندر مہتہ +
۸-۴۰ بھجن
۹-۰۰ گورو پرشاد شرما اور
شاہد حسین: یگل بندی
وائلن اور سارنگی
۹-۱۵ امیر خاں
خیال درتیکار
۱۱-۱۵ محبت اور آدمی
اوبو ناٹک از اودے بی شرما
۱۱-۴۵ ودودھ بھارتی پروگرام
۱-۳۰ مہیلا منڈل
۶-۱۵ امیر خاں
خیال ہنس دھونی
۸-۰۰ سنسار سے دی تیلش پچ
ڈوگری بات چیت
از ستر یتی رزکہ دویلے
۸-۱۵ ڈوگری سنگیت
۸-۳۰ گیت منجری
۹-۳۰ تیری آربندو دی کا سفر
انگریزی میں تقریر
از پروفیسر ایم پی بہاریو
(دلی سے ریلے)
۹-۴۵ کشمیری موسیقی
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ گورو پرشاد شرما اور شاہد حسین
یگل بندی: وائلن اور سارنگی

۲۰ ستمبر

صبح

۷-۱۵ کمار گندھرو
۸-۳۰ خیال تو ڑی
کے۔ تلک کامنی جر توڑی
گیت
۸-۴۰ فلمی دھنیں +

+ گراموفون ریکارڈ

۹-۰۰ مکھن بنرجی
... ساز پر سارنگی اور طبلہ کلیان
۹-۱۰ امرت سین
ٹھمری بھیروی
۱-۱۰ قوالیاں
۲-۲۰ کشمیری کانت جوشی
گیت اور غزل
۸-۰۰ ہمارا شہر
جموں کی صوتی تصویر
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ ڈوگری سنگیت
۸-۳۵ گیت منجری
۹-۳۰ چڑیا کا ویشہ ہے
(دلی سے ریلے)
۹-۵۰ ٹھمری اور دادرا
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۱۰ پایل: ناچ سنگیت

۲۱ ستمبر

صبح
۸-۱۰ ڈی۔ وی ...
۸-۳۰ ساز سنگیت
۹-۰۰ پروین سلطانہ
خیال للت
۱-۳۰ بہنیں آ سکھیں
عورتوں کے لئے ڈوگری پروگرام
۶-۱۵ انڈسٹریل اسٹیٹ اننت ناگ
دستاویزی فیچر
۸-۰۰ نوجوانوں کے لئے
۸-۳۰ گیت منجری
۹-۳۰ بھارت بھارتی
۱۰-۰۰ تمام غزل
۱۰-۳۰ امجد علی خاں
سرود پروگرام

۲۲ ستمبر

صبح
۷-۱۵ ڈی۔ وی۔ پلسکر +
۸-۱۰ ہربھجن لال
گیت اور غزل
۸-۴۰ نعتیہ قوالیاں +
۹-۳۰ بالو نے کہا تھا
۹-۱۰ شبنم
سنگم سنگیت کا پروگرام +
۱-۳۰ آئینہ اور سنگیت
۳-۴ پھلواڑی
ننھے منوں کیلئے پروگرام

۳-۳۰ اختتام
۱-۱۵ پنا لال گھوش: بانسری پر ٹھمری
۸-۰۰ انقلابات ہیں زمانے کے۔
کبھی یہاں مجاہت گھر تھا۔
اردو میں تقریر از قاضی نظام الدین
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ ڈوگری سنگیت
۸-۳۵ گیت منجری
۹-۳۰ مدھو کوش: ادبی پروگرام
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ رجنی گندھا: پرانی فلموں سے +

۲۳ ستمبر

صبح
۸-۲۰ مہندر کپور +
۸-۴۰ ساز سنگیت
۹-۰۰ ذاکر کیکنی
خیال گوڑ سارنگ
۱-۳۰ نیا چوپال
لوک فیچر اور گیت مالا
۲-۲۰ سر تبارانی: گیت
۶-۱۵ شعر و سخن
۸-۰۰ آپ کی فرمائش
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریکرم
ریڈیو سنگیت سمیلن کی افتتاحیہ محفل

۲۴ ستمبر

صبح
۷-۱۵ کاویہ گان
۷-۲۰ پروگرام ... ۸-۰۰، ۸-۲۵، ۸-۳۵ سنگیت
۸-۲۰ گیت
۸-۴۰ شبد
۹-۰۰ بال جگت: بچوں کیلئے پروگرام
۹-۴۵ براڈلیشک سنگیت
۱۰-۰۵ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)
۱۰-۳۰ ڈوگری: فیملی سیریل اور
سنگیت
۸-۱۵ سماچار درشن
۹-۳۰ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)

۲۵ ستمبر

صبح
۷-۱۵ انمول بول
۸-۲۰ سوپن بنرجی: گیت
۸-۴۰ دوپہر ۱-... رات ۸-۲۰ اور ۸-۳۰ سنگیت

۹-۰۰ دیپکا دلیری
ستار پر ٹھمری توڑی
۶-۱۵ پرادیشک ریڈیو نیوز ریل
۸-۰۰ محفل
اردو میں ملا جلا پروگرام
۹-۰۰ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)

۲۶ ستمبر

صبح
۸-۲۰ مبارک بیگم +
۸-۴۰ بھجن +
۹-۰۰ نیاز احمد خاں فیاض احمد خاں
خیال بیراگ بھیرو
۹-۲۰ کشوری امونکر
ٹھمری بھیروی
۱۱-۱۵ بادل آ گئے: ہندی ناٹک
از ڈاکٹر لکشمی نارائن لال
۱۱-۴۵ ودود بھارتی پروگرام
۱-۳۰ بھیلا منڈل
۶-۱۵ نیاز احمد خاں، فیاض احمد خاں
خیال یمن
۸-۰۰ میری بدیش یاترا - یورپی جرمنی
ڈوگری بات چیت
از دیدرا ج پنڈ وترہ
۸-۱۵، ۸-۲۵ اور ۸-۳۵ سنگیت
۹-۳۰ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)

۲۷ ستمبر

صبح
۸-۲۰ اندر نارائن
گیت اور غزل
۸-۴۰ فلمی دھنیں +
۹-۰۰ دسپنت رانا ڈے
وائلن پر سنٹ بھیرو
دوپہر سنگیت
رات ستار جیتندر خاں: ٹھمری بھیرو پیلو
۸-۰۰ ہمارا شہر
جموں کی صوتی تصویر
۸-۱۵ سماچار درشن
۹-۳۰ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)

۲۸ ستمبر

صبح
۸-۲۰ سیا-اپریم آتما

۸-۴۰ چترلال: طبلہ وادن
۹-۰۰ ادیکار نا تھ دیش: ستار وادن
۹-۱۵ شام ...
۹-۴۰ بینا دلیری
ٹھمری بھیروی
۱-۳۰ بہنیں آ سکھیں
عورتوں کیلئے ڈوگری پروگرام
۲-۲۰ گیت اور غزل
۸-۰۰ نوجوانوں کے لئے
۸-۳۰ لو آج ... ڈوگری لوک گیت
۹-۳۰ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)

۲۹ ستمبر

صبح
۸-۲۰ ... کپور: گیت
۸-۴۰ نعتیہ قوالی +
۹-۰۰ بالو نے کہا تھا
۹-۱۰ شبنم +
۱۰-۳۰ آئینہ اور سنگیت
۳-۴ پھلواڑی: ننھے منوں
۳-۴۰ اختتام
۶-۱۵ چھوٹا گندھرو
خیال پوریا دھناشری
۸-۰۰ کیا بھارت کو ایشیئن گیمز لینا چاہئے: اردو میں مذاکرہ
شرکاء: ڈاکٹر جے۔ اے۔ رلیونڈ عزیز ولیم، شری جیالال کول توانیہ، شری محمد دین بانڈے
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت
۸-۳۵ ...
۹-۳۰ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)

۳۰ ستمبر

صبح
۸-۲۰ جگجیت سنگھ: ...
۸-۴۰ سنگم سنگیت
۹-۰۰ [illegible]
خیال ... اور دادرا
۱۰-۳۰ نیا چوپال اور گیت مالا
۶-۱۵ شعر و سخن
۸-۰۰ آپ کی فرمائش
۹-۳۰ ریڈیو سنگیت سمیلن
(دلی سے ریلے)

ریڈیو کشمیر سری نگر

میڈیم ویو سروس
سرینگر الف
۹/۲۶۷ میٹر ۱۱۲۰ کلو ہرٹز

شارٹ ویو سروس
سرینگر ب
صبح ۶-۳۰ سے ۸-۴۵ بجے تک ۵۶/۹۱ میٹر ۳۲۷۷ کلو ہرٹز
" ۹-۰۰ سے ۴-۴۵ " " ۲۷/۴۱ " ۷۲۷۰ "
شام ۵-۰۰ سے رات ۱۲-۰۰ " " ۵۶/۹۱ " ۳۲۷۷ "

۱۶ ستمبر
صبح
۶-۰۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری (عبدالکریم)
۷-۴۰ ڈوگری موسیقی
۷-۵۰ غلام قادر وانی : غزل
(رآہی)
۸-۲۰ نوجوانن ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں
پروگرام
۱۰-۱ اکھ غزل : غلام قادر وانی
(رنجور)
۱۲-۰۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف
(محمود گامی)
۱۲-۱ محمد رمضان بٹ
رباب وادن
۲-۱۵ منہ بندر گپتا : غزلیں

(رابع منظور اور عرش صہبائی)
۲-۳۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف (صمد میر اور
مہجور)
۲-۴۵ غلام قادر وانی : غزلیں

(مجبور اور طاک زینہ گیری)
۴-۳۰ غلام محمد بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف (احمد بیتب)
۷-۴۰ ساز و آواز : محمد رمضان بٹ
رباب وادن

۱۷ ستمبر
صبح
۶-۵۰ نسیم اختر : غزلیں
(عارف اور عادل)
۷-۳۰ علی محمد زرگر اور ساتھی
نندہ بیت
ہمنوا : غنی لون، [illegible]
صمد لون اور اکبر بٹ
۷-۵۵ کورس (کشمیری)
۸-۲۰ گھر والوں کے لئے اردو
میں پروگرام
۹-۴ گاشہ بے آگہہ
خبری آگہ بندہ کے تحریروں
میں سے اقتباسات کا
کشمیری ترجمہ
۹-۱۵ علاقائی ریڈیو نیوز ریل
(اردو)
۹-۳۰ علی محمد زرگر اور ساتھی

مقررہ پروگرام

صبح
۶-۲۰ صبح نگاری
۷-۰۰ کاشتکار بھائیوں کے لئے
۷-۱۰ ہوم سائنس
۷-۱۱ زون ڈب (سوائے سنیچر وار
کے)
۷-۳۰ حرف و نغمہ : موسیقی کا پروگرام
(صرف بدھوار کو)
گاندھی کتھا (صرف جمعہ کو)
۷-۴۵ کشمیری میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۸-۰۰ آج کی بات
۸-۰۵ آج سا لعہ
۸-۱۰ انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۸-۲۰ گھر والوں کے لئے اردو میں پروگرام
(صرف اتوار کو)
نوجوانوں کے لئے اردو میں پروگرام
(سوموار، بدھوار اور جمعہ
کے دن)
نوجوانن ہندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں
پروگرام (منگل وار،
اور سنیچر وار کے دن)
۸-۵۰ اردو میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۹-۰۰ ہندی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)

۹-۲ انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۹-۱۰ تو ہنز فرمائش
سامعین کی فرمائش کے کشمیری
گانے
۱۰-۰۰ اردو میں خبریں
۱۰-۵ کشمیری میں خبریں
۱۰-۱۰ اکھ غزل : کشمیری میں موسیقی
کا پروگرام (روزانہ)
۱۰-۱۵ بچوں کیلئے اردو میں پروگرام
(صرف اتوار کو)
۱۲-۰۰ نوجوانوں کے لئے انگریزی میں
پروگرام (مہینے کی دوسری اور
چوتھی اتوار کو)
۱۲-۴۵ کشمیری میں خبریں
۱-۰۰ ہندی میں خبریں (دہلی سے ریلے)
۱-۲ انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۱-۲ اور ۵-۰ مغربی موسیقی
۱-۳۰ اور ۲-۴ فوجی بھائیوں کے لئے
پروگرام
۱-۴۰ اردو میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۲-۰۰ انگریزی میں خبریں (دہلی سے ریلے)

۲-۱۰ لداخی میں خبریں
۲-۳۰ خواتین کے لئے کشمیری میں
پروگرام (صرف جمعرات کو)
۳-۰۰ ہندی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۴-۲ انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۴-۰۰ اردو میں خبریں
(آہستہ رفتار سے)
۵-۳۰ گوجر بھائیوں کے لئے پروگرام
۶-۰۰ انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۶-۳۵ دیہاتی اور شہری بھائیوں کے
لئے پروگرام (روزانہ)
اس پروگرام میں مندرجہ ذیل
پروگرام بھی ہوں گے۔
۱- بچوں کے لئے پروگرام
(بدھوار کو)
۲- پوشہ مال : دیہاتی خواتین
کے لئے پروگرام (جمعہ کو)
۳- دیہاتی نوجوانوں کے لئے
پروگرام (ہر دوسرے [illegible])
۴- ہر ایک کے لئے
(صرف [illegible])
۶-۴۰ لداخی میں خبریں [illegible]

(شارٹ ویو پر)
۷-۳۰ کشمیری میں خبریں
۷-۴۰ ساز و آواز (روزانہ)
۷-۴۵ اردو میں خبریں
۷-۵۵ بات چیت (روزانہ)
۸-۰۰ وادی کی آواز : مقبوضہ
کشمیر اور پاکستان میں
سننے والوں کیلئے پروگرام
(جمعہ کے روز ۳۰ منٹ کا
پروگرام (پہلی مجلس اور
دوسری مجلس ۹-۴۰ پر ہوگی)
۹-۰۰ انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۹-۱۵ اردو میں خبریں
(دہلی سے ریلے)
۹-۳۰ پنجابی پروگرام
(صرف بدھوار)
آپکی فرمائش
سامعین کی فرمائش کے
فلمی گانے
(اتوار کے روز ۱۰ بجے رات
سے ۱۱ بجے رات تک)
(منگلوار کے روز ۱۰-۰۰ بجے
رات سے ۱۰-۳۰ بجے رات تک)
ریڈیو تھائری کے ۱۰-۳۰
سے ۱۱-۰۰ بجے تک
۱۰-۳۰ ریڈیو ڈرامہ (روزانہ
سوائے سنیچر وار اور اتوار کے)

نندوبیت
۱۰-۱۰ کنول کشور جالا : اکھ غزل
۱۰-۱۵ بچوں کے لئے اردو میں پروگرام
۱۲-۰۰ گنترینہ ہندگت
موسیقی کا ملا جلا پروگرام
از عبدالاحد فرہاد
۱۲-۱۵ نیلم ساہنی : غزلیں
(مہیش چندر نقش اور شمیم
بجے پوری)
۲-۳۰ علی محمد زرگر اور ساتھی
چھ
۶-۱۰ نسیم اختر : غزلیں
(رسول بٹ اور فراق)
۷-۴۰ ساز و آواز : نیلم سہانی
غزل (آرزو کے مضطر)
۸-۴۵ انگریزی میں بات چیت
۹-۳۰ حالات حاضرہ
(دہلی سے ریلے)

۱۸ ستمبر
صبح
۶-۵۰ راجندر کمار کاچرو
غزلیں (مہجور)
۷-۳۰ استاد امیر خاں
خیال للت
۷-۵۵ غلام محمد کلو : بنسری وادن
۸-۲۰ نوجوانوں کے لئے اردو میں
پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل : راج بیگم
۱۱-۳۰ غلام محی الدین بلہ پوری اور
ساتھی : قوالی
۱۱-۴۵ راجندر کمار کاچرو : غزلیں
(خیال اور قاضی منظور)
۲-۱۰ غلام محی الدین بلہ پوری اور
ساتھی : قوالی
۲-۳۰ راجندر کمار کاچرو : غزلیں
(غلام محی الدین غمگین اور
خیال)
۲-۴۵ کورس (کشمیری)
۷-۴۰ ساز و آواز
غلام محمد کلو : بنسری وادن
۸-۴۵ ترقی کے اہم نشانے
اردو میں بات چیت
از او۔ ڈی۔ مجبوریہ
۱۰-۳۰ ریڈیو ڈائری اور راجندر کمار
کاچرو، راج بیگم اور
غلام محی الدین بلہ پوری اور ساتھی
قوالی

۱۹ ستمبر
صبح
۶-۵۰ محمد ابراہیم بٹ اور ساتھی
چھکری (شمس فقیر)
ہمنوا : غلام محمد بٹ، غلام
محمد صوفی، غلام نبی شاہ
از عبدالاحد شیخ
۷-۵۵ غلام قادر بٹ
رباب وادن
۸-۲۰ نوجوان بندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل
غلام محمد بٹ
۱۱-۳۰ محمد ابراہیم بٹ اور ساتھی
چھکری اور ارف (محمود گامی
اور رحمان ڈار)
۱۲-۴۰ بھجن
۲-۱۵ کانتا شرما
غزل اور گیت
۴-۳۰ محمد ابراہیم بٹ اور ساتھی
چھکری اور رف (لعل صیب)
۴-۴۵ کانتا شرما : گیت
۶-۱۰ غلام قادر بٹ
رباب وادن
۷-۴۰ ساز و آواز
کورس (اردو)
۸-۴۵ خطیہ کیلئے شکریہ
سامعین کے خط اور ان کے
جواب
۹-۳۰ تعمیر پروں کا قومی پروگرام

۲۰ ستمبر
صبح
۶-۵۰ کمال بٹ اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۷-۵۵ غلام محمد بچھ پوری : غزل
فاروق بڈگامی
۸-۲۰ نوجوانوں کے لئے اردو میں
پروگرام
۱۰-۱۰ اکھ غزل : نسیم اختر
۱۱-۳۰ کمال بٹ اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۲-۱۵ غلام محمد بچھ پوری : غزلیں
(رسائل اور حزیں)
۲-۳۰ کمال بٹ اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی
۶-۱۰ غلام محمد بچھ پوری : غزلیں
(ناظر کلگامی اور بیتاب)
۷-۴۰ ساز و آواز
غلام محی الدین بٹ : ستار
پر صوفیانہ دھن
۸-۱۵ رائے ترائے
کشمیری میں مباحثہ
شرکت کرنے والے : شری
پی۔ این۔ رینہ، شری غلام نبی
اور شری اے۔ جی بٹ
۱۰-۳۰ ریڈیو ڈائری اور
کمال بٹ اور ساتھی
صوفیانہ موسیقی

۲۱ ستمبر
صبح
۶-۵۰ غلام محمد بٹ : غزلیں
(ایم۔ ایل ساقی اور مظفر عازم)
۷-۳۰ محمد سلطان بٹ اور ساتھی
چھکری (مہجور)
ہمنوا : غلام نبی شیخ، غلام
احمد شیخ، عبدالکریم ڈار
اور عبدالغنی میر
۷-۵۵ دردگانے (کشمیری)
۸-۲۰ نوجوان بندہ خاطرہ
کسی بھی ملک کے قدرتی خزانہ کا ضائع ہونا اس کے اپنے وجود کے لئے زبردست تشویش کا باعث ہوتا ہے۔ کیونکہ کوئی ملک صرف تسلط اور حملہ سے ختم نہیں ہو جاتا بلکہ قدرتی ذرائع کے ختم ہو جانے سے بھی ختم ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر بھارت کے بیشتر حصوں میں میدانی جنگلات انسانی آبادی کے بس جانے اور فوری فائدہ کی غرض سے بے تحاشہ اور بلا سوچے سمجھے کاٹ چھانٹ کی وجہ سے بھی غائب ہو گئے ہیں جس کے نتیجہ کے طور پر یہ خزانہ اب ہمارے ملک میں دستیاب نہیں رہا۔ ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے زیادہ جگہ کی ضرورت ہے لیکن زمین کا استحصال اس کوتاہ بینی اور تباہ کن طریقے سے کیا گیا ہے کہ وسیع علاقوں کو جس طرح بیکار بنا دیا گیا ہے اس کی ضرورت نہیں تھی۔ زمین کا صحیح استعمال کرنے کے پرانے طریقے ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے یہ ممکن بنا سکتے تھے کہ وہ ہمارے قدرتی وسائل کے سہارے زندہ رہ سکتے۔ آج بھی ہماری بیشتر ریاستی سرکاریں محفوظ اور محفوظ جنگلوں میں سے زمین کے وسیع علاقے کو تقسیم کیے چلی جا رہی ہیں۔

اگرچہ ہند کے کل رقبے میں سے صرف ۷ر۲۴ فیصد حصہ ہی جنگلات ہیں تاہم ۱۹۵۹-۶۹ء کے دوران کم سے کم سولہ لاکھ ۹۰ ہزار ہیکٹیئر علاقے کے جنگلوں کو مختلف مقاصد کے لئے کاٹ دیا گیا ہے۔

اس شمارے میں

آل انڈیا ریڈیو کے پروگرام — ۱۶ سے ۳۱؍اکتوبر تک

ہمارا سرورق ۔ ہندوستانی شیر قدرتی ذرائع اور جنگلی جانوروں کے تحفظ کے موضوع پر ایک معلوماتی مضمون اس شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔ (فوٹو آکاشوانی سمبل پور)

وزیر منصوبہ بندی شری سی۔ سبرامنیم نے اگست ۱۹۷۱ء میں ریاستی سرکاروں کے نام ایک مراسلہ بھیجا تھا جس میں کہ ان کے الفاظ میں انھوں نے لکھا تھا "دنیا کے دیگر حصوں کی طرح ہند میں بھی جنگلات گردوپیش کے ماحول پر اثر ڈالنے والا ایک طاقتور عنصر ہیں اور ان کا شمار اہم ترین قدرتی اور قابل احیا وسائل میں ہوتا ہے۔ جنگلات درجہ حرارت کی انتہا کو اعتدال پر لاتے ہیں اور اوسط درجہ حرارت کو معمولی سا کم کر دیتے ہیں۔ یہ ایسے اثرات ہیں جو شمالی ہند جیسے گرم خطوں کے لئے خصوصاً اہم ہیں۔"

بھارت نے ۱۹۵۲ء میں بڑی دور اندیشی سے کام لے کر جنگلات کے بارے میں ایک قومی پالیسی مرتب کی تھی۔ جس میں یہ بات خاص طور پر دھیان میں رکھی گئی تھی کہ ملک کی زمین کے کل رقبہ کے تیس فیصد حصے میں مختلف مقاصد کے لئے جنگلات اگائے جائیں گے۔ بدقسمتی سے یہ مقصد پورا نہیں ہو سکا۔

ہائی ٹون
ایریئلس
ریڈیو کو نئی طاقت دیتے ہیں
ہر جگہ ملتے ہیں۔

ہمارے جنگلی جانور کس تیز رفتاری سے کم ہوتے جا رہے ہیں اور قدرتی ذرائع کے تحفظ کا مسئلہ کتنا سنگین ہے اسے بیان کرنے کے لئے پودوں اور جانوروں کی ان چند قسموں کی طرف غور کرنا ضروری ہے جنھیں اس وقت خطرہ لاحق ہے۔ ساری دنیا میں یہ بات اب واضح ہو چکی ہے کہ پودوں اور جانوروں کی جن قسموں کو خطرہ لاحق ہے، انہیں بچانے کا طریقہ یہ ہے کہ ان کی جائے پیدائش اور ان کی روئیدگی کے مقام کا تحفظ کیا جائے اس کا مطلب یہ نہیں کہ صرف ان علاقوں میں جن میں وہ پائے جاتے ہیں ان کا شکار یا کسی دوسرے طریقے سے انہیں ہلاک کرنے کی ممانعت کر دی جائے بلکہ یہ بھی کہ ان کے لئے خاطر خواہ علاقے کا بندوبست کیا جائے اور انہیں انسانی دخل اندازی سے محفوظ رکھنے نیز یہ کہ اس علاقے میں انہیں نقصان پہنچانے والے اسباب کے سدباب کا انتظام بھی کیا جانا چاہیئے۔ آسام میں پائے جانے والے کشادہ چشم خرگوشوں اور پست قد کے سؤروں کے بارے میں حال ہی تک یہ خیال پایا جاتا تھا کہ ان کی نسل ختم ہو چکی ہے لیکن پچھلے برس انہیں پھر تلاش کر لیا گیا ہے اور پردھان منتری کی سرپرستی میں قائم وادی آسام کی جنگلی جانوروں کی انجمن نے ان کے تحفظ کے لئے منصوبے مرتب کئے ہیں۔ اسی طرح شیر جیسی دُم والا بندر مغربی گھاٹوں اور ملحقہ پہاڑیوں کے جنوبی حصوں میں پایا جاتا ہے اور نسلی طور پر ختم ہو جانے کے سلسلے میں خطرناک حالت میں ہے۔ جنگلی گدھا جس کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ وہ دنیا میں باقی ماندہ دو یا تین مصدقہ جنگلی گھوڑوں کی نسل میں سے ایک ہے۔ بہت محدود تعداد میں ہندوستان ہی کے اندر (صرف رن کچھ میں) پایا جاتا ہے۔ لمبے قد والا ہندوستانی ہرن ہینگول صرف جموں و کشمیر کے علاقہ داچی گام اور ٹرلیو میں پایا جاتا ہے۔

اگر ان جانوروں کو زندہ رکھنا مقصود ہے تو ان کے لئے ہر قسم کے شور و غل سے آزاد خاطر خواہ علاقے کا بندوبست کیا جانا نہایت ضروری ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ تمام جانور خالصتاً ہندوستانی ہیں اور دنیا میں کسی بھی دوسرے علاقے میں نہیں پائے جاتے۔

ان جانوروں کا دائرہ اب بہت محدود ہو گیا ہے۔ ان کے برعکس ایشائی ببر شیر اور شیر جانوروں کی ایسی قسمیں ہیں جو وسیع علاقوں میں پائے جاتے ہیں لیکن ان کی آبادی بھی ایک خاص تعداد تک گھٹ کر رہ گئی ہیں۔

شیر اور ببر شیر جانوروں کی ایسی قسمیں ہیں جو صدیوں سے مشہور ہیں۔ آر بھی ہیں اور مسحور کن ڈرامائی اثر رکھتی ہیں۔ جانوروں کی جن قسموں میں یہ ڈرامائی اثر نہیں ہے ان کا ختم ہو جانا اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ ان کے تحفظ کے سلسلے میں غفلت شعاری سے کام لیا گیا۔ چیتری والی بلی اور فشنگ کیٹ بھی اسی قسم کے جانور ہیں۔

کئی جانور جو ابھی حال ہی تک کئی علاقوں میں کافی مشہور سمجھے اور عام پائے جاتے تھے وہ مقامی طور پر نایاب ہو گئے ہیں اور اس کی وجہ زیادہ تر یہ ہے کہ شکار کے سبب ان کی آبادی اس کم سے کم تعداد سے بھی کم رہ گئی ہے جو ان کے زندہ رہنے کے لئے از حد ضروری ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر چیتے کو لے لیجئے۔ مداری کا ریچھ جس کے نام سے ملک میں کئی آبادیاں قائم ہیں اب بذات خود ختم ہو گیا ہے۔ بھارت میں جنگلی بھینس ایک ایسی مثال ہے جو ثابت کرتی ہے کہ شکار سے جانوروں کی نسلیں کس طرح ختم ہو جاتی ہیں۔ قومی منصوبہ بندی میں بھی یہ خامی ہے کہ اس میں جنگلی جانوروں کو پہنچنے والے نقصان کو روکنے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی۔


مدھیہ پردیش کا بارہ سنگھا اب صرف مدھیہ پردیش ہی میں پایا جاتا ہے اور وہ بھی ایک سو سے کم تعداد میں کانہا نیشنل پارک

ہمارا یہ ایک ایسا علاقہ ہے جہاں کبھی وہ ہزاروں کی تعداد میں پایا جاتا تھا) نیلگری کی بھیڑ اور بھارت کی خالصتاً بھارت کی واحد بھیڑ ہے۔ کچھ برس پہلے تک اس کے بارے میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ اس کی نسل قریب الختم ہے۔ خاص تحفظ مہیا کر کے اسے دوبارہ زندہ رکھنے کا تجربہ کامیاب رہا ہے۔

[illegible] شکار اور بلا لائسنس شکار کے باعث ہمارے ملک کے تقریباً ہر جنگلی جانور کو عملی طور پر نقصان پہنچا ہے لیکن شکار کی وجہ سے براہ راست جتنا نقصان کالے ہرن کو پہنچا ہے کسی دوسرے جانور کو نہیں۔ چنکارہ بھی ایک ایسا جانور ہے جو شکار کی وجہ سے علاقوں میں مقامی طور پر نایاب ہو گیا ہے۔ جن بے شمار علاقوں میں کالا ہرن پہلے پایا جاتا تھا ان میں سے اس کا اس طرح غائب ہو جانا ایشیائی چیتے کے جو زیادہ تر اس جانور کے سہارے زندہ رہتا تھا خاتمے کا اہم موجب بنا ہے۔

پرندے

بھارت میں بارہ سو قسم کے پرندے پائے جاتے ہیں۔ ہمارا ملک اس اعتبار سے خوش نصیب ہے کہ ان میں سے ایسی صرف تین قسمیں ہیں جو بالکل ختم ہو چکی ہیں لیکن دو قسمیں ایسی ہیں جنہیں زبردست خطرہ لاحق ہے۔ ان کے نام ہیں سفید پروں والی جنگلی مرغابی اور گوک دار۔ ان پرندوں کو زیادہ تر خطرہ گرد و پیش کا ماحول بگڑ جانے سے لاحق ہے۔ سفید پروں والی جنگلی مرغابی آسام کے برساتی جنگلوں کا باشندہ ہے اور اس علاقہ میں نسیم کو ختم کرنے کی زور دار کارروائیاں ان جنگلوں کے باشندوں کو تباہ کر رہی ہیں۔ گوک دار خشک کھلے میدانوں کا پرندہ ہے اور وہ جہاں کہیں بھی اپنا گھونسلا



بنتا ہے۔ یہاں صرف ایک انڈہ دیتا ہے۔ ہر جگہ کاشت ہونے لگی ہے۔ اس لئے اس پرندے کے لئے گھونسلہ بنانے کی جگہ عملی طور پر بہت کم رہ گئی ہے جس کے نتیجے میں یہ پرندہ تقریباً ختم ہے۔

ہمارے کئی پرندے مقامی طور پر اس لئے ختم ہو گئے کہ وہاں انسانی آبادی ہو گئی ہے اور زمین کے استعمال میں انقلابی تبدیلیاں آگئی ہیں یہ امر ضروری ہے کہ مقامی طور پر ان باتوں کی روک تھام کی جائے۔

اندازہ لگایا گیا ہے کہ پانی پر زندگی بسر کرنے والے تقریباً ۵۰ لاکھ پرندے سائبیریا ۔ قازکستان۔ پاکستان خطے سے ہجرت کر کے ہند آتے ہیں۔ یہ پرندے ایک بیش قیمت بین الاقوامی وسیلہ ہیں اور انہیں صرف اسی صورت میں بچایا جا سکتا ہے اگر ہم نم آلود علاقوں اور ایسی جھیلوں کے تحفظ کے انتظامات کریں جہاں اور تازہ جھیلیں پانی کے ایسے وسیع ذخیرہ میں جو پانی پر زندگی بسر کرنے والے بے شمار پرندوں کو اپنی طرف کھینچتے ہیں لیکن پیشہ ور شکاری بندوقوں جالوں اور پھندوں کے ذریعے انہیں ایک منظم طریقے سے ذبح کر دیتے ہیں۔

ہندوستان میں پائی جانے والی مگرمچھوں کی تینوں کی تینوں قسموں کی تعداد بے حد کم ہوتی چلی جا رہی ہے۔ ہمارے ملک میں ۲۳۰ قسم کے سانپ پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ۸۵ فیصد سانپ چوہوں، چوہیوں اور کترنے والے جانوروں کو قابو میں رکھتے ہیں۔ یہ چوہے، چوہیاں اور کترنے والے جانور ملک میں فصلوں اور اناج کو بے اندازہ نقصان پہنچاتے ہیں۔ گذشتہ چند برسوں کے دوران چھبیس لاکھ سالانہ کی اوسط سے سانپ کی کھالیں برآمد کی گئی ہیں اور اس برس کے لئے سانپ کی تیرہ لاکھ کھالیں برآمد کرنے کا کوٹہ مقرر کیا گیا ہے۔ اجگر کا تحفظ کیا جاتا ہے اور اس کی کھالوں کی برآمد ممنوع ہے۔ لیکن جب رنگی ہوئی کھالیں اتنی زیادہ مقدار میں برآمد کی جا رہی ہوں تو اس بات کا ہر امکان موجود ہے کہ ممنوع شدہ قسمیں بھی پکڑ میں آئے بغیر ملک سے باہر بھیجی جاتی ہوں۔ کمین گاہوں کی تباہی، ہوائی جہازوں کے ذریعے فصلوں پر دواؤں کے چھڑکاؤ اور ٹڈیوں کے خلاف دواؤں کے چھڑکاؤ کی وجہ سے سانپوں کی طرح چھپکلیوں کو بھی زبردست نقصان پہنچا ہے لیکن اس کے باوجود ان کی کھالوں کا استعمال بدستور جاری ہے اور اس برس کے لئے ان کی بارہ لاکھ کھالیں برآمد کئے جانے کا کوٹہ مقرر کیا گیا ہے۔ ٹڈیوں کی روک تھام میں "سانڈے" کا کردار کس اہمیت کا حامل ہے یہ عام لوگوں کو معلوم ہے اس کے علاوہ چھپکلیوں کی کئی قسموں کو بھی خطرہ لاحق ہے۔

مچھلیاں

یہ بات تو ہر ایک کو معلوم ہے کہ مچھلی انسانی جسم کے لئے درکار پروٹین کی کافی زیادہ ضروریات کو پورا کرتی ہے۔ اور ہمارے سارے میں بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے جن باتوں سے بڑی امیدیں بندھتی ہیں سمندروں سے حاصل ہونے والا اناج ان میں سے ایک ہے یہ امر افسوسناک ہے کہ صنعتی کارخانوں کے زہریلے اثرات اور زمین پر ڈی۔ ڈی۔ ٹی کے وسیع استعمال نے اس سمندری خوراک کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ بھارت کے دریاؤں میں مچھلیوں کی موت کے واقعات بڑھتے جا رہے ہیں اور سمندروں کے زہر آلودہ ہو جانے کا پتہ حال ہی میں بمبئی کی حاجی علی خلیج میں سارڈین قسم کی مچھلی کی اموات سے لگتا ہے۔

پودے

حال ہی تک پودوں کو جنگلی زندگی کا حصہ تصور نہیں کیا جاتا تھا۔ حالانکہ زمین کے لئے پودوں کی اہمیت (مثلاً وہ زمین کے کٹاؤ کو روکتے ہیں) اور پودوں کی اقتصادی اہمیت نیز خوراک مہیا کرنے اور جانوروں کو پناہ دینے میں ان کے کردار کو اب پوری طرح تسلیم کیا جانے لگا ہے۔ اپنے ملک میں ابھی حال ہی میں ہم نے جنگلی زندگی کی تشریح اس طرح سے کی ہے کہ اس میں پودوں کو بھی شامل کر لیا گیا ہے۔ بھارت میں جنگلی جانور زندگی کے تحفظ سے متعلق ۱۹۷۰ء کی ماہرین کمیٹی کی رپورٹ میں اس بات پر زور دینا موقع محل ... ہی ہو گا کہ پودوں کے تحفظ کی ضرورت اس لئے ہے کہ وہ ہر قسم کی زندگی کو امداد فراہم کرنے کی بنیاد ہیں۔ وہ اپنے جانوروں کے لئے کمین گاہیں تعمیر کرتے ہیں اور ان کا دائرہ وسیع کرتے ہیں اور وہ معیشت حیوانات کے لئے ڈھانچہ فراہم کرتے ہیں

دنیا میں بھارت کا شمار ان علاقوں میں ہوتا ہے جو پودوں کی دولت سے مالا مال ہیں اور یہاں ہزاروں قسم کے پھول پیدا ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود پچھلی ایک صدی میں، جنگلات کے مکمل

(باقی صفحہ ۸ پر دیکھئے)

ریڈیو سننے کا لطف لینا ہے
ہائی ٹون
ایریئلز
استعمال کیجئے۔ ہر جگہ ملتے ہیں

پروفیسر طلحہ رضوی برقؔ

پیروی نامہ

پلا ساقیا بادۂ تند و تیز — مری فکرِ جولاں ہوئی شعلہ ریز
قلم کو نہیں تاب اب ضبط کی — کہ یہ ورثہ ہے الفاظِ بے ربط کی
سنی اور سنائی رقم کر سکوں — حقیقت سپردِ قلم کر سکوں
بلایا تھا اک دوست نے چائے پر — ہوئی شعر خوانی مری رائے پر
بہت دیر سے پہنچے ایک مہماں — جو پوچھا گیارہ گئے تھے کہاں
یہ کہنے لگے بھائی ان ۔ بجز کمتری — عجب پیشہ ہے یہ پروفیسری
سکوں بھی ہے اس میں کچھ آرام بھی — غمِ دلبر و رنجِ ایام بھی
اسے کہتے ہیں سب معزز تریں — نہ شبہ است اینجا نہ شک درین
مگر چند ماہ ایسے ہیں سال میں — نہیں چین ملتا کسی حال میں
زمانہ یہ اکزامینیشن کا ہے — ہر اک ممتحن کے لئے تھکن کا ہے
ملاقاتی اک آئے تھے سیزنل — مری جان ہے کوفت میں آجکل
شب و روز آتی ہو جب پیروی — بھلا ایسے میں کیا بچے گا کوئی
کسی سے اگر جان پہچان ہے — تو یہ سوچ کر دل پریشان ہے
کوئی آنہ دھمکے کسی کے لئے — نہیں شرط کچھ پیروی کے لئے
ہوں بیگانے یا ہوں یگانے سبھی — بلا عذر لگتے ہیں آنے سبھی
اگر دوست ہیں یہ تو وہ رشتہ دار — بتاؤں جو ہوں ایک دو تین چار
بندھا مہمانوں کا اک تار ہے — خطوں کا الگ ایک انبار ہے
یہی رہتا ہے سب کے وردِ زبان — دیا ہے مرے لڑکے نے امتحاں!
ہے گو پاس ہونے کا پورا یقیں — ڈویژن کی ہے فکر اور کچھ نہیں
ذرا سی عنایت جو کر دیں حضور — تو ہو داخلہ میڈیکل میں ضرور
عجب سر پہ افتاد آکر پڑی — یہ اک کام کر دیں بڑا [illegible]
کم از کم پچاس آپ دیدیں جناب — اس ارشاد میں تھا عجب اضطراب
اگر حکم ہو تو بلا دیں اسے — یہیں بیٹھ کر کچھ لکھا دیں اسے
اس انداز سے بات کرتے ہیں لوگ — پڑھیں جیسے منتر کریں جیسے جوگ
اگرچہ بہت پیروی سخت کی — شکایت بھی ساتھ اس کے کچھ بخت کی
لکھے پاسِ خاطر سے نمبر کئی — اس اپریل میں ڈائری بھر گئی
مزید اس پہ فرمائشِ احباب — کہ اک خط سے دیں مجھ کو فوراً جواب
کرے کوئی ایسا اگر واقعی — تو ہو کارڈ کی ڈاک گھر میں کمی
مشقت کا گم آہ تیشہ ہوا — سفارش نہیں بلکہ پیشہ ہوا
ہوا ختم ادھر امتحانِ پسر — ادھر پیروی کو روانہ پدر
عزیزم سے اتنا نہیں کہہ سکے — کرے محنت اور دل لگا کر پڑھے
خدا نے جانے لعنت یہ کب جائیگی — نئی نسل رستے پہ کب آئیگی

دعا ہے یہی برقؔ ناچیز کی
اُڑے یوں نہ اب خاک دہلیز کی

(پٹنہ سے براڈکاسٹ)

بقیہ قدرتی ذرائع کا تحفظ ۔ ایک فوری ضرورت

لے ان میں سے اقتصادی اہمیت کے صرف چندی پھولوں کا تحفظ کیا ہے۔ ملک کے جنگلی پودوں کے وسیع علاقہ کا تو ابھی تک کسی مجاز ادارہ مثلاً بوٹانیکل سروے آف انڈیا نے سروے ہی نہیں کیا۔ اوپر دی گئیں مثالیں ان قسموں کے تحفظ کے لئے جنھیں خطرہ لاحق ہے ان کی کمین گاہوں کے تحفظ کی ضرورت کی مختصراً نشاندہی کرتی ہیں لیکن یہ ملک کی جنگلی زندگی کے خزانہ کے ایک بہت ہی معمولی حصہ کی نمائندگی کرتے ہیں اور جن بعض علاقوں کو قدرت نے اپنی رحمت سے نوازا ہے انہیں بچائے رکھنے کی ضرورت نیز حیثیت کے جارحانہ پہلوؤں سے مکمل یا جزوی طور پر بچائے رکھنے کی ضرورت اس سے ظاہر ہو جائے گی۔

خصوصی مضمون (پی۔آئی۔بی)

رشید احمد صدیقی کی تنقید نگاری

عبدالمغنی

اُردو تنقید کا پہلا دور حالی و شبلی کا تھا، جب اس فن کی شروعات ہو رہی تھی۔ اس سے قبل تقریظیں اور تذکرے لکھے جاتے تھے لیکن حالی اور شبلی تک بھی اسلوب انداز کی جدتوں کے باوجود تنقید کا وہ نظم و ضبط نہیں پیدا ہوا تھا جس کو آج ہم اس فن کی امتیازی شان سمجھتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ اُردو تنقید کا پہلا دور قدیم و جدید انداز نقد کے درمیان ایک عبوری دور تھا جب مشرقی تذکروں کے لوازم کے ساتھ ساتھ مغربی اوصاف کی جھلکیاں نظر آنے لگی تھیں، مگر مطالعے اور تبصرے کی وہ سنجیدگی اور بالیدگی گویا مفقود تھی جو بعد کے دور میں پیدا ہوئی۔ ہمارے ادب میں تنقید افسانے، ناول اور ڈرامے کی طرح ایک جدید فن ہے جو مغرب بالخصوص انگریزی ادب کے زیر اثر اُبھرا۔ یہ اُبھار موجودہ صدی کی دوسری چوتھائی میں ہوا۔

رشید احمد صدیقی جدید اُردو تنقید کے اسی ابتدائی دور کی ایک شخصیت ہیں لیکن درحقیقت فن تنقید سے ان کا اتنا شغف نہیں جتنا اسلوب نقد سے ہے۔ وہ اصلاً ایک اعلیٰ درجے کے انشائیہ نگار ہیں اور ان کا خاص فن طنز و مزاح ہے۔ چنانچہ تنقید ادب میں بھی ان کی دلچسپی ضمنی اور جزوی قسم کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے یہاں ادبی تجزیے کا وہ عنصر نہیں ملتا جو سنجیدہ تنقید نگاری کا اصل جوہر ہے۔ اس کے بجائے صدیقی صاحب صرف دلچسپ اور ذاتی قسم کے عمومی تبصروں سے کام لیتے ہیں۔ اس طرح اُن کی تنقید ادب کی تشریح سے زیادہ اس پر رائے زنی کی حیثیت رکھتی ہیں۔ بلا شبہ یہ رائے زنی ایک پڑھے لکھے، باذوق آدمی کی رائے زنی ہے اور اس میں وہ آگہی بھی ہے جو ایک سوچ سمجھ رکھنے والے فن کار کے یہاں پائی جاتی ہے۔ سب سے بڑھ کر صدیقی صاحب کی وہ شیوہ بیانی ہے جو ان کی نکتہ وری کو دل کش اور دل پذیر بناتی ہے مگر فکر و فن کے یہ سارے انداز تخلیق سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں اور تنقید سے کم۔

رشید احمد صدیقی کی تنقیدی تخلیقات پر مشتمل تین کتابیں اس وقت میرے سامنے ہیں: "طنزیات و مضحکات"، "جدید غزل"، "غالب کی شخصیت اور شاعری"۔ ان میں پہلی کتاب میرے خیال میں اُن کی بہترین تنقیدی تصنیف ہے۔ شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ اس کتاب کے موضوع سے ان کی نسبت عملی ہے اور طبعی مناسبت بھی واضح ہے۔ اس کے علاوہ، اس تصنیف کے ساتھ صدیقی صاحب کے اسلوب تنقید کی بھی پوری مواقفت ہے۔ طنزیات و مضحکات ظرافت اور نکتہ سنجی نیز جملہ بازی کا فن ہے، جس کے صدیقی صاحب ماہر ہیں اور اسی میں ان کو کمال حاصل ہے۔ چنانچہ اس موضوع پر موصوف نے زیر نظر کتاب میں خوب خوب گل فشانیاں کی ہیں اور ایک سے ایک پتے کی باتیں نکالی ہیں۔ گرچہ تجزیے اور نظم و ضبط کی کمی یہاں بھی حسب معمول ہے۔ مگر نکتوں اور زاویوں کی فراوانی سے تنقیدی بصیرت کے ریزے اور ریشے، قیمتی اور سنہری ریزے اور ریشے جا بجا بکھرے ہوئے ہیں۔ یہی کیفیت جو پہلی کتاب میں شباب پر ہے، دوسری اور تیسری کتابوں میں بھی، ذرا کم تر سطح پر، پائی جاتی ہے۔ "جدید غزل" اور "غالب کی شخصیت اور شاعری" کا پیمانہ طنزیات و مضحکات سے مختصر ہے اور معیار بھی فروتر ہے دوسری اور تیسری تصنیفات میں پہلی کے برخلاف، ظرافت سے کام چلانا مشکل بھی تھا۔

رشید احمد صدیقی کے پاس اعلیٰ ادبی تنقید کے لئے درکار منظم فکر اور منضبط اسلوب نہیں ہے ان کے پاس کچھ ذاتی تاثرات اور تعصبات ہیں جن پر اُن کی پسند و ناپسند منحصر ہوتی ہے، اور اس شخصی رویّے کے اظہار کے لئے ایک ایسا طرز تحریر ہے جس میں اعصابیت کی رَو میں تیزابی انداز سے چلتی رہتی ہیں۔ دراصل اسلوب بیان کا یہ تیکھا پن اور بانکپن ہی ہے جو پڑھنے والوں کو صدیقی صاحب کی تاثراتی تنقیدوں کی طرف مائل کرتا ہے۔ موصوف کی تحریروں کو پڑھتے ہوئے آدمی جگہ جگہ چونک پڑتا ہے اور بعض وقت مزے بھی لیتا ہے۔ لیکن ان کی تحریروں میں کئے جانے والے تبصروں پر تھوڑا غور کرنے کے بعد زبان کے چٹخارے کے سوا کوئی ذہنی مواد پلے نہیں پڑتا بلکہ دماغی اُلجھن بڑھ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صدیقی صاحب کی تنقیدوں میں فکری ابہام و انتشار پایا جاتا ہے اور موضوع کی وضاحت تو گویا ہو ہی نہیں پاتی۔ موصوف کو غالباً موضوع کی کچھ زیادہ پروا بھی نہیں ہوتی، وہ تو صرف اپنا ردِ عمل کسی مصنف اور اس کی تخلیقات کے بارے میں ظاہر کرنا چاہتے ہیں۔ اور قاری کی توجہ محض اپنے حسنِ تحریر اور لذتِ تقریر پر مرکوز رکھنا چاہتے ہیں۔

رشید احمد صدیقی کے تنقیدی ذہن کا اندازہ کرنے کے لئے ان کی تازہ ترین تصنیف "غالب کی شخصیت اور شاعری" کے بنیادی مباحث اور اس کے سلسلے میں صادر ہونے والے بعض بیانات کا مطالعہ کافی

ہوگا۔ یہ پوری کتاب اس مفروضے پر مبنی ہے کہ غالب کی اصل پونجی فقط ان کی اردو شاعری ہے اور ان کی فارسی شاعری کا اعتبار بھی اسی سے قائم ہے۔ یہ مفروضہ اتنا مغالطہ آمیز ہے کہ خود صدیقی صاحب اس کی وجہ سے طرح طرح کی تضاد بیانیوں کے شکار رہ گئے ہیں، جن میں ایک موصوف ہی کے لفظوں میں یہ ہے کہ غالب کی عظمت کا راز یہ ہے کہ انھوں نے اردو غزل کی روایات سے حتی الوسع گریز کیا ہے اور اپنی فارسی دانی اور فارسی شناسی سے اردو کو ایک نئی حیثیت، ایک نئی قامت اور ایک نیا لہجہ بخشا۔" ایک تو عظمت کا یہ راز ہی بہت مشتبہ ہے، دوسرے فارسی دانی اور فارسی شناسی کے کمال اور اس کے اردو شاعری میں مؤثر استعمال کو صرف غالب کے لئے مخصوص کرنا اردو ادب اور شاعری کی پوری تاریخ سے ناواقفیت کا عجیب و غریب نمونہ ہے۔ اسی طرح یہ بیان کہ "غالب نہ صرف ایک عظیم تہذیب اور روایت کے امین ہیں بلکہ عظیم تر تہذیب و روایت کے خالق بھی ہیں"! نیز یہ کہ "غالب طبعاً عجمی تھے، مسلمان، موحد، صوفی سب بعد میں" فقط انشاپردازی ہے، بے مغز اور بے فکر۔ کوئی شاعر آج تک کسی تہذیب کا "خالق" نہیں ہوا ہے، وہ کسی تہذیب کا صرف "امین" ہو سکتا ہے۔ پھر غالب کے "طبعاً عجمی" ہونے سے ان کے "موحد" ہونے میں کیا فرق پڑتا ہے، خواہ وہ تقدیم و تاخیر ہی کا کیوں نہ ہو؟

کیا عجمیت کسی عقیدے کا نام ہے؟ شاید صدیقی صاحب ایسا ہی سمجھتے ہیں، جیسا کہ انھوں نے غالب کی آتش نائی کا رشتہ ایران کے زرتشت کی آتش پرستی سے جوڑ کر دکھایا ہے، یا پھر یہ سب محض تفنن طبع اور لطیف بیان کا نمونہ ہے، جس کا کوئی تعلق سنجیدہ اور علمی تنقید سے نہیں ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ اردو تنقید میں رشید احمد صدیقی کی حیثیت صرف تاریخی ہے۔ انھوں نے حالی و شبلی کے بعد رونما ہونے والے تنقید کے دور جدید میں اپنا کام کیا اور ہمارے تنقیدی ادب کو کچھ دلچسپ مقولے دئے، ورنہ ان کے پاس نہ تو ادب کا کوئی خاص تصور ہے اور نہ ان کو پرکھنے کا کوئی خاص معیار، سب سے بڑھ کر ان کا طرز تحریر تنقیدی تجزیے کا متحمل نہیں ہو پایا۔ صدیقی صاحب کا ذہن مربوط مطالعے اور منطقی طرز بیان کے لیے تیار ہی نہیں ہے وہ صرف اپنے ذہن کی آزاد انشا کی روانی پر بھروسا کرتے ہیں، اسی لئے میں ان کو نیاز فتحپوری کے ساتھ، قدیم مشرقی تنقید کا ایسا حصہ سمجھتا ہوں جو جدید مغربی تنقید سے آکر مل گیا ہے، یعنی قدیم و جدید کے درمیان ایک عبوری مقام پر واقع ہوا ہے اور اس طرح حالی و شبلی ہی کے طریق تنقید سے وابستہ ہے۔

(آکاشوانی پٹنہ سے براڈکاسٹ)

ٹیلی ویژن سنٹر۔ آل انڈیا ریڈیو سری نگر

ٹیلی ویژن سنٹر آل انڈیا ریڈیو سری نگر میں پروڈکشن اسسٹنٹ (فوٹوگرافر) کی آسامی پر کرنے کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ اس ضمن میں ضروری تفصیلات حسب ذیل ہیں۔

لازمی قابلیت

۱ - امیدوار کسی تعلیم شدہ ادارے سے فوٹوگرافی کے کام کا ڈپلومہ حاصل کر چکے ہوں
۲ - امیدوار ڈارک روم میں کام کرنے کا کم از کم دو برس کا عملی تجربہ رکھتے ہوں
مندرجہ ذیل خوبیوں کے حامل امیدواروں کو ترجیح دی جائیگی (۱) تعلیم یافتہ
۲ - امیدوار فوٹوگرافی کے مختلف شعبوں میں کام کرنے کا تجربہ رکھتے ہوں خاص طور پر خبروں یا پبلسٹی سے متعلق کسی ادارے میں نیوز فوٹوگرافی کا تجربہ۔
۳ - امیدوار تصویراتی فیچر لکھنے کا تجربہ رکھتے ہوں

عمر

امیدوار کی عمر ۱۴ اکتوبر ۱۹۷۲ء کو تیس برس سے کم ہونی چاہیئے۔

کام کی نوعیت: امیدوار کو مختلف پروگراموں کے بارے میں تشریح کرنے والے فوٹو بنانے، فوٹوؤں کی مدد سے فیچر تیار کرنے اور ٹیلی ویژن کی ضروریات کے مطابق فوٹو تیار کرنے اور فوٹو البم تیار کرنے اور اس نوع کے کام کی دیکھ بھال کرنی ہوگی۔ امیدوار کو امتحان یا انٹرویو میں شرکت کرنے کیلئے اپنے اخراجات پر شریک آنا ہوگا۔ انہیں کوئی سفر یا دیگر خرچ نہیں دیا جائیگا۔ منتخب امیدواروں کو شروع میں چھ مہینے کیلئے معاہداتی بنیاد پر مقرر کیا جائیگا۔ اس کے بعد ان کا کام ہر طرح سے تسلی بخش ثابت ہونے پر معاہدہ کی تجدید کر دی جائے گی۔

ایسے امیدوار جو سرکاری ملازم ہیں وہ اپنی درخواستیں اپنے دفتر کے توسط سے ارسال کریں۔

امیدوار اپنی درخواستیں ایک سادہ صفحہ پر لکھ کر جس میں نام، پتہ، تاریخ پیدائش، کتنی زبانیں جانتے ہیں، تعلیمی، پیشہ ورانہ لیاقت اور تجربہ نیز موجودہ ملازمت کے بارے میں تفصیلات درج ہوں۔ نیز ان کی تصدیق شدہ نقلیں مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کریں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر۔ ٹیلی ویژن سینٹر
آل انڈیا ریڈیو۔ سری نگر

درخواستیں موصول ہونے کی آخری تاریخ ۲۱ اکتوبر ۱۹۷۲ء ہے۔ اس کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں کسی بھی حالت میں قابل غور نہیں سمجھی جائیں گی۔

رشیدہ قریشی

سماج کے دشمن : دفتریں

ایک کہاوت ہے۔ جو اپنا دوست وہ سماج کا دشمن۔ اور آج کل خود غرضی کا ایسا دور دورہ ہے دشمنوں کے بڑھتے ہجوم میں سماج کا گھٹتا وجود۔ معدومیت کی گہرائیوں میں اترتا چلا ہے جیسے "ٹائٹینک" کا پارا جہاز سمندر میں غرق ہو رہا ہے یہ صورت حال سماج دشمنوں ہی کیلئے زیادہ خطرناک ہے۔ کیونکہ ان کا انجام ان نا عاقبت اندیشوں کی تدبیر سے مختلف نہیں ہوگا۔ جو جس ڈالی پر بیٹھتے ہیں اسی پر کلہاڑی چلاتے ہیں۔ لیکن شخصی مفاد پرستی جب اصلاح کی منزل سے گزر جاتی ہے سچائی کا کوئی نہ کوئی راستہ ڈھونڈ لیتی ہے۔ سماج دشمن جانتے ہیں کہ جس ڈالی نے ان کو سہارا دیا ہے۔ وہ اسی کو کاٹ رہے ہیں لیکن یہ خوش فہمی انکو ڈھیٹ بنائے رکھتی ہے کہ وہ ڈالی کے ساتھ گر کر ہلاک نہیں ہوں گے۔ ان کا مقصد تو کلہاڑی کی ضرب کے ساتھ ساتھ اپنے ... کا اضافہ کرکے ڈالی جو ... کو کمزور تو بناتا ہے اور جو نہی ڈالی ٹوٹنے کو ہو ان کی چالاکی ان کو الگ محفوظ کر لے گی۔

... سماج ... اس حکومت ... پر کار بند ہوں سماج کو بھی اپنے تحفظ کے لئے جوابی جتن کرنا ہوگا ... نقصان یہ ہے کہ دوست دشمن کی پہچان کا کوئی اطمینان بخش وسیلہ موجود نہیں۔ اگلے وقتوں میں یہ ہوتا تھا کہ کوئی سماج دشمن قرار پا جائے تو لوہے کی جلتی سلاخوں سے اس کی پیشانی داغی جاتی تھی اس کے بعد وہ یا تو سماج سے روپوش ہو جاتا تھا یا پھر نمودار ہونے کی جسارت کرتا تو سماج اس پر جھپٹتا اور اسکی کارستانیوں کے مقابل چوکس ہو جاتا۔ اب وہ تو سماج دشمنوں کا بھی وہی بھیس ہے جو سماج دوستوں کا۔ اس فریبی بھیس میں سماج دشمن سماج کو بے دھڑک ٹھگتے ہیں اور پناہ کیلئے سماج جب ان کی طرف بڑھتا ہے دوبارہ ٹھگا جاتا ہے۔ زخموں سے چور اندھے سپاہی کی طرح وہ سر کاندھے پر اپنا سر رکھ دیتا ہے اور ایک تازہ زخم سے اس کی مزاج پرسی ہوتی ہے۔

دفتر...... حکومت کا سرچشمہ ہوتا ہے اور بظاہر سماج دشمنوں کے لئے اس میدان میں کشش کا کوئی سامان نہیں لیکن حکومت کا دائرۂ عمل زندگی کے ہر پہلو پر محیط ہو گیا تو یہی مقام انکے لئے مرکزی اہمیت کا حامل ہو گیا۔

آیئے میرے ساتھ دفتر چلئے۔ دیکھیں یہاں کون کون سماج دشمن کس کس طرح کارگزار ہے۔

یہ ریسپشن روم ہے۔ آج کل سماج دشمنوں کو دفتر سے باہر رکھنے کیلئے یہاں ساری پابندیاں عائد ہیں۔ دیکھئے کونے میں ایک مفلوک الحال شخص بیٹھا ہے۔ دفتر میں اس کا کوئی کام نہیں۔ اس نے اپنے ایک عزیز سے ملنے کا بہانہ گھڑ لیا ہے۔ ریسپشنسٹ کو اس کی حالت زار پر ترس آتا ہے۔ اور اسے داخلہ مل جاتا ہے ہم بھی اس کے پیچھے پیچھے چلیں وہ شخص ایک عہدہ دار کے کمرے میں داخل ہوتا ہے۔ سنیئے کیا بات چیت ہو رہی ہے۔ حضور۔ غمزدہ ہوں...... چالیس سال کے بعد اب بیوی کا انتقال ہوا ہے۔ اگر جلد اس کی تجہیز و تکفین کا انتظام نہ ہوا تو میں مٹی میں مل جاؤں گا۔ حضور کچھ مدد کیجئے حضور...... اللہ آپکی بھی ایسی ہی مدد کریگا۔ عہدہ دار نے چپراسی کو بلایا۔ کچھ رقم اس کے حوالے کی اور اس شخص سے مخاطب ہوا۔ آپ میرے آدمی کے ساتھ تشریف لے جایئے۔ یہ آپکی بیوی کی تجہیز و تکفین کا پورا انتظام کر دے گا...... مرحومہ کے محروم شوہر نے کہا حضور اس تکلیف کی کیا ضرورت ہے۔ غریب کی بیوی ہے غریب ہی اس کو ٹھکانے لگا دیگا۔ ...... آپ صرف یہ رقم عنایت فرما دیجئے۔ عہدہ دار کا لہجہ سخت ہو گیا...... جایئے یہ کام میرا چپراسی آپ سے بہتر طریقہ پر کرے گا۔ اس کی اب تک دو بیویاں مر چکی ہیں۔ کچھ ہی دیر بعد چپراسی واپس آگیا اور یہ خبر دی کہ جو راستہ کے پاس سبز روشنی نہ ملی تو موٹر رکی اور وہ شخص کود کر بھاگ گیا۔ یہ سماج دشمن دفتروں کے پھیرے لگاتا ہے اور اپنی چاق و چوبند بیوی کی لاشوں کو ہر روز دفن کرکے اپنی زندگی کے دن بڑھاتا ہے۔

اور یہ سجے سجیلے ... تمکنت خرام کون مہاشے ہیں۔ یہ خود ساختہ سماج دوست ہیں۔ ہر دکھی کا درد ان کے دل میں ہے۔ ایک اہل غرض بھی ان کی دم سے بندھا ہے۔ وہ ایک عہدے دار کے کمرے میں گھسے رسمی علیک سلیک کے ساتھ اٹھ گئے۔ معذرت خواہ ہوئے غلطی سے آپ کے کمرے میں آگیا تھا۔ باہر نکل کر اہل غرض کو دلاسا دیا کہ وہ صاحب تو میرے بھتیج

کے ساتھی نکلے۔ انہوں نے تمہارے
موافق فیصلہ دینے کا وعدہ کرلیا
ہے۔ کارروائی یہ ہے کہ اہل غرض
اپنے دیوانخانے کو سڑک کے کچھ
حصّہ پر وسیع کرنا چاہتا ہے۔ بلدیہ
رضامند نہیں ہے۔ اور اب ان
مہاشے کے توسط سے حکومت
اس کے موافق حکم جاری کرے۔
اس قبیل کے کئی لوگ دفتروں
میں گھومتے ملیں گے۔ غرض مندوں
کی سادہ لوحی اور فریب جیسی ان
کے لئے بہت آسان اور منفعت
بخش پیشہ فراہم کر دیتی ہے۔ وہ
اگر کبھی اپنے مقصد میں کامیاب
ہو جائیں تو لازمی طور پر سماج کا
ایک حقدار فرد یا طبقہ ظلم و زیادتی
کا نشانہ بنتا ہے جو کارروائی
حق و انصاف پر مبنی ہو۔ اس
کے لئے پیروی درکار نہیں ہوتی
پیروی بالعموم ایسی ہی کارروائیوں
میں اختیار کی جاتی ہے کہ جو کمزور
اور قانون اور ضابطہ کی تائید سے
محروم ہوتی ہیں۔ پیروکار اس
سلسلے میں کسی چھان بین کو ضروری
نہیں سمجھتا۔ وہ صرف اپنے محنتانہ
پر نظر رکھتا ہے اور اپنی پیروی کو
کامیاب بنانے کے لئے بڑے بھلے
تمام ذرائع ہر سطح پر بلا جھجک
آزماتا ہے۔ ایک پیروکار تو اس ہنر
میں بھی ماہر ہوتا ہے کہ شرافت اور مسکینی
کا چہرہ لگائے کسی مثل کا معائنہ
کرنے لگا۔ اور جو مراسلہ یا نوشتہ
اس کے مقصد کے خلاف ہوا اسے
مثل سے پھاڑ لیا اور نگل گیا۔ ایسے

مثل خود کمیاب ضرور ہیں لیکن انکی
کارستانیوں سے جو نقصان سماج
کو بالواسطہ طور پر پہنچتا ہے وہ قابل
لحاظ ہوتا ہے۔ پیروی اپنے محدود
اور جائز دائرہ کار میں بند اور

مؤثر بھی ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ
اس کی وجہ سے اہل دفتر عاجلانہ
توجہ مبذول کرنے پر مائل ہو جاتے
ہیں۔ اس زحمت کی بھی چنداں ضرورت
نہ ہو اگر دفتر میں فرض شناسی

اور کارکردگی نصب العین بن جائے۔
وظیفہ حسن خدمت کی مثل
محافظ خانہ میں موجود ہے جس میں
کارروائی نے کچھ ایسے طول لیا
کہ منظوری کا مرحلہ طے بھی نہ ہوا



اور وظیفہ حسن زندگی جاری ہوگیا۔ دریافت کیا گیا کہ کیا مرحوم کی بیوہ بقید حیات ہیں۔ معلوم ہوا کہ بیوہ البتہ بقید حیات ہیں۔ بیوہ کے نام وظیفہ کی اجرائی کی تجویز پیش ہوئی اور دوران کارروائی یہ اطلاع ملی کہ بیوہ بھی چل بسیں۔ پوچھا کہ مرحوم کے کتنی بیویاں تھیں۔ ان کی اولادیں کتنی ہیں۔ اس استفسار کا جواب کافی عرصے تک نہیں ملا تو مثل ختم کردی گئی۔ اس ہدایت کے ساتھ کہ آئندہ جب بھی مطلوبہ معلومات فراہم ہوں گی مثل زیر کارروائی لے لی جائیگی۔

دفتری تاخیر کی یہ ایک معمولی مثال ہے لیکن اس کے نتائج کی روشنی میں اس کی اہمیت جانچی جائے تو ایک مہیب سماجی بدعنوانی کا نمونہ سامنے آتا ہے۔ دفتروں میں نہ صرف اس قبیل کا کاروبار ہوتا بلکہ پلوق پراجیکٹوں سماجی فلاح و بہبود حقوق اور واجبات سبھی اقسام کی کارروائیاں اور منظوری کے مرحلوں سے گذرتی ہیں کسی بھی میز پر ان امتناع کا طویل قیام سماجی نقصان کا باعث ہوتا ہے اور ترقی کی منزل دور پڑتی ہے آپ کو یاد ہوگا حکومت نے ضعیف اور بے سہارا لوگوں کی پرورش کی اسکیم بنائی تھی۔ اس اسکیم کے تحت کئی لڑکے اور لڑکیوں نے اپنا پیشہ چھوڑ دیا۔ ضعیفوں اور مستحقین کی قبروں پہ دھنا دیے گئے۔ اس ناکامی کی ذمہ داری دفتر والوں پر عائد ہوتی ہے

دفتری معیار پر وہ چاہے جتنے کار گذار ہیں لیکن ابھی یہ اقربا نوازی یا سہل انگاری جرم کی تعریف میں آتی ہے۔ جسکو سماج کبھی معاف نہیں کرے گا۔ معاف بھی نہیں کرنا چاہیئے۔ سماج کے دشمن وہ بھی ہیں جو باہر سے دفتروں میں داخل ہوتے ہیں۔ اور وہ دفتروں کے اندر بھی ہوتے ہیں اور خود کو سماج میں بالاتر مقام پر فائز سمجھتے ہیں۔ میرا ناچیز خیال یہ ہے کہ اگر دفتری سماج باہری سماج سے ہم آہنگ ہو جائے اور دفتری اپنے آپکو انسان سمجھنے لگیں تو پھر کوئی سماج دشمن ... کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔

(حیدرآباد سے براڈکاسٹ)

قیصر قلندر

حیات کیا ہے؟

حیات کیا ہے؟
حیات کیا ہے غموں کا مخزن!
کبھی کبھی آرزو کا گلشن!
حیات ہے کیا؟
میں سوچتا ہوں، حیات کیا ہے؟
حیات ہے خواب یا حقیقت؟
حیات ہے حسن یا محبت؟
حیات کیا ہے؟

حیات ہے مشکلیں سراسر
اذیتوں، مرحلوں کا دفتر
طلب کے ہاتھوں ہوئے ہیں گھائل
جمالِ نغمہ نہیں حسیں پائل
نظاروں کی دل نوازیوں سے
ستاروں کی عشوہ بازیوں سے
ہمارے دل ہو رہے ہیں چھلنی
ہمارے افکار اُن سے زخمی،
حیات یہ ہے؟ حیات یہ ہے؟

لباسِ حسرت میں زندگی ہے
یہ چشمِ پُرنم
وہ غمِ مجسم

یہ دل شکستہ
فگار و خستہ
وہ مفلسی کا شکار بھی ہے
خزاں رسیدہ بہار بھی ہے
ہزار غم ایک جان کے پیچھے
تمنا کے خوں سے باغ سینچے

حیات ایک مستقل عمل ہے!
یہ آرزو کا حسین محل ہے!
حسین لمحوں، جمیل راتوں
گداز نغموں، لطیف باتوں
جواں نظاروں کا اک جہاں ہے
حسیں بہاروں کا اک جہاں ہے
صبا چھڑکتی ہے جس پہ خوشبو
مہکتی رہتی ہے جس پر خوشبو
بہار کرتی ہے گل نچھاور
لطیف شب چاندنی کی چادر
مہکتی ہے گلستاں کی صورت
جمالِ سیمیں تناں کی صورت
ستارے کرتے ہیں شب نوازی
خرد کی ہوتی ہے چارہ سازی

(ریڈیو کشمیر سرینگر سے براڈکاسٹ)

وی شنکر

ریاض کا رنگ تغزل

ریاض خیرآبادی اپنے عہد کے ایک مخصوص نامور خاص رنگ کے شاعر ہی نہ تھے بلکہ اخبار نویس، ادیب، الفاظ و محاورات کے ماہر، جذبات عشق و مے و میکشی کے استاد تھے اور آزادانہ خیالات اور شخصیت رکھتے تھے۔ ان کا زمانہ دو اہم دور سے گذرا۔ اُدھر تو ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد ملک نے کئی کروٹیں بدلیں اور مذہب، سماج اور سیاست میں نئے اقسام کی تحریکوں کا وجود ہوا۔ دوسری طرف جنگ آزادی نے بھی ایک نئی صورت اختیار کی کوئی شہری ان تحریکوں سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ریاض صاحب کی طرح روشن دماغ انسان جس کے دل میں ولولوں اور جذبات کا ایک حسین سمندر موجزن تھا کس طرح ان اثرات سے الگ رہ سکتے تھے۔ اردو ادب میں بھی ایک تغیر اور تبدل آ رہا تھا۔ غالب اور ذوق کا دور ختم ہو چکا تھا۔ شمع ادب دلی سے نکل کر اور شہروں میں پناہ لے رہی تھی۔ چنانچہ لکھنؤ، رام پور اور حیدرآباد کی ادبی زندگی کو نامور شعراء اردو چار چاند لگا رہے تھے۔ لکھنؤ میں خاص طور سے اردو ادب اس دور کے اختتام میں واجد علی شاہ کے دربار کے زیر اثر اور سلطنت اودھ کے زوال کے بعد بھی حسن اور عشق کے تذکروں کو ایک نوابی نزاکت اور نفاست کا جامہ پہنایا۔ ان سب پر اثر تحریکوں کی جھلک اس زمانے کے نامور شعراء کے کلام میں نمایاں ہے لیکن ایک مضمون میں ریاض صاحب نے استادانہ مقام پایا ہے۔ ان کے اشعار میں مے نوشی، مے کدہ کی مستی کا ایک نیا رنگ ہے جو ایک معنی میں حیرت انگیز ہے۔ حالانکہ مے نوشی سے گریز تھا پھر بھی مے نوشی اور میکدے کے سب رنگ اور انداز سے واقف تھے۔ چنانچہ ان کے اشعار میں شراب کا ذکر کثرت سے اتنا ہے کہ محسوس ہوتا ہے کہ ساری عمر مے نوشی، میخواری و میکدہ پرستی میں گذری ہو گی لیکن فی الواقعی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کو شکیل صاحب کے اس شعر کی بد دعا لگی تھی۔

میں نظر سے پی رہا تھا تو یہ دل نے بد دعا دی
تیرا ہاتھ زندگی بھر کبھی جام تک نہ پہنچے

ان کی زندگی و شخصیت اس طرح کی تھی کہ معلوم ہوتا تھا کہ گو گرفتار مے نوشی نہ تھے پھر بھی شباب و زندگی کے مے کے خم پر خم چڑھائے رہتے تھے۔ چنانچہ فرماتے ہیں ؎

اس کے آغاز جوانی کا کہوں کیا عالم
کچھ اُسے نشا سا تھا نشہ میں وہ مخمور تھا

نشہ سا ہے شراب کا ہر چند پی نہیں
یہ رنگ ہے شباب کا تو زندگی نہیں

اور اس نقطۂ نظر پر خود ہی روشنی ڈالتے ہیں ؎

ساقی بہار رنگ پہ پھول آئے میکدے سے
طوفاں اٹھ رہا ہے گلشن میں رنگ و بو کا

ریاض صاحب کا زمانہ وہ زمانہ تھا جس میں باوجود سیاسی تبدیلیوں و سماجی انقلاب کے زندگی آزادانہ تھی۔ حسن اور عشق کا بازار گرم تھا۔ تہذیب اور تمدن میں انگریزی اثر پوری طرح سے نہیں آیا تھا۔ چنانچہ زندگی ابھی بھی پرانے شراب میں ڈھلی ہوئی تھی۔ مذہب نے ابھی تک انسانیت پر قابو نہیں پا لیا تھا۔ فرقہ پرستی وقت کے بہت پیچھے تھی۔ حالانکہ چند شہروں میں اس نے جد و جہد شروع کر دی تھی اور افسوس یہ ہے کہ وہ سیاست میں دخل در معقولات پر آمادہ ہو گئی۔ باوجود اس کے ریاض صاحب کا یہ کلام مذہب میں ان کے اصلاحی زاویۂ نظر کا ثبوت پیش کرتا ہے ؎

واعظا ہم گنہ نہیں کرتے
ہم گنہگار ناز کرتے ہیں

پھر پڑے دونوں پر کعبہ ہو کہ بت خانہ
دونوں سے کہیں اچھا دیوانے کا ویرانہ

ہر بام طور وادیٔ ایمن ہر ایک دشت
جلوے کہاں نہیں تری برق و حجاب کے

نہ یاری کعبہ والوں سے نہ کاوش دیر والوں سے
ریاض اللہ والا تھا، بڑا مرد مسلماں تھا

شیخ کعبہ رہے محفوظ الٰہی تا حشر
نام روشن ہے ایک اجڑے ہوئے بتخانہ کا

کلیسا و حرم دونوں ہیں آباد
مرے ناقوس تک مری اذاں تک

جہاں ساغر پٹک دیں چشمۂ زمزم نکلتا ہے

مے خانہ میں کیوں یاد خدا ہوتی ہے اکثر
مسجد میں تو ذکر مے و مینا نہیں ہوتا

جس طرح مذہب پر انہوں نے اپنے کلام میں ایک نیا [illegible] ان نئی تحریکوں سے متاثر ہو کر نیا رنگ اختیار کیا، اسی مرد و سال کی عشق کی روایتوں نے بھی کچھ علیحدگی اختیار کی۔ کہیں تو پرانی روایات کی جھلک نظر آتی ہے۔ کہیں نئی روشنی اشعار کے جامہ فانوس میں بھی عریاں نمودار ہوئی ہے۔ جیسا کہ حسب ذیل اشعار کے معلوم ہوتا ہے ؎

آ گیا یاد مجھے آنکھ بدلنا ان کا
شکوہ تجھ سے مجھے اے گردش دوراں نہ رہا

اب ایسا دل کہاں تا کہ جس سے نذر کرنے کو
نہ جس میں کوئی ارماں ہو نہ جس میں کوئی حسرت ہو

یہی دن تھے سو سو طرح تم سنورتے
جوانی آئی تو سنورنا نہ آیا

اب یہ جانا کہ اسے کہتے ہیں آنا دل کا
ہم ہنسی کھیل سمجھتے تھے لگانا دل کا

ان حسینوں کا تو بازار لگا رہتا تھا
ہائے وہ وقت کہ تھا ایک تماشہ دل کا

درد دل آج سنایا جو انہیں رو رو کر
ہنس کے کہنے لگے کیا قصہ ہے پرانا دل کا

کبھی کبھی زمانے کے گلے کی صورت میں یا حال سے عاجزی کے جذبے سے محو ہو کر درد بھرے اشعار میں اظہار خیالات فرماتے ہیں۔ مثلاً ان اشعار پر غور فرمائیے ؎

وقت کے ساتھ گئیں وقت کی باتیں ریاضؔ
نہ وہ ہم ہیں نہ وہ دل ہے نہ زمانہ دل کا

آ گیا یاد مجھے آنکھ بدلنا ان کا
شکوہ تجھ سے مجھے اے گردش دوراں نہ رہا

وہ محل نہ وہ باغ نہ وہ شاخ نشیمن
اے اہل قفس چھوٹ کے ہم جائیں کہاں تک

صدقے ترے صیاد یہ باتیں تھیں چمن تک
کچھ فکر بہار اب ہے نہ کچھ فکر خزاں اب

خاص طور سے اس سادہ لیکن پُر از معنی و جذبات غزل کی دلکشی بلند خیالی و تازگی دیکھئے۔

اپنے دیوانوں سے سُن لو تم فغانِ عندلیب
آرتوں میں جا کے سیکھی ہے زبانِ عندلیب

کچھ بھلا دیں گے نشیمن کو قفس کے ہار پھول
ہائے وہ اجڑا ہوا سا آشیانِ عندلیب

ہیں قفس کے گرد کیسے کیسے ارمانِ چمن
ہم صفیر آ کر ہوئے ہیں مہمانِ عندلیب

کوئی کر دیوانہ کہے یا کوئی سودائی کہے
اے ریاضؔ اک ہم سمجھتے ہیں زبانِ عندلیب

اور ہی رنگ و اثر ہے آ گئی شاید بہار
چٹکیاں لینے لگی دل میں فغانِ عندلیب

خودداری کا جذبہ اُن کی زندگی کی سوانح عمری کی ایک خوشنما تصویر ہے۔ اس کا نقشہ چند اشعار سے اپنے آپ کھینچ لیجئے ؎

باغباں کام ہمیں کیا ہے وہ اُجڑے کہ رہے
جب ہمیں باغ سے نکلے تو نشیمن کیسا

قفس میں آؤں تو دیکھا جگہ صیاد آنکھوں میں
چمن میں جاؤں تو ہر پھول میرا آشیاں ہوگا

طریقِ عشق کے رہرو کبھی تھے اب بھی
جنابِ خضر کو رستہ بتانے جاتے ہیں

وادیٔ عشق کے جس طرح چُنے ہیں کانٹے
راستہ خضر کو میں پہلے بتاؤں تو کہوں

سرسبز ریاضؔ آپ کبھی ہو نہیں سکتے
افسوس زمانے کی ہوا اور ہی کچھ ہے

غالبؔ کا ایک مرصع شعر ہے ؎

نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

ریاضؔ صاحب تصویر سے خود گفتگو کر کے نہایت ہی دلکش خاکہ پیش کرتے ہیں ؎

باتیں کرتی ہے جس انداز سے تیری تصویر
کاش آ جائے یہ اندازِ تکلم مجھ کو

غالبؔ کا ایک دوسرا شعر ہے جو مفہوم عام ہے ؎

زباں پہ بارِ خدا آج کس کا نام آیا
کہ میرے نطق نے بوسے میری زباں کیلئے

ریاضؔ صاحب کا اسی مضمون سے ملتے جلتے دوسرا شعر سنئے ؎

یہ کس کے نام نے لے لی زباں میں چٹکی
کہ بے قرار ہوئی گفتگو خیاں بیاں کیلئے

[illegible] بھی کوئی نہ آ کی تھی لب پر
اثر نہ [illegible] سے میری زباں کیلئے

ریاضؔ صاحب کے جن اشعار کو میں نے آپکے سامنے پیش کیا ان سے واضح ہوتا ہے کہ [illegible] صاحب کی سادگی زبان میں ہر [illegible] کا رنگ موجود ہے۔ جدائی، خودداری، لامذہبی، حسن و عشق، معرفت اور دنیا داری، سیاست اور اصلاح سب عنوان اور مضمون کے اشعار موجود ہیں۔ [illegible] اکثریت ان اشعار کی ہے جنکو عشق میں آ کر انہوں نے حسن و عشق کی ایک خوشنما دلگیر اور دلپذیر مہیا ہیں، انداز کے ذوق اور شوق کے امتحان کے لئے پیش کیا ہے۔ یہ کہنا ضروری ہیں کہ اس امتحان میں ان کے اکثر اشعار کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ چنانچہ یہ شعر ان کا ان کے دیوان اور ان کی شاعری کا ایک نہایت حسین نچوڑ ہے۔

شعر تیرے چھلکتے ہوئے ساغر ہیں ریاضؔ
پھر بھی سب پوچھتے ہیں آپ نے پی ہے کہ نہیں

(ائرو و مجلس سے براڈکاسٹ)

شاغل قادری

شاعر کی دعا

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
شاعری دہر میں ارزاں ہو خدایا میری

میرے اللہ مجھے بحر سے نسبت نہ رہے
طبع موزوں کی مجھے کوئی ضرورت نہ رہے

قلمی دیوان کا مل جائے ذخیرہ مجھ کو
کچھ الٹ پھیر کا آ جائے سلیقہ مجھ کو

جاؤں ہر بزم میں استادِ زمانہ بن کر
اپنی ہٹ دھرمی سے لوں اہلِ نظر سے ٹکر

کسی نقاد کے چنگل میں نہ لانا مجھ کو
یہ بُرا دن مرے مولا نہ دکھانا مجھ کو

رہوں جنتا کی نگاہوں میں سخن ور بن کر
اہلِ فن خاک ہوں شہرت سے مری جل جل کر

میرے اللہ مجھے ہوٹنگ سے بچائے رکھنا
ایسے ناقدروں سے کچھ دور ہٹائے رکھنا

(آکاشوانی پٹنہ سے براڈکاسٹ)

محمد یٰسین بیگ

شفق رنگ شام

شام آئی ہے لیے رنگِ شفق، رنگِ بہار
اس میں شامل ہے تری شوخیٔ گفتار کا رنگ
ذہنِ شاعر میں مچلتے ہوئے افکار کا رنگ
عشق کا سانولا پن، حسنِ طرحدار کا رنگ
ہجر کا سوزِ تپاں، راحتِ دیدار کا رنگ
محفلِ غیر کی بات، انجمنِ یار کا رنگ
وحشتِ کوئے وفا، ہر خلشِ دار کا رنگ
دن جو ڈوبا تو سلگنے لگے یادوں کے چنار
شام آئی ہے لیے رنگِ شفق، رنگِ بہار
اور کچھ دیر میں ڈوبیں گے مچلتے سائے
کتنے خوش رنگ نظاروں کے مہکتے سائے
شب کے آنگن میں ستاروں کے چمکتے سائے
کھوئے کھوئے سے دھندلکوں کے اچٹتے سائے
کتنے بھولے ہوئے خوابوں کے سمٹتے سائے
جیسے صحرا میں سرابوں کے بھٹکتے سائے
اور ان سایوں کی آغوش میں سورج کا وقار
شام آئی ہے لیے رنگِ شفق، رنگِ بہار

(ریڈیو کشمیر جموں سے براڈکاسٹ)

اعجاز صدیقی

غزل

زنجیرِ پا کے ساتھ ہی جھنکار بھی چلے
جب ہم چلیں، تو فاصلۂ دار بھی چلے
پھر قافلوں میں شب کے پناہوں کی ہے تلاش
دن ڈھل چکا ہے شام کے آثار بھی چلے
چلنے کا تذکرہ ہے تو ہاں تھوڑی دور تک
غم ناشناس ہی نہیں غم خوار بھی چلے
گمراہیاں انہیں کے مقدر میں آئی ہیں
جن قافلوں میں قافلہ سالار بھی چلے
ہم وحشتِ بیکسی کے ہیں راہی ہمارے ساتھ
موجِ ہوائے کوچۂ دلدار بھی چلے
عرضِ متاعِ شوق پہ سب خود ہی بک گئے!
بازارِ غم میں جتنے خریدار بھی چلے
جب ہم رکے تو رک گئے ہنگامہ ہائے شہر
جب ہم چلے تو کوچہ و بازار بھی چلے
یہ بحرِ آرزو، یہ سفینے رکے رکے
موجیں اگر ہوں تیز تو پتوار بھی چلے
غربت میں غم گسار کسی کا کوئی تو ہو!
سایہ کے ساتھ ساتھ یہ دیوار بھی چلے
اعجاز جتنی تیز چلیں غم کی آندھیاں
اتنا ہی تند نشۂ پندار بھی چلے

لکھنؤ (ب) وارانسی

۱۶ اکتوبر تا

اتوار کے پروگرام

صبح
۵-۵۵ لکھنؤ الف کے مطابق
۶-۵ الہ آباد کے مطابق
(صرف وارانسی)
۷-۴۵ اختتام
(صرف لکھنؤ)
۷-۴۵ الہ آباد کے مطابق
(صرف وارانسی)
۸-۰۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۸-۲۰ الہ آباد کے مطابق
(صرف وارانسی)
۹-۱۰ لکھنؤ (الف) کے مطابق
۹-۳۰ اختتام
(صرف لکھنؤ)
۹-۳۰ لکھنؤ الف کے مطابق
(صرف وارانسی)
۹-۴۵ لکھنؤ الف کے مطابق
۹-۴۵ الہ آباد کے مطابق
(صرف وارانسی)
۱۱-۳۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۱۲-۰۰ اختتام

دوپہر
۱۲-۳۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۲-۳ اختتام

شام
۵-۱۵ لکھنؤ الف کے مطابق
۵-۴۵ اترائین
(لکھنؤ۔ رام پور)
۵-۴۵ لکھنؤ الف کے مطابق
(صرف وارانسی)
۶-۱۵ چترپٹ سنگیت
(صرف وارانسی)
۶-۴۵ لکھنؤ الف کے مطابق
۶-۵۰ کرشی جگت (صرف رامپور)
۷-۰۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۷-۳۰ لکھنؤ الف کے مطابق
(لکھنؤ۔ رامپور)
۷-۴۰ کرشی جگت
(صرف وارانسی)
۸-۰۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۱۰-۴۰ اختتام

رامپور کے مقررہ پروگرام

۳ اکتوبر ۶۲ء

ہفتے کے دوسرے دنوں کے پروگرام

صبح
۵-۵۵ لکھنؤ الف کے مطابق
۶-۵ الہ آباد کے مطابق (صرف وارانسی)
۷-۴۵ اختتام (صرف لکھنؤ)
۷-۴۵ الہ آباد کے مطابق (وارانسی)
۸-۰۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۸-۲ الہ آباد کے مطابق (وارانسی)
۹-۰۰ اختتام
۱۱-۴ لکھنؤ الف کے مطابق
۱۲-۰۰ اختتام
۱۲-۳۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۲-۳ اختتام
شام
۵-۱۵ لکھنؤ الف کے مطابق
۵-۴۵ اترائین (لکھنؤ۔ رامپور)
۵-۴۵ لکھنؤ الف کے مطابق (وارانسی)
۶-۱۵ سگم سنگیت
(سوموار، بدھوار اور جمعہ)
لوک گیت (منگلوار، جمعرات، سنیچروار) (صرف وارانسی)
۶-۳۰ سگم سنگیت (منگلوار، جمعرات، سنیچروار) (وارانسی)
۶-۴۵ لکھنؤ الف کے مطابق
۶-۵۰ کرشی جگت (صرف رامپور)
کسانوں کیلئے (منگلوار، جمعہ)
(صرف وارانسی)
۷-۰۰ لکھنؤ الف کے مطابق
(سوموار۔ بدھوار، جمعرات، سنیچروار)
لکھنؤ الف کے مطابق
(منگلوار، جمعہ۔ صرف لکھنؤ۔ رام پور)
۷-۲۰ لکھنؤ الف کے مطابق
(منگلوار۔ جمعہ)
۷-۳۰ لکھنؤ الف کے مطابق
(لکھنؤ۔ رامپور)
۷-۳۰ کرشی جگت (سوموار، بدھوار، جمعرات، سنیچروار)
(لکھنؤ۔ رام پور)
دیہاتی ریڈیو گوشٹھی
(منگلوار۔ جمعہ)
(صرف وارانسی)
۸-۰۰ لکھنؤ الف کے مطابق
۱۰-۴۰ اختتام
۱۱-۴ اختتام
(صرف سنیچروار)

وِوِدھ بھارتی پروگرام

آل انڈیا ریڈیو کی تجارتی پروگرام

دہلی (ج)

۲۱۹ میٹر ۱۳۷۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۳۰ سے ۱۰-۰۰، صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ دوپہر تک، دوپہر ۲-۰۰ سے ۵-۳۰ شام تک
شام ۵-۴۵ سے ۱۱-۰۰ بجے سے

الہ آباد (ب)

۲۱۱/۳ میٹر ۱۴۲۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

کانپور

۲۰۸/۳ میٹر ۱۴۴۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

لکھنؤ (ج)

۳۲۹/۷ میٹر ۹۱۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

جالندھر (ب)

۲۲۲/۳ میٹر ۱۳۵۰ کلو ہرٹز
صبح ۶-۵۵ سے ۱۰-۴۰ رات تک

چنڈی گڑھ

۲۴۵/۹ میٹر ۱۲۲۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۲۰ سے ۱۰-۳۰ رات تک

بمبئی (ج)

۲۵۲/۱ میٹر ۱۱۹۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۲۰ سے ۹-۳۰ تک صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ دوپہر تک، دوپہر ۲-۰۰ سے ۱۱-۰۰ رات

ناگپور (ب)

۴۵۴/۵ میٹر ۶۶۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۰۰ رات تک

پونہ (ب)

۳۰۹/۳ میٹر ۹۷۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۱-۱۰ رات تک

احمد آباد (ب)

۲۱۴/۳ میٹر ۱۴۰۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

راجکوٹ (ب)

۲۱۱/۳ میٹر ۱۴۲۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

مدراس (ج)

۱۹۳/۵ میٹر ۱۵۵۰ کلو ہرٹز
صبح ۹-۵۵ سے ۱۰-۳۰ رات تک

ترو چی (ب)

۲۰۲/۷ میٹر ۱۴۸۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

حیدرآباد (ج)

۲۴۵/۹ میٹر ۱۲۲۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۲۰ سے ۹-۳۰، ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ دوپہر تک، دوپہر ۲-۰۰ سے ۵-۳۰ شام تک
شام ۶-۳۰ سے ۱۰-۳۰ رات تک

وجے واڑہ (ب)

۲۰۰ میٹر ۱۵۰۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۹-۳۰ بجے تک
صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ بجے تک
دوپہر ۲-۰۰ سے ۵-۳۰ بجے تک
شام ۶-۳۰ سے ۱۰-۳۰ تک

بنگلور (ب)

۲۸۵/۷ میٹر ۱۰۵۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ بجے تک

دھاڑواڑ (ب)

۲۵۸/۶ میٹر ۱۱۶۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ تک

کلکتہ (ج)

۲۴۷/۳ میٹر ۱۲۱۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۹-۳۰ بجے
صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ دوپہر
دوپہر ۲-۰۰ سے ۱۱-۰۰ رات تک

سری نگر (ج)

۲۱۱/۳ میٹر ۱۴۲۰ کلو ہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ بجے تک

ٹیلی ویژن کے پروگرام

چینل ۴ — بینڈ ۱
تصویر: ۶۲ر۶۵ ایم۔ ایچ۔ زیڈ
آواز: ۶۷/۷۵ ایم۔ ایچ۔ زیڈ

سوموار ۱۶ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳ کھیل کے میدان سے
۶-۴ ڈاکومینٹری فلم
۷-۰ دیش ودیش
۷-۱ سوموار کی ڈاک
۷-۳ کرشی درشن
۸-۲ محفل
۸-۵ پتریکا (ہندی میگزین)
۹-۰ انگریزی فلم

منگلوار ۱۷ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳ بچوں کے لئے
۷-۰ ٹی ٹی پڑھائی
۷-۱ ویرائٹی
۷-۳
۸-۳ محفل (موسیقی پروگرام)
۸-۵ پتریکا (ہندی میگزین)
۹-۰ انگریزی فلم

بدھوار ۱۸ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶- موسیقی کے پروگرام
۷- وشو درشن
۷- وگیان پتریکا
۷- کرشی درشن
۸- ویرائٹی پروگرام
۹- سنل ولیو
۹- ٹی۔ وی۔ ریویو (انگریزی میگزین پروگرام)

جمعرات ۱۹ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶- فلمیں
۷- فوٹو فیچر
۷- آج کے مہمان
۷- نگر ناگرک
۹- یوتھ فورم
۹- دی اینڈ ہیبل

جمعہ ۲۰ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ بچوں کے لئے
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ ٹین ایجرز: نوجوانوں کیلئے
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۸ سا۔رے۔گا: موسیقی کے پروگرام
۹-۰۰ کھیل کے میدان سے
۹-۲۰ انگریزی میں فلم

سنیچروار ۲۱ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ ریجنل فیچر فلم
۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ
۸-۱۲ ریجنل فیچر فلم (بقیہ)
۹-۲۰ اعلان کے مطابق
۹-۳۵ ہندوستانی خبروں پر تبصرہ

اتوار ۲۲ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۰۰ گھر پریوار (گھروں کے لئے)
۶-۳۰ ہندی میں فیچر فلم
۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ
۸-۱۲ فیچر فلم ہندی میں (بقیہ)
۹-۱۵ نیپلے فلم
سنگیت ناٹک

سوموار ۲۳ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ کھیل کے میدان سے
۶-۴۵ معلوماتی فلم
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ سوموار کی ڈاک
۷-۳۰ کرشی درشن
۸-۲۸ ہندی میں ناٹک
۹-۰۰ مرر آف دی ورلڈ (آئینہ عالم)
۹-۲۰ اعلان کے مطابق

منگلوار ۲۴ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ بچوں کے لئے
۷-۰۰ ٹی ٹی پڑھائی
۷-۱۵ اسکٹ (مزاحیہ)
۷-۳۰ کل ہمارا ہے (نوجوانوں کیلئے)
۸-۲۸ محفل: موسیقی پروگرام
۸-۵۵ پتریکا (ہندی میگزین)
۹-۲۰ انگریزی فلم

بدھوار ۲۵ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ موسیقی کے پروگرام
۶-۴۵ وشو درشن
۷-۰۰ وگیان پتریکا (سائنس میگزین)
۷-۳۰ کرشی درشن (کسانوں کے لئے)
۸-۲۸ ویرائٹی پروگرام
۹-۰۰ آرٹ اینڈ آرٹسٹ
۹-۱۵ ٹی۔ وی۔ ریویو (انگریزی میگزین)

جمعرات ۲۶ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ فلمیں
۷-۰۰ ٹی۔ وی۔ رپورٹ
۷-۱۵ آج کے مہمان
۷-۳۰ نگر ناگرک (شہریوں کیلئے)
۹-۰۰ یوتھ فورم (انگریزی)
۹-۲۵ اوپن مائنڈ

جمعہ ۲۷ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ بچوں کے لئے
۷-۰۰ دیش ودیش
۷-۱۵ موسیقی کے پروگرام
۷-۳۰ کرشی درشن (کسانوں کے لئے)
۸-۲۸ سا۔رے۔گا (موسیقی کا پروگرام)
۹-۰۰ کھیل کے میدان سے
۹-۲۰ کوئیز (انگریزی) (بوجھو پہیلی)

سنیچروار ۲۸ر اکتوبر
جنرل سروس
شام
۶-۳۰ آمنے سامنے
۷-۰۰ ہندی فیچر فلم
۸-۱۰ پروگراموں کا خلاصہ
۸-۱۲ ہندی فیچر فلم (بقیہ)
۹-۳۵ ہندوستانی خبروں پر تبصرہ

(باقی صفحہ ۔۔ پر دیکھئے)

مقررہ پروگرام

شام
۸-۰۰ سماچار (اتوار، بدھ اور ہفتہ کو)
سماچار سمیکشا (سوموار اور جمعہ کو)
سماچار اور آجکل (منگلوار اور جمعرات کو)
۸-۲۵ پروگرام کا خلاصہ (سوائے ہفتہ اور اتوار کے)
۸-۱۸ چترہار (صرف جمعرات کو)
۹-۴۵ انگریزی میں خبریں

اسکول ٹیلی ویژن
صبح ۸-۲۵، ۹-۱۵ اور ۱۰-۵۰ — دوپہر ۲-۳۵، ۳-۱۵ اور ۴-۵۰

وِوِدھ بھارتی

آکاش وانی

پنج رنگی پروگرام

پہلی سبھا (الف) صبح ۶-۵۵ سے ۸-۳۰ تک ۴۹/۷۱ میٹر ۶۰۳۵ کلو ہرٹز
(ب) صبح ۶-۵۵ سے ۹-۳۰ تک ۳۲/۴۱ " ۷۲۶۰ "

دوسری سبھا صبح ۱۰-۱۰ سے ۱۲-۳۰ تک ۵۵/۳۱ میٹر ۹۵۱۰ "

تیسری سبھا (الف) دوپہر ۲-۰۰ سے ۳-۴۵ تک ۳۶/۲۵ " ۱۱۸۳۰ "
(ب) دوپہر ۱-۰۰ سے ۴-۳۰ تک ۷۷/۳۰ " ۹۷۵۰ "

چوتھی سبھا ... ۴ بجے سے ۸-۳۰ بجے تک ۲۷/۲۵ میٹر ۱۱۸۷۰ کلو ہرٹز
شام ۶-۳۰ بجے سے رات ۸-۱۵ تک ۳۳/۳۱ " ۹۰۷۵ "
شام ۶-۳۰ بجے سے رات ۱۰-۳۰/۱۱-۲ تک ۳۰/۴۹ " ۶۰۸۵ "

سنیچروار کو چوتھی سبھا ۱۱-۲ بجے تک

اتوار و دیگر تعطیلات کے پروگرام

پہلی سبھا

صبح
- ۶-۵۵ وندے ماترم
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۲ وندن وار
- ۷-۲۰ اودے گان
- ۷-۳۰ جے مالا کے پھول
- ۷-۴۵ منگل گان
- ۸-۱۵ مدھو ون
- ۸-۳۰ جے مالا
- ۹-۰۰ مختصر خبریں
- ۹-۲ منورنجن: فرمائشی پروگرام
- ۹-۳۰ اختتام

دوپہر
- ۱۰-۰۰ اپنا گھر
- ۱۰-۴۵ گنجن فلمی دھنیں
- ۱۱-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۱-۱۰ چترد ھونی (صرف اتوار اور دیگر تعطیلات کو رتنا کر پروگرام)
- ۱۲-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۲-۲ سنگیت پہیلی
- ۱۲-۱۵ چوداراً لوک سنگیت
- ۱۲-۲۵ جھروکا
- ۱۲-۳۰ اختتام

سہ پہر
- ۲-۰۰ بیلا کے پھول
- ۲-۳۰ خصوصی جے مالا (دوبارہ نشر)
- ۳-۰۰ مختصر خبریں
- ۳-۲ خصوصی جے مالا (مسلسل)
- ۳-۱۵ پھول پان
- ۳-۳۰ انورنجنی (کلاسیکی ساز سنگیت)
- ۳-۴۵ انجلی
- ۴-۰۰ مختصر خبریں
- ۴-۲ گیت مالیکا
- ۵-۰۰ مختصر خبریں
- ۵-۲ مدھر گیتم
- ۵-۳۰ اختتام

شام
- ۶-۳۰ سندھیا گیت فلمی بھگتی گیت
- ۶-۴۵ وِرندگان فلمی بھگتی گیت
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۲ جے مالا فرمائشی پروگرام
- ۷-۴۵ راگ رنگ (فلمی کلاسیکی موسیقی)
- ۸-۰۰ مختصر خبریں
- ۸-۲ ایک دھن
- ۸-۵ چترشالا
- ۸-۱۰ منورنجن
- ۸-۴۰ ایک گیت
- ۸-۴۵ چترپٹ
- ۹-۰۰ رنگ دھارا
- ۹-۱۰ گنجن
- ۹-۱۵ ہوا محل
- ۹-۳۰ من چاہے گیت
- ۱۰-۱۵ جھروکا
- ۱۰-۲۰ شبھ راتری کا
- ۱۰-۳۰ ختم

ہفتے کے دوسرے دنوں کے پروگرام

پہلی سبھا

صبح
- ۶-۵۵ وندے ماترم
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۲ وندن وار
- ۷-۲۰ اودے گان
- ۷-۳۰ تری دینی
- ۷-۴۵ منگل گان
- ۸-۱۵ مدھو ون
- ۸-۳۰ جے مالا
- ۹-۰۰ مختصر خبریں
- ۹-۲ منورنجن فرمائشی پروگرام
- ۹-۳۰ اختتام

دوپہر
- ۱۰-۱۵ گنجن
- ۱۰-۲۵ جے مالا
- ۱۰-۵۵ ایک گیت
- ۱۱-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۱-۲ گلدستہ
- ۱۱-۱۵ من چاہے گیت
- ۱۲-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۲-۲ چترد ھونی کا النش
- ۱۲-۱۵ جھروکا
- ۱۲-۳۰

سہ پہر
- ۲-۰۰ رنگ ترنگ: غیر فلمی گیت
- ۲-۳۰ منورنجن
- ۳-۰۰ مختصر خبریں
- ۳-۲ منجوشا: علاقائی موسیقی
- ۳-۱۵ داتاپش: غیر ملکی ساز سنگیت
- ۳-۳۰ چترپٹ: فلم سنگیت
- ۳-۴۵ انجلی
- ۴-۰۰ مختصر خبریں
- ۴-۲ گیت مالیکا
- ۵-۰۰ مختصر خبریں
- ۴-۲ گیت مالیکا
- ۵-۰۰ مختصر خبریں
- ۵-۲ مدھر گیتم ۵-۳۰ اختتام

شام
- ۶-۳۰ سندھیا گیت: بھگتی سنگیت
- ۶-۴۵ ورندگان فلمی کورس گانے
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۲۰ جے مالا
- ۷-۴۵ راگ رنگ: کلاسیکی فلمی
- ۸-۰۰ مختصر خبریں
- ۸-۲ ایک دھن
- ۸-۵ چترشالا
- ۸-۱۰ منورنجن
- ۸-۴۰ ایک گیت ۸-۴۵
- ۹-۰۰ رنگ دھارا (صرف سنیچر کو پروگرام سامعین کے خطوط)
- ۹-۱۰ گنجن
- ۹-۱۵ ہوا محل
- ۹-۳۰ من چاہے گیت
- ۱۰-۱۵ جھروکا
- ۱۰-۲۰ شبھ راتری
- ۱۰-۳۰ اختتام

سنیچروار کی رات کا پروگرام

- ۱۰-۳۰ سنت وانی: ساز
- ۱۱-۰۰ ہندوستان میں
- ۱۱-۲ ختم

ریڈیو کشمیر جموں

میڈیم ویو سروس
۳۰۳ میٹر ۹۹۰ کلوہرٹز
شارٹ ویو سروس

صبح ۶-۳۰ سے ۸-۴۵ تک	۸۹/۶۹ میٹر	۳۳۴۵ کلوہرٹز
" ۸-۰۰ " ۱۰-۰۰ "	۵۰/۳۴ "	۵۹۶۰ "
" ۱۰-۱۵ " ۱۲-۴۵ "	۵۰/۳۴ "	۵۹۶۰ "
" ۵-۰۰ " رات ۱۱-۰۰ تک	۸۹/۶۹	۳۳۴۵ "

سوموار ۱۶ اکتوبر
صبح
۷-۱ انمول بول
۷-۱ سنگیت: گیت اور غزل
۱-۱ سنگیت: غزلیں
۲-۰ پراڈلشنگ ریڈیو نیوز ریل
۸-۰ محفل: اردو شاعری میں رام
بات چیت از منظر اعظمی
آئینۂ خیال: نظم
دلیپ جالندھری
پھولواڑی: خاکہ: موہن یاور
۸-۰ سنگیت: گیت منجری
۹ آپکے خط اور آپکی فرمائش
۱ پنجابی پروگرام

منگلوار ۱۷ اکتوبر
صبح
۱ میلا منڈل
سیدھیوں کے بادل: جیب میں مال
نئی کملا پانڈے کی بات چیت،
ر ائن پاٹھ
ڈوگری بات چیت
چڑھدے بھائیں گی لکانے گیتے
ی پیداوار: بات چیت
بلراج پوری
سنگیت: ڈوگری گیت
سنگیت: گیت منجری
لقریروں کا قومی پروگرام
کشمیری موسیقی
پنجابی پروگرام: تہاڈی پسند

بدھوار ۱۸ اکتوبر
سنگیت: قوالیاں
ہمارا شہر: صوتی تصویر
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت: ڈوگری سنگیت
۹-۳۰ چرچا کا وشیہ ہے
(دلی سے ریلے)
۹-۵۰ سگم سنگیت
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام

جمعرات ۱۹ اکتوبر
دوپہر
۱-۲۰ بہنوں کے لئے
عورتوں کیلئے ڈوگری میں پروگرام
۸-۰۰ نوجوانوں کیلئے پروگرام
۸-۳۰ سنگیت: گیت منجری
۹-۳۰ بھارت بھارتی
۱۔ چمبا کے بھیتی چیز بات چیت
۲۔ کشمیر گھاٹی کا مندر ستھاپت
بات چیت
۱۰-۰۰ سنگیت: شام غزل

جمعہ ۲۰ اکتوبر
صبح
۹-۰۰ باپو نے کہا تھا
۹-۱۰ سنگیت: شبنم
۱-۳۰ آئینہ اور سنگیت
۳-۴ پھلواری
ننھے منوں کیلئے پروگرام
۳-۳۰ اختتام
۸-۰۰ اردو بات چیت
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ ڈوگری سنگیت
۹-۳۰ مدھو کوش
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام

سنیچروار ۲۱ اکتوبر
دوپہر
۱-۳۰ نیا چوپال اور سنگیت
۸-۰۰ آپکی فرمائش
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم

اتوار ۲۲ اکتوبر
صبح
۷-۱۵ ساویہ گان
۷-۲۰ سنگیت: گیت اور غزل
۸-۳۰ شبنم
۹-۰۰ بال جگت
میری دھرتی میرا دیش
ایکچھپٹا کی کہانی
بے۔پی۔ دونری: گیت
۹-۴۵ پرادیشک سنگیت
۱۰-۰۰ اختتام
۱-۳۰ کشن بال کی کتھا، تواں دی
فیملی سیریل
۱-۴۵ سنگیت: سبد رنگ
۸-۰۰ سنگیت
(فلموں سے)
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت: ڈوگری سنگیت
۹-۳۰ ناٹک: بارش کا پہلا قطرہ
اردو ڈرامہ از نور شاہ
۱۰-۰۰ سنگیت

مقررہ پروگرام

۶-۳۰ بندے ماترم اور منگل دھونی
۶-۳۵ وندنا
۷-۰۰ ہندی میں خبریں
۷-۲ انگریزی میں خبریں
۷-۴ گیت
۷-۱۰ آجکا کاریہ کرم
۷-۱۵ سور لہری
(سوائے اتوار اور سوموار)
۷-۳۰ فلمی سنگیت
۷-۴۵ ڈوگری سنگیت
۸-۰۰ ہندی میں خبریں
۸-۱۰ انگریزی میں خبریں
۸-۲۰ سنگیت
۸-۳۰ ڈوگری میں خبریں
۸-۴۰ سنگیت (سوائے اتوار)
۸-۵۰ اردو میں خبریں
۹-۰۰ شاستریہ سنگیت
(سوائے شکروار)
۱۰-۳۰ اختتام (سوائے اتوار)

دوپہر
۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱۱-۲ انگریزی میں خبریں
۱۱-۴ ڈوگری میں پرادیشک سماچار
۱۱-۱۵ وودھ بھارتی پروگرام
(سوائے منگلوار بارہ بجے تک)
۱۲-۳۰ سینکوں کے لئے
۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱-۲ انگریزی میں خبریں
۱-۴ نورنگ پروگرام (مسلسل)
۲-۰۰ انگریزی میں خبریں
۲-۱۰ ہندی میں خبریں
۲-۲۰ سنگیت
۲-۳۰ انگریزی میں خبریں (دھیمی رفتار سے)
۳-۰۰ ہندی میں خبریں
۳-۲ انگریزی میں خبریں
۳-۵ اختتام (سوائے شکروار)

شام
۵-۰۰ ہندی میں خبریں
۵-۴ انگریزی میں خبریں
۵-۴ سینکوں کے لئے
۵-۵۰ ڈوگری میں پرادیشک سماچار
۶-۰۰ انگریزی میں خبریں
۶-۵ ہندی میں خبریں
۶-۱۰ کاریہ کرم کی روپ ریکھا
اور ستھانیہ سوچنائیں
۶-۱۵ شاستریہ سنگیت (سوائے سوموار)
۶-۳۰ بستی بستی ہر بستی
دیہاتی شہری پروگرام
۷-۱۵ ڈوگری میں خبریں
۷-۲۵ ڈوگری میں خبروں پر تبصرہ
۷-۳۰ سہگان
۷-۳۵ سانجھی
۷-۴۵ اردو میں خبریں
(سرینگر سے ریلے)
۷-۵۵ بات چیت
(سرینگر سے ریلے)
۸-۳۵ سنگیت
۸-۴۵ ہندی میں خبریں
۹-۰۰ انگریزی میں خبریں
۹-۱۵ اردو میں خبریں
۱۰-۳۰ سنگیت
۱۰-۴۵ ہوا محل
(سوائے سنیچروار اور اتوار)
۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱۱-۲ انگریزی میں خبریں
۱۱-۴ اختتام

۱۰-۳۰ نوجوانوں کے لئے پروگرام

سوموار ۲۳ر اکتوبر

صبح
۷-۱۵ انمول بول
۷-۲۰ سنگیت: گیت اور غزل
۱-۳۰ آئینہ اور سنگیت
۶-۱۵ پرادیشک ریڈیو نیوزریل
۸-۰۰ محفل
مختصر کہانی: کستوری من چندا
آئینہ خیال: شام کی اداس منزل
نظم سریندر ساجو
بابائے اردو مولوی عبدالحق
تحقیقی مقالہ: جاوید ناصی
۸-۳۰ سنگیت
۹-۳۰ آپکے خط اور آپکی فرمائش
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام

منگلوار ۲۴ر اکتوبر

صبح
۱۱-۱۵ ناٹک: بن ایلا رے ونیہی
ڈوگری کھیل: مدن موہن شرما
۱۲-۰۰ وودھ بھارتی پروگرام
۱-۳۰ مہیلا منڈل
میری رچنا: کہانی شکنتلا چندر
ڈاکٹر بہن سے پوچھیں
ڈاکٹر نرمل شرما
۸-۰۰ ڈوگری بات چیت
۸-۱۵ سنگیت: ڈوگری سنگیت
۸-۳۰ سنگیت: گیت منجری
۹-۳۰ تقریروں کا قومی پروگرام
۹-۴۵ کشمیری موسیقی
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام

بدھوار ۲۵ر اکتوبر

۱-۳۰ سنگیت: قوالی
۸-۰۰ ہمارا شہر
۸-۱۰ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت: ڈوگری سنگیت
۹-۳۰ چرچا کا وشیہ ہے
(دلی سے ریلے)
۹-۵۰ سنگیت
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام

جمعرات ۲۶ر اکتوبر

دوپہر
۱-۳۰ بہنیں آپسے
عورتوں کیلئے ڈوگری پروگرام
۸-۰۰ نوجوانوں کے لئے پروگرام
۸-۳۰ سنگیت: گیت منجری
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ رنگ کاریہ کرم
۱۰-۰۰ سنگیت

جمعہ ۲۷ر اکتوبر

صبح
۹-۰۰ بالو نے کہا تھا
۹-۱۰ شبنم
۱-۳۰ آئینہ اور سنگیت
۲-۴ پھلواڑی
ننھے منوں کیلئے پروگرام
۲-۳۰ اختتام
۸-۰۰ اردو بات چیت
آربند ایک انقلابی کی حیثیت سے
بات چیت - ڈاکٹر ستیہ بھوشن
اردو بات چیت
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت۔ ڈوگری سنگیت
۹-۳۰ ڈوگری [illegible]
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام

سنیچر ۲۸ر اکتوبر

دوپہر
۱-۳۰ نیا چوپال اور گیت مالا
۸-۰۰ آپکی فرمائش
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم

اتوار ۲۹ر اکتوبر

صبح
۷-۱۵ کاریہ گان: نظم خوانی
۷-۲۰ سنگیت
۸-۴۰ شبد
۹-۰۰ بال جگت
بچوں کیلئے پروگرام
کھیل اور کھلاڑی: کرکٹ جگت میں بھارت کا استھان
بات چیت: لوگندر سنگھ لوگی
خبریں کچھ ادھر کی کچھ ادھر کی
اُرملا شرما
وگیان چرچا: الوادر بریانو
بات چیت - جے ڈی کیشپ
۹-۴۵ پرادیشک سنگیت
۱۰-۰۰ اختتام
۱-۳۰ سنگیت
۸-۰۰ سنگیت
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت
۹-۴۰ ناٹک
گرو پنج رودھ: بی۔ ایس کھنڈیکر کے مراٹھی ناول کا ریڈیائی روپ۔ پرشانت پاٹھرے
۱۰-۰۰ سنگیت
۱۰-۳۰ نوجوانوں کیلئے پروگرام

سوموار ۳۰ر اکتوبر

صبح
۷-۱۵ انمول بول
۷-۲۰ سنگیت
۱-۳۰ سنگیت
۶-۱۵ پرادیشک ریڈیو نیوزریل
۸-۰۰ محفل
۱۔ میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
۲۔ فیچر
ساوتری کا ایک ورق
اربندو کی تصنیفات کا ترجمہ
۳۔ قوالی
۸-۳۰ سنگیت
۹-۳۰ آپ کے خط اور آپ کی فرمائش
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام

منگلوار ۳۱ر اکتوبر

صبح
۱۱-۱۵ ناٹک
کہانی کیسے بنی
از کرتار سنگھ دگل
۱۲-۰۰ وودھ بھارتی پروگرام
۱-۳۰ مہیلا منڈل
ان کر سوچیں - نوکری کرنے والی بہنوں کا جیون اسقدر پست ہوتا ہے۔
مباحثہ
۷-۱۵ باقر حسین خاں
ستار: پوریا دھناشری
۷-۳۰ غزلیں
۹-۴۵ واسودھا جگ مگ دیپ جلے
ہندی روپک
از نند لال پاٹھک

بمبئی ب

صبح

۶-۵۰ درگیش چنداورکر
مراٹھی گیت
۷-۴ بھگتی دنیا: بھگتی گیت
۷-۳۰ اوشا اترے: مراٹھی گیت
۸-۱۰ رمیش ناڈکرنی
خیال بھیرو
۹-۱۰ ایچ۔ جی۔ لشکن
وائلن وادن
۹-۳۰ رس رنجن
۹-۵۰ تنترا کاری+
۱۰-۴ باقر حسین خاں
ستار پردیپی
۱-۰۰ رمیش ناڈکرنی
خیال
۱-۴۵ کملا دوا: ٹھمری
۲-۵ پنا لال گھوش + بانسری وادن
۵-۳۰ کملا دوا: ٹھمری
۵-۴۵ ایچ۔ جی۔ لشکن
وائلن وادن

رات

۱۰-۳۰ رمیش ناڈکرنی
خیال یمن کلیان

سنیچروار ۴ نومبر

بمبئی الف

صبح

۷-۵۵ محمد اقبال
گیت اور غزل
۸-۲۰ ہری پد گھوش
سرود وادن
۹-۴ موہن انگلے: خیال
۱۲-۰۰ بین مانجریکر
خیال گوڑ سارنگ
۱۲-۵۰ گیت گنجن
۱-۴ ہری پد گھوش
سرود وادن
۶-۳۰ مادھو نگھو: خیال
۸-۰۰ منو بھومی
نظم خوانی (اُردو)
از وحید اختر اور شہریار

بمبئی ب

صبح

۶-۵۰ شدھا دلیش پانڈے
مراٹھی گیت
۷-۴ بال سا ٹھے: وائلن وادن
۷-۴۵ رس دھارا
۸-۱۰ بین مانجریکر
خیال شیومت بھیرو
۹-۱۰ پنڈت روی شنکر+
ستار وادن
۱۱-۳۵ بال ساٹھے
وائلن وادن
۱-۴۵ مادھو انگلے: خیال
۲-۵ بال ساٹھے
وائلن وادن

رات

۹-۳۰ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریکرم

اتوار ۵ نومبر

بمبئی الف

صبح

۷-۵۵ سمن کلیان پور
بھجن اور گیت

+ گراموفون ریکارڈ

۸-۲۰ شردھا ساٹھے خیال گن کلی
۱۲-۵۰ گجراتی گیت

شام

۶-۳۰ شردھا ساٹھے: خیال پوروا
۷-۳۰ گیت

بمبئی ب

صبح

۶-۵۰ ریکھا دیو جیکر مراٹھی گیت
۷-۲۵ آئی دیوالی دیوالی کا گیت
۱۰-۱۵ شردھا ساٹھے: خیال
۱-۲۵ کرناٹک سنگیت
۵-۳۰ آفتابِ موسیقی استاد فیاض خاں مرحوم کی حیات پر بمبئی خاص پروگرام
۱۰-۳۰ وادیہ سنگیت

سوموار ۶ نومبر

بمبئی الف

صبح

۷-۵۵ دیپاولی: تہوار کے گیت
۸-۲۰ عبدالحمید: بین وادن
۱۲-۵۰ دلیور: گجراتی گیت
۱-۴ اندو کمار پارکھ بھکتی گیت اور گیت
۶-۲۰ دلیش وزمنا
۶-۳۰ بی۔ٹری۔وڈیکر خیال شیام کلیان
۷-۳۰ وزندگان
۸-۰۰ ہندی بات چیت

بمبئی ب

صبح

۶-۵۰ آشا لتا گوکرن مراٹھی گیت
۷-۴ بھو بھینغو رشرا وائلن مجری کوڑی
۸-۱۰ ایم۔ایم۔اوتا ڈکر خیال بھٹیار
۹-۱۰ استاد علی اکبر خاں سرود وادن
۹-۳۰ رس رنجن
۹-۵۰ تنترکاری +

۱۰-۴ سدھا کھیکر: خیال ہنڈول
۱۱-۲۵ عبدالحمید: بین وادن
۱۲-۳۰ بی۔ڈی۔مرڈیکر دیوگندھاری ٹوڑی
۱-۱۰ ایم۔ایچ۔اوتا ڈکر خیال مدھماد سارنگ
۱-۴۵ سدھا کھیڈکر خیال شدھ سارنگ
۲-۵ عبدالحمید: بین وادن

شام

۵-۳۰ ایم۔ایچ۔اوتا ڈکر خیال ملتانی
۱۰-۰۰ آپ کی اوڑ
۱۰-۳۰ ڈرامہ

منگلوار ۷ نومبر

بمبئی الف

صبح

۷-۳۰ میناکشی جری والا گجراتی گیت
۷-۵۵ نیول ورشا تہوار کے گیت
۸-۲۰ وادیہ سنگیت
۱۲-۳۰ اروند آپٹے خیال شدھ سارنگ
۱-۴ لالجی گوکھلے: طبلہ وادن

شام

۵-۳۰ چترپٹ سنگیت +
۷-۳۰ گیت
۸-۰۰ میناکشی جری والا گیت اور غزل

بمبئی ب

صبح

۶-۵۰ شردھا سیکر: مراٹھی گیت
۷-۳۰ پشپا پاگ دھرے مراٹھی گیت
۸-۱۰ نرملا ارون: ٹھمری
۱۰-۴ لالجی گوکھلے: طبلہ وادن
۱۱-۴۵ وادیہ سنگیت

شام

۷-۳۰ نرملا ارون: ٹھمری

رات

۹-۳۰ یووا وانی
۱۰-۰۰ نرملا ارون: ٹھمری

بدھوار ۸ نومبر

بمبئی الف

صبح

۷-۳۰ کوی منو راو گجراتی پروگرام
۷-۵۵ عید کی بہار تہوار کے گیت
۸-۲۰ ڈی۔ٹی۔ڈیسائی بانسری: بیراگی
۱-۴ لیشونت
۸-۲۰ ڈی۔ٹی۔دیسائی بانسری: بیراگی
۱-۴ لیشونت بی جوشی خیال سامنت سارنگ

شام

۶-۳۰ لیشونت بی جوشی خیال چھایانٹ
۷-۴ یووا وانی (ہندی)
۷-۳۰ بندگی: بھکتی گیت
۸-۰۰ کوی منو راو: بھجن
۸-۲۵ عیدالفطر: گجراتی تقریر

بمبئی ب

صبح

۶-۵ ڈی۔وائی۔کیسکر مراٹھی گیت
۷-۴ پنوسوامی گوٹو وادیم: بھٹیار
۸-۱۰ لیشونت بی۔جوشی خیال بھیرو بھٹیار
۹-۱۰ پنوسوامی: گوٹو وادیم للت
۹-۳۰ رس رنجن
۱۰-۴ گنگوا بائی اڈوانی دادرا اور بھجن
۱۲-۴ پنوسوامی گوٹو وادیم: گوڑ سارنگ
۱-۲۵ گنگوا بائی اڈوانی ٹھمری دادرا
۲-۵ ڈی۔ٹی۔دیسائی بانسری: بھیم پلاس

شام

۵-۳۰ گنگوا بائی اڈوانی ٹھمری اور دادرا
۵-۴۵ ڈی۔ٹی۔دیسائی بانسری: یمن

رات

۹-۱۵ سنگیت سبھا
۹-۱۵ ارجن ناتھ بوا پنڈھرپورکر کنٹھ سنگیت

جمعرات ۹ نومبر

بمبئی الف

صبح

۷-۳۰ پورنیا جوہیری بھجن اور گربا
۷-۵۵ شنکر اور شمبھو قوالی بھجن
۸-۲۰ سشن سکھ بابو وائلن وادن
۹-۴ مالویکا کانن خیال دیسی
۱۲-۵۰ گیت گنجن
۱-۴ کیشو لکشمن راٹھوڑ لوک گیت

شام

۶-۳۰ مالویکا کانن خیال چھایانٹ
۷-۴ شنکر اور شمبھو حمد اور بھجن
۷-۱۵ ایس کے اسھینکر خیال تری
۷-۳۰ پورنیا جوہیری گیت اور غزل

بمبئی ب

صبح

۶-۵۰ ارچنا شیلی: مراٹھی گیت
۷-۴ زرین دارو والا سرود پر ہنڈول
۷-۳۰ اے۔ایم۔چھاپلکر خیال للت
۹-۱۰ پنڈت میرول طبلہ وادن
۹-۵۰ تنترکاری +
۱۰-۴ ایس کے۔اسھینکر خیال بھٹیار
۱۱-۲۵ شن سکھ بابو وائلن وادن
۱۲-۳۰ مالویکا کانن خیال ورندگری بلاول
۱-۰۰ سجاد ترنگ
اے۔ایم۔چھاپلکر
۱-۱۰ ایس۔کے۔اسھینکر خیال
۱-۲۵ شاردا ٹھونیکر خیال
۲-۵ سفنکھ بابو وائلن وادن

شام

۵-۳۰ شاردا ٹھونیکر خیال

٨-٥٠ بیگم اختر + ٹھمری
رات
٩-٠٠ نذیر ولد ر والا
٩-١٥ سرود وادن

جمعہ ١٠ ارنومبر

بمبئی الف

صبح
٧-٣٠ رمیش مہتہ: گجراتی گیت
٧-٥٠ سعادت بنا اشرف
بھجن گیت اور گیت
٨-٣٠ بھگوان داس سولنکی
وائلن: رام کلی
٩-٠ اور کے۔ ٹی بھاٹا ڈو بکر
١٢-٣٠ بانسری وادن
١٢-٥ گیت گنجن
١-٣ سعادت بن اشرف
گیت اور غزل
٧-٣ رمیش مہتہ: گیتو
٧-١٥ بھگوان داس سولنکی
وائلن وادن
٧-٣٠ سعادت بن اشرف
شوق سالکی کا کلام
٩-٣٠ جھلکیاں از بھرنگ پیکری

بمبئی ب

صبح
٦-٥ جے۔ این۔ بھاگوت
مراٹھی گیت
٧-٣ اوشا پنڈت
مراٹھی گیت
٨-١٠ وی۔ آر۔ اٹھاولے
خیال وبرگندھار
٩-١٠ تا ٩-١٥ کے۔ ٹی بھاٹا وڈو بکر
بانسری وادن
٩-٣٠ رس رنجن
١٠-٣ بھگوان داس سولنکی
وائلن: مدماد سارنگ
١٠-٠٠ وی۔ آر۔ اٹھاولے
خیال شدھ سارنگ
٢-٥ پنڈت رودی شنکر +
ستار وادن
شام
٥-٣ شاستریہ سنگیت
رات
٩-٠٠ پنڈت ڈی۔ وی پلسکر +
کنٹھ سنگیت
١٠-٣٠ وی۔ آر۔ اٹھاولے
خیال چندر کونس

سنیچر وار ١١ ارنومبر

بمبئی الف

صبح
٧-٣ لتا شاہ اور ساتھی
گجراتی گیت
٧-٥٥ کیف عرفانی کا کلام
از نسیم بانو اور طلعت محمود +
٨-٣٠ ایل۔ کے کنٹھے
کلارنٹ: الہیا بلاول
٩-٣ شونک ریگے
خیال: اہیر بھیرو
١٢-٠٠ شونک ریگے
خیال شدھ سارنگ
١٢-٥٠ لتا شاہ اور ساتھی: گربا
١-٠٠ لیلا ڈولو جوشی: خیال
٦-٣٠ لیلا ڈولو جوشی: خیال
٧-٣٥ کشمیری دیسائی: گجراتی گیت

بمبئی ب

صبح
٦-٥٠ الکا جوگلیکر: بھکتی گیت
٧-٣ گری راج: ستار، للت
٨-١٠ لیلا ڈولو جوشی: خیال گنکلی
١٠-٣ نثار حسین خاں: کنٹھ سنگیت
١١-٣٥ گری راج: ستار وادن
١-٢٥ ایل۔ کے۔ کنٹھے
کلارنٹ: بھیرب
٢-٥ پنڈت اونکار ناتھ ٹھاکر
کنٹھ سنگیت
٩-٣٠ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریکرم

اتوار ١٢ ارنومبر

بمبئی الف

صبح
٧-٥٥ منا ڈے اور گیتا دت: ہندی گیت
٨-٣٠ اشوک واناڈے
٩-٥٠ گیت گنجن
٦-٣٠ آشا کرن: عبدالغنی کے گیت
٦-٣٠ بیگم اختر: ٹھمری دادرا
٧-٣٠ سی۔ ایچ۔ آتما: گیت اور غزل
٨-٠٠ رشمت جوگیش: لوک گیت

بمبئی ب

صبح
٦-٥٠ سنگیتا آپٹے: مراٹھی گیت
٧-٣ بمبئی ریڈیو وادیہ ورند
دلیپ ڈھولکر کی ترتیب کردہ اور ڈی۔ ایل
١٠-١٥ بیگم اختر: دادرا
١٠-٣٠ دیویندر مرڈیشور: بانسری، للت
١٠-٠٠ بھاؤ ترنگ
١٠-١٠ دیویندر مرڈیشور
بانسری: گوڑ سارنگ

٨-٣٠ اشوک واناڈے: خیال للت
٩-٠٠ گیت سنگیت
٩-٣٠ لیوا کرانتی
١٠-٣٠ دیویندر مرڈیشور
بانسری [illegible]

سوموار ١٣ ارنومبر

بمبئی الف

صبح
٧-٥٥ پشپا جوشی: ہندی لوک گیت
٨-٣٠ جعفر پرویز
سارنگی: بھیروی
١٢-٥٠ گیت گنجن
١-٣ جنار دھن بھجو کر
بھجن اور بھکتی گیت
٦-٣٠ پربھاکر کیر کر: خیال
٧-٣٠ لکشمی [illegible]
گیت اور غزل
٨-٠٠ ساہتیہ میں رام کتھائیں
ہندی وارتا

بمبئی ب

صبح
٦-٥٠ وٹھل شنڈے
مراٹھی گیت
٧-٣ برج بھوشن کابرا
گٹار، للت
٧-٣٠ شدھا پھڑو دیسائی
مراٹھی گیت
٨-١٠ پربھاکر کاریکر
خیال بیراگی بھیرو
٩-١٠ روشن علی موبی
خیال دیش کار
٩-٥٠ پنڈت اونکار ناتھ ٹھاکر +
کنٹھ سنگیت
١٠-٣ وٹھل ونڈوتے
خیال سارنگ وانی
١١-٣٥ جعفر پرویز: سارنگی: [illegible]
١٢-٣٠ پربھاکر کاریکر
خیال شدھ سارنگ
١-١٠ تا ٢-٣٠ بلرام پاٹھک + ستار بھیروی
روشن علی موبی
خیال بھین اور ٹھمری
رات
١٠-٣ برج بھوشن کابرا
گٹار وادن

منگلوار ١٤ ارنومبر

بمبئی الف

صبح
٧-٣ جے شری گاندھی
٧-٥٥ رمیش مہتہ: لوک گیت اور غزل

٨-٢٠ جے دائی پنڈت
وائلن: ہنڈول
١٠-٣٠ لکشمی شنکر: خیال
٢-٥٠ گیت گنجن
٣-٠٠ یونس ملک: میر تقی میر
غالب اور کیف عرفانی کا کلام
٨-٠٠ شردھا جوشی: گجراتی گیت

بمبئی ب

صبح
٦-٥٠ انجلی جوگلیکر: مراٹھی گیت
٧-٣ آروند پارکھ: ستار
٧-٣٠ مادھوری کھاڑکی
مراٹھی گیت
٨-١٠ لکشمی شنکر: خیال
٩-٥٠ استاد نیاز احمد خاں +
شاستریہ سنگیت
١٠-٣ ثریا کانت ٹھاکر، خیال [illegible]
١١-٢٥ جے دائی پنڈت وائلن:
برنداونی سارنگ
١٢-٣ پنا لال گھوش + بانسری
تا ٣ ثریا کانت ٹھاکر: خیال [illegible]
رات لکشمی شنکر: خیال
١٠-٣ آروند پارکھ: ستار

بدھوار ١٥ ارنومبر

بمبئی الف

صبح
٧-٥٥ مدھو بالا نسروا: شبد اور گیت
٦-٣٠ آشا کرن
٦-٣٠ مانک [illegible] مزمدار
خیال کلاوتی
٧-٣ لیوا دانی (ہندی) گیت
٧-٣٠ مدھو بالا نسروا: غزل اور گیت
٨-٠٠ برج لال ریانی: بھجن

بمبئی ب

صبح
٦-٥٠ ودیا جوگلیکر: مراٹھی گیت
٧-٣ سلطان خاں: سارنگی [illegible]
٧-٣٠ وسنت کلکرنی: مراٹھی [illegible]
٨-١٠ مانک [illegible] مزمدار
خیال بیراگی بھیرو
٩-١٠ استاد امیر خاں: خیال للت
٩-٥٠ کشوری امونکر + ٹھمری بھیروی
١٠-٣ شاستریہ سنگیت
١-٢٥ وسنت کلکرنی [illegible]
٢-٥ سلطان خاں: سارنگی [illegible]
٥-٣٠ وسنت کلکرنی: خیال
٥-٢٥ سلطان خاں: سارنگی: [illegible]
٩-٣٠ [illegible]
کے۔ ایل۔ [illegible] کنٹھ سنگیت
١٠-٣٠ ناٹیہ [illegible]

آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشنوں کے میٹر

میڈیم ویو سروس

	میٹر	کلوسائیکلز
اجمیر	۵۰۰/۰	۶۰۰
الہ آباد الف	۳۱۵/۸	۹۵۰
الہ آباد ب	۲۱۱/۳	۱۴۲۰
بھوپال	۱۹۷/۴	۱۵۲۰
بھوپال وودھ بھارتی	۲۵۰/۰	۱۲۰۰
بیکانیر	۲۲۵/۶	۱۳۳۰
چنڈی گڑھ	۲۴۵/۹	۱۲۲۰
دہلی الف	۳۷۰/۴	۸۱۰
دہلی ب	۲۹۴/۱	۱۰۲۰
دہلی ج	۲۱۹/۰	۱۳۷۰
دہلی د	۱۹۱/۱	۱۵۷۰
گوالیار	۲۱۵/۸	۱۳۹۰
اندور الف	۴۶۱/۵	۶۵۰
اندور وودھ بھارتی	۱۸۸/۷	۱۵۹۰
جے پور الف	۲۰۲/۷	۱۴۸۰
(سوائے شام ۷-۲۵ تا ۸-۲۵)		
جے پور ب	۲۳۶/۲	۱۲۷۰
شارٹ ویو	۴۸/۶۲	۶۱۷۰
جے پور ج	۲۰۲/۷	۱۴۸۰
(صرف ۷-۲۵ تا ۸-۲۵)		
جبل پور	۲۵۴/۲	۱۱۸۰
جودھ پور الف	۵۶۶/۰	۵۳۰
جودھ پور ب	۳۶۵/۹	۸۲۰
جالندھر الف	۳۴۴/۸	۸۷۰
جالندھر وودھ بھارتی	۲۲۲/۲	۱۳۵۰
جالندھر ب	۴۲۲/۵	۷۱۰
لکھنؤ الف	۳۹۴/۷	۷۶۰
لکھنؤ وودھ بھارتی	۳۲۹/۷	۹۱۰
پٹنہ	۴۸۳/۹	۶۲۰
پٹنہ وودھ بھارتی	۲۰۰/۰	۱۵۰۰
ایجل	۵۵۶/۰	۵۴۰
رائے پور	۳۰۶/۱	۹۸۰
رام پور	۲۸۳/۰	۱۰۶۰
رانچی	۵۳۵/۷	۵۶۰
رانچی	۲۴۴/۹	۱۲۳۰
وارانسی	۲۴۱/۹	۱۲۴۰
کلکتہ الف	۴۴۷/۸	۶۷۰
کلکتہ ب	۳۰۰/۰	۱۰۰۰
کلکتہ وودھ بھارتی	۲۲۷/۳	۱۳۲۰
کٹک الف	۳۱۰/۹	۹۶۵
کٹک ب	۲۲۲/۲	۱۳۵۰
لیہہ	۲۸۵/۷	۱۰۵۰
گوہاٹی	۴۱۱/۰	۷۳۰
گوہاٹی ب	۲۹۱/۳	۱۰۳۰
امپھال	۲۱۵/۸	۱۳۹۰
جے پور مشرقی علاقائی سروس	۲۰۵/۵	۱۴۶۰
کوہیما	۲۰۱/۳	۱۴۹۰
پاسی گھاٹ	۲۸۳/۰	۱۰۶۰
سمبل پور	۳۴۸/۸	۸۶۰
شملہ	۳۸۹/۶	۷۷۰
سلی گوڑی	۱۹۲/۳	۱۵۶۰
بنگلور الف	۴۹۱/۷	۶۱۰
بنگلور وودھ بھارتی	۲۸۵/۷	۱۰۵۰
بھدراوتی	۳۷۵/۰	۸۰۰
کالی کٹ الف	۴۴۱/۲	۶۸۰
کالی کٹ ب	۲۷۵/۲	۱۰۹۰
کڈاپا	۳۳۳/۳	۹۰۰
دھارواڑ الف	۲۲۰/۶	۱۳۶۰
دھارواڑ وودھ بھارتی	۲۵۸/۶	۱۱۶۰
حیدرآباد الف	۴۰۵/۴	۷۴۰
حیدرآباد ب	۲۱۷/۴	۱۳۸۰
حیدرآباد وودھ بھارتی	۲۴۵/۹	۱۲۲۰
وشاکھاپٹنم	۳۲۲/۶	۹۳۰
مدراس الف	۴۱۶/۷	۷۲۰
مدراس ب	۲۱۱/۳	۱۴۲۰
مدراس ج	۱۹۵/۳	۱۵۵۰
پانڈیچیری	۴۰۰/۰	۷۵۰
ترچی راپلی الف	۳۹۱/۱	۹۳۰
" وودھ بھارتی	۲۰۲/۷	۱۴۸۰
ترویندرم	۲۵۰/۰	۱۲۰۰
ترچور	۴۷۸/۰	۶۳۰
وجے واڑہ الف	۳۵۷/۱	۸۴۰
وجے واڑہ ب	۲۰۰/۰	۱۵۰۰
احمد آباد الف	۲۱۴/۳	۱۴۰۰
احمد آباد / بڑودہ	۳۵۲/۹	۸۵۰
بھج	۳۲۹/۰	۹۱۰
بمبئی الف	۲۸۸/۵	۰۴۰
بمبئی ب	۵۴۸/۵	۵۰
بمبئی وودھ بھارتی	۲۵۲/۱	۱۹
پنجی	۴۴۰/۹	۸۰
ناگپور الف	۵۰۵/۵	۹۰
ناگپور وودھ بھارتی	۴۵۴/۵	۶۰
پونہ	۳۸۲/۲	۸۵
پونہ وودھ بھارتی	۳۰۹/۲	۷۰
پربھنی	۳۳۰/۸	۰۰
سانگلی	۲۴۰/۰	۵۰
راجکوٹ	۴۳۴/۸	۹۰
راجکوٹ وودھ بھارتی	۲۱۱/۳	۳۰
پورٹ بلیئر	۲۰۸/۳	۴۰
گلبرگہ	۲۷۰/۳	۱۰
کوئمبٹور	۳۹۷/۰	۱۰
بھاگلپور	۲۰۴/۱	۷۰
اگرتلہ	۲۳۶/۲	۷۰
دبروگڑھ	۵۲۶/۳	۵۰
تیزپور	۲۲۵/۶	۳۰
شیلانگ	۲۵۰/۰	۰۰

شارٹ ویو سروس

بھوپال
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۴۵ تک ۹۰/۵۰ ۳۳۱۵
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ " ۵۰/۱۸ ۵۹۹۰
" ۹-۴۵ " ۵-۱۵ " ۴۱/۶۸ ۷۱۸۰
شام ۴-۵۰ سے ۱۲ رات تک ۹۰/۵۰ ۳۳۱۵

دہلی الف اور ب
صبح ۵-۵۵ سے ۷-۴۵ تک ۸۹/۱۵ ۳۳۶۵
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ " ۴۸/۴۷ ۶۱۹۰
" ۹-۴۵ " ۴-۱۵ "
" ۴-۳۰ " ۴-۴۵ " } ۴۱/۱۵ ۷۲۹۰
شام ۶-۰۰ " ۱۲-۰۰ " ۸۹/۱۵ ۳۳۶۵

دہلی ج
خبریں ۷-۴۵ سے ۱۰-۵ تک ۷۶/۸۲ ۳۹۰۵

لکھنؤ ب
صبح ۵-۵۵ سے ۷-۴۵ تک ۹۳/۸۹ ۳۲۰۵
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ " ۴۸/۶۲ ۶۱۷۰
" ۹-۴۵ " ۴-۴۵ " ۴۱/۳۸ ۷۲۵۰
شام ۵-۰۰ سے رات ۱۲ تک ۹۳/۸۹ ۳۲۰۵

شملہ
صبح ۶-۳۰ سے ۷-۰۰ تک ۹۳/۰۹ ۳۲۲۳
" ۷-۴۵ " ۹-۳۰ "
" ۹-۴۵ " ۴-۴۵ " } ۴۹/۸۳ ۶۰۲۰
شام ۵-۰۰ " ۶-۱۵ "
" ۶-۳۰ " ۱۲ بجے رات تک ۹۳/۰۹ ۳۲۲۳

حیدرآباد الف
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۴۵ تک ۸۹/۴۲ ۳۳۵۵
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ "
" ۹-۴۵ " شام ۵-۱۵ تک } ۴۲/۰۲ ۷۱۴۰
شام ۴-۵۰ سے رات ۱۲-۰۰ تک ۶۲/۵۰ ۴۸۰۰

مدراس الف
صبح ۵-۵۵ سے ۷-۴۵ تک ۶۰/۹۸ ۴۹۲۰
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ " ۴۹/۳۰ ۶۰۸۵
" ۹-۴۵ " شام ۵-۱۵ تک ۴۱/۹۰ ۷۱۴۰
شام ۵-۳۰ سے ۱۲ بجے رات تک ۶۰/۹۸ ۴۹۶۰

بمبئی ب
صبح ۵-۵۵ سے ۷-۴۵ تک ۹۱/۰۵ ۳۲۹۵
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ " ۴۸/۷۸ ۶۱۵۰
" ۹-۴۵ " ۵-۰۰ " ۴۱/۴۴ ۷۲۴۰
شام ۵-۳۰ سے ۱۲ تک ۶۱/۹۸ ۴۸۴۰

کلکتہ
صبح ۵-۵۵ سے ۷-۴۵ تک ۶۲/۲۴ ۴۸۲۰
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ " ۴۹/۹۲ ۶۰۱۰
" ۹-۴۵ " ۳-۳۰ "
سہ پہر ۳-۴۵ " ۵-۴۵ " } ۴۱/۶۱ ۷۲۱۰
شام ۶-۰۰ سے ۱۲ بجے رات تک ۶۲/۲۴ ۴۸۲۰

گوہاٹی الف
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۱۵ تک ۶۰/۷۳ ۴۹۴۰
" ۷-۳۰ " ۹-۳۰ " ۵۰/۲۵ ۵۹۷۰
" ۹-۴۵ " شام ۵-۱۵ " ۴۱/۲۱ ۷۲۸۰
شام ۵-۳۰ " ۱۲-۰۰ تک ۸۸/۸۹ ۳۳۷۵

گوہاٹی ب
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۴۵ تک ۶۲/۸۳ ۴۷۷۵
" ۸-۰۰ " ۹-۱۵ " ۴۸/۹۴ ۶۱۳۰
" ۹-۳۰ " ۳-۴۵ " ۴۱/۹۹ ۷۱۵۰
شام ۴-۰۰ " ۵-۴۵ " ۶۲/۸۳ ۴۷۷۵
" ۶-۰۰ " ۱۲-۰۰ " ۹۲/۷۴ ۳۲۳۵

کوہیما
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۴۵ تک ۶۱/۸۹
" ۸-۰۰ " ۹-۴۵ " ۴۹/۴۶
" ۱۰-۰۰ " ۳-۱۵ " ۴۱/۸۴
سہ پہر ۳-۳۰ " ۶-۳۰ " ۶۱/۸۶
شام ۶-۴۵ " رات ۱۲ " ۹۱/۸۰

کرسیانگ
صبح ۶-۰۰ سے ۹-۳۰ تک ۹۱/۲۹
" ۹-۴۵ " ۴-۴۵ " ۴۱/۴۹
شام ۵-۰۰ " رات ۱۲ " ۸۹/۴۲

جموں
صبح ۶-۰۰ سے ۷-۴۵ تک ۵۹/۹۴
" ۸-۰۰ " ۹-۳۰ " ۵۰/۳۴
" ۹-۴۵ " ۴-۴۵ " ۵۰/۳۴
شام ۵-۰۰ " رات ۱۱ تک ۸۹/۹۴

سری نگر
صبح ۶-۳۰ سے [illegible] تک ۹۱/۵۹
" ۷-۴۵ " ۹-۳۰ " ۶۱/۷۳
" ۹-۴۵ " [illegible] " ۴۱/۷۲
شام [illegible] رات [illegible] ۹۱/۵۹



غلام نبی ڈرلوال اور ساتھی: لوک سنگیت کا یہ گروپ ریڈیو کشمیر سری نگر سے موسیقی کا پروگرام پیش کرتے ہوئے۔ ان کا پروگرام حال ہی میں نشر کیا گیا۔



ن: آپ نے حال ہی میں آکاشوانی متھرا سے بھجن اور غزلیں پیش کیں۔



پروفیسر شمس الدین: عیدالفطر کے پُرمسرت موقع پر موصوف ۸ نومبر کی شام کو آکاشوانی رائےپور سے ایک تقریر نشر کرینگے



شرافت حسین خاں: آکاشوانی لکھنؤ سے ۷ نومبر کو رات دس بجے کلاسیکی موسیقی پیش کریں گے۔

Published by the Director General, All India Radio, 2nd Floor, Press Trust of India Build
Parliament Street New Delhi-1, Printed at R. R. Gudta Press, Delhi-6 Editor : G. C. Chuckerve

JAMIA CENTRAL LIBRARY NEW DELHI

حال ہی میں آکاشوانی ج
پروگرام "سکل" میں نشر
ہوئے دو آدی باسیوا
تصویر میں مائکروفون کے
لکشن مکھیا اور بابگی جا
مکھیا اور ان کے درمیا
ہے۔ یہ انٹرویو لتا گپتا




مینا کپور اور شنکر
ریڈیو کشمیر سری نگر
میں آر۔ کے۔ مضطر
پروگرام حال ہی میں ن



آواز

آل انڈیا ریڈیو کے پروگرام
۲۵ر کارتک سے ۹ر اگرہائن تک
۱۶ر سے ۳۰ر نومبر ۱۹۷۲ء تک

۷ر نومبر ۱۹۷۲ء



اکھل بھارتیہ کاریہ کرم

سنگیت

سنیچر وار ۱۰ نومبر کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں پروین سلطانہ گائن پیش کریں گی۔ پروین سلطانہ ایک ابھرتی ہوئی فنکارہ ہیں جنھوں نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد محمد اکرام الماجد سے حاصل کی۔ آج کل موصوفہ نے سنگیت آچاریہ چنموئے کی شاگردی اختیار کر رکھی ہے۔ پروین سلطانہ کو قدرت سے شریلی آواز عطیے میں ملی ہے اور ان کا گائن خوبصورتی اور ترنم سے مالامال ہے وہ کلاسیکی اور ہلکی کلاسیکی دونوں طرح کے گائن مکمل اعتماد کے ساتھ ادا کرتی ہیں۔



▶ پروین سلطانہ



سنگیت

دیب برت چودھری ایک نوجوان اور مقبول ستار نواز ہیں انہوں نے استاد مشتاق علی خاں سے موسیقی کی تعلیم حاصل کی اور وہ روائتی سینیا انداز میں ستار بجاتے ہیں۔ ان کا فن ان کی صلاحیتوں کا آئینہ ہے، موصوف آجکل دہلی یونیورسٹی میں موسیقی کے استاد کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ غیر ممالک کا بھی دورہ کر چکے ہیں جہاں اپنے فن کی بدولت خراج تحسین حاصل کیا۔

سنیچر وار ۲۵ نومبر کو رات ساڑھے نو بجے اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم میں موصوف ستار وادن پیش کریں گے۔

◀ دیب برت چودھری

CENTRAL LIBRARY

آواز

آل انڈیا ریڈیو کا پندرہ روزہ رسالہ

پاکستان، نیپال اور سیلون میں آواز کی قیمت

سالانہ پانچ روپے پچاس پیسے — فی پرچہ پچیس پیسے

سادھنا چون پراش

زبردست آیورویدک ٹانک



سادھنا اوشدھالیہ

کلکتہ

دستیاب تمام ہندوستان میں

اس رسالہ میں اور آل انڈیا ریڈیو کے دیگر رسالوں میں شائع شدہ پروگرام اور مضامین کے حقوق اشاعت بحق حکومت مرکزی سرکار محفوظ ہیں۔ دوبارہ شائع کرنے سے پہلے اجازت لینی لازمی ہے۔

جلد ۳۷ | ۷ نومبر ۱۹۷۲ء | نمبر ۲۲

گوپی چند نارنگ

اردو شاعری اور وطنیت

ایک دکنی شاعر طبعی نے کہا ہے کہ جس انسان کے دل میں وطن کا درد نہیں، وہ مردے سے بدتر ہے اور یہ بات ہے بھی صحیح۔ وطن پرستی کا جذبہ انسان کے ساتھ ساتھ پیدا ہوا ہے جیسے جیسے شعور انسانی کا ارتقا ہوا، وطن پرستی کے تصورات نے بھی ترقی کی اور رفتہ رفتہ مختلف شکلیں اختیار کیں۔

وطن سے محبت کے جذبات دنیا کی ہر زبان میں شروع سے مل جاتے ہیں۔ چنانچہ سلاطین دہلی کے زمانہ میں جب اردو ابھی گھٹنوں کے بل چل رہی تھی۔ اس میں وطن پرستی کے جذبات اپنی جھلک دکھانے لگے تھے۔ امیر خسرو کا "ہندوی" کلام محفوظ نہیں لیکن ان سے جو گیت وغیرہ منسوب کئے جاتے ہیں۔ ان سے ظاہر ہے کہ انہیں ہندوستان اور یہاں کے رسم و رواج سے گہری محبت تھی اپنے فارسی کلام میں انھوں نے ہندوستانی ہونے پر فخر و ناز کیا ہے ان کی ایک مثنوی میں ایک باب مکمل ہندوستان کے بارے میں ہے۔ اس میں ہندوستان کے پھولوں اور پھلوں کی لطافت اور یہاں کی آب و ہوا کی تعریف کی ہے۔

ہندوستان کے باشندوں کے حسن و جمال، ان کی خداداد ذہانت اور بالخصوص دوسری زبانوں کو سیکھ لینے کی صلاحیت، علوم و فنون میں ان کی قابلیت اور مہارت غرض یہ کہ اس ملک کی علمی و سماجی زندگی کے ہر پہلو کو انھوں نے سراہا ہے اور اسے دوسرے ملکوں پر ترجیح دی ہے۔

اردو ادب کا باقاعدہ آغاز دکن سے ہوا۔ محمد قلی، وجہی، نصرتی، بحری اور ولی کے اشعار میں وطن دوستی کا جذبہ موج تہ نشیں کی حیثیت رکھتا ہے۔ محمد قلی نے ہندوستان کے باغوں، پھلوں پھولوں، تہواروں اور کھیل تماشوں کی تعریف میں کئی نظمیں لکھی ہیں۔ وہ یہاں کی نشاط انگیز فضاؤں اور انکی کیف و مستی کا بار بار ذکر کرتا ہے۔ بسنت اور بہار کا موسم اسے خاص طور سے پسند تھے۔ مثنوی قطب مشتری میں وجہی کہتا ہے کہ اگر سارا سنسار انگوٹھی

ہمارا سرورق

بلتستان کی ایک حسینہ اپنے روائتی لباس میں۔

"کا شوانی" جے پور سے ہر منگل اور جمعرات کے دن خواتین کیلئے پروگرام نشر کئے جاتے ہیں، جن میں دلچسپ موضوعات پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔

ہے تو مسکن اس کا نگینہ ابحری نے
من لگن میں کہا ہے کہ جو محبت گل کو
دمن سے تھی، وہی مجھے اپنے وطن
سے ہے۔ ولی نے سورت کی تعریف
میں ایک مثنوی لکھی ہے۔ انھوں نے
اپنے وطن گجرات کے فراق میں بھی چند
شعر کہے ہیں، جن کے ایک ایک لفظ
سے درد محبت ظاہر ہے۔ ؎

گجرات کے فراق سوں ہے خار خار دل
بے تاب ہے سینے منے آتش بہار دل
مرہم نہیں ہے اسکے زخم کا جہان میں
شمشیر ہجر سوں جو ہوا ہے فگار دل
ہجرت سوں دوستاں کے ہوا ہے تن گداز
عشرت کے پیرہن کوں کیا تار تار دل
لیکن ہزار شکر ولی حق کے فیض سے
پھر اس کے دیکھنے کا ہے امیدوار دل

سیاسی اعتبار سے یہ وہ
زمانہ تھا جب جنوبی ہندوستان
چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹا ہوا
تھا۔ شمال میں مغلوں کی حکومت تھی۔
فاصلوں کی دوری اور آمد و رفت کی
دشواری کے باعث ہندوستان
کا وحدانی تصور اس وقت ممکن ہی نہ
تھا۔ ایسے حالات میں وطن سے محبت
اور اس کی عظمت کے جذبات مقامی
اور انفرادی طور پر ہی پیدا ہو سکتے

تھے اور ہوئے، لیکن ان میں وہ
گہرائی یا ہمہ گیری نہیں جو بعد کے
زمانے میں خصوصاً مغربی اثرات کے
ساتھ آئی۔ چنانچہ اس زمانے میں
اردو شاعر اپنے شہروں، علاقوں،
صوبوں وغیرہ کی جہاں وہ رہتے
تھے تعریف کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔
میر تقی میر کے بارے میں مشہور ہے
کہ انھوں نے غزلیں نہیں کہیں دل اور
دلی کے مرثیے کہے ہیں۔ یہاں کی
ہر گلی ان کے نزدیک ہفت اقلیم
تھی۔ اس شہر کو ظلمات اور یہاں
کے کوچوں کو اوراق مصور کہتے تھے۔
دلی کے نہ تھے کوچے اوراق مصور تھے
جو شکل نظر آئی تصویر نظر آئی

دلی تھی طلسمات کہ ہر جاگہ میر
ان آنکھوں سے آہ ہم نے کیا کیا دیکھا

اب خرابہ ہوا جہان آباد
ورنہ ہر اک قدم پہ یاں گھر تھا

جس جا کہ خس و خاک کے اب ڈھیر پڑے ہیں
واں ہم نے انھیں آنکھوں سے دیکھی ہیں بہاریں

ہفت اقلیم ہر گلی ہے کہیں
دلی سے بھی دیار ہوتے ہیں

ہر روز نیا ایک تماشا دیکھا
ہر کوچے میں سو جوان رعنا دیکھا

چند شعر حاتم کے بھی ملاحظہ
ہوں جو دیوان زادہ کے ایک
قلمی نسخے سے لیے گئے ہیں ؎

نہیں ہے شہر دلی ہے گلستاں
چمن سے جسکا خوشتر ہے بیاباں

جدھر دیکھو تدھر ہر کوچہ بازار
ہوا ہے گل رخاں سے صحن گلزار

وہ بیشک وقت کا شاہجہان ہے
جو لولی متوطن ہندوستان ہے
رہے تا حشر قائم اس کی بنیاد
رکھے حق شاہجہاں آباد آباد

اس زمانے میں سیاسی
بربادی کی یہ حالت تھی کہ شاہ
عالمگیر اور شاہ سے شاہ عالم ثانی
تک آٹھ بادشاہ بدلے گئے۔ ان کے
سر کاٹے گئے، اندھا کیا گیا اور ان
کی لاشیں جمنا کی ریتی پر پھینکی گئیں۔
اس سلسلے میں اردو شاعروں کے
یہ اشعار ملاحظہ ہوں، جو ان کے
دلی درد و غم کے آئینہ دار ہیں ؎

حاتم:
خیر و برکت منہ سے سب اٹھ گئی
سب کی دعا پر تیغ ہمت چڑھ گئی

سودا:
لٹی ، اٹھ گیا ساقی میرا بھی پر سو گیا
الٰہی اس طرح بکھیوں میں کن آنکھوں سے بہ جائے

درد:
گزر نہ ہوا جس خرابے پہ سکتے ہیں واں کے لوگ
ہے کوئی دن کی بات یہ گھر تھا یہ باغ تھا

تاباں:
گھر کے گھر خاک میں مل گئے فلک کے ہاتھوں
پر نہیں اسکی خرابی کے کچھ آثار ہنوز

جراتؔ:
عیش و طرب کا ذکر کروں کیا میں دوستو
مجھ غمزدہ سے پوچھئے رنج و محن کی بات

جرأت خزاں سے آہ چمن میں نہ کچھ رہا
اک رہ گئی زبان پہ گل اور چمن کی بات

مصحفی:
کوڑی کوڑی بکتے ہیں گل کشور دلی کے بیچ
حسن کے مالک جو تھے وہ ایسے ارزاں ہو گئے

اردو شاعروں نے دلی
کے زوال کو دیکھا نہیں؛ بلکہ وہ
خود اس سے گزرے تھے۔ افغانوں
جاٹوں، روہیلوں، مرہٹوں اور ابدالی
کے حملوں میں انھوں نے دکھ اٹھائے
تھے اور مصائب برداشت کیے
تھے۔ وہ خود بے زری اور معاشی
پریشانی کا شکار تھے۔ اپنے
طبقے اور تمدن کی بگڑی ہوئی حالت
کا ان کے دل پر گہرا اثر تھا۔ اس کا
اظہار اس زمانے کے شہر آشوبوں
میں خاص طور سے ملتا ہے۔ مثلاً
حاتم کے اپنی نظم "نیرنگی جہان" اور
مخمس شہر آشوب میں اپنے معاشرے
کا ماتم کیا ہے۔ سودا نے قصیدہ
"تضحیک روزگار" اور "ہجو شیدی
فولاد خاں کوتوال" میں بھی یہی رونا
رویا ہے۔
میر تقی میر نے شہر آشوب
کے علاوہ ایک مخمس در ہجو لشکر
لکھا اور "ذکر میر" میں بھی اپنی اور دلی
کی خرابی اور خواری مفصل بیان
قائم چاندپوری، مصحفی، راسخ
عظیم آبادی، درگاہ قلی خاں سالار
جنگ، حافظ عبدالرحمٰن خاں احسان،
جعفر علی حسرت، شاہ کمال الدین
وغیرہ بیسیوں شاعروں نے شہر
آشوب لکھے اور دہلی کی بے رونقی
سلطنت کی ابتری اور فوجی نظام

زیادہ صاف
زیادہ سٹیشن
برسوں سننے
کے لیے
اپنے ریڈیو میں

ھائی ٹون
ایریئلیس لگائیے۔ ہر جگہ ملتے ہیں

کی خرابی پر خون کے آنسو بہائے۔ اس زمانے میں جیسے جیسے ایسٹ انڈیا کمپنی کا اقتدار بڑھا اور مختلف ہندوستانی ریاستوں انگریزوں کے قبضے میں آئیں۔ ہندوستانیوں کے دلوں میں جذبۂ آزادی قدر مشترک کی حیثیت سے پیدا ہوا۔ اس نے ہندوستان کے وطنی تصور کے واضح کرنے میں مدد دی اور اُردو کے اہلِ قلم بھی اپنے اپنے شہروں اور مقاموں کو چھوڑ کر وطن کی حیثیت سے پورے ہندوستان کا تصور پیش کرنے لگے۔ اس کی بہترین مثال بال مکند بے صبر شاگرد غالب کا وہ قصیدۂ نوبہاریہ ہے جو انھوں نے ہندوستان کی تعریف میں لکھا ہے بے صبر کا دیوان شائع نہیں ہوا۔ یہ قصیدہ ایک قلمی نسخے سے حاصل کیا گیا ہے۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں ؎

خطۂ دل نشیں ہے ہندوستان
خاک روئے زمیں ہے ہندوستان
دو طرف بحر دیک طرف ہے سندھ
ایک طرف تا بہ چین ہے ہندوستان

شیفتہ کا دل بھی وطن دوستی کے جذبات سے لبریز تھا ان کی ایک غزل سے چند اشعار ملاحظہ ہوں ؎

ہند کی سرزمین ہے عشرت خیز
کہ نہ زاہد کریں جہاں پرہیز
وجد کرتے ہیں پی کے مے صوفی
مست سوتے ہیں صبح تک شب خیز
سخت مشکل ہے ایسی عشرت میں
حفظِ خسرو بہم رستا خیز

نظیر اکبرآبادی کو ہندوستان کے ذرّے ذرّے سے بے پناہ محبت تھی۔ وہ سچے معنوں میں عوام کے شاعر تھے اور ہندوستان کے عوام کو جو محبت یہاں کے میلے ٹھیلوں کھیل تماشوں تہواروں، ہولی، دیوالی، بسنت، برسات وغیرہ سے ہو سکتی ہے۔ نظیر نے اس کا اظہار اپنی نظموں میں بڑی خوبی اور خوبصورتی سے کیا ہے۔

اودھ کے منبطی انگریزوں کے غاصبانہ کاروائیوں کے لمبے سلسلے کی ایک کڑی تھی۔ ان کی چیرہ دستیوں



سے رجواڑوں میں ہمہ گیر بے چینی پھیل رہی تھی۔ اسی زمانے میں بعض دوسری وجوہ بھی پیدا ہو گئیں اور انگریزوں کے خلاف نفرت کے جذبات جو اندر ہی اندر سلگ رہے تھے موقع پا کر ۱۸۵۷ء میں ایک عظیم انقلاب کی شکل اختیار کر گئے۔ اس زمانے کا اردو ادب بھی تاریخی قوتوں کے اس تصادم کا آئینہ دار ہے۔ اردو اہلِ قلم اس وقت ملکی یا قومی جذبے سے پوری طرح آشنا نہ تھے لیکن انگریزی حکومت کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے۔ گو اردو شاعری مجموعی طور پر ابھی تصوف کی گود میں پناہ لے رہی تھی لیکن انگریزوں کے خلاف صاف صاف اظہارِ خیال کی بعض مثالیں مل جاتی ہیں۔ کہیں کوئی مصحفی، کوئی جرأت، کوئی مومن ان جذبات کو الفاظ کا جامہ پہنا دیتا ہے۔ سن ستاون کے ہنگامے میں قلعہ کی تباہی اور دلی کی بربادی اردو والوں کے لئے جگ بیتی نہیں، آپ بیتی تھی۔ بعض نے عملی طور پر اس جنگ میں حصہ لیکر وطن دوستی کا حق ادا کیا۔ محمد باقر اور صہبائی گولی سے اڑا دیئے گئے۔ آزردہ کی ملازمت جاتی رہی۔ شیفتہ

ریڈیو کی
لمبی عمر
ہونے کے لئے
ھائی ٹون
الیمنٹس استعمال کیجئے ہر جگہ ملتے ہیں

کی جائداد ٹھکانے لگ گئی۔ میر مہدی مجروح، قربان علی بیگ سالک، ظہیر دہلوی دربدر خاک بسر ٹھوکریں کھاتے پھرتے، محمد حسین آزاد، منیر شکوہ آبادی اور اشرف علی فغاں نے قلم سے تلوار کا کام لیا اور انگریزوں کے خلاف نظمیں لکھیں۔ ان تمام واقعات کا سخن گسترانہ اظہار ان سوختہ زائد غزلوں وغیرہ میں ملتا ہے جو اس ہنگامے کے چار سال بعد فغانِ دہلی کے نام سے کتابی صورت میں شائع ہوئیں۔ بے شک یہ شورش ناکام رہی لیکن انگریزوں کے خلاف یہ ہندو مسلمانوں کا پہلا متحدہ محاذ تھا اور اس سے انگریزوں کی برتری کا طلسم ٹوٹ گیا۔ ہندوستانیوں میں خود اعتمادی پیدا ہوئی۔ جس نے آگے چل کر قومیت کا شعور واضح کرنے میں مدد دی۔ اس دور کی اردو شاعری ہمارے اس ذہنی ارتقا کی اور اس کشمکش کی بہترین عکاسی کرتی ہے۔

۵۷ء کے بعد ہندوستانی زندگی میں بنیادی تبدیلیاں رونما ہونے لگیں۔ بنگال سے مغربی تعلیم کے زیر اثر نئی روشنی کی کرن پھوٹی۔ ادھر سر سید نے مسلمانوں کی تنظیمِ نو کا کام شروع کیا۔ رفتہ رفتہ وطن دوستی کا انفرادی تصور جس کی بنیاد اخلاقی اور روحانی تھی اجتماعی شعور کی ترقی کے ساتھ ساتھ وطنیت کے معاشی اور سیاسی تصور کے لئے جگہ خالی کرنے لگا۔ حالی اردو کے پہلے شاعر ہیں جنھوں نے اپنی مثنوی حبِ وطن میں اس ہندوستان کا تصور پیش کیا جو اس کناری سے ہمالیہ اور کلکتے سے کشمیر تک پھیلا ہے۔ انہوں نے وطنیت کے لئے خدمت اور رواداری کی اہمیت پر زور بھی دیا۔ لیکن اس دور میں ہندوستان کی سیاسیات کو پوری طرح سمجھنے کا سہرا شبلی کے سر ہے۔ اس لحاظ سے وہ سر سید اور حالی دونوں سے آگے دیکھ رہے تھے۔ انھوں نے تحریک آزادی کی پُر زور حمایت کی اور مسلمانوں کو ہندوستان کے دوسرے لوگوں کے ساتھ ملکر قدم بڑھانے کا مشورہ دیا۔ اردو میں وطنیت کا ہمہ گیر احساس درگا سہائے سرور اور چکبست کے کلام سے پیدا ہوتا ہے۔ چکبست کے نزدیک ایک غلام قوم کے لئے وطن دوستی سب قدروں سے اہم قدر ہے۔ ان کی نظمیں خاکِ ہند، وطن کا راگ اور ہمارا وطن دل سے پیارا وطن خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔ آوارہ قوم کا یہ بنسرا اپنی ولولہ انگیزی کی وجہ سے اردو کے قومی ادب میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔

اکبر الٰہ آبادی کی شاعری ملکی اور سیاسی شعور کے اعتبار سے منفی نقطۂ نظر کی حامل ہے۔ یوں تو وہ مغربی تمدن اور اس کے اثرات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے، لیکن سر سید کی طرح انگریزی حکومت کے خلاف آواز اٹھانا قوم کے لئے مضر سمجھتے تھے۔ ان کی حکام پرستی اور سیاست سے کنارہ کشی سر سید سے بھی بڑھی ہوئی تھی۔ وہ سرکاری ملازم تھے اور انھوں نے خود بھی جگہ جگہ اپنے "مذحولہ گورنمنٹ" ہونے اور گاندھی کی گوپیوں میں شامل نہ ہو سکنے کا اقرار کیا ہے۔ لیکن اگر وہ حکومت کے نمک خوار نہ ہوتے، تب بھی نئی تاریخی قوتوں کی طرف ان کا نقطۂ نظر بدلنے والا نہ تھا۔ وہ گہرے ماضی پرست تھے۔ ہر تبدیلی کو جذبات کی عینک سے دیکھتے تھے اور ہر نئی چیز کے سایہ سے بھڑکتے تھے۔ وہ قدیم اخلاقی قدروں کو سدِ راہ بنا کر نئی تاریخ کا راستہ روکنا چاہتے تھے کیونکہ بقول سید احتشام حسین "حال کو سمجھنے کے لئے اُن کے پاس کوئی معقول علم نہیں تھا"۔

اقبال کی وطن دوستی کا سلسلہ اُن کی نظم "ہمالیہ" سے شروع ہوتا ہے۔ اور بانگِ درا" کی کئی نظموں میں جاری رہتا ہے۔ اس دور کی شاعری میں اقبال کی نظر ہندوستان کے ہر ذرّے کو آفتاب بنا کر دکھاتی ہے۔ لیکن ان کا یہ رنگ بعد میں باقی نہ رہا۔

بیسویں صدی کے آغاز میں حالی، اقبال، سرور، چکبست، محمد علی جوہر اور ابوالکلام آزاد کی بدولت سے اردو شعر و ادب کا دل قومی تحریکوں کی تال پر دھڑکنے لگا تھا۔ اودھ پنچ "ہمدرد" "مدینہ" "ہمدم" اور دوسرے وطن دوست اخبار انگریزوں کی چیرہ دستیوں کو بے نقاب کرتے

(باقی صفحہ ۵ پر دیکھئے)

...دنرائن ملاّ

علمِ ناداں

...لم نعمت تو ہے مگر اے دوست
...ن کے سے پھر کر نہ ہوں دماغ اپنا
...یا خیالوں کو راستہ نہ ملے
...ر اس بے ہول کے کمرے میں
...طرف طرف سنالے ہی جالے
...ی گھڑکی بھی کھل سکے نہ جہاں
...م نہ گھٹ جائے آگہی کا کہیں
...ہ کتابوں کی یہ شناسائی
...یکھ کر دے نہ بے خبر تجھکو
...ا بدلتے ہوئے جہاں سے کہیں
...س خرابات زندگی سے کہیں
...ر تیرا دل و دماغ و شعور
...م ناداں کی نذر ہو جائے
...ر تو ایک قبر ہو جائے

(آل انڈیا ریڈیو) اردو مجلس دہلی سے براڈکاسٹ

ایس۔ این سنہا

نگارِ آزادی

تھا مدتوں سے ہمیں انتظارِ آزادی
وہ آئی سج کے عروسِ بہارِ آزادی
جلو میں اپنے بہاروں کی تازگی لیکر
شباب ہوش رُبا ہمکنارِ آزادی
ادا ادا سے نمایاں ہے حسنِ معصومی
نظر نظر سے ہویدا وقارِ آزادی
نگاہ ناز سے خاصانِ میکدہ کو سبھی
پلا رہی ہے مے خوشگوارِ آزادی
چمن کے پھول ہیں اپنے بہار اپنی ہے
یہ کہہ رہی ہے ہر اک سے نگارِ آزادی
یہ عطر بیز ہوائیں یہ بادلوں کی گرج
یہ مست مست فضا کیف بارِ آزادی
بھٹک رہا ہے کہاں کوہ و دشت میں سنہا
بلا رہی ہے تجھے بھی نگارِ آزادی

(آکاشوانی لکھنؤ سے براڈکاسٹ)

اُردو شاعری اور وطنیت

...۔ اسمٰعیل میرٹھی، وحیدالدین سلیم ...ت۔ اللہ خاں نے بھی اس سلسلے ...ض اچھی نظمیں لکھیں۔ حسرت ...نے گو غزل کو سیاست سے ...رکھا لیکن اپنی وطن دوستی اور ...ج دشمنی میں وہ نڈر اور بے ...تھے۔ انھوں نے ایک ایسے ...ں کامل آزادی کے مطالبہ کی ...کی جب عام لوگ آزادی کا ...ے سے گھبراتے تھے۔ اور اس کی خاطر وہ سب کچھ کیا جو ایک سچے محبِّ وطن کو کرنا چاہیئے۔ بے شک انھوں نے شاعری کو وقتی اور عارضی مسائل سے الگ رکھا لیکن ان کے یقین کی چنگاریاں ان کے حسین شعروں میں جگہ جگہ آتشِ گل کی طرح چمک اٹھتی ہیں۔

پہلی جنگِ عظیم سے دوسری جنگِ عظیم کے زمانے تک مہاتما گاندھی کی رہنمائی میں ہماری سیاسی جد و جہد صحیح معنوں میں ہندوستان گیر ہو گئی۔ اس سفر کا شاید ہی کوئی موڑ ہو جہاں کہ اُردو ادب نے تحریکِ آزادی کا ساتھ نہ دیا ہو۔ اس دور میں قومی بیداری کا صور پھونکنے اور سیاسی آزادی کا احساس گہرا کرتے ہیں۔ منشی پریم چند اور جوش ملیح آبادی نے بڑھ بڑھ کر حصّہ لیا۔ سنہ ۴۲ء میں ہندوستان کا ذرّہ ذرّہ بے چینی کی تصویر بنا ہوا تھا۔ اس تحریک کے بعد نیا پرانا، ترقی پسند، غیر ترقی پسند، رومانی، غیر رومانی شاید ہی کوئی شاعر، ادیب اور افسانہ نگار ہوگا جس نے قومی بیداری میں حصّہ نہ لیا ہو۔ ڈاکٹر سید عابد حسین، نیاز فتحپوری، جگر مرادآبادی، فراق، فیض، اقبال سہیل، مجروح، ساغر، روش، عرش، آزاد، جذبی، مجاز، وحید، سردار جعفری، آنند نارائن ملاّ، جمیل مظہری، علی عباس حسینی، کرشن چندر وغیرہ سبھی نے اپنے وطن کو سامراج کی زنجیروں سے آزاد کرانے میں اپنے اپنے قلم سے کام لے کر اپنی وطن دوستی کا حق ادا کیا۔

وشواناتھ مجبوریہ

فقیروں کے محل

"مونگا پیر جی ــــ ناگ بنی"

جموں اکھنور سڑک پر جموں سے تقریباً ۱۲ کلومیٹر کے فاصلہ پر بائیں ہاتھ کی طرف مہاراجہ ہری سنگھ کالجیٹ اسکول کی عمارت بنی ہے۔ اس عمارت کے پیچھے درختوں کے جھرمٹ میں بیضوی شکل کا مٹی کا ایک تودا سا ہے جو لگ بھگ ۲، ۲½ گز لمبا اور ۱½ گز کے لگ بھگ چوڑا اور اتنا ہی اونچا ہے۔ یہی مونگا پیر جی کا مقبرہ ہے۔ شمال میں ایک دوسرے پر ٹکے ہوئے پتھروں کے طاقچے میں ایک چراغ پڑا ہے۔ جنوب میں ایک کانٹے دار جھاڑی ہے۔ دائیں بائیں بیری کے دو درخت ہیں۔ ان میں سے ایک درخت اس لحاظ سے قابل ذکر ہے کہ اس میں سے برگد کی طرح جٹائیں نکلی ہوئی ہیں۔ ذرا ہٹ کر شیشم اور سمبل کے دو قدآور درخت دو دربانوں کی طرح مستعد کھڑے ہیں۔ بیری کے درختوں پر دو تین جھنڈے لہرا لہرا کر مونگا پیر کے اس فقیرانہ محل کی نشاندہی کرتے ہیں۔

اسی مزار کے مغرب میں کچھ فاصلے پر ناگ بنی نام کا سانپوں کا مشہور استھان ہے۔ یہاں ناگ دیوتا کی پوترتا بانی ہے۔ بیساکھی کے تین دن بعد یہاں بڑا بھاری میلہ لگتا ہے۔ یہ میلہ ناگ دیوتا کے تھان اور مونگا پیر کے مزار پر مشترکہ طور پر لگتا ہے۔ اور ہندو مسلمان اسے مشترکہ طور پر جوش و خروش کے ساتھ مناتے ہیں۔

ہر ویروار کو پیر جی کی قبر پر آس پاس کے لوگ آکر آٹا گڑ وغیرہ چڑھاتے اور چراغ جلاتے ہیں۔ گارڑی ڈھول بجا کر پیر صاحب کی چوکی دیتا ہے۔ بچے، جوان، بوڑھے سب پیر بادشاہ کی جے بلاتے اور سجدہ کرتے ہیں۔ کیونکہ ان کے عقیدہ کے مطابق مونگا پیر جی وہ مبارک اور پاک ہستی تھے جو عمر بھر نیکی کی راہ پر گامزن رہے اور دنیا والوں کو بھی راہِ راست پر چلنے کی تلقین کرتے اور مصیبت میں ان کی دستگیری کرتے رہے۔

پتہ چلا ہے کہ پیر صاحب کا آبائی گھر بھمبر کے پاس کسی گاؤں میں تھا۔ بچپن ہی میں پدرانہ شفقت سے محروم ہو جانے کی وجہ سے آپ کی والدہ نے جو کہ نہایت نیک اور پاکیزہ خاتون تھیں۔ آپ کی پرورش کی۔ آپ کے ایک بڑے بھائی بھی تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ بھی اچھے فقیر ہو کر گذرے ہیں۔ مونگا جی کو بچپن سے سنت فقیروں کی صحبت کا شوق تھا۔ اور رحمدلی اور خدمت کا جذبہ آپ کو ورثہ میں ہی ملا تھا۔ پاکیزہ زندگی اور ریاضت کی بدولت جوانی میں ہی ایسی بخشش حاصل ہو گئی تھی کہ آپ مشکل العلاج اور لاعلاج بیماروں کو اپنی دعا سے ہی صحتیاب کر دیا کرتے تھے۔ رفتہ رفتہ آپ کی شہرت دور دور تک پھیل گئی۔ کیونکہ خبر جب شہرت بن جاتی ہے تو پیدل نہیں چلتی بلکہ اُڑنے لگتی ہے۔ کسی نے خوب کہا ہے ؎

'پر نہیں طاقت پرواز مگر رکھتی ہے'

کہتے ہیں کہ انہیں ایام میں پنجاب کے کسی حصے کی ایک شہزادی ایک موذی مرض کا شکار ہو گئی۔ اس کی پیٹھ پر ایک جڑدار پھوڑا نکل آیا۔ ملک بھر کے حکیم علاج معالجے کے لئے بلائے گئے لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ بالآخر بادشا[ه] کے سپاہی بھمبر تک آپہنچے اور پیر صاحب کو بڑے احترام [کے] ساتھ شاہی دربار میں لے گئ[ے]۔ اُن کی دوا اور دعا کی بدول[ت] شہزادی تھوڑے دنوں میں تندرست ہو گئی۔ بادشاہ کی [خوشی] کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ انعام [و اکرام] کے علاوہ وہ پیر صاحب [کو] شاہی طبیب کا رتبہ دے کر ا[پنے] پاس ہی رکھنا چاہتا تھا۔ لیکن [پیر] صاحب شاہی جاہ و جلال [میں] پھنسنے والے نہیں تھے۔ چنا[نچہ] ایک رات اپنے مرید کی مد[د] سے نکل بھاگے اور اپنے [گاؤں] پہنچ کر ہی آپ نے اطمینا[ن کا] سانس لی۔ اسی سلسلہ [میں] ایک بزرگ گارڑی سے معل[وم] ہوا کہ پیر مونگا صاحب بہ[ت] خوش شکل اور تندرست و [توانا] تھے اور ساتھ ہی مرد مجرد [بھی] تھے۔ دربار میں ان کے قیا[م کے] دوران بادشاہ ان کے حسن [،] تندرستی اور اوصاف حمیدہ [سے اس] قدر خوش ہوا کہ وہ اپنی شہ[زادی] سے آپ کی شادی کرنا او[ر] اچھی خاصی جاگیر دے کر ا...


کو اپنے پاس ہی رکھنا چاہتا تھا۔ پیر جی کو جب شاہی ارادے کا علم ہوا تو وہ صاف انکار کر گئے اور ایک روز چپکے سے وہاں سے نکل بھاگے۔ گھر آکر آپ نے ساری واردات اپنی والدہ کو کہہ سنائی۔

والدہ نے شاہی مراعات اور جاگیردارانہ عیش و آرام ترک کر دینے پر ناراضی کا اظہار کیا تو پیر جی نے فقیرانہ انداز میں کہا۔ کہ شاہانہ زندگی بسر کرنے سے آدمی راست بازی اور خدمت خلق کی راہ سے بچھڑ جاتا ہے۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ شاہی مہمان خانہ کی جملہ خاطر داریوں کے باوجود وہاں انہیں دلی گھٹن محسوس ہوتی تھی۔ ایک دن گجرات کی طرف سے آنے والے ایک آدمی کی زبانی معلوم ہوا کہ شاہی سوار پیر صاحب کی تلاش میں ادھر آ رہے ہیں۔ یہ سُن کر اُن کی والدہ اور بھائی صاحب گھبرا گئے۔ اور انہوں نے مونگا جی کو گاؤں چھوڑ کر کہیں اور چلے جانے کو کہا۔ چنانچہ پیر صاحب ایک رات کو گاؤں چھوڑ کر چل نکلے۔ اکھنور پہنچ کر آپ نے دریائے چندر بھاگا عبور کیا اور آگے چل کر ناگبنی کے گھنے جنگل میں اطمینان کی سانس لی۔ وہاں ایک کچے تالاب کے پاس ایک گھنے برگد کے سائے میں آپ یوں براجمان ہوئے جیسے کوئی بادشاہ اپنے نئے محل میں آ بستا ہے۔ اور آپ نے غربت اور بے سروسامانی کی پوٹلی یوں کھول کر رکھ دی جیسے مور اپنے پروں کو پھیلا جنگل میں منگل کر دیتا ہے۔ مرحوم مولانا ابوالکلام صاحب آزاد نے شاید ایسے ہی موقعہ کے لئے لکھا تھا۔

"جنگل کے مور کو کبھی باغ و چمن کی جستجو نہیں ہوتی۔ اس کا چمن خود اس کی بغل میں موجود رہتا ہے۔ جہاں کہیں وہ اپنے

راجو کب تک اکیلا رہے گا





راجو دو سال کا تھا،
لیکن چمپا کی ساس کنبہ میں
ایک اور بچہ چاہتی تھی۔ اس کے
سوچنے کا ڈھنگ ہی ایسا تھا۔
لیکن چمپا جانتی ہے کہ
راجو کی صحیح نشو و نما کے لئے یہ
ضروری ہے کہ اسے کم سے کم
ایک اور سال تک پورا لاڈ پیار ملے
اور صحیح دیکھ بھال ہو۔

بچوں کی پیدائش میں
صحیح وقفہ ہونے سے
وہ صحت مند رہتے ہیں۔

[illegible] 92/343

پھول برسے گا۔ چمستان کھل جائیگا۔"

یہاں آپ کے پڑوسی تھے جنگلی جانور جن سے آپ نے روحانی رسم وراہ پیدا کرلی۔ آپ جنگلی پھلوں پر گذارا کرتے اور دن رات یادالہی میں مصروف رہتے۔ آہستہ آہستہ آس پاس کے گاؤں کے چرواہوں اور لکڑہاروں کی معرفت لوگوں کو معلوم ہوا کہ کوئی پہنچا ہوا فقیر ناگینی کے جنگل میں آبسا ہے۔ لوگ ان کی زیارت کو آنے لگے لیکن ان کی جائے رہائش کے آس پاس پھنیئر سانپوں اور اژدھوں اور دیگر جنگلی جانوروں کو دیکھکر خوف کھاتے اور حیران ہوتے کہ یہ انسان اس ماحول میں تن تنہا کیسے رہتا ہے۔

کہتے ہیں کہ ایک دن ایک نوجوان لکڑہارے کو اس جنگل میں ایک زہریلے سانپ نے ڈس لیا۔ آن کی آن میں اُس نوجوان کے ناک اور منہ سے خون نکلنے لگا۔ اس کے بوڑھے ماں باپ کو مردہ سمجھکر رونے پیٹنے لگے۔ پیر صاحب کو اس کی اطلاع ملی تو وہ بھاگے بھاگے موقعہ پر پہنچے۔ آپ نے نوجوان مارگزیدہ کو بغور دیکھا اور چند دانے ماش کے پھونک کر چاروں اطراف پھینک دیئے۔ تھوڑی ہی دیر میں ایک معجزہ رونما ہوا۔ وہاں جمع ہوئے لوگوں نے دیکھا کہ تین پھنیئر سانپ ایک چھوٹے سے مٹیلے رنگ کے سانپ کو گھیر لارہے ہیں۔ لوگ ڈر کر بھاگ نکلے تو مونگا جی نے انہیں سمجھایا۔ اور ایک کلام پڑھ کر اس سانپ کو کوئی حکم سنایا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس بدم ذات کے سانپ نے اس مارگزیدہ نوجوان کو دوبارہ کاٹا۔ اور اپنا تمام زہر اس نوجوان کے بدن سے چوس لیا۔ تھوڑی ہی دیر میں وہ نوجوان بھلا چنگا ہو گیا۔ اور اس ماتم کدہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اس واقع کی اطلاع بہت جلدی دور دور تک پھیل گئی اور اب پیر صاحب کے تکیہ پر غرضمندوں اور بیماروں کا آنا جانا شروع ہوگیا۔ آپ خندہ پیشانی سے ہر کسی کی فریاد سنتے اور ان کی تکلیف رفع کر دیتے۔ اپنے پاس آنے والے لوگوں کو آپ اکثر کہا کرتے کہ روگ، سوگ سے بچنے کے لئے ہمیں خداوند کریم کی عبادت کرنی چاہیئے۔ اور اس عبادت کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم بلالحاظ مذہب وملت خدا کے بندوں کی خدمت کریں اور نیکی اور سچائی کا راستہ اختیار کریں۔

ان کا اپنا عالم یہ تھا کہ وہ بنی نوع انسان کے علاوہ جنگلی درندوں اور پرندوں تک سے پیار کرتے تھے۔ اور ان سے باتیں کیا کرتے تھے۔ ایک بزرگ مسلمان کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ اکثر آپ کسی بیمار کو دیکھ کر مسکرا دیا کرتے اور کبھی کبھی میٹھی سی گالی دیکر اسے ایک ہلکی سی چپت لگا دیتے اور کہتے: "چل بے بھاگ جا۔ تیری دور بلائیں"۔ اور کسی کو میٹھی سی جھڑکی دیتے: "ابے پیٹو کم کھایا کر۔ زندگی صرف پیٹ بھرنے کے لئے نہیں بلکہ اس مالک دوجہاں کو یاد کرنے کے لئے ملی ہے۔ خدا نے پیٹ کے علاوہ ہمیں دل ودماغ بھی دیا ہے"۔ چب برادری کے کچھ بزرگوں سے معلوم ہوا ہے کہ آس پاس کے گاؤں کے لوگ پکا پکایا کھانا اور دودھ دہی وغیرہ مونگا پیر کو دے آیا کرتے تھے۔ لیکن پیر صاحب یہ چیزیں یا تو پاس بیٹھے ہوئے لوگوں میں تقسیم کردیا کرتے یا جنگل کے جانوروں کو کھلا دیا کرتے تھے۔ اور اپنے لئے صرف باجرے کی روٹی ہی رکھ لیتے۔ کھانا کھانے سے پہلے اکثر وہ اپنے آپ سے یوں ہمکلام ہوا کرتے "اے مونگے! کیا کیا کھانا چاہتا ہے۔ شیریں پلاؤ؟ تو لے کھا۔ دال بھات اور کھیر؟ تو لے اور کھا۔" اس طرح وہ کئی قسم کے لذیذ کھانوں کا نام لیتے اور باجرے کی روٹی کا ٹکڑا منہ میں رکھ لیتے۔ نوالہ نگلنے کے بعد کہتے: "فقیروں کیلئے بس یہی نعمت ہے۔ کھانا ہے تو کھا لے ورنہ یہ بھی نہیں ملے گا۔"

غصہ آپ میں نام کو بھی نہیں تھا۔ وہ غصہ کو اس طرح پی جاتے جیسے کہ شوجی مہاراج نے زہر ہلاہل پی لیا تھا۔ دوسرے لوگوں سے وہ بلاضرورت باتیں نہیں کرتے تھے۔ لیکن جب کوئی پاس نہ ہوتا تو اکثر اپنے سے ہمکلام ہوتے۔ یہ باتیں دوسروں کی سمجھ میں نہیں آتی تھیں [illegible] تم میرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

اس بات کے متعلق دریافت کرنے پر کہ اتنے صاحب کرامت ہوتے ہوئے اور انکے مُریدوں کی اتنی بڑی تعداد کے باوجود پیر صاحب کی قبر ایسی خام حالت میں کیوں پڑی ہے؟ معلوم ہوا ہے کہ پیر صاحب نے اپنی وفات سے پہلے اپنے خاص بھگتوں کو تاکید کردی تھی کہ ان کی آرام گاہ پر پختہ مزار ہرگز نہ بنوایا جائے۔

بات چاہے کچھ بھی ہو۔ مونگا پیر صاحب اور اس مزار کے متعلق ناگینی کے آس پاس بسنے والے ہندو اور مسلمان دونوں کے دلوں میں گہری عقیدت ہے اور چب برادری کے لوگ تو بچے کی پیدائش اور شادی وغیرہ کی مبارک رسومات سے پہلے اپنے محبوب پیر جی کو مناتے ہیں۔ عورتیں بڑی عقیدت کے ساتھ پیر صاحب کی تعریف میں ایک گیت بھی گاتی ہیں ؂

او سچے آ۔ میرا دھیان تیرے دل
میرے ہتھ ائے چھاپاں لوٹیاں
میرا پیر سچا میں جھوٹی آں۔
میرا دھیان تیرے دل۔

اے سچے پیر میرا دھیان ہر وقت تیری طرف لگا رہتا ہے۔ اے [illegible] میری انگلیوں میں انگوٹھیاں ہیں۔ میرا پیر سچا ہے اور میں جھوٹی ہوں [illegible] دھبوں سے بھرا ہوا [illegible]

ٹھاکر پونچھی

سفیدے کا ایک درخت

کیا میرا اپنا کوئی وجود نہیں
اس سفیدے کے درخت
کو جب بھی دیکھتا ہوں۔ یہ احساس
مجھ میں جاگ اٹھتا ہے کہ کیا اس
درخت کا کوئی وجود نہیں کیا وجود
کے لئے ضروری ہے کہ چنار کے
درخت کی طرح اس کی ٹھنڈی
چھاؤں ہو۔ گھنا سایہ ہو۔ آگ اپنے
اندر چھپا لینا اور ٹھنڈک دوسروں
میں بانٹ دینا کسی وجود کے ثبوت
کے لئے لازمی ہے۔ لیکن انسانیت
کا تو کوئی وجود نہیں!
کیا وجود کی نشاندہی کے لئے
یوکلپٹس کے پیڑ کا وقار ضروری ہے
اس کا جوان جسم اور خوشبودار سانسیں
ضروری ہیں۔ بے منزل پگڈنڈیوں
اور بانجھ کھیتوں میں گھومنا پھرنا،
بے ڈھنگا جھومنا، بے مطلب ہے
دنیا میں تو کوئی شے بے مطلب بے
مقصد نہیں۔ صرف چھاؤں سلسلے اور
دنار کے ہی معنی نہیں ہوتے سفیدے
کے درخت کے بھی معنی مقصد ہو سکتے
ہیں۔ حاصل ضرب وجود ہو سکتا
ہے اور پھر وجود کے صرف یہ معنی
بھی تو نہیں کہ دوسروں کے دکھ اپنا لو
اپنے سکھ غیروں میں بانٹ دو۔
کائنات بھی تو ہے۔ سرشٹی کا چل
چلاؤ بھی تو ہے۔ جسم پسینہ پسینہ
سارا آسمان آگ اور یہ بے سایہ

پیڑ جھلملاتی دھوپ میں ٹھنڈے
پانی کے چھینٹے کہاں سے آن ٹپکے۔
پوشش۔ پوشش
گرد آلود سڑک پر چھڑکاؤ
ہو رہا ہے۔
رام نام ست ہے۔
اب آگے آگے بھجن کیرتن کی
چیخوں اور صداؤں سے۔
اصل کی کھنک اور سود کی ٹھنک
. . . . . اب دور پیچھے
رہ گئی۔ جھوٹا رونا۔ بناوٹی سوگ۔
لالہ رام بھجن تو اپنی راون لیلا ختم کر چکے
اور رنگ منچ پر انسانوں کا دھواں۔
انسانوں کی آگ۔ نفرت کے چھینٹوں
سے لپکتے شعلے تو بجھتے رہے۔
اور چاندنی راتوں کا پیار تو دریائی
بیلوں کی بجائے ہوٹلوں کا دلدادہ
ہو چکا ہے۔
یہ کیا؟ — ماتمی جلوس کہاں
بھاگ گیا۔ فائدہ بے فائدہ چیخیں
کن بستیوں میں ڈوب گئیں۔ یہ
نوٹوں کی بارش۔ زنگ آلود تجوریوں
کے مقفل کواڑ کیسے کھل گئے۔ بیچ بازار
میں چتا۔ لیکن لالہ رام بھجن کا مردہ
کہاں غائب ہو گیا۔ اور اس کی جگہ
صرف کاغذ کے ڈھیر سارے نوٹ۔
بس اتنی سی بات کے لئے اتنا تردد۔
اتنا فریب۔ اتنا جھوٹ۔ کاغذ کے
نوٹ کھانے سے بھوک کیسے بجھتی۔

ساری عمر بھوک سے بلکتے رہے۔
لاکھوں کے کاغذی نوٹ
خود لاوارث
جھگڑوں فسادوں کے لئے
عدالت کا دروازہ کھلا چھوڑ گئے
رام کا نام سچا ہے۔ لیکن
یہ ڈھیر سارے میرے اپنے مندر
اس بات کی گواہی دینے کے لئے
تیار نہیں۔
بیچ راستے میں چلنے سے ٹکراؤ
کا ہونا لازمی ہے اور ٹکراؤ موت بھی
بن سکتی ہے اور زندگی کا پہلا
عشق بھی۔ لیکن ساگر کی گہرائی کا
پتہ کنارے کنارے پھونک پھونک
کر قدم رکھنے سے نہیں ہوتا منجدھار
میں اترنا ہی پڑتا ہے۔
سوچوں کا یہ مسلسل شور کب
خاموش ہوگا۔ یہ لوگ رات کو بھی
نہیں سوتے بے جان مشینیں سو جاتی
ہیں۔ من کی شانتی کی طرح، آنکھوں
کی نیند بھی گئی۔ خود ساختہ پریشانیاں
خود ساختہ الجھنیں، خود ساختہ
بیماریاں اور دوائی کی گولیاں۔ یہ
چلتی پھرتی دوا کی گولیوں کا شور ہے
ان گولیوں کو چن چن کر کوڑا کرکٹ
کے ڈھیر پر پھینک دو۔ پھونک دو۔
بے ہنگم شور خاموش ہو جائے گا۔
دماغ جسم زبان آنکھیں سوچیں سب
سو جائیں گی۔ اور یہ وجود کا ثبوت . . .

کھوکھلے قہقہے۔ بناوٹی رکھ رکھاؤ۔
چائے کی پیالیوں کی کھنک سگریٹ
کا زہریلا دھواں۔ پان کی پیک کے
خونی نشان۔ زندگی کی ہر دیوار پر
سوچوں کے ہر موڑ پر۔ احساسات کے
ہر گلی کوچے میں۔ اپنی ذات سے
فرار۔ اپنے لوگوں سے فرار۔ اپنے
ماحول سے فرار ہر کوئی بھاگ رہا
ہے۔ ایک دوسرے کا پیچھا کر رہا ہے
مہنگائی بھلے ہی بڑھ جائے تو کیا فرق
پڑے گا۔ چاروں طرف ہوٹل، گدھوں
اور چیلوں کی طرح پر پھیلائے ہوئے
ہوٹلوں کے چولہے گرم۔ رات دن۔
گھروں کے چولہے سرد صبح شام اور
پھر یہ کہنا کہ دروپدی بن سنور کر
صبح سویرے ہی گھر سے نکل جاتی ہے
گڑ گڑی پینے سے نہ تو حسین
بیویاں بدصورت ہو جاتی ہیں اور نہ
ہی بڑھاپے کی جانب لپکتی ہوئی خستہ
حال عمر جوانی کی طرف مڑتی ہے یہ
بات موتی حوالدار کے کانوں میں کون
ڈالے پینتیس برس کی کمائی ہو یا چالیس
برس کی کسی کی معصوم الہڑ جوانی ہی تو
خریدی جا سکتی ہے نا۔ اپنی ساٹھ برس
کی عمر پر جوانی کا ملمع تو نہیں کیا جا سکتا
ویسے اپنی گئی بیتی جوانی کا احساس
ہونے پر گیت کے بول گنگنانے میں
کوئی حرج نہیں
گوری ناہ کے ہنریاں رکھیاں
دھرتی نوں پھل لگ گئے

دھرتی تو پھولوں سے اپنے وجود کا ثبوت دے سکتی ہے۔ لیکن ماں کی قسمت کا ثبوت تو بچہ ہی ہے چاند دھرتی پر نہ کبھی اترا نہ اترے گا دھرتی کو ہی اوپر جانا پڑا۔ حاصل کیا۔ چاند بدصورت ہو گیا۔ کوئی کہانی نہ کوئی پیار کی کمند۔ ماضی کے قصے کہانیوں کے ساتھ کوئی کہاں تک چٹتا رہے۔ ایک چٹیل خشک سڑے ہوئے میدان میں گھاس پر چلنا منع ہے، کی تختی لٹکائے رکھنے سے آنکھوں کو مخملیں گھاس کے وجود کا احساس تو نہیں کرایا جا سکتا۔ اگر گھاس موجود ہے تو پھر قدموں کی چاپ تو آسے ضرور چاہئے تھی۔ آتما تو گاؤں میں رہ گئی۔ خریدی ہوئی بیلتی پھرتی لاش بوڑھے لوٹے پھوٹے خستہ حال چھکڑے پر لاد کر شہر لائی گئی۔ مکروہ صورت گھناؤنے گدھ فضا میں منڈلاتی ہوئی گوری چٹی بنی سنوری چیلیں۔ کوئی کہاں تک اپنی لاج بچائے کوئی کہاں تک اپنی سوچ چھپائے۔ تمام راستے بند ہیں صرف ایک در کھلا۔ خلا میں جھانکنے سے کیا ملے گا۔ بارش تو دور سے اٹھتی ہے۔ وہ آندھی کیا جو دھوپ کو گرد آلود نہ کر دے۔ بنجر کھیت سے جانور تو نہیں آگے سکتا، قیمت کی تو کوئی ... نہیں۔ ہمارے سامنے سب کچھ ہے۔ سوچ کی آنکھ سے دیکھو تو کچھ بھی نہیں۔ اور یہ وحشی جنگلی غیر مہذب چہرہ۔ اور تو اور اس جسم کی گٹھڑی کو چھپا کر لے جا رہی ہے۔ اپنے سوکھا سڑا جسم

ایک کنارہ۔ دھندلائی ہوئی آنکھیں دوسرا کنارہ اور بیچ منجدھار میں جسم کی چور ہو، دلہن کے لباس میں بجلی جیسی گومتی۔ دوسرے کنارے سے مہرو ماما ایک چاندی کا روپیہ لیکن چور چور اس کی گود میں پھینکتا ہے۔ سر پر ہاتھ پھیر کر آشیرواد دیتا ہے اور بچپن کے دوست کو کہتا ہے میری تیری دوستی کٹ — حالانکہ دوست کا گھر آباد ہونے پر خوش ہونا چاہیئے۔

کچھ لوگ رات سے ڈرتے ہیں جاگتے رہتے ہیں۔ اپنی ذات کا پہرہ دیتے ہیں حالانکہ ان کی کوئی ذات کوئی وجود نہیں ہوتا۔ کوئی سایہ سہارا نہیں ہوتا۔ جینے کا کوئی ایک آدھ بہانہ بھی نہیں۔ مہرو ماما کو نیند کیسے آئے اور رات کو گہری نیند سونے والے موتی حوالدار کو جگائے کیسے۔ اور پھر گومتی کو اندھیرے اجالوں میں سمٹتے سکڑتے دیکھ کر۔ آڈوی نول باج لے گیا۔ کی بڑبڑاہٹ اپنے اندر روگ کے جراثیم پالنے والی بات ہی ہوئی نا۔ یادیں زندگی کا وجود بننے سے تو رہیں۔

وہ کون سی کالی تتری تھی جس نے گنے کے کھیت سے اپنی پہلی اڑان بھری ہی تھی کہ خونخوار باز جھپٹا اور اسے دبوچ لیا۔ اور پھر کب کی کون سے موسم کی بات ہے کہاں کی کس عمر کی بات ہے۔ بات کی جگہ عمر اور موسم بھی تو ہوتے ہیں — آڈوی نول باج لے گیا۔ کتنے حسین پودے اگتے ہیں

کونپلیں۔ کتنی طرح دار پتنگیں۔ اور معصوم سے سپنے۔ اگر موت دھار نہ دیتی تو! ؟

پھر وہی شور۔ کھوکھلی زندگیوں کے کھوکھلے قہقہے۔ چھوٹا سا شہر۔ بولی لنگڑی باتیں۔ لنگڑی پرچھائیاں سوچ کا فاصلہ کم۔ آواز کا فاصلہ زیادہ — دونوں بے وجود۔ ایک دوسرے میں جذب ہو جائیں تو وجود کا جنم ہو۔ ساتھ سہارے اور امید کی کہانی لکھی جائے وقت بے وقت بلاوجہ چیخنے سے صحرا کی خاموشیاں تو نہیں ٹوٹ سکتیں جوانی کو محبت کا وجود چاہیئے۔ صرف احساس نہیں اور ممتا کو صرف ایک بچہ چاہیئے، قول و قرار کی سچائی نہیں۔ سوچ سوچ کے کواڑ کھٹکھٹانے سے من کی بھوک مٹ جاتی ہے ؟ ہر کوئی مجھے گھور رہا ہے۔ سفید کپڑے پہنے گومتی۔ موتی حوالدار۔ مہرو ماما اور یہ انتظار کی آنکھیں ... اور چیتا ہیں۔ ہر کوئی مجھے اپنی طرف تک رہا ... دے رہا ہے ... اکیلا اپنے سایہ بے وجود ...

دور دور کسی کونپل کلی کی چھاؤں نہیں۔ کسی پھول پتے کا سایہ نہیں۔ کسی سنگی ساتھی کا وقار نہیں۔ کسی آس امید کا سہارا نہیں۔ چاروں طرف بکھری سمٹی ٹھٹھری ہوئی سرد راتوں کی اداس تنہائیاں، چاروں اور پھیلی رکی تھکی ہوئی تپتے ہوئے گرم دنوں کے سفر کی سونی راہیں — آج وہ پیڑ پودے ان کی شاخیں اور پھول پتے کہاں ہیں جن کے ساتھ میری جیسی زندگیوں کے سارے ارمان ساری تمنائیں الجھ کر رہ گئیں۔ جن کی پرورش و پرداخت کے لیے میرے جیسے لوگوں نے اپنے وجود کی آہوتی دی اور سہارے بے وجود ڈھانچے صلیب کی طرح اپنے کندھوں پر اٹھائے آگ کے سمندر پر ننگے پاؤں چلتے رہے۔

انسان کتنا ذہین ہے وجود ذات، سانسیں کچھ بھی نہ ہوتے ہوئے بھی جینے کی تمنا کیے بن جاتا ہے۔

(جموں سے براڈ کاسٹ)

کنول پرشاد کنول

قطعہ

عشق نے عمر بھر کے خوابوں کے
نیک تعبیر دیکھ لی جیسے
اس کو دیکھا تو یوں لگا معبود!
تیری تصویر دیکھ لی جیسے

(آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد سے براڈ کاسٹ)

محمد وسیم

شعور کی رو کیا ہے؟

ادبی تنقید میں شعور کی رو یا Stream of Consciousness سے ناول نگاری کی وہ تکنیک مراد ہے جو اس صدی کے شروع میں مارسل پروست، مسز ڈوروتھی رچرڈسن اور جیمز جوائس نے اپنائی۔ یہ تکنیک اس دور کے واقعہ پرست Realist ناول کے خلاف کھلی بغاوت تھی۔

یہاں اس نئے طرز کے میں اسے منظم تحریک نہیں کہوں گا۔ کیونکہ یہ تینوں ناولسٹ ایک دوسرے سے بے خبر فن میں نئی کوششیں کر رہے تھے۔ پس منظر کے متعلق کچھ عرض کرنا مناسب سمجھوں گا۔

ہر ادب کے پشت پر کچھ سماجی معاشی مفروضے ہوتے ہیں اور یہی مفروضے اس کے صنف اور مواد کی تشکیل کرتے ہیں۔ مگر سماجی معاشی تغیر کا ایک اسٹیج ایسا بھی آتا ہے جب یہ مفروضے بے کار اور Absolete معلوم ہونے لگتے ہیں۔ اور ساتھ ہی فن، صنف، اندازِ بیان اور زبان میں تبدیلیوں کی ضرورت محسوس کی جانے لگتی ہے۔ انیسویں صدی کے اخیر میں کچھ اسی طرح کی تبدیلیاں ہونے لگیں اور اس کا احساس کرنے والوں میں ولیم جیمز اور برگساں کے نام بھی شامل ہیں۔ مشہور امریکی ماہر نفسیات ہنری جیمز کے بھائی ولیم جیمز نے ہی شعور کی رو ...... Stream of Consciousness کی اصطلاح کو رائج کیا ..... اس کا مسئلہ تھا انسانی شعور کی پیچیدگیاں۔ عام عقیدہ کے برخلاف، ایک مخصوص لمحے میں ہمارے ذہن میں صرف ایک ہی خیال نہیں ہوتا۔ ہمارے حواس خمسہ کے پانچوں دروازے کھلے ہوتے ہیں۔ اور اُن کے ذریعہ پوری خارجی دنیا ہمارے ذہن میں آتی جاتی رہتی ہے۔ ہر لمحہ، ہماری ذہنی کیفیت بھی بدلتی رہتی ہے اور اس کے ساتھ ہی خارجی دنیا میں بھی تبدیلی ہوتی ہے۔ جیمز کا خیال تھا کہ ذہن کی اس کیفیت کو، شعور کی اس رو کو الفاظ کے جال میں گرفتار کرنا ناممکن ہے کیا ہم گرم گرم ہاتھوں سے برف کے گالے کے باریک ذروں کو پکڑ سکتے ہیں؟ ہاتھ میں آتے ہی ذرے پگھل کر پانی کے قطرے بن جاتے ہیں۔

برگساں کے خیالات بھی ولیم جیمز سے کچھ ملتے جلتے تھے۔ اس کے مطابق ماضی، حال اور مستقبل کا تصور 'دلیل کم نظری' ہے۔ یادوں کے ذریعہ ماضی ہمیشہ زندہ رہتا ہے اور ایک ایک گھڑی مستقبل کی طرف بڑھتی رہتی ہے۔ برگساں نے وقت کی تعریف ان دلچسپ الفاظ میں کی ہے۔ "وقت ماضی کی اس مسلسل یورش کا نام ہے جو نوچتا کھسوٹتا مستقبل میں داخل ہوتا ہے۔ اور جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے موٹا تازہ ہوتا جاتا ہے"

ان فلسفیوں نے ایک طرف واقعہ پرست ناول کی غیر واقعیت کو بے نقاب کیا تو دوسری طرف ناولسٹوں کو نئی راہوں سے روشناس کیا۔ پرانے ناولسٹ کرداروں کے فوٹو پیش کرتے تھے۔ اور ان کے ذہن اور ذہن کی فضا سے بے بہرہ یہ لوگ وقت کا وہم بھی پیش کرتے تھے۔ کردار کے بچپن، لڑکپن اور جوانی میں وقتی تسلسل دکھانے کی کوشش کرتے تھے۔ دراصل ان کے ناولوں میں ایک ہی وقت ہوتا۔ وہ وقت جبکہ ناولسٹ لکھنے بیٹھتا ہوتا ہے۔ نئے ناولسٹوں کو وہ سماجی مفروضے بھی غلط معلوم ہونے لگے جن پر ایمان لانا ہر پڑھنے والے کے لئے ضروری تھا۔ نئے ناول میں کردار بھی ہیں، واقعات بھی ہیں، واقعہ پسندی بھی ہے۔ ناولسٹ کا نکتہ نگاہ بھی ہے۔ مگر ہر طرح سے مختلف اور نیا اور سب سے زیادہ نیا ان کا اسٹائل ہے۔

فرانسیسی ناولسٹ ایڈورڈ ددجارڈن نے، جس سے متاثر ہو کر جیمز جوائس نے لکھنا شروع کیا۔ نئے اسٹائل کے بارے میں یہ کہا ہے "داخلی خود کلامی Internal Monologue شاعری کی ایک صنف ہے۔ یہ ایک ایسا ناگفتہ اور غیر شنیدہ کلام ہے جس کے ذریعہ کردار اپنے اندرونی خیالات، غیر شعور سے قریب ترین خیالات کو ان کی اصلی حالت میں بیان کرتا ہے۔ کلام میں نہ منطقی تنظیم ہوتی ہے اور نہ نحو کے اصولوں کی پابندی۔ اور اظہار بیان ایسا ہوتا ہے کہ پڑھنے والے کو ایسا محسوس ہو کہ خیالات کو اسی تسلسل سے بیان کیا جا رہا ہے جس تسلسل کے ساتھ وہ کردار کے ذہن میں آ رہے ہیں"

مارسل پروست کا طویل ناول "ایام گمشدہ کی تلاش میں" انہیں فکری اور اسٹائلی اصولوں کے تحت لکھا گیا ہے۔ ناول کا ہیرو ایک تاریک کمرے میں بند ہو کر دنیا و مافیہا سے بے خبر خیالات کی رو میں اپنے ماضی کی سیر کرتا ہے۔ یہی سیر ناول ہے۔ اخیر میں وہ اپنے کمرے میں مایوس

گیت وسیم بریلوی

بانسریا وہ گیت

بانسریا وہ گیت کہ جس سے بستی کا سونا پن جائے
نغمے کا وہ پھول کہ جسکی خوشبو آنگن آنگن جائے
بانسریا وہ گیت
چہروں کے اس شہر میں جیسے سب جانے انجانے
نفرت کی وہ دھول اڑی ہے کون کسے پہچانے
دھرم کے نام پہ بہنے والے خون کا یہ سستا پن جائے
بانسریا وہ گیت
محلوں محلوں دن نکلے ہے کٹیوں کٹیوں رات
اندیشوں کے شہر کھڑی ہے سپنوں کی بارات
بوڑھے اندیشوں کی گلیوں اب کیا باغی یوون جائے
بانسریا وہ گیت
پوجا کے پھولوں پر بھی لالچ کی اوس پڑی ہے
لجت لجت پریم کی دیوی آس کے دوار کھڑی ہے
انسانی اپہار کے سر سے سوارتھ کا یہ پاگل پن جائے
بانسریا وہ گیت

(آکاش وانی لکھنؤ سے براڈکاسٹ)

اور اب اس لوٹ آتا ہے۔ ماضی سے اسے کچھ بھی نہیں ملا۔ وہ اسی نتیجہ پہ پہونچتا ہے کہ دوسروں کی صحبت یا محبت کے ذریعہ اطمینان نہیں حاصل ہو سکتا۔ اصل خوشی شعور کی رو میں بہتے رہنا ہے۔

جوائس شعور کی رو میں بہتے رہنے کا قائل نہیں ہے۔ وہ پروست کی طرح قنوطی اور رومانی نہیں ہے اس نے شعور کی رو کو اخلاقی اور ادبی مقاصد کے لئے استعمال کیا ہے۔ Ulysses میں کئی کردار ہیں اور کوئی بھی کردار ادیب کا Mouthpiece نہیں۔ مختلف کرداروں کے آپس کے عمل اور رد عمل سے ایک کہانی بنتی ہے اور کہانی کی پیچیدہ تفصیلات کے ذریعہ جوائس ٹھوس اخلاقی مقاصد حاصل کرتا ہے۔

Ulysses 800 صفحوں پر مشتمل ایک ضخیم ناول ہے۔ جو دس سال کی محنت کے بعد تیار ہوا۔ یورپ کے ایک دور افتادہ شہر ڈبلن کے تین معمولی، اور غیر معروف لوگوں کی غیر دلچسپ اور بورنگ زندگی کے صرف ایک دن۔ ۱۶ جون ۱۹۰۴ء کا بیان ان آٹھ سو صفحوں میں ہے۔ مگر کردار زندہ ہیں کیونکہ احساسات، ان کی یادیں، ان کی امید کی دنیا کو ضبط قلم کیا گیا ہے۔ پس منظر ڈبلن ہے۔ موجودہ یورپ ہے ہومر کے رمزیہ Odyssey کے ہیرو Ulysses کے کارناموں کی دنیا ہے۔ ۱۶ جون ۱۹۰۴ء صرف ایک ہے مگر Odyssey کے چودہ سال اور پورا زمانہ ..... Eternity ہے۔

ناول کا ہیرو بلوم اپنی بیوی کی بے وفائی اور اپنی نامرادی کے احساس سے پریشان ایک قابل نفرت یہودی، اشتہاری کمپنی کا ایجنٹ ہے۔ مگر ہم آپ سب کا نمائندہ ہے۔ وہ پورے یورپ کا مسئلہ ہے کیونکہ وہ تنہا ہے۔ وہ Ulysses ہے جو ٹراوے کی جنگ کے بعد چودہ سال تک بھٹکتا، پریت نیوں اور دیوتاؤں سے بچتا نکلتا اپنی منتظر بیوی سے آملتا ہے اور اپنی بیوی کو اس کے عاشقوں سے نجات دلاتا ہے ناول کے اخیر میں بلوم ایک نوجوان Stephen Dedalus کو اپنے گھر لاتا ہے اور گھر میں اس نوجوان کی موجودگی ہی اس بات کی ضامن ہوتی ہے کہ میاں بیوی کے تعلقات خصوصاً جنسی تعلقات بار آور ہو جائیں گے (اپنی تلمیحات، اپنی مشکل پسندی، گرامر کے توڑ مروڑ اور الفاظ کی نئی بندشوں کی وجہ سے یہ ناول دقیق معلوم ہوتا ہے۔ پر اگر ہم کسی ایک کردار کی شعور کی رو میں داخل ہو جائیں تو پرواز اسی طرح آسان ہو جائیگی۔ جیسے Gulliver(?) ہوا کی رو میں داخل ہو کر خود بخود اڑتا رہتا ہے۔

اس رسالہ میں اور آل انڈیا ریڈیو کے دیگر رسالوں میں شائع شدہ پروگرام اور مضامین کے حقوق اشاعت بحق حکومت مرکزی سرکار محفوظ ہیں۔ دوبارہ شائع کرنے سے پہلے اجازت لینی لازمی ہے۔

جلد ۳۷ | ۲۲ نومبر ۱۹۷۲ء | نمبر ۲۳

راجندر سنگھ بیدی

فلمیں کھیل نہیں — سماجی فلم

فلمیں یوں تو کھیل ہے، لیکن اس کا بنانا کھیل نہیں۔ خیال اور خاکے سے لے کر اسکی ٹھوس تصویر کشی تک بیچ میں بیسیوں، سینکڑوں ایسی رکاوٹیں آتی ہیں کہ بڑے جی گردے والا آدمی بھی دم توڑ سکتا ہے۔

سماجی فلم بلاتی دوسری قسموں سے الگ نہیں، لیکن زیادہ مشکل اس لئے ہے اس کے ساتھ آپ پر زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ہمارا سماج مختلف النوع ہے، کئی مذہب ہیں۔ کئی فرقے... صوبے، بولیاں ٹھولیاں۔ قومی منشور نے انفرادی طور پر سب کو بنیادی حقوق دے رکھے ہیں اور جماعتی طور پر حقوق خصوصی۔ میرا یہ کہنے کا مطلب نہیں کہ میں ان حقوق کے خلاف ہوں لیکن ایک بات ضرور ہے کہ انفرادی اور جماعتی طور پر ابھی میرے بھائیوں کو ان حقوق کا استعمال کرنا نہیں آتا۔ ان کی مثال ان کچھوؤں کی سی ہے جو اکٹھے کہیں جا رہے تھے کسی نے ان سے پوچھا بھئی — تم میں سے سردار کون ہے؟ ایک نے مڑ کر جواب دیا "سردار —؟ جس کی دُم پر ہاتھ لگا دو وہی سردار ہے!"

مجھے یاد ہے جب میں نے تصویر "مرزا غالب" لکھی تو اول اور آخر مقصد ہمارے سامنے یہ تھا کہ ملک کے ہر کونے میں مرزا غالب کا کلام گونجے۔ لوگ ان کے خیالات اور ان کی شاعری کے بنیادی ترنم سے شناسا ہوں۔ کہانی تو ایک بہانہ ہوتا ہے۔ جس کی مدد سے آپ اس وقت کے سماج کی آئینہ داری کرتا ہے۔ چنانچہ شاہ ظفر کہتے ہیں: "صدا اٹھی اور نہ آنسو بہے —" شہنشاہ ہند کی حکومت جمنا کے کنارے تک رہ گئی۔ مغل اقتدار ختم ہو رہا تھا اور برطانوی سامراج دھیرے دھیرے اپنے پنجے پھیلا رہا تھا۔ کتنی عبرت کی بات تھی کہ مرزا صاحب جب جیل سے رہا ہو کر اپنی محبوبہ کے

ہمارا سرورق:-

حمید منزل رام پور، آکاش وانی لکھنؤ، الہ آباد، رام پور، وارانسی سے حال ہی میں اسی قدیم عمارت کے بارے میں ایک تقریر نشر کی گئی۔

ہاں گئے اور دروازہ کھٹکھٹاتے ہیں تو کوئی جواب نہیں آیا۔ اس وقت وہ ایک سادہ مگر دلدوز فقرے میں اس وقت کے عالم کا پورا نقشہ کھینچ دیتے ہیں۔

"ارے کہاں ہو، دلّی والو؟ ... دن دہاڑے ہی سو گئے۔ ؟"

اس پر بھی کچھ لوگوں کو سوجھی کہ مرزا صاحب کی حیات معاشقہ کیوں پیش کی گئی جیسے کہ وہ انسان نہیں تھے ان کے دل نہیں تھا۔ وہ کتنے دل والے تھے ان کے مخطوطات پڑھنے سے پتہ چلتا ہے۔ چنانچہ آنِ واحد میں مرزا صاحب کے عزیز پیدا ہو گئے۔ سب لوگ جانتے ہیں کہ مرزا صاحب جہاں دفن ہوئے وہاں ان کا مزار نہایت ہی کسمپرسی کی حالت میں بنا۔ ان عزیزوں سے اتنا بھی نہ ہوا کہ اپنے محبوب اور چہیتے شاعر کا مزار ہی پکا کروا دیتے۔ اب آپ ہی بتایئے ان حالات میں ان لوگوں کی نیت پر شک کرنے میں حق بجانب ہوں یا نہیں؟

تاریخی فلموں کا ذکر محض ضمنی ہے کیونکہ حقیقت میں وہ کسی نہ کسی طرح سے سماجی پہلو لئے ہوئے ہیں مگر اس کا کیا کریں کہ اس کے ساتھ کسی نہ کسی مفاد کا اجارہ ہوتا ہے۔ مثلاً مہاراجہ رنجیت سنگھ کے بارے میں فلم بنانا کوئی آسان بات نہیں۔ حقائق کے سلسلے میں دو تاریخ دانوں کی رائے آپس میں نہیں ملے گی۔ ہر دو مفادوں کی زندگی کے شخصی پہلو کو فلم کے پردے پر نہیں لانے دے گا۔ آپ کو کئی سنستھاؤں سے کلیرنس حاصل کرنا ہوگا اور جب وہ حاصل ہوگا تو اسکرپٹ کی شکل بالکل بدل چکی ہوگی۔ جسمیں آپ چہرہ پہچان ہی نہیں پائیں گے۔ کچھ اس قسم کی باتیں ہو جائیں گی۔ آپ بڑے اچھے میں بھی بہت اچھا ہوں۔ تندرستی ہزار نعمت ہے وغیرہ وغیرہ۔ اور اگر آپ ان کے نظریات کے خلاف جائیں گے تو مورچے لگیں گے۔ آپ کی زندگی خطرے میں پڑ جائے گی اور آپ گھر سے باہر نہیں نکل سکیں گے۔ آپ زیب النساء مخفی کے بارے میں فلم نہ ہی بنایئے تو اچھا ہے کیونکہ وہ اورنگ زیب کی بیٹی تھی۔ اور اس لئے سیزر کی بیوی کی طرح سے تمام شکوک و شبہات سے بالاتر۔ عاقل خاں گورنر ملتان سے ان کی محبت کو نہ صرف [illegible] سمجھا جائے گا، بلکہ اس کی صحت میرا مطلب ہے قصّہ کی صحت کو سرطانی قرار دیا جائے گا۔ آپ دور کیوں جاتے ہیں۔ حال ہی میں ستیہ جیت رے جنہیں دنیا ایک بڑے ڈائریکٹر کی حیثیت سے مانتی ہے نے ایک فلم بنائی جس میں ایک نرس دکھائی گئی

آل انڈیا ریڈیو نے ۱۹ نومبر سے کھیل کود کے بارے میں ہر روز ایک بلیٹن نشر کرنا شروع کیا ہے۔ یہ پروگرام دلی بمبئی کلکتہ اور مدراس کے اسٹیشنوں سے نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام روزانہ شام سوا چار بجے سے پانچ بجکر پچاس منٹ تک نشر کیا جائے گا اور اسے بالترتیب ۴۲۹/۱ میٹر؛ ۲۸۸/۵ میٹر؛ ۲۷۴/۸ میٹر اور ۲۱۱/۳ میٹر پر سنا جا سکتا ہے

جو اپنے گھر کے حالات سے مجبور رات کو دھندہ کرتی تھی اب وہ ایک فرد تھی، جس کا جماعتی طور پر نرس پیشہ عورتوں سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ لیکن اس پر بھی ہنگامہ کھڑا ہو گیا ۔ نرسوں نے ایجی ٹیشن شروع کر دیا اور شری رے کو ان سے معافی مانگنی پڑی۔ میں پوچھتا ہوں، کیا یہ عجیب بات نہیں ہے کہ ایک طرف لوگ مرزا غالب اور سنسکارا ایسی فلموں کے خلاف جہد کرتے ہیں اور دوسری طرف حکومت ہند سال کی بہترین فلم قرار دیتی ہے۔ ان کے بنانے والے کو راشٹرپتی اپنے ہاتھوں سے طلائی تمغہ اور سند عطا فرماتے ہیں۔

سماجی فلم اپنے ہاں بنانے کے سلسلے میں ملکی حالات نہایت دل کش ہیں۔ مختلف گروہ، فرقے اور مفاد تو ایک طرف خود حکومت بھی اس الزام سے جدا نہیں۔ مثلاً حکومت کی مسلمہ پالیسی عدم تشدد ہے۔ لیکن اس کا کیا کیجئے گا کہ کئی تشدد کرنے والوں کو ہم نے رہبر مانا ہے۔ ان کے سامنے سر جھکایا ہے اور ان کے سہرے گائے ہیں۔ میں شہید بھگت سنگھ کی مثال آپ کے سامنے رکھتا ہوں بھگت سنگھ اول اور آخر انقلابی تھے۔ وہ دل سے سماج وادی تھے اور یقین رکھتے تھے کہ [illegible] کے بغیر برطانوی سامراج کا تختہ الٹنا ناممکن ہے۔ اب آپ ان کے بارے میں فلم بنائیں تو ان کے اسمبلی میں بم پھینکنے کو یا تو حذف کرنا پڑے گا اور یا اس کی ترجمانی کچھ یوں کرنی پڑے گی کہ وہ صرف سامراج کو چونکانا چاہتے تھے۔ جبھی ایک تضاد پیدا ہو جائے گا کہ کیا لاہور میں پولیس سپرنٹنڈنٹ سانڈرس کا قتل انہوں نے صرف انگریزوں کو چونکانے کے لئے کیا تھا۔ اگر آپ ان واقعات کو ایسے ہی دکھائیں گے جیسے کہ وہ ہوئے تو آپ پر عتاب نازل ہوگا۔ کیونکہ ملک میں کئی ایسے گروہ ہیں جو گولی بندوق میں یقین رکھتے ہیں اور حکومت کی پالیسی ایسی ہے کہ وہ دھماکہ بھی برداشت نہیں کر سکتی۔ ورنہ ان کروڑوں نوجوانوں کا کیا ہوگا جو طالب علم یونیورسٹی کیمپس میں اودھم مچاتے رہتے ہیں؟

ریڈیو سننے کا لطف لیتا ہے
ہائی ٹون
ایریلیں
استعمال کیجیے
ہر جگہ ملتے ہیں



سے تاریخ کو مسخ کرنے والی
بات ہوگی اگر ہم کہیں کہ ہندوستان
کو آزادی صرف عدم تشدد کی پالیسی
کے کارن ملی۔ اس میں راج انگریز
نیز کے Emergence اور
Ruling کلاس کی ہاتھ بھی تھا جنہوں
نے ناقص خوراک اور بدسلوکی
کے بہانے ہندوستان کی آزادی
کے لئے لڑائی لڑی، غدر کیا اور
بمبئی کی گلیوں میں انگریز کی گولی
سے شہید ہوئے۔ جلیانوالہ باغ
کے بیسیوں سال بعد اودھم سنگھ
نے لندن پہنچ کر سر مائیکل اوڈوائر
کو گولی ماری اور ہماری
قومی بے عزتی کا بدلہ لیا لیکن آپ
اس سیاسی اور سماجی حقیقت کو
مصیبت میں آئے بغیر نہیں دکھا
سکتے۔ اس لئے کہ برطانیہ کے ساتھ
ہمارے کامن ویلتھ تعلقات ہیں جو
موجودہ بین الاقوامی حالات کے پیش
نظر ہم کسی طور نہیں بگاڑ سکتے
ہم حقیقت کو نظروں میں نہیں گھور سکتے
سماجی فلم بناتے ہوئے ہم ہر قدم
پر ایسے بیسیوں خطروں سے دو
چار ہوتے ہیں۔ آپ قومی ایکتا پر
فلم بنا رہے ہوں تو آپ میں ہمت
نہیں ہوگی کہ آپ رانچی، بھونڈی
اور مالیگاؤں کے واقعات کی سچی
عکاسی کر سکیں۔ کیونکہ اس میں ایک
مذہب یا فرقے نے دوسرے پر
وحشیانہ مظالم برپا کئے تھے۔
آپ فرقہ وارانہ فساد دکھایئے تو
آپ کیلئے لازمی ہے کہ جہاں دو ہندو
مرے ہوں وہاں دو مسلمان مارے

چکا ہے۔ اسکرین پر بھی دشمنوں کی شکل ہوگی اور دوستوں کی۔ دونوں آپسے ناخوش۔ دونوں الجھن ... آپ کو سنسر سرٹیفکیٹ لینے میں تکلیف ہوگی۔ یہ تو یہ آپ موجودہ طالب علموں کی خودسری کو بھی نہیں ٹٹول سکتے۔ ان کی بے چینی اور اضطراب کی وجہ تک پہنچنے کی کوشش نہیں کرسکتے۔ یونیورسٹی کیمپس میں جو ہو رہا ہے آخر ہے کیا؟ کیا صرف یہ بات ہے کہ آجکل کے نوجوانوں کا دماغ پھر گیا ہے اور وہ اپنا اصل ذہن تعلیم چھوڑ کر سیاسی ہوتے جا رہے ہیں؟ یا وہ مختلف سیاسی پارٹیوں کے ہتھکنڈوں کا شکار ہیں؟ آخر اس مار دھاڑ کی وجہ کیا ہے؟ یہ بھی تو گاندھی جی کو مانتے ہیں۔ پھر کیوں یہ لوگ مارکاٹ سابوٹیج کرنے لگتے ہیں؟ ان باتوں کی تہہ پر جانا اور ان کے بارے میں فلم بنانا مشکل ہی نہیں، ناممکن ہے ایسا کریں گے تو کئی اداروں کے پاؤں پر آپ کے پاؤں پڑیں گے اور وہ سب ہیں بڑی پہنچ والے۔ اس لئے آپ صرف گول گول مال والی

باتیں کیجئے، ناچئے، گائیے، لال پیلے ہو جائیے۔ دوچار ناچ ماں باپ بیٹے بیٹیوں کو بچپن ہی سے بچھڑا دیجئے، تاکہ بڑے ہوکر پولیس انسپکٹر ہو جائے ان جانے میں اپنے سگے چھوٹے بھائی کو عدالت میں ملزم کے طور پر پیش کرے اور یہ بعد میں پتہ چلے کہ جج ان دونوں کا باپ تھا اور ماں جو بیٹے کے خلاف گواہی دے رہی ہے، اس کی بیوی تھی پھر پتہ چلے تو باپ کے لئے مشکل ہو جائے، ماں کے لئے مصیبت نوجوانوں کے بارے فلم بنائیے تو صرف یہاں تک پہنچئے کہ بڑوں کا عشق عشق تھا چھوٹوں کی محبت بدمعاشی اور بدکاری ہے۔ آپ مت کہئے کہ شرمید بھگوت سے لے کر ان تک مرد اور عورت کے بیچ کیا کیا گڑبڑ ہوئی ہے؟ صرف اسی پر اکتفا کیجئے کہ چند مصیبتوں میں پڑے ہوئے بڑوں کے پاس کوئی وقت نہیں ہے۔ وہ ان کو کمینی اور سیاسی نہیں سمجھتے اور اگر سمجھتے بھی ہیں تو انہیں اپنے ہی معکوس معنی پہناتے ہیں perverted۔

اب آپ اس بدنام لفظ جنس sex پر آجائیے۔ ہمارا سماج یہ تو برداشت کرسکتا ہے کہ لڑکا اور لڑکی ناچتے گاتے ہوئے ایک پیڑ کے گرد یا موٹر میں بیسیوں گھٹیا اور اخلاق سے گری ہوئی حرکتیں کریں لیکن جنس، جو پیار کرنے والے کو اپنی پیاری کو پہلا ہدیہ ہے ہم اپنے فلموں میں دو،

تین، چار زیلیں صرف یہ ثابت کرنے کے لئے لیتے ہیں کہ راجو کو رادھا سے محبت تھی۔ لیکن ذہنی بات جو چند سیکنڈ میں ثابت ہو سکتی ہے، پوری تہذیب اس کے خلاف ہے۔ ہمارا سماج اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ فلم جو کسی حد تک آرٹ بھی ہے بکر شل لوگوں اور پیشہ وروں کے ہاتھوں سے نکالی جائے۔ لیکن عملی طور پر ایسا ہوتا ہے کہ چند مناظر کے فلمانے کی اجازت لیجئے اور بڑے دونوں فلمسازوں کو یکساں طور پر نہیں ہے۔ یوں سنسر نے اپنے لئے گنجائش رکھی ہے کہ ہر فلم اور اس میں ہونے والے واقعات کو بنانے والے کی نیت اور واقعے کے پس منظر میں دیکھا جائے گا۔ لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا۔ ایک لمحے کیلئے یہ بھی لیا جائے کہ سنسر کے چودھری بڑے دل والے ہیں مگر ان کا کیا کیجئے گا جو پبلک کی سطح پر تصویر کو پاس کرنے کے سلسلہ میں پہلے دیکھتے ہیں۔ اور جن کا اچھا اور شعور قابل غور ہے۔ اور جو بار بار اس بات کا دعویٰ کرتے ہیں کہ میں فلم نہیں لکھتا دیکھتا۔

مثال کے طور پر میں ایک فلم بنا تا ہوں، جس کا بنیادی خیال یہ ہے کہ بالغ ہوتے ہوئے بچے کو جنسی تعلیم دینی چاہیئے اور اسے ان تمام خطروں سے آگاہ کرنا چاہیئے، جو پیدا ہو سکتے ہیں۔ اب ظاہر ہے

کہ لڑکے اور لڑکی کے سلسلے میں اگر کوئی لغزش نہیں دکھاؤں گا تو ڈرامہ پیدا نہیں ہوگا اور دکھاؤں گا تو اس کا حل مجھے وہی پیش کرنا پڑے گا جو قابل قبول ہے اور وہ نہیں جو کہ سائنسی حقیقت ہے۔

حال ہی کی بات ہے میں ایک فلم بنا رہا تھا، جو کہ نفسیاتی تھی ہوتا یہ ہے کہ ایک عورت کا مرد کسی اور لڑکی کی وجہ سے گھر چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔ اس کے جانے کے بعد اس عورت کے بچی پیدا ہوتی ہے۔ جوان ہو کر وہ شادی کرتی ہے۔ لیکن وہ اس کے ساتھ کچھ یوں چپک جاتی ہے کہ داماد کے لئے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے ایک دن ایسا آتا ہے کہ وہ اپنی بیٹی اور داماد کو ایک دوسرے کی بانہوں میں دیکھ لیتی ہے اور ایک لمحے کے لئے اپنے کو اپنی بیٹی کی جگہ پر دیکھ کر دیتی ہے... انسان اپنے دماغ میں بعض وقت ایسی ایسی باتیں سمجھ لیتا ہے۔ جو سماجی یا اخلاقی طور پر کس طرح سے قابل قبول نہیں لیکن یہ حقیقت کہ وہ سمجھ لیتا ہے چاہے اس کے بعد وہ اپنے آپ کو ایک بہت بڑا پاپی اور گناہگار سمجھے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوتا ہے۔ سانس ایک لمحے کیلئے رک تو جاتی ہے لیکن فوراً ہی چونک کر پیچھے ہٹ جاتی ہے اور گناہ کے احساس سے معمور مندر میں جاکر بھجن گانے لگتی ہے: میرو تو گردھر گوپال، دوسرو نہ کوئے...

(باقی صفحہ ۵ پر دیکھئے)



آنند نرائن ملّا

بڈھا

سانجھ سویرے
بڈھا جاگا
کانکھا، کھانسا
اور پھر تھوکا
جسم پر خالی
ایک لنگوٹی
ننگے بدن پر
کپڑے ڈالے
پھٹے پرانے
میلے کچیلے
رات کی تاپی آگ سے داغی
اور پھر
دھیرے دھیرے اٹھا
ٹانگیں کانپیں
ٹیسیں جاگیں
منھ سے بہتی رال میں آ کر
مل گئے آنسو کے کچھ قطرے
سیدھی کیں سن ٹیڑھی ٹانگیں
ہاتھ سے اُن کو دبا دبا کر
اور ہمت کا لے کے سہارا
آخر سیدھا کھڑا ہوا
جنبش دی مفلوج بدن کو
اور مٹھی میں
مضبوطی سے لاٹھی پکڑے
سرد ہواؤں کے جھونکوں میں
کانپتے اپنا بدن سکیڑے
نئے روز کی لمبی سڑک پر
نکلا اپنے پیٹ کی خاطر
پھر دنیا سے کشتی لڑنے

(اردو مجلس دہلی سے براڈکاسٹ)

بقیہ فلمیں کھیل نہیں — سماجی فلم

اس منظر پر [illegible] اعتماد کر کے میری ہیروئن نے بہت اعتراض کیا... یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ میں نے کہا ہوتا ہے [illegible] اور پھر جب میں یہ دکھاتا ہوں کہ وہ ایک Incest کے بوجھ سے [illegible] زدہ سینٹ کے سامنے چلی جاتی ہے تو پھر آپ کو کیا اعتراض ہے۔ ہیروئن نے وہ سین کر تو دیا لیکن سوچتی رہی کہ اس پر پبلک سے جوتے پڑیں گے

میں نے اس پر بھی کہا کہ جوتے جو پڑیں گے، آپ مجھے بھیج دیجئے میرے اپنے جوتے پرانے ہو گئے ہیں بلکہ پھٹ گئے ہیں۔

سماجی فلم بنانے والے کی حیثیت اس عورت کی طرح ہے جو غرارہ پہنے ہوئے کسی پارک میں گئی۔ جب لوٹی تو برسات ہو چکی تھی اور گھر کے سامنے پانی ہی پانی تھا۔ [illegible] کس طرح راستے میں اینٹیں اور سلیپر رکھو [illegible] اور وہ غرارے کو سنبھالتی ہوئی چلی لیکن اسے کیا معلوم کہ ایک ٹیڑھی رکھی ہوئی ہے [illegible] پانی میں گری۔ غرارے [illegible] کی کیفیت

... احتیاط ہے بے ڈول — نا بابا! سماجی [illegible] ہے چاروں طرف سے آپ گھرے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ [illegible] بھی ہیں اور تنگ کی گلی میں سے گزرنا پڑ رہا ہے۔ فلم بنانے اور دوسری کن حالات سے گزرنا پڑتا ہے اس کا آپ کو اندازہ نہیں۔ نام کو ہمیں پوری آزادی ہے جس سے حافظ کا شعر یاد آتا ہے ؎

درمیان قعر دریا تختہ بندم کردہ ای
باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

دریا میں بیچ بھنور کے نیچے تم نے مجھے ایک تختہ پر کھڑا کر دیا ہے کہ ہوشیار رہو۔ تیرا دامن نہ بھیگے!

(اردو سروس سے براڈکاسٹ)

عابد علی خاں

قومیت کا تصوّر اور ہم۔ لسانی تعصّب

ہمارے وسیع اور عریض ملک میں جہاں کئی زبانیں بولی جاتی ہیں اور جو مختلف مذاہب و تہذیبوں کا قدیم و عظیم مرکز رہا ہے۔ یہ حقیقت بڑی تاریخی اور عہد آفریں ہے کہ ہماری پچھلی تاریخ میں کبھی بھی اتحاد و قومی یکجہتی کے مسائل پیدا نہیں ہوئے۔ ہماری صدیوں پرانی تاریخ میں مذہبی و لسانی تعصب کا کوئی واقعہ نہیں ملتا۔ البتہ جب آزادی کی جدوجہد برطانوی سامراج کیلئے پریشان کن بننے لگی۔ پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو کی پالیسی پر عمل ہونے لگا۔ ہمارے قومی۔ لسانی و تہذیبی اتحاد کے لئے خطرات پیدا کئے گئے۔ لیکن اب قوم نے سوشلسٹ و سیکولر طرز کی سماج کے قیام کے لئے جو راستہ منتخب کیا ہے اس کے باعث ان خرابیوں اور بدعتوں کے ورثہ کو دور اور ختم کیا جارہا ہے۔ جو مذہبی لسانی اور تہذیبی اتحاد کے لئے ہنوز خطرہ بنے ہوئے ہیں۔

جہاں تک قومی و مذہبی اتحاد کا تعلق ہے فرقہ وارانہ جھگڑوں کے باعث حکومت نے قومی یکجہتی کونسل کے تحت اور وزارت داخلہ نے کئی آئینی و انتظامی اقدامات کے ذریعہ فرقہ واریت کے خلاف اور قومی یکجہتی کے استحکام کے لئے متعدد اہم اقدامات کئے ہیں۔ لیکن ہماری قومیت کا تصور ایک بہت بڑا چوکھٹا ہے۔ جس میں مذہب ہی نہیں بلکہ ذات پات۔ زبان صوبہ اور علاقہ واریت جیسی کئی اقدار ہیں۔ زبان کو دوسری بڑی اہمیت حاصل رہی ہے۔ چنانچہ آزادی کے بعد ہمارے ملک میں ریاستوں کی تنظیم جدید ایک اہم ترین اور انقلابی تجربہ تھی۔ کانگریس نے سیاسی آزادی کے بعد معاشی آزادی کا جو وعدہ کیا تھا اس سے زیادہ لسانی ریاستوں کے قیام کے اپنے وعدوں کو روبعمل لانے ایسے مجبور ہونا پڑا۔ لسانی ریاستوں نے جہاں ملک میں اجتماعی طور پر طمانیت پیدا کردی۔ وہیں کئی مسائل اور تعصبات بھی پیدا ہوگئے۔ چنانچہ دو زبانی ریاست بمبئی کے تجربہ کو جلد ہی منسوخ کرتے ہوئے مہاراشٹرا اور گجرات کی ریاستیں تشکیل دینی پڑی۔ اس کے بعد ریاست پنجاب کے نام کے باوجود ہریانہ کو علیحدہ کرتے ہوئے پنجابی کی علیحدہ ریاست بنانی پڑی۔ اور حال میں آسام میں پہاڑی اضلاع کی علیحدہ ریاست کی تشکیل عمل میں آئی۔ ہمارے ان تجربات و تبدیلیوں سے قطع نظر خود بنگلہ دیش کا وجود ایک اہم لسانی مسئلہ کی حیثیت سے سامنے آیا۔ زبان کا اثر مذہب و علاقے سے زیادہ ہوتا ہے۔ لیکن قومی ڈھانچہ اور عوامی تحریکات میں سماج اور دانشوروں دونوں کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ قومی تصور میں لسانی تعصب کو دخل انداز نہ ہونے دیا جائے۔ ہمارے قائدین نے ہندی کو ملک کی سرکاری زبان اس لئے قرار دیا ہے کہ ملک بھر عام بول چال کی ایک مشترکہ زبان رہے۔ ہمارے قومی اتحاد کو مستحکم اور میل جول کی کڑیوں کو مضبوط بنائے۔ لیکن ہندی کی ریاستوں میں جس ہندی کو پروان چڑھایا گیا اس ہندی نے ان توقعات کو پورا نہیں کیا۔ شاید اب وہ وقت آگیا ہے جبکہ ہندی کو مشترکہ بول چال کی زبان بنانے میں ہماری کوششوں کا محاسبہ کیا جائے۔ کیا ہمارے نقاد یہ جواب دے سکیں گے کہ پریم چند نے جو آج بھی ہندی کے سب میں بڑے ناولسٹ ہیں ان کی سطح کو اب تک بھی کوئی نہیں پہنچ سکا ہے۔ ان کی زبان اور موجودہ ہندی میں کیوں فرق ہے۔ یہ سوال اب اہم ہی نہیں بلکہ قومی اور سیاسی ضرورت بھی ہے اور لسانی و سائنٹفک اہمیت بھی رکھتا ہے۔ چونکہ ہم ملک کے لئے جس عام قومی زبان کو فروغ اور اخبارات و رسائل اور عوام کی زبان میں کیوں فرق ہے۔ اس فرق نے ہمارے قومی تصورات کو متشکل بنانے میں کس حد تک رکاوٹیں باقی رکھی ہیں۔

یہ سوال ذہن میں ستاتا ہے اور شاید کچھ عرصہ بعد ہمارے نقاد اور ماہرین لسانیت تو باضابطہ طور پر تحقیق بھی کریں گے کہ جنوب میں ہندی کیوں مقبول نہیں بنائی جاسکی اس کی وجہ صرف علاقائی زبانوں سے وابستگی ہی نہیں بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ہندی کے مزاج میں قومی و عوامی کردار پیدا کرنے میں ہم نے کس حد تک سائنٹفک اور علمی و عملی کوشش کی۔ اگر ہندی کو عام فہم و قابل قبول بنانے کی منظم کوشش کی جاتی تو بلاشبہ تامل ناڈو میں اسے قدم جمانے کا موقع ملتا۔ انگریزی کو ہم علاقائی زبانوں پر ترجیح نہیں دے رہے ہیں اور اب تو تعلیم میں اسے ثانوی اہمیت مل رہی ہے۔ لیکن انگریزی کا مسئلہ اب ہماری تعلیمی و علمی ترقی کے لئے ضروری بن گیا ہے۔ چونکہ انگریزی ہمارے تصورات کو وسعت بخشتی ہے اس لئے اب وہ وقت آگیا ہے جبکہ سوشلزم و سیکولرزم اور تہذیبی ارتقا کے ساتھ ساتھ لسانی اتحاد

و توازن کے لیے بھی کوشش کی جائے ایسی ہی کوشش سوویت یونین اور دوسرے سوشلسٹ ممالک میں ہو رہی ہے۔ سوئیزرلینڈ ایک چھوٹا سا ملک ہے جہاں یورپ کی چار پانچ زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ہمارے وسیع اور عریض ملک میں کم از کم تین زبانی فارمولے کو تعلیم یا مدارس کے علاوہ تہذیبی و قومی اتحاد کے لئے مروج و استعمال ہونا چاہیئے اس کے لئے اب یہ ناگزیر ہے کہ لسانی ریاستوں میں علاقائی زبانوں کی ترقی کے علاوہ انگریزی۔ ہندی اور اس ریاست کی دوسری بڑی زبانوں کو ترقی کا مساوی موقع ملے۔ آسام میں اب گوہاٹی یونیورسٹی کے طلبا نے انگریزی و بنگالی میں بھی جوابات لکھنے کی سہولت پر جھگڑا مانا ہے یہ لسانی تعصب قومی مفادات کے خلاف ہے۔ چونکہ اب تو اس بات کی ضرورت ہے کہ ٹامل ناڈو کا نوجوان پنجاب میں بھی ملازمت کر سکے۔ اور بنگال کے نوجوان کو گجرات میں بھی روزگار کے مواقع رہیں جیسا کہ برطانوی دور میں بھی یہ سہولت و مواقع تھے لیکن علاقائی زبانوں کی ترقی کے اس دور میں نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع بہت زیادہ علاقائی بنتے جا رہے ہیں۔ مرکزی خدمات اور عوامی شعبہ کے ادارے ہی اس وقت مینارہ نور ہیں جہاں ریاست یا زبان کی کوئی قید اور پابندی نہیں ہے۔

اُردو نے ماضی میں قومی اور عوامی زبان کی حیثیت سے جو خدمات انجام دی ہیں آزادی سے پہلے کے اُردو اخبارات اس کا ثبوت ہیں جو ہر ریاست سے نکلتے تھے اور ہر پارٹی و ہر جماعت جسے نکالا کرتی تھی لیکن آزادی کے بعد اُردو کو اس کا مستحقہ مقام حاصل نہیں رہا ہے جس کی وجہ سے اُردو جس کا وطن ہندوستان ہے جو دہلی اور لکھنؤ میں پروان چڑھی اب اس کا کوئی علاقہ نہیں اور اب یہ اہم زبان اس ملک میں جمود و انحطاط کے دوراہے پر ٹھہری ہوئی ہے۔

برسر اقتدار کانگریس نے سوشلزم اور سیکولرازم کے اپنے وعدوں کی تکمیل سے جو اقدامات کئے ہیں اس کے تحت اُردو نا انصافی کو ختم کرنے کی ضرورت کو بھی محسوس کیا گیا ہے۔ یہ کام صرف اُردو سے انصاف تک محدود نہیں رہے گا۔ بلکہ ہمارے ملک میں لسانی اتحاد و اشتراک کا جو کام ابھی شروع ہوا ہے اور جس کی اس وسیع و عریض ملک میں ضرورت بھی ہے اس کی سمت ایک اہم اقدام بھی ہوگا۔ ہمارے قومی تصورات ہماری سیاسی و تاریخی ترقی کا ایک ورثہ اور سرمایہ ہیں۔ انہیں جاندار بنانے اور ان میں رنگ بھرنے کی ضرورت ہے اور یہ اس وقت ممکن ہے جبکہ لسانی توازن کے لئے بھی ایک اشباقی پالیسی پر عمل کیا جائے اور ریاستی زبانوں کے ساتھ ساتھ قومی بین الاقوامی اور علاقائی زبان کو بھی اس کا مقام ملے۔ یہی پالیسی لسانی تعصب کو ختم کرے گی جو اب کبھی ٹامل ناڈو میں ہندی کی مخالفت اور کبھی کبھی آسام میں غیر آسامی کی مخالفت میں ابھرتی ہیں ہم سماج کی ترقی کے نئے تقاضے سیکولرازم و سوشلزم کی طرح زبان و ادب کی ہموار و جدید سائنٹیفک ترقی چاہتے ہیں چونکہ اس سے قوم کا ذہن روشن ہوتا ہے اور رنگا رنگ تہذیب پروان چڑھتی ہے جو ہمارا تاریخی ورثہ ہے۔

(ڈاکٹر اشرانی حیدرآباد سے براڈکاسٹ)

غزل

عشرت قادری

ایک خواب اور نگاہوں میں بسائیں کیسے
صبح دیکھی تھی جو تعبیر، بھلائیں کیسے

اب کوئی نجد ہے آنکھوں میں نہ صحرائے خیال
شہر میں اہلِ جنوں خاک اُڑائیں کیسے

زیرِ لب کچھ بھی نہیں تلخ تبسم کے سوا
روح کے زخم مسیحا سے چھپائیں کیسے

انگلیاں جلتی ہیں اوراق دھواں دیتے ہیں
اپنی آواز کے شعلوں کو بجھائیں کیسے

ذہن میں گونجتی ہے ٹوٹتے لمحوں کی صدا
ہم حدیثِ لب و رخسار سنائیں کیسے

ہر نفس ایک نئی ضرب ہے خودداری پر
سنگِ الفاظ سے کردار بچائیں کیسے

وقت ڈھا دیتا ہے ہر روز نیا شیش محل
زندگی تیرے در و بام سجائیں کیسے

(آل انڈیا ریڈیو بھوپال سے براڈکاسٹ)

جسٹس ایس۔ مہاراجن

کوی چکرورتی کمبن

بیسویں صدی کے تامل ناڈ میں کمبن کی عجیب دنیا ہے ہر دلعزیزی اور اس کی شاعری یا عصری مسائل کی ہم آہنگی سے متاثر ہو کر ایک اجنبی تو بجا طور پر یہ ظن ہو سکتا ہے کہ وہ عصر حاضر ہی کا شاعر ہے اور نویں صدی میں فوت ہوا۔ اس کی پُر عظمت شاعری صدیوں پر اس لئے چھائی ہوئی ہے کہ وہ اپنے نغموں میں ان ابدی مسائل کو سموتا ہے جو ہر دور میں رونما ہوتے رہتے ہیں اور رہتی دنیا تک نوعِ بشر کی روح کو مسحور کرتے رہیں گے۔

کمبن کے پیچھے ایک ہزار سال سے زیادہ مدت کی شاعرانہ روایتوں کا اٹوٹ تسلسل ہے۔ اس کی شاعرانہ صلاحیتوں کے فروغ سے پہلے تامل زبان میں بیشمار شاعر اپنے فکر و فن کے جوہر دکھا چکے تھے۔ ابھی یہ زبان منت پذیر شانہ تھی، وسعت پذیر تھی کہ انگریزی دور سے قبل سنگم اسکول کے شاعروں نے اس کو نازک خیالی، تفکر اور اشاریت سے مالا مال کیا۔ اس کے لہجہ میں ترک و تیاگ کی تلخیاں گھول دیں۔ دوسری صدی عیسوی کے ترودیلوار نے اس کے حسنِ اظہار میں چار چاند لگائے۔ جامعیت کے ساتھ صحت بخش توانائی پیدا کی۔ زبان کی ان خوبیوں سے متاثر ہو کر ایک عظیم المرتبت جرمن ڈاکٹر گرال نے اس کے اشعار کو "چاندی کی جالی میں جڑے ہوئے سونے کے سیب" سے تعبیر کیا تھا۔ وشنوی و لیشیوی۔ الوارس اور سیوائی رشیوں نائن مارس نے چھٹی اور نویں صدی کے درمیان اس زبان میں غیر معمولی لوچ اور لچک کے ساتھ اس کے گیتوں میں گرمی، اس گداز اور وجد انگیزی کی کیفیات کے پھول کھلائے۔ ان خصوصیات سے ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ کمبن کے افق شاعری پر طلوع ہونے سے بہت پہلے تامل زبان کی ساری توانائیوں کا استحصال کیا جا چکا تھا لیکن اس ہمت شکن صورتِ حال کے باوصف کمبن کے شاعرانہ جوہر نے زبان کو اظہارِ خیال کی نئی طاقتوں سے نہال کیا اور اس کو شاعرانہ رموز و نکات کی ترجمانی کے قابل بنا دیا۔ اس نے رامائن کو اپنی شاعری کا محور بنایا کیونکہ رام کی سادہ کہانی میں مہابھارت کی طرح ایسے پیچ و خم نہیں ہیں جو قاری کے ذہن کو شاعری کی مسرت بخش آزاد فضا سے ہٹا کر الجھن میں ڈال دیتے ہیں۔ "تامل ناڈ کے عوام کئی صدیوں سے رام کی کہانی کے نمایاں خد و خال یا وسیع خاکے سے اچھی طرح واقف ہیں اور الواروں کے مقدس گیتوں اور بھجنوں کے ذریعہ اس کہانی کے مختلف مقامات سے لطف اندوز ہوتے رہے ہیں۔ اس مانوس ترتیب کے اختیار کرنے کا فائدہ یہ تھا کہ کمبن قاری کی توجہ کو کہانی سے ہٹا کر اپنی شاعرانہ فطانت کے تخلیقی بیانیہ، ڈرامائی اور غنائی اسلوب پر مرتکز کر سکتا۔ رامائن کے دیباچہ میں وہ بڑے فخر کے ساتھ اعلان کرتا ہے کہ شاعری کے تقدس اور عظمت کا مظاہرہ کرنے کے لئے ہی اس نے رامائن کا انتخاب کیا ہے اور اپنے اس ادعا کو حیرت انگیز طور پر ثابت بھی کر دکھایا ہے۔

عصر حاضر کا ایک امریکی شاعر اڈورڈ لوڈر Edward Loder کہتا ہے "شاعر کمبن نے کائنات کی روحانی اور مادی صفات کو انسانی فطرت کی رعنائیوں کے ساتھ اپنے شاعرانہ افکار کا موضوع بنایا ہے۔" آگے چل کر وہ کہتا ہے۔ "کمبن نے اپنے وجد آفریں نغموں سے سب کچھ حاصل کیا جو دنیا کی پُر عظمت شاعری کا مقصود ہے۔ ملکوتی اور ابدی تاثرات کا دنیاوی اور تجرباتی کیفیات سے امتزاج ہی شاعری کی معراج ہے۔

کمبن کی رزمیہ شاعری دس ہزار گیتوں پر مشتمل ہے۔ دس منٹ کے دوران اس کی طویل رزمیہ نظم کے محاسن پر اظہار خیال آسان کام نہیں ہے۔ اس نظم میں وہ ایک ایسی ہستی کی سی والہانہ خود سپردگی، بہ اعتماد و یقین کے ساتھ گفتگو کرتا ہے جس نے زندگی پر قائم رکھنے کے مرکز کا انکشاف کر لیا ہو۔ مثال کے طور پر وہ ہرانیا (ودیہ پدم) کو لیجیے جس میں اس نے ایک انتہائی اچھوتی ڈرامائی کیفیت پیدا کی ہے۔ اس سین میں وہ خدا کی تخلیقی طاقت کے مظہر برہما اور اس کی ابدی حقیقت کے مظہر وشنو کو حریف مقابل بنا کر ان میں مکالمہ کراتا ہے۔ ہرانیا کے فرزند پرہلاد کی دعا پر بھگوان آکاش کی چھت توڑ کر انسانی جسم پر شیر کا سر لگائے بے عقیدہ ہرانیا کے سامنے جلوہ گر ہوتا ہے۔ اور اس کو چیر پھاڑ کر رکھ دیتا ہے اس کا منہ اور پنجے خون آلود ہوتے ہیں۔ جس طرح نرسمہا شدتِ غیض و غضب میں گرجتا ہے کمبن نے

آسمانی شیر کے غصہ کو ٹھنڈا کرنے کے لئے فن کارانہ حسن و ذوق اور لطیف مزاح کی چاشنی کے ساتھ بر ہما کو اس سین میں باتیں کرتا دکھایا ہے۔ انتہائی عبودیت کے لہجہ میں جو محبت آمیز طنز سے خالی نہیں بر ہما کہتا ہے۔

آتا دے پن سے یہ روپ دھار کر
اے دیوتاؤں کے دیوتا
تو نے ثابت کر دیا
کہ تجھے اپنے تئیں خلق کرنا چاہئے تھا۔
لیکن خود تخلیق کے اس عمل میں
بے شمار روپ کی تخلیق کے لئے

بر ہما پھر کہتا ہے۔

بے شمار ستارے اور سیارے
تیرے ازلی ہیولے میں ست کام ہیں
بحر منجمد شمالی کے حباب کی طرح
تجھ ہی میں ہزاروں روپ ہیں
لیکن افسوس، یہ عدیم المثال روپ دھار
تو نے کیا بے خیالی میں عائد نہیں کی
محدود کرنے والی پابندی
اپنی بیکراں کثرت پر

خدا کی لامحدودیت اور اس کے مظاہر کی یقینی محدودیت کے درمیان عدم توازن کو ظاہر کر کے بر ہما خدا کے محیط کل اور اس کی ہستی مطلق کے مابین معانی مجسم کو ان لفظوں میں ادا کرتا ہے۔

تجھ سے ہٹ کر میرا وجود نہیں
تیرے کرم کے بغیر نہ میں زندگی دے سکتا ہوں اور نہ جوہر پیدا کر سکتا ہوں
نہ پہلے اور نہ بعد میں وجود رہ سکتا ہے
میری ہستی ایک ستارہ کی سی ہے
جو تیرے ہی سنہری ہیولے میں پیدا ہوا
اس ہیولے کو روپ دیتا ہے
تیری ہی مہربانی سے

کم بن اس طرح مسلسل کئی نظموں میں اپنے خالق سے الہیاتی مسائل پر بحث کرتا ہے۔ گفتگو کا انداز جرات آمیز ہے، وقار ہے، بصیرت افروز ہے، دل گداز ہے، مزاح آمیز ہے مگر احترام کے ساتھ۔ ان نظموں میں حیرت انگیز سج دھج ہے، آب و تاب ہے، بانکپن ہے اور ڈرامائی زور بیان ہے۔ یہ نظمیں اپنی خوبیوں کے اعتبار سے دنیا کے بہترین ادب سے آنکھ ملا سکتی ہیں۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ کم بن محض الہیاتی مسائل کا شاعر ہے یا مذہبی معتقدات کا بلند بانگ ڈھنڈورچی ہے اس کی نظر کردار و کیفیات کی حقیقی دنیا میں گہری ہے اس کی رزمیہ نظموں میں زندگی اور فطرت کی رعنائیاں ہیں۔ وہ لنکا کے بے آب و گیاہ ریگستان کی پیوست و ویرانی کا اس بے حس سے مقابلہ کر سکتا ہے۔ جو ایک بیسوا اور رجیون کمتی کے آرزومندوں کے کردار کا وصف ہے۔ سینما کے آلہ عکاسی کی طرح وہ جزوی تفصیل کے ساتھ بڑے ہی دلکش انداز میں ایک بندر کے کارنامے کو زیب قلم کرتا ہے اور یہ دکھاتا ہے کہ سمندر پر پل باندھنے کے لئے وہ کس طرح بیک وقت تین پہاڑیوں میں سے ایک پہاڑی کو اپنے پاؤں سے اٹھاتا ہے دوسری پہاڑی کو اپنے اٹھے ہوئے ہاتھ پر اور تیسری پہاڑی کو اپنی دم کے جوڑ پر اٹھائے جاتا ہے۔ وہ سینکڑوں معرکوں کی روداد خداداد قوت اظہار سے اس طرح بیان کر سکتا ہے جیسے ان معرکوں میں وہ بذات خود شریک رہا ہو اور ہر جنگ کا نقشہ اور معرکہ آرائی کی مختلف صورتوں کی عکاسی اس خوش اسلوبی سے کرتا ہے کہ بدن میں سنسنی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ دل امید و بیم کے گرداب میں ہچکولے کھاتا ہے اور جذبات کا طوفان انگڑائیاں لینے لگتا ہے وہ دلی جذبات و کیفیات کے ایک ناقد بصیر کی طرح انسان کے جوش تحمل کے پوشیدہ چشموں کو بے نقاب کر سکتا ہے اور رزمیہ کی کرختگی میں ڈرامائی عنصر کی حلاوت سے توازن و ہم آہنگی پیدا کر سکتا ہے اور غنائیت کے جادو سے تابناک بنا سکتا ہے یہ سب کچھ اس کی شاعرانہ کرشمہ ہے۔ ترنم تنوع اور رنگ۔ اس میں کم بن کا کوئی حریف نہیں وہ مترنم لفظوں کو اس چابک دستی اور سحر آفریں انداز میں برتتا ہے۔ کہ ہر جذبے اور ہر موڑ کی روح چمک اٹھتی ہے اور قاری غم، ذات اور تفکرات کو بھلا کر شاعر کے پیغام سے لطف اندوز ہونے کیلئے آمادہ و تیار ہو جاتا ہے یہ سارا تصرف اس کے فطری وجدان اور ذہنی فیضان کا نتیجہ ہے جو شعری تخلیق میں اس کے شغل سینہ کاوی کو رائیگاں نہیں کرتے۔

کائنات کے پس پردہ کسی گہرے اسرار، رمز بزرگ مقصد کے اظہار میں یا نمود ذات کے باطنی غوائض کی جھلک دکھانے میں اس کے کلام کا غنائی تاثر دھیان گیان کے لمحات بڑھا دیتا ہے۔ یہ ہے درحقیقت کم بن کی شاعری کا عطر جس کی خوشبو سے متاثر ہو کر تامل عوام اس کو کوی چکرورتی یا شہنشاہ مملکت سخن۔ کہتے ہیں عظیم المرتبت دانشور اور بندر کہتے ہیں۔ کم بن نے قدیم کہانی کی سرمدی روح کو پا لیا ایک پر عظمت کار کی تخلیق میں کامیابی حاصل کی اور اپنے موضوع کو ایک عظیم اچھوتی رزمیہ بنایا۔

رباعیاں

اے بزم نگاراں ہے مجھے نار جحیم
لیکر آئی ہے یہاں تک اے عمر لئیم
یہ بھی کہنا پڑا کہ جیتے رہیئے
یہ بھی سننا پڑا کہ بابا تسلیم

دنیا کا عجب دور نظر آتا ہے
بدلا ہوا ہر طور نظر آتا ہے
حیرت ہے کہ جب آئینہ میں دیکھتا ہوں
بوڑھا کوئی اور نظر آتا ہے

سید احسن رضوی

تعمیرِ نو میں ہمارا حصہ: ایک ادیب

پہلا سوال تو یہ ہے کہ ادیب نے اس لاکھوں کروڑوں سال پرانی دنیا میں انسان کی تعمیر یا تخریب کا کب نہیں بتایا تھا کہ اس سے یہ دریافت کیا جائے کہ تعمیرِ نو میں آج کی دنیا میں اس کا عمل اور کردار کیا ہے۔ ادیب تو ہمیشہ سے زمانہ کا باغی رہا ہے۔ اسے خوب سے خوب تر کی ہمیشہ تلاش رہی ہے اگر ادیب میں اس خوب تر کی تلاش نہ ہو تو وہ ادیب ہی کہاں رہ جاتا ہے لیکن اس کے لئے خود ادیب کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ وہ ایک بے چین روح اور بیدار ضمیر لے کر اس دنیا میں جنم لیتا ہے۔ اسے اپنے چاروں طرف مکر اور برائیاں نظر آتی ہیں۔ وہ ان بدصورتیوں سے کڑھتا ہے۔ پھر اس پر احتجاج کرنے کے لئے وہ کچھ لکھتا ہے وہ تخلیق کہلاتی ہے۔ یہ تخلیق کا عمل اس کے لئے بڑا ہی کربناک ہوتا ہے اور یہ عمل جتنا زیادہ کربناک ہوتا ہے اتنی ہی بڑی سچائی وہ دنیا کے سامنے پیش کر دیتا ہے۔ یہ سچائی کبھی بے حد تلخ ہوتی ہے اور اسے اس کی سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ سارتر نے الجیریا کی جنگ کے دوران جب یہ کہا تھا کہ اب وقت آگیا ہے کہ میں اپنا ضمیر کا وفادار رہوں یا فرانس کا تو اس نے ایک بڑی تلخ بات کہی تھی۔ اس نے مصنوعی قوم پرستی پر استہزا کیا تھا۔ وہ بڑا ادیب تھا۔ معاشرہ کی سختیوں کو جھیل گیا۔ مگر ایسے کتنے چھوٹے سادہ لوح ہیں جن کے دل کی بات اُن کے دل ہی میں رہ جاتی ہے اور زبان تک نہیں لاتے تو اس طرح کے معاشرہ سے لڑنا بھی ادیب کا ایک فرض ہے۔ جہاں زبانوں پر قفل پڑ گئے ہوں اور سچی بات کہنے پر ہاتھ قلم کر لئے جاتے ہوں مختصر یہ کہ اگر ادیب میں جراٴت نہیں، فن گوئی کے لئے مر مٹنے کا جذبہ نہیں تو وہ اپنے فرض کو پورا نہیں کر سکتا ہے۔

اس تمہید کے بعد آئیے دیکھیں کہ ہمارے معاشرہ میں اس وقت کیا خامیاں کیا خوبیاں اور کیا برائیاں ہیں۔ خوبیاں تو یہ ہیں کہ ملک کو آزاد ہوئے پچیس برس ہو گئے ہیں۔ ہم اس سال اپنی آزادی کی سلور جوبلی بھی منانے جا رہے ہیں۔ ملک میں صنعتی ترقی آئی ہے۔ زرعی انقلاب بھی رونما ہوا ہے۔ بڑے بڑے کارخانے بھی قائم ہوئے ہیں۔ تمام آدمی نسبتاً بہتر حالت میں ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ہمارا پورا معاشرہ ایک گھٹن کا شکار ہے یہاں فرقہ پرستی ہے۔ تنگ نظری ہے اور نیچ ذات ہے۔ چھوت چھات ہے۔ آج بھی جن دور دراز دیہاتوں میں ذلت کی زندگی گذار رہے ہیں اور ان کا استحصال ہو رہا ہے۔ اس پر احتجاج بھی ہو رہا ہے جو ہمارے عالی شعور کا ثبوت ہے۔ اب اگر ادیب محض آزادی کی سلور جوبلی کے گیت گاتا ہے اور ان ناسوروں پر پردہ ڈالتا ہے تو اپنے فرض سے کوتاہی کرتا ہے وہ ادیب نہیں ڈھنڈورچی ہے نیز ادیب کی یہ حکمتِ عملی اب ناکام ہو چکی ہے۔ مشین کے گیت گانا اور مزدوروں کے دکھ درد کو فراموش کر دینا ایک ادیب سے ممکن نہیں ہے یہ کام مبلغ کا ہے ادیب کا نہیں۔ ادیب جس آگ میں خود جلتا ہے اس میں دوسروں کو بھی جلاتا ہے۔ تعمیرِ نو کا مقصد ادیب کے لئے ذہنی تعمیر ہے جب تک انسان کی ذہنی تعمیر نہیں ہو جاتی ہے وہ تنگ نظری اور گھٹیا چھچھورے پن سے بلند نہیں ہوتا ہے وہ نجات نہیں پا سکتا۔ دنیا کو جنت بنانے کا خواب پرانا ہے ہر دور نے اپنے مقدور بھر اس دنیا کو آگے ہی لے جانے کی کوشش کی ہے یہ کوشش آج بھی ہو رہی ہے اور یہ کل بھی ہوتی اور ماضی کے کل میں بھی ہوتی رہی تھی۔ ادیب اس پروسس کی تکمیل میں اپنی ذہنی ایمان داری کے بل بوتہ پر ہی شریک رہتا ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ اس وقت ہمارے ملک میں کون سے عناصر ایسے ہیں جو تعمیر سے نبرد آزما ہیں۔ آزادی سے قبل اور اس کے بعد برابر یہ جنگ مراعات یافتہ طبقہ اور محروم طبقہ کی جنگ چلتی رہی ہے۔ ہمارے ملک نے سوشلزم کو نصب العین بنایا ہے اس کے بعد جد و جہد ہو رہی ہے مراعات یافتہ طبقہ بظاہر اس وقت شکست کھا چکا ہے لیکن اس کی یہ شکست ابھی یقینی نہیں ہے کیا جذباتی طوفان نے اسے بہا دیا ہے اس طبقہ کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے لئے آبادی کو علم و یقین کی نئی روشنی دینا ہے اور ادیب پروفیسر انھیں دے سکتا ہے۔ نعرے لگا کر نہیں بلکہ تخلیق کا جادو جگا کر اسے اپنے قاری کو بتانا ہوگا۔ وقیانوسیت اس کے معاشرہ کے لئے ہی نہیں خود اس کے لئے بھی مہلک ہے۔ جب کوئی انسان اس خلائی دور میں ہزاروں سال پیچھے لوٹنے اور غاروں میں رہنے کی سوچتا ہے تو وہ محض خود کو فریب میں مبتلا نہیں کرتا۔ اپنے گرد و پیش اور ماحول کو بھی زہر آلود کرتا ہے۔ ایک مذہبی پیشوا جب یہ کہے کہ چاند پر انسان کے اترنے کی داستان مہمل ہے تو وہ ہو سکتا ہے کہ پچھلے دور کے انسانی ذہن کے ارتقا کی سچائی بیان

کر رہا ہو لیکن آج کی یہ سچائی ہے کہ انسان کائنات کو تسخیر کرنے کی ایک عظیم الشان مہم کا آغاز کر چکا ہے۔ اس لئے پچھلے علوم باطل ہو گئے ہیں اور نئی سچائیاں سامنے آئی ہیں۔ معاشرہ کو ان ہی سچائیوں سامنے آئی ہیں معاشرہ کو ان ہی سچائیوں کے مطابق اپنے کو ڈھالنا ہوگا۔ ورنہ وہ دورِ حاضر کے تقاضوں سے دور رہ جائیگا اس معاشرہ کے افراد خبطی، پاگل اور بردرد غلط ہونگے۔ وہ معاشرہ کی تباہی کے ذمہ دار ہوں گے۔ وہ خود تو ڈوبیں گے مگر یار کو لے ڈوبیں گے۔ ان افراد اور اس طرح کی ذہنیت سے ادیب ہمیشہ لڑا ہے۔ وہ آج بھی ان کے خلاف لڑے گا۔ ورنہ دنیا جمالیاتی حسن سے محروم ہو جائے گی۔ اسی کے ساتھ اسے یہ بھی بتانا ہوگا کہ مشینی دور جواب ارتقائی منزلیں طے کرتا ہوا کمپیوٹر دور بن رہا ہے اپنے ساتھ یقیناً بھی لایا ہے روحانیت کے فقدان نے جواب میں ہپی ازم، عریانیت، جنسی کمزوری اور مادیت کو جنم دیا ہے۔ بے عقیدگی کی ماری ہوئی یہ نسل مزاح اور بدکرداری کی راہ پر چل پڑی ہے۔ نسلی بعد کے نام پر ہر بات روا کر لی گئی ہے۔ چرس اور بے ہنگم لباس اور حیوانی زندگی معاشرہ کے لئے بے حد خطرناک ہے اس لئے ہمیں اپنے ملک کی اس طرح تعمیر کرنا ہوگی کہ اس میں ہر قدیم کلچر کی روحانیت، سنتوں سادھوؤں اور صوفیوں کی قوم خوبی سموئی رہے۔ ادیب نے اگر ایسا نہیں کیا تو وہ اپنے فرائض کی بجا آوری میں ناکام رہے گا۔ اگر وہ لیبل لگا کر فوجی بچوں میں شامل ہو گیا۔ اور خود کو "ناراض نوجوانوں" کے گروہ میں شامل کر لیا تو شاید اسے وقتی طور پر داد و تحسین ہو جائے۔ لیکن وہ انسانی دکھوں کا مداوا نہ کر سکے گا۔ اس لئے آج بے نوازی سے بچنا بھی ادیب کے لئے ضروری ہے۔ جیلیو نی ورسٹی کیمپس میں امریکی طلبا اور طالبات برہنہ ہو کر مظاہرہ کرنے لگیں تو یہ احتجاج اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ علم کا غلط استعمال بھی معاشرہ کو تباہی سے دوچار کر دیتا ہے۔

ہمیں ادب کے ذریعہ قاری کو اس خطرہ کے خلاف انتباہ دینا ہوگا لیکن ایک سیاستداں کی طرح نہیں جو محض سامنے کے مفادات کے پیش نظر معاشرہ کو حرکت میں لانے کی کوشش کرتا ہے۔ ادیب معاشرہ کی تعمیر نو کے سلسلے میں روزمرہ کی سیاست میں پڑ کر اپنے کو اور ادب کو آلودہ نہیں کر سکتا ادیب کا کام تو وہاں سے شروع ہوتا ہے جہاں سے سیاست داں اور سائنسداں کا ختم ہوتا ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں لیا جائے کہ ادیب سیاستداں اور سائنسداں سے کچھ بڑی یا انوکھی چیز ہے۔ وہ ادیب کیا بڑا ہو سکتا ہے۔ جسے پیٹ بھر روٹی بھی میسر نہ ہو اور جس کی معاشرہ میں بے آبروئی ہوتی ہو۔ بہرکیف اتنا جان ہی لیجئے کہ سیاستداں کا کام ملک کے انتظامی سیاسی ڈھانچے کی تعمیر و تخریب ہے اور سائنسداں کا کام کائنات کے سینے کو چیر کر "رازہائے دروں" کا انکشاف اس کے برعکس ادیب کا یہ کام ہے کہ وہ انسانی ذہن کی گہرائیوں میں اترتا ہے اور پھر دلوں کی گونج میں لے جاتا ہے۔ اور وہاں سے صدائے احتجاج بن کر نکلتا ہے اس کی صدائے احتجاج ہی تعمیر نو کی نقیب ہوتی ہے یہی اس کا حق ہے اور اسے اس کے اس حق سے کوئی محروم نہیں کر سکتا

اگر تاریخ انسانی کے کسی دور میں اسے اس کے اس حق سے محروم رکھا گیا ہے تو اس کی آہوں نے اور اس کی شعلہ نوائی نے بڑے بڑے مغروروں کے راج سنگھاسن بھسم کر ڈالے ہیں۔ ادیب آزاد، جمہوریت پسند اور انسانی دوست رہا ہے اس کے قلم سے نکلا ہوا ہر لفظ، زندگی کو آگے بڑھاتا ہے۔ آگے اور اور مستقبل کی ان امیدوں اور آرزوؤں کی طرف جن کا خواب بابا آدم نے جنت میں دیکھا تھا اور شجرِ ممنوعہ چکھ کر وہ اس دنیائے مقررہ پر نکل پڑے تھے۔

عمر مداری

غزل

ستمگر نہ دشمنی کو ہم آن کی تو کیا ہوا
جب دل سا دوست بھی ہے آنکھوں سے ملا ہوا

تعبیر خودکشی سے ہوئی واردات قتل
اس کی گلی میں رات عجب واقعہ ہوا

دیوانہ جب چلا گیا بستی کو چھوڑ کر
ہر شخص پوچھتا ہے کہ "وہ شخص کیا ہوا"

یہ جنگ حسن و عشق بھی ہے کیا عجیب جنگ
عمریں گزر گئیں نہ کوئی فیصلہ ہوا

اے گردش حیات بس اتنا بتا مجھے
مجھ کو برا بنا کے ترا کیا بھلا ہوا

یاروں نے گلستاں میں اڑائی ہے اتنی دھول
کس کو کہوں کہ اس کا ہے دامن بچا ہوا

کانٹوں پہ راہ کے بھی جو یوں سو گیا عمر
کیا جانئے تھا کتنا مسافر تھکا ہوا

(آکاشوانی لکھنؤ سے براڈکاسٹ)

کرشن موہن

غزل

البیلے ارمانوں نے خوابوں کے بُنے ہیں جال کئی
ایک چمک بیسکر اٹھے ہیں جذبات پامال کئی

زندہ سمجھا جب تابندہ تھا، اب تو بالکل بسلجھ ہوں
بیت چکے ہیں میری موت کو اب تو ماہ و سال کئی

ماضی کی یادو نہ ستاؤ، اِن غاروں میں اُتر جاؤ
میں نے تمہاری خاطر کھولے ہیں دل کے پاتال کئی

تیری یاد کا عکس بھی ٹوٹا ٹوٹا دھندلا دھندلا ہے
درد بھرے دل کے آئینے میں آئے ہیں بال کئی

روپ کی مستی پیار کا نشہ، نام کی عظمت، زر کا غرور
دھرتی پر انساں کیلئے پھیلے ہیں مایا جال کئی

اپنی اپنی قسمت ہے اور اپنی اپنی فطرت ہے
خوشیوں سے پامال کئی ہیں، غم سے مالا مال کئی

انسانوں کا کال پڑا ہے وقت کڑا ہے دنیا پر
ایسے کڑے کب وقت پڑے تھے یوں تو پڑے ہیں کال کئی

سوزِ محبت، حسرت و حرماں، طعنِ حریفاں، فکرِ معاش
جی اک ہے جنجال کئی ہیں جان ہے ایک وبال کئی

(ریڈیو کشمیر سری نگر سے براڈکاسٹ)

وِوِدھ بھارتی پروگرام

آل انڈیا ریڈیو کی تجارتی سروس

دہلی (ج)
۲۱۹ میٹر۔ ۱۳۷۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۳۰ سے ۱۰-۰۰، صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰
دوپہر تک، دوپہر ۲ سے ۵-۳۰ شام تک
شام ۵-۴۵ سے ۱۱-۰۰ بجے سے

الہ آباد (ب)
۲۱۱/۲ میٹر۔ ۱۴۲۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

کانپور
۲۰۸/۳ میٹر۔ ۱۴۴۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

لکھنؤ (ج)
۳۲۹/۷ میٹر۔ ۹۱۰ کلوہرٹز
صبح ۶-۵۵ سے ۱۰-۴۰ رات تک

جالندھر
۲۲۲/۲ میٹر۔ ۱۳۵۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۳۰ سے ۱۰-۳۰ رات تک

چنڈی گڑھ
۲۴۵/۹ میٹر۔ ۱۲۲۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۳۰ سے ۱۰-۳۰ رات تک

بمبئی (ج)
۲۵۲/۱ میٹر۔ ۱۱۹۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۳۰ سے ۹-۳۰ تک صبح ۱۰-۱۵ سے
۱۲-۳۰ دوپہر تک، دوپہر ۲-۰۰ سے ۱۱-۱۰ رات

ناگپور (ب)
۴۵۴/۵ میٹر۔ ۶۶۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۰۰ رات تک

پونہ (ب)
۳۰۹/۳ میٹر۔ ۹۷۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۱۱ رات تک

احمد آباد (ب)
۲۱۴/۳ میٹر۔ ۱۴۰۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

راجکوٹ (ب)
۲۱۱/۳ میٹر۔ ۱۴۲۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

مدراس (ج)
۱۹۳/۵ میٹر۔ ۱۵۵۰ کلوہرٹز
صبح ۹-۵۵ سے ۱۰-۳۰ رات تک

تروچی (ب)
۲۰۲/۷ میٹر۔ ۱۴۸۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ رات تک

حیدرآباد (ج)
۲۴۵/۹ میٹر۔ ۱۲۲۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۳۰ سے ۹-۳۰، ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ دوپہر
تک، دوپہر ۲-۰۰ سے ۵-۳۰ شام تک
شام ۶-۳۰ سے ۱۰-۳۰ رات تک

وجے واڑہ (ب)
۲۰۰ میٹر۔ ۱۵۰۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۹-۳۰ بجے تک
صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ بجے تک
دوپہر ۲-۰۰ سے ۵-۳۰ بجے تک
شام ۶-۳۰ سے ۱۰-۳۰ بجے تک

بنگلور (ب)
۲۸۵/۷ میٹر۔ ۱۰۵۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ بجے تک

دھاڑواڑ (ب)
۲۵۸/۶ میٹر۔ ۱۱۶۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ بجے تک

کلکتہ (ج)
۲۲۷/۳ میٹر۔ ۱۳۲۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۹-۳۰ بجے تک
صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ دوپہر تک
دوپہر ۲-۰۰ سے ۱۱-۱۰ رات تک

سری نگر (ج)
۲۰۱/۳ میٹر۔ ۱۴۹۰ کلوہرٹز
صبح ۷-۰۰ سے ۱۰-۴۰ بجے تک

دہلی ٹیلی ویژن کے پروگرام

چینل ۴ — بینڈ

تصویر ۶۲/۶۵ ایم۔ایچ زیڈ

آواز ۶۷/۷۵ ایم۔ایچ زیڈ

...یکم دسمبر

...سروس

...ام

۶ بچوں کے لیے

۷ دیش ودیش

۷ کشوروں کے لیے

۷ کرشی درشن

۸ سارے گا

موسیقی کا پروگرام

۹ انگریزی فلم

۹ ایشیائی میلہ ۱۹۷۲ء کے بارے میں

سنیچروار ۲ دسمبر

...سروس

شام

۶ علاقائی فیچر فلم

۸ (بقیہ)

۹ اعلان کے مطابق

۹ ہندوستانی خبروں پر تبصرہ

...ار ۳ دسمبر

...سروس

شام

۵ ایشیائی میلہ ۱۹۷۲ء سے

۶ ہندی فیچر فلم

۸ (بقیہ)

۹ پھر پیش ہے

...موار ۴ دسمبر

...سروس

شام

۶ کھیل کے میدان سے

۶ معلوماتی فلم

۷ دیش ودیش

۷ سوموار کی ڈاک

۷ کرشی درشن

۸ ناٹک

۹ مرر آف دی ورلڈ

۹ آور گیسٹ ٹو نائٹ

...نگلوار ۵ دسمبر

...سروس

شام

۶ بچوں کے لیے

۷ دہلی نئی پرانی

۷ ...پروگرام

۷-۳۰ ایشیائی میلہ ۷۲ء کے بارے میں

۸-۲۸ محفل

۸-۵۵ پتریکا

۹-۲۰ انگریزی فلم

بدھوار ۶ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ موسیقی

۶-۴۵ وشو درشن

۷-۰۰ وگیان پتریکا

۷-۳۰ کرشی درشن

۸-۲۸ ورائٹی پروگرام

۹-۰۰ پروب

۹-۲۰ ٹی وی۔ فولیو (انگریزی میگزین)

جمعرات ۷ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ ایشیائی میلہ ۷۲ء کے بارے میں

ٹی وی۔ رپورٹ

۷-۳۰ نگر ناگرک

۸-۲۸ چترہار

۹-۰۰ یوتھ فورم

۹-۲۵ دی راؤنڈ ٹیبل

جمعہ ۸ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے

۷-۰۰ دیش ودیش

۷-۱۵ معلوماتی فیچر

۷-۳۰ کرشی درشن

۸-۲۸ سا۔رے۔گا: موسیقی پروگرام

۹-۰۰ کھیل کے میدان سے

۹-۲۰ ایشیائی میلہ ۷۲ء کے بارے میں

سنیچروار ۹ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ کرشی درشن پیچ

۷-۰۰ اعلان کے مطابق

۷-۳۰ انگریزی فلم

۸-۱۲ انگریزی فیچر فلم (بقیہ)

۹-۰۵ انٹرنیشنل ایکونٹنگ

۹-۲۵ ہندوستانی خبروں پر تبصرہ

اتوار ۱۰ دسمبر

جنرل سروس

شام

۵-۳۰ ایشیائی میلہ ۷۲ء کے بارے میں

۶-۳۰ ہندی فیچر فلم

۸-۱۲ بقایا ہندی فلم

۹-۱۵ نرتیہ ناٹیکا

سوموار ۱۱ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ کھیل کے میدان سے

۶-۴۵ معلوماتی فلم

۷-۰۰ دیش ودیش

۷-۱۵ سوموار کی ڈاک

۷-۳۰ کرشی درشن

۸-۲۸ ناٹک

۹-۰۰ مرر آف دی ورلڈ

۹-۳۰ اعلان کے مطابق

منگلوار ۱۲ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے

۷-۰۰ دہلی نئی پرانی

۷-۱۵ جھلکی

۷-۳۰ ایشیائی میلہ ۷۲ء کے بارے میں

۸-۲۸ محفل ۸-۵۵ پتریکا

۹-۲۰ انگریزی فلم

بدھوار ۱۳ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ موسیقی ۶-۴۵ وشو درشن

۷-۰۰ وگیان پتریکا

۷-۳۰ کرشی درشن

۸-۲۸ ڈرامہ

۹-۰۰ آرٹ اور آرٹسٹ

۹-۱۵ ٹی وی۔ فولیو (انگریزی)

جمعرات ۱۴ دسمبر

جنرل سروس

شام فلم

۶-۳۰

۷-۰۰ ایشیائی میلہ ۷۲ء

۷-۳۰ نگر ناگرک

۸-۲۸ چترہار

۹-۰۰ یوتھ فورم: نوجوانوں کے لیے

۹-۲۵ اوپن مائنڈ

جمعہ ۱۵ دسمبر

جنرل سروس

شام

۶-۳۰ بچوں کے لیے

۷-۰۰ دیش ودیش

۷-۱۵ کشوروں کے لیے

۷-۳۰ کرشی درشن

۸-۲۸ سا۔رے۔گا

۹-۰۰ انگریزی فلم

۹-۲۵ ایشیائی تجارتی میلہ ۷۲ء

مقررہ پروگرام

شام

۸-۰۰ سماچار (اتوار، بدھ اور ہفتہ کو)

سماچار دیپکا (سوموار اور جمعہ کو)

سماچار اور آج کل (منگلوار اور جمعرات)

۸-۲۵ پروگراموں کا خلاصہ (سوائے ہفتہ اور اتوار کے)

۸-۲۸ چترہار (صرف جمعرات کو)

۹-۴۵ انگریزی میں خبریں

اسکول براڈکاسٹ

صبح ۹-۰۰، ۹-۴۰ اور ۱۰-۱۱

دوپہر ۲-۳۵، ۳-۱۵ اور ۴-۵

ودھ بھارتی

پہلی سبھا (الف) صبح ۶-۵۵ سے ۸-۳۰ تک ۱۷ر۴۹ میٹر ۶۰۳۵ کلو ہرٹز
(ب) صبح ۶-۵۵ سے ۹-۳۰ تک ۳۲ر۴۱ ۷۲۶۰ ״

دوسری سبھا صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۲-۳۰ تک ۵۵ر۳۱ ״ ۹۵۱۰ ״

تیسری سبھا (الف) دوپہر ۲-۰۰ سے ۳-۴۵ تک ۳۶ر۲۵ ״ ۱۱۸۳۰ ״
(ب) ״ ۱-۰۰ سے ۳-۴ تک ۷۷ر۳۰ ״ ۹۷۵۰ ״

آکاش وانی کا
پنج رنگی پروگرام

چوتھی سبھا ۲-۰۰ بجے سے ۵-۳۰ بجے تک ۲۷ر۲۵ میٹر ۱۱۸۷۰ کلو ہرٹز
شام ۶-۳۰ بجے سے رات ۸-۱۵ بجے تک ۳۳ر۳۱ ״ ۹۵۷۵ ״
شام ۶-۳۰ بجے سے رات ۱۰-۳۰ / ۱۱-۲ تک ۳۰ر۴۹ ״ ۶۰۸۵ ״

سنیچروار کو چوتھی سبھا ۱۱-۲ بجے تک

اتوار و دیگر تعطیلات کے پروگرام

صبح

- ۶-۵۵ وندے ماترم
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۲ وندن وار
- ۷-۲۰ اردے گان
- ۷-۳۰ جے مالا کے پھول
- ۷-۴۵ بھگتی گان
- ۸-۱۵ مدھو ون
- ۸-۳۰ جے مالا
- ۹-۰۰ مختصر خبریں
- ۹-۲ منورنجن — فرمائشی پروگرام
- ۹-۳۰ اختتام

دوپہر

- ۱۰-۰۰ اپنا گھر
- ۱۰-۴۵ گنجن — فلمی دھنیں
- ۱۱-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۱-۲ چتر دھونی
(صرف اتوار)
(دیگر تعطیلات کو رتنا کر پروگرام)
- ۱۲-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۲-۲ سنگیت پہیلی
- ۱۲-۱۵ چوبارا — لوک سنگیت
- ۱۲-۴۵ جھروکا
- ۱۲-۳۰ اختتام

سہ پہر

- ۲-۰۰ نیلا کے پھول
- ۲-۳۰ خصوصی جے مالا (دوبارہ نشر)
- ۳-۰۰ مختصر خبریں
- ۳-۲ خصوصی جے مالا (مسلسل)
- ۳-۱۵ پھول بان
- ۳-۳۰ انوبھوتی (کلاسیکی ساز سنگیت)
- ۳-۴۵ انجلی
- ۴-۰۰ مختصر خبریں
- ۴-۲ گیت مالیکا
- ۵-۰۰ مختصر خبریں
- ۵-۲ مدھر سنگیت
- ۵-۳۰ اختتام

شام

- ۶-۳۰ سندھیا گیت — فلمی بھجن گیت
- ۶-۴۵ وریندگان — فلمی کورس گانے
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۲ جے مالا — فرمائشی پروگرام
- ۷-۴۵ راگ رنگ — فلمی کلاسیکی موسیقی
- ۸-۰۰ مختصر خبریں
- ۸-۲ ایک دھن
- ۸-۵ چترشالا
- ۸-۱۰ منورنجن
- ۸-۴۰ ایک گیت
- ۸-۴۵ چترپٹ
- ۹-۰۰ رنگ دھارا
- ۹-۱۰ گنجن
- ۹-۱۵ ہوا محل
- ۹-۳۰ من چاہے گیت
- ۱۰-۱۵ جھروکا
- ۱۰-۳۰ شبھ راتری
- ۱۰-۳۵ ختم

ہفتے کے دوسرے دنوں کے پروگرام

صبح

- ۶-۵۵ وندے ماترم
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۲ وندن وار
- ۷-۲۰ اردے گان
- ۷-۳۰ تری وینی
- ۷-۴۵ بھگتی گان
- ۸-۱۵ مدھو ون
- ۸-۳۰ جے مالا
- ۹-۰۰ مختصر خبریں
- ۹-۲ منورنجن — فرمائشی پروگرام
- ۹-۳۰ اختتام

دوپہر

- ۱۰-۱۵ گنجن
- ۱۰-۲۵ جے مالا
- ۱۰-۵۵ ایک گیت
- ۱۱-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۱-۲ گلدستہ
- ۱۱-۱۵ من چاہے گیت
- ۱۲-۰۰ مختصر خبریں
- ۱۲-۲ چتر دھونی کا النش
- ۱۲-۱۵ جھروکا
- ۱۲-۳۰ اختتام

سہ پہر

- ۲-۰۰ رنگ ترنگ — غیر فلمی گیت
- ۲-۳۰ منورنجن
- ۳-۰۰ مختصر خبریں
- ۳-۲ منجوشا : علاقائی موسیقی
- ۳-۱۵ داتائیں — غیر ملکی ساز سنگیت
- ۳-۳۰ چترنگ : فلم سنگیت
- ۳-۴۵ انجلی
- ۴-۰۰ مختصر خبریں
- ۴-۲ گیت مالیکا
- ۵-۰۰ مختصر خبریں
- ۵-۲ مدھر سنگیت ۵-۳۰ اختتام

شام

- ۶-۳۰ سنگیت ابھگتی سنگیت
- ۶-۴۵ وریندگان — فلمی کورس گانے
- ۷-۰۰ مختصر خبریں
- ۷-۴ جے مالا
- ۷-۴۵ راگ رنگ — کلاسیکی فلمی موسیقی
- ۸-۰۰ مختصر خبریں
- ۸-۲ ایک دھن
- ۸-۵ چترشالا
- ۸-۱۰ منورنجن
- ۸-۴۰ ایک گیت
- ۸-۴۵ چترپٹ
- ۹-۰۰ رنگ دھارا
(صرف سنیچر کو پروگرام سامعین کے خطوں کے جواب)
- ۹-۱۰ گنجن
- ۹-۱۵ ہوا محل
- ۹-۳۰ من چاہے گیت
- ۱۰-۱۵ جھروکا
- ۱۰-۳۰ شبھ راتری
- ۱۰-۳۵ اختتام

سنیچر وار کی رات کا پروگرام

- ۱۰-۳۰ سنت راگنی : سنات گانے
- ۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
- ۱۱-۲۰ اختتام

ریڈیو کشمیر جموں

میڈیم ویو سروس

۳۰۳ میٹرز ۹۹۰ کلوہرٹز

شارٹ ویو سروس

صبح ۶-۳۰ سے ۸-۴۵ تک	۸۹۔۶۹ میٹرز ۳۳۴۵ کلوہرٹز
صبح ۸-۰۰ سے ۱۰-۰۰ تک	۵۰۔۳۴ ″ ۵۹۶۰ ″ ″
صبح ۱۰-۱۵ سے ۱۱-۴۵ تک	۵۰۔۳۴ ″ ۵۹۶۰ ″ ″
صبح ۔۔۵ سے ۱۲-۰۰ تک	۸۹۔۶۹ ″ ۳۳۴۵ ″ ″

مقررہ پروگرام

صبح

۷-۰۰ بندے ماترم
۷-۰۵ وندنا
۷-۳۰ آج کا کاریہ کرم
۷-۲۵ ڈوگری سنگیت
۷-۴۰ فلمی سنگیت +
۸-۰۰ ہندی میں خبریں
۸-۱۰ انگریزی میں خبریں
۸-۲۰ ڈوگری میں خبریں
۸-۳۰ سوریا دھوری
سگم سنگیت کا پروگرام
۸-۵۰ اردو میں خبریں
۹-۰۰ اختتام
(اتوار کو ۔۔۔۔ بجے)

دوپہر

۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱۱-۰۵ انگریزی میں خبریں
۱۱-۱۰ ڈوگری میں پرادیشک سماچار
۱۱-۱۵ وودھ بھارتی پروگرام
(منگلوار- بازنشریہ ناٹک)
۱۲-۱۰ سینکوں کے لئے
۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱-۱۰ انگریزی میں خبریں
۱-۱۵ فوجی بھائیوں کے لئے
(مسلسل)
۲-۰۰ انگریزی میں خبریں
۲-۱۰ ہندی میں خبریں
۲-۱۵ گیت اور غزل
۲-۵۰ انگریزی میں خبریں
(دھیمی رفتار سے)
۳-۰۰ ہندی میں خبریں
۳-۰۲ انگریزی میں خبریں
۳-۰۵ اختتام

شام

۵-۰۰ ہندی میں خبریں
۵-۰۲ انگریزی میں خبریں
۵-۰۴ سینکوں کے لئے
۵-۵۰ ڈوگری میں پرادیشک سماچار
۶-۰۰ انگریزی میں خبریں
۶-۰۵ ہندی میں خبریں
۶-۱۰ کاریکرم کی روپ ریکھا
اور استھانیہ سوچنائیں
۶-۱۵ شاستریہ سنگیت
(سوائے سوموار- بدھوار اور سنیچروار)
۶-۳۰ دیس سوہانا
دیہاتی شہری پروگرام
۷-۱۵ ڈوگری میں پروگرام
۷-۲۵ ڈوگری میں خبروں پر تبصرہ
۷-۳۰ سازینہ
۷-۳۵ سامبنگی
۷-۴۵ اردو میں خبریں
(سری نگر سے ریلے)
۷-۵۵ بات چیت
(سری نگر سے ریلے)
۸-۲۵ سنگیت انجلی
۸-۴۵ ہندی میں خبریں
۹-۰۰ انگریزی میں خبریں
۹-۱۵ اردو میں خبریں
۱۱-۰۰ ہندی میں خبریں
۱۱-۰۲ انگریزی میں خبریں (۱۱-۱۰ اختتام)

یکم دسمبر

صبح

۸-۳۰ افضل حسین
وادرا
۹-۰۰ گاندھی چنتن
۹-۱۰ شبنم +
۱-۳۰ آئینہ
۵-۳۰ پھلواڑی
ننھے منوں کے لئے
۸-۰۰ خاندانی منصوبہ بندی کے لئے نیا ایکٹ
اردو بات چیت
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۳۰ قوالی
۹-۳۰ نرجھر
ہندی ادبی پروگرام
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ رجنی گندھا
پرانی فلموں سے

۲ر دسمبر

صبح

۸-۲۰ شاید آپ جانتے ہوں
مختصر معلوماتی بات چیت
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ بھوبنیشور مشرا
وائلن پر شدھ سارنگ
۱-۳۰ نیا چوپال
۶-۱۵ شعر و سخن +
۸-۰۰ آپکی چٹھی ملی اور آپکی فرمائش
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ سنگیت کاریہ کرم

۳ر دسمبر

صبح

۸-۲۰ کاویہ گان
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ بال جگت
بچوں کے لئے ہندی میں پروگرام
۹-۴۵ پرادیشک سنگیت
۱-۳۰ سب رس
۸-۰۰ انگریزی بات چیت
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت انجلی
۸-۳۵ کشمیری موسیقی
۹-۳۰ ناری اور چٹان
ہندی ناٹک
از دیوورتن شاستری
۱۰-۳۰ نوجوانوں کے لئے
اپنی پسند
فلمی سنگیت

۴ر دسمبر

صبح

۸-۲۰ انمول بول
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ پنڈت جسراج
خیال میاں کی ٹوڈی
۱-۳۰ آئینہ
۶-۱۵ پرادیشک ریڈیو نیوز ریل
[illegible] محفل: اردو میں [illegible] پروگرام
۸-۳۰ سنگیت انجلی
۹-۳۰ من بھاون
فرمائش +
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ پنڈت جسراج
شاستریہ سنگیت

۵ر دسمبر

صبح

۸-۲۰ وادیہ درنار
۹-۰۰ کندن لال شرما
خیال آساوری
لکشمن پرشاد جے پورے
گوڑی جوگیا
۱۱-۱۵ بازنشریہ ناٹک
۱۲-۱۰ وودھ بھارتی پروگرام
۱-۳۰ میلا منڈل
۸-۰۰ چڑھ جاتے بھائی گی [illegible]
گئے پر لو ارلو جیا
ڈوگری بات چیت
الاپ بی بی بیر
۸-۱۵ اننت رام، سنت رام
ڈوگری سنگیت
۹-۳۰ [illegible] قومی پروگرام انگریزی
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ [illegible] ستارنواز

۶ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ شاید آپ جانتے ہوں
مختصر معلوماتی بات چیت
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ اننت لال اور ساتھی
شہنائی پر بھیرویں ٹوڈی
افضل حسین سے پوری
ٹھمری بھیروی
۱-۳۰ بزم قوالی
۸-۰۰ جموں میں پرائمری شکشا
ہندی میں فیچر
۸-۱۵ سماچار درشن
۹-۳۰ چرچا کا رستہ ہے
۹-۵۰ نئی فلموں سے +
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ پائل
(نرتیہ سنگیت)
۱۰-۴۵ اننت لال اور ساتھی
شہنائی پر چندر کونس

۷ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ ٹھمری اور دادرا +
۹-۰۰ کے۔ جی۔ گنڈے
خیال بلاس خانی ٹوڑی
۱-۳۰ بہنیں آ سطے
عورتوں کے لئے ڈوگری میں
پروگرام
۶-۱۵ ہمارا شہر
جموں کی شہری زندگی کی
صوتی تصویر
۸-۰۰ نوجوانوں کے لیے
۸-۳۰ سنگیت انجلی
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ ناٹک کاریہ کرم
۱۰-۰۰ سنگیت
۱۰-۳۰ شاستریہ سنگیت
شرافت حسین خاں

۸ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ بھیم سین جوشی
ٹھمری بھیروی
۹-۰۰ گاندھی چنتن
۹-۱۰ شبنم +
۱-۳۰ آئینہ
۵-۳۰ پھلواڑی
ننھے منوں کے لئے
۸-۰۰ اراضیات اور حد بندی
اُردو بات چیت
از شری آر.کی. رینہ
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ قوالی
۹-۳۰ کیاری
ڈوگری ادبی پروگرام
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ رجنی گندھا
پرانی فلموں سے

۹ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ شاید آپ جانتے ہوں
مختصر معلوماتی بات چیت
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ برہمانند گوسوامی
خیال بھٹیار
۱-۳۰ نیا چوپال
۶-۱۵ شعر و سخن +
۸-۰۰ آپکی بیٹھکی یلی را اور
آپکی فرمائش
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ سنگیت
کاریہ کرم

۱۰ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ کاویہ گان
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ بال جگت
بچوں کے لئے ہندی میں
پروگرام
۹-۴۵ ترادیتک سنگیت
۱-۳۰ کشتی تال دی کشش توال
دی : فیملی سیریل
۸-۰۰ غزلیں
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۲۵ سنگیت انجلی
۸-۴۵ کشمیری موسیقی
۹-۳۰ ناٹک
۱۰-۰۰ سنگیت
۱۰-۳۰ نوجوانوں کے لیے
اپنی پسند
فلمی سنگیت

۱۱ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ انمول بول
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ شاستریہ سنگیت
۱-۳۰ آئینہ
۶-۱۵ پرادیشک ریڈیو نیوز ریل
۸-۰۰ محفل
اُردو میں ملا جلا پروگرام
۸-۳۰ سنگیت انجلی
۹-۳۰ من بھاون :
فرمائش +
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ سنگیت چرچا

۱۲ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ وادیہ ورند
۹-۰۰ شاستریہ سنگیت
۱۱-۱۵ بازنشریہ ناٹک
۲-۰۰ دودھ بھارتی پروگرام
۱-۳۰ مہیلا منڈل
۸-۰۰ ڈوگری بات چیت
۸-۱۵ ڈوگری سنگیت
۹-۳۰ تقریروں کا قومی پروگرام
(انگریزی)
۹-۲۵ کشمیری موسیقی
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ شاستریہ سنگیت

۱۳ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ شاید آپ جانتے ہوں
مختصر معلوماتی بات چیت
۸-۲۵ گیت
۹-۰۰ شاستریہ سنگیت
۱-۳۰ بزم قوالی
۸-۰۰ علاقائی فیچر
۸-۱۵ سماچار درشن
۹-۳۰ چرچا کا رستہ ہے
۹-۵۰ نئی فلموں سے +
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ پائل
(نرتیہ سنگیت)

۱۴ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ نیم کلاسیکل موسیقی
۹-۰۰ شاستریہ سنگیت
۱-۳۰ بہنیں آ سطے
عورتوں کے لئے ڈوگری
میں پروگرام
۶-۱۵ ہمارا شہر
جموں کی شہری زندگی
کی صوتی تصویر
۸-۰۰ نوجوانوں کے لیے
۸-۳۰ سنگیت انجلی
۹-۳۰ اکھل بھارتیہ ناٹک
کاریہ کرم
۱۰-۰۰ سنگیت
۱۰-۳۰ شاستریہ سنگیت

۱۵ر دسمبر

صبح

۸-۳۰ ہلکی کلاسیکل موسیقی
۹-۰۰ گاندھی چنتن
۹-۱۰ شبنم +
۱-۳۰ آئینہ
۵-۳۰ پھلواڑی
ننھے منوں کے لیے
۸-۰۰ آزادی کے بعد : ہماری
صنعتیں : اُردو بات
چیت
از جگدار رنزد ڈائریکٹر
انڈسٹریز (جموں و کشمیر)
۸-۱۵ سماچار درشن
۸-۳۰ قوالی
۹-۳۰ مدھو کوشش
ہندی ادبی پروگرام
۱۰-۰۰ پنجابی پروگرام
۱۰-۳۰ رجنی گندھا
پرانی فلموں سے

+ گراموفون ریکارڈ

ریڈیو کشمیر سری نگر

میڈیم ویو سروس

سری نگر الف :— 269.9 میٹر 1120 کلو ہرٹز

شارٹ ویو سروس

سری نگر ب :—

صبح 6.30 سے 7.45 بجے تک	91.56 میٹر 3277 کلو ہرٹز
" 9.00 " 4.45 "	41.27 " 7270 " "
شام 5.00 " رات 12.00 "	91.56 " 3277 " "

یکم دسمبر

صبح

7.15 گاندھی کتھا

7.30 غلام محمد میر اور ساتھی
چھکری (داؤد محمود)
ہمنوا : غلام نبی، عبد العزیز
حبیب اللہ اور غلام احمد

8.5 ساز و آہنگ
برج بھوشن لال : غزل
(غالب)

8.30 نوجوانوں کے لئے اُردو میں
پروگرام

10.10 اکھ غزل
غلام محمد بٹ (کلام مرزا عارف)

11.30 غلام محمد میر اور ساتھی
چھکری اور رؤف (احمد بٹہ واری)

12.00 غلام حسن صوفی : غزلیں
(عبد الغنی شوکر اور رنجور)
اور رحبہ خاتون)

12.15 برج بھوشن لال : نعتیہ غزل
(میر مہدی اور آصف)

12.55 غلام حسن صوفی : غزل (دلبر)

2.30 غلام محمد میر اور ساتھی
چھکری (مہجور اور آزاد)

6.10 غلام حسن صوفی اور ساتھی
بچی کورس

6.45 برج بھوشن لال : غزلیں
(شہزور اور نثار جالندھری)

7.00 گھرہ بارہ خاطرہ
گھر والوں کے لئے کشمیری
میں پروگرام

2 دسمبر

صبح

7.15 محبوبہ عبد اللہ : غزلیں
(مجبور، نادر، نرمل)

7.30 محمد عبد اللہ ڈار اور
ساتھی : چھکری
(دو با با کھار)
ہمنوا : عبد الغفار گنائی

مقررہ پروگرام

صبح

7.00 صبح گاہی

7.15 گاندھی کتھا (صرف بدھ کو)

7.30 صوفیانہ موسیقی کے اسباق
(اتوار اور بدھوار)

7.45 کشمیری میں خبریں
(دہلی سے ریلے)

7.55 پروگراموں کا خلاصہ

8.00 آج کی بات

8.8 ساز و آہنگ

8.10 انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)

8.30 کاروان حیات : بڑے بزرگوں
کیلئے پروگرام (کشمیری اور اردو)
(صرف اتوار کو)
2- نوجوانوں کے لئے اُردو میں
پروگرام (سوموار، بدھوار
اور جمعہ کے دن)
3- نوجوان نندہ خاطرہ
نوجوانوں کے لئے کشمیری میں
پروگرام
(منگلوار، جمعرات اور سنیچروار
کے دن)

8.5 اُردو میں خبریں (دہلی سے ریلے)
ہندی میں خبریں (" " ")

9.2 انگریزی میں خبریں
(دہلی سے ریلے)

9.2 زونہ ڈب : گھر والوں کیلئے کشمیری
میں فیچر پروگرام (روزانہ)

9.15 تو ہنز فرمائش : سامعین کی
